

# سیرت
# حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

www.KitaboSunnat.com

طالب الہاشمی



٢٤
س

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عُرِضَ
عَلَيْهِ رَيْحَانٌ فَلَا يَرُدَّهٗ فَاِنَّهٗ خَفِيْفُ
الْمَحْمِلِ طَيِّبُ الرِّيْحِ۔ (مسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ اگر کسی شخص کو خوشبودار پھول دیا جائے تو
اسے واپس نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس میں احسان کم
ہے اور خوشبو زیادہ ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# سیرت

# حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

طالب الہاشمی

www.KitaboSunnat.com

طٰہٰ پبلی کیشنز

۲۲ اے۔ ملک جلال الدین (وقف) بلڈنگ، چوک اُردو بازار لاہور

فون: 042-7231391 موبائل: 0333-4470509

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کتاب کا کوئی بھی حصہ مصنف یا پبلشرز کی تحریری اجازت کے بغیر کہیں بھی شائع نہیں کیا جا سکتا۔ اگر اس قسم کی کوئی بھی صورتِ حال ظہور پذیر ہوتی ہے تو ادارہ قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

248.86
طہ ال ۔ س

طٰہٰ

جملہ حقوق بحقِ مؤلّف محفوظ

ناشر : محمد عفیف طٰہٰ
اشاعت اوّل : جولائی 2004ء
اشاعت دوم : جنوری 2008ء
کمپوزنگ : محمد لبیب جمیل
قیمت : 150 روپے
بیرون ملک : 10 امریکی ڈالر
امجد پرنٹرز' لاہور
ISBN 969-8810-01-3

مکتبہ ...
۹۹۔ .. جے ماڈل ٹاؤن ۔ لاہور
نمبر ....17036....

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ترتیب


1- تعارف پروفیسر عبدالغنی فاروق صاحب ........ 11
2- مقدمہ از مؤلف ........ 14
3- نام ونسب ........ 27
نام ........ 27
سلسلۂ نسب ........ 27
خاندان/قبیلہ ........ 29
دَوس کی جائے سکونت ........ 31
کُنیتِ ابو ہریرہ کی وجہ تسمیہ ........ 32
وِلادت ........ 34
بچپن سے جوانی تک ........ 34
4- قبیلۂ دَوس کے اوّلین مسلمان ........ 35
حضرت معیقیبؓ بن ابی فاطمۃ الدوسی ........ 35
حضرت اُمِّ شریک دَوسیہؓ ........ 36
حضرت طفیل بن عمرو دوسیؓ ........ 37
حضرت ابو ہریرہؓ کا قبولِ اسلام ........ 41
5- وطن سے ہجرت ........ 43
مدینۂ مُنوَّرہ میں وُرُود ........ 44


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بارگاہِ رسالت میں حاضری ............ 45

غزوۂ خیبر میں شرکت ............ 46

خیبر سے مراجعت کے بعد ............ 51

6- عہدِ رسالت میں حضرت ابو ہریرہؓ کے شب و روز ............ 54

اصحاب صفہ ............ 55

حضرت ابو ہریرہؓ کی صعوبت کشی ............ 67

رسولِ اکرم کی والہانہ خدمت ............ 74

والدہ کا قبولِ اسلام ............ 76

والدہ کا ادب واحترام ............ 78

والدہ سے تعلق خاطر ............ 78

عمرۃ القضاء میں شرکت ............ 81

بحرین کا سفر ............ 83

حجِ اکبر 9 ہجری ............ 90

حجۃ الوداع میں رسولِ اکرم ﷺ کی ہمرکابی ............ 93

7- حضرت ابو ہریرہؓ میدانِ جہاد میں ............ 95

(عہدِ رسالت) ............ 95

غزوۂ وادی القریٰ ............ 95

غزوۂ ذات الرقاع ............ 96

غزوۂ فتح مکہ ............ 97

غزوۂ حنین ............ 98

غزوۂ تبوک (جیشِ عسرۃ) ............ 98

بعض سرایا میں شرکت ............ 100

(عہدِ رسالت کے بعد) ............ 101

عہدِ صدیقی (فتنۂ ارتداد کے استیصال میں حصہ) ............ 101


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عہدِ فاروقی (جنگِ یرموک میں شرکت' آذربائیجان اور آرمینیہ کے جہاد میں شرکت) ........ 102
عہدِ عثمانی (آذربائیجان اور آرمینیہ میں جہاد) ........ 105
8- عہدِ رسالت کے بعد حضرت ابوہریرہؓ کے شب وروز ........ 109
حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہدِ خلافت میں ........ 109
حضرت عُمرِ فاروقؓ کے عہدِ خلافت میں ........ 110
امارتِ بحرین ........ 113
بحرین سے واپسی کے بعد ........ 114
حضرت عثمانِ غنیؓ کے عہدِ خلافت میں ........ 116
حضرت علیؓ کے عہدِ خلافت میں ........ 117
امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں ........ 118
امارتِ مدینہ ........ 119
حضرت ابوہریرہؓ بحیثیت قاضی ........ 119
وادیٔ سینا کا سفر ........ 121
9- سفرِ آخرت ........ 125
مرض الموت ........ 125
آخری وصیّت ........ 126
وفات ........ 127
جنازہ اور تدفین ........ 127
سالِ وفات اور عمر ........ 128
پسماندگان سے حُسنِ سلوک ........ 130
10- مخصوص ذاتی حالات ........ 131
حلیہ ........ 131

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


لباس ........................................ 131
خانگی زندگی ........................................ 132
اولاد ........................................ 134
11- اخلاق وعادات ........................................ 138
خشیتِ الٰہی اور خوفِ آخرت ........................................ 138
حُبِ رسولؐ ........................................ 141
اِتّباعِ سنت ........................................ 142
شغفِ عبادت ........................................ 146
فقر وعفاف ........................................ 148
سادگی ........................................ 149
عبرت پذیری ........................................ 149
حق گوئی ........................................ 149
حُسنِ معاشرت ........................................ 150
فیّاضی اور سیر چشمی ........................................ 151
خوش مزاجی (زندہ دلی) ........................................ 152
جوشِ عقیدت ........................................ 153
12- حضرت ابو ہریرہؓ کی علمی زندگی ........................................ 155
وُسعتِ علم ........................................ 156
مرویّاتِ ابی ہریرہؓ کی تفصیل ........................................ 157
اَسَاتِذہ ........................................ 159
رُواۃ وتَلامذہ ........................................ 160
اشتیاقِ حدیث (واقعہ نعلین) ........................................ 162
اشاعتِ حدیث ........................................ 169


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صیانتِ حدیث ........................................ 174
کثرتِ روایت کا پس منظر ........................................ 175
غیر معمولی قوّتِ حافظہ ........................................ 180
حافظہ کا امتحان ........................................ 182
www.KitaboSunnat.com
بعض احادیث کا اِخفاء ........................................ 183
حدیث کی تحریر و کتابت ........................................ 187
مرویاتِ ابی ہریرہؓ کی کتابت ........................................ 191
صحیفۂ ہمام بن مُنَبِّہ ........................................ 194
مُسندِ ابی ہریرہؓ ........................................ 195
حضرت ابو ہریرہؓ کی روایات میں اَصَحّ الطُّرُق ........................................ 195
حضرت ابو ہریرہؓ بحیثیت مفتی ........................................ 197
حضرت ابو ہریرہؓ کی فقاہت ........................................ 201
13- حضرت ابو ہریرہ ﷜ کا مقام و مرتبہ ........................................ 204
14- حضرت ابو ہریرہ ﷜ پر افترا ........................................ 214
عظمتِ صحابہؓ ........................................ 216
عدالتِ صحابہؓ ........................................ 217
احادیث کی جانچ پڑتال ........................................ 221
حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت کعب احبارؒ ........................................ 224
کچھ اور اعتراضات اور اُن کا اِبطال ........................................ 230
صحیحین سے منتخب ........................................ 248
15- حضرت ابو ہریرہ ﷜ کی ایک سَو مرویّات ........................................ 248
حضرت ابو ہریرہؓ کی چند اور مرویّات ........................................ 277
کتابیات ........................................ 286

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست اہم حواشی


| نمبر شمار | عنوان/مضامین | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | قحطانی قبائل | 30 |
| 2 | عدنانی قبائل | 30 |
| 3 | رِجالُ العسیر | 31 |
| 4 | رِجالُ الیمن | 31 |
| 5 | حضرت طفیلؓ بن عمرو کا ذوالنور کے لقب سے مشہور ہونا | 39 |
| 6 | حضرت ابانؓ بن سعید اُموی | 47 |
| 7 | سانحۂ بئرِ معونہ | 64 |
| 8 | منذر بن ساویٰ | 83 |
| 9 | حضرت علاءؓ بن عبداللہ حضرمی | 84 |
| 10 | حضرت عمروؓ بن طفیلؓ | 103 |
| 11 | حضرت عبدالرحمٰنؓ بن ربیعہ باہلی | 104 |
| 12 | حضرت سعیدؓ بن عاص اموی | 105 |
| 13 | حضرت حبیبؓ بن مَسلَمہ فہری | 107 |
| 14 | حضرت قُدامہؓ بن مظعون جمحی | 110 |
| 15 | حضرت جارودؓ بن عمرو عبدی | 111 |
| 16 | حضرت کعب احبارؒ | 121 |
| 17 | حضرت عبداللہؓ بن سلام | 122 |
| 18 | حضرت ابو سلمہؓ بن عبدالرحمٰنؓ | 125 |
| 19 | حضرت عتبہؓ بن غزوان | 133 |
| 20 | حضرت سعید بن میبّبؒ | 135 |
| 21 | حدیثِ مضطرب | 187 |
| 22 | حدیثِ موقوف | 187 |
| 23 | حضرت ہمام بن منبہؒ | 194 |
| 24 | حضرت فضلؓ بن عباسؓ | 200 |
| 25 | حضرت بشیرؓ بن سعد انصاری | 228 |


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# تعارف

از

(پروفیسر ڈاکٹر عبدالغنی فاروق صاحب ایم اے پی ایچ ڈی)

## حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا

محسنِ انسانیت رحمتِ عالم خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ (فداۂ امّی وابی وروحی) کے صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین وہ نفوسِ قدسی ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کے بعد چشمِ فلک نے ان سے بہتر و برتر کوئی مخلوق نہیں دیکھی۔ صبر واستقامت' شجاعت وشہامت' جانبازی و سرفروشی' فقر وعفاف' زہد واتقا' استغناء وقناعت' دیانت وامانت' صدق وعدالت' ایثار و مروّت' انکسار وتواضع' حلم وتحمل' علم وعمل' ایمان واخلاص اور تفقہ فی الدّین غرض اخلاق فاضلہ کا کوئی پہلو ایسا نہیں تھا جو اُن میں پوری شان کے ساتھ موجود نہ ہو۔ قرآنِ پاک میں ان مقدّس ہستیوں کے اوصاف جابجا بیان کیے گئے ہیں اور ان کو کھلے لفظوں میں جنّت کی بشارت دی گئی ہے۔ فی الحقیقت ان کے نقوشِ سیرت' قوّتِ ایمانی اور دینی جذبہ کے ایسے قوی سرچشمے ہیں جن کی بدولت یہ اُمّت فوز وفلاح کے راستے پر گامزن ہو سکتی ہے۔

کتاب اللہ اور سُنّتِ رسول اللہ ﷺ انہی نفوسِ قدسی کے واسطہ سے ہم تک پہنچی ہے۔ مبارک ہیں وہ اہلِ علم جن کو اِن مقدّس ہستیوں کی سیرت نگاری کی توفیق نصیب ہوئی۔

ہمارے محترم بزرگ طالب الہاشمی بھی ان سیرت نگاروں میں شامل ہیں۔ علمی اور دینی حلقوں میں ان کا نام اور کام کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو سیرت نگاری کا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خاص ملکہ عطا فرمایا ہے۔ پھر ان کی دینی فکر...... اور خیر پسندی نورٌ علیٰ نور...... وہ اب تک تقریباً ایک ہزار صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن کے سیر و سوانح قلمبند کر چکے ہیں، جو کئی ہزار صفحات پر محیط ہیں۔ ان کے علاوہ وہ تاریخ اسلام کی بیسیوں دوسری اہم شخصیتوں پر بھی قلم اٹھا چکے ہیں اور تاریخ و سیرت کے موضوع پر ان کی پچاس سے زیادہ تالیفات اب تک منصۂ شہود پر آ چکی ہیں۔ اگر کہا جائے کہ اس معاملے میں کم از کم اردو زبان میں ان کا کوئی شریک و سہیم نہیں تو اس میں کوئی مبالغہ نہیں ہو گا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ عربی زبان میں سِیَرُ الصحابہؓ کے موضوع پر لکھی گئی کتابوں میں سے کچھ کا ترجمہ اردو زبان میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ دارالمصنّفین اعظم گڈھ اور ندوۃ المصنّفین دہلی جیسے وقیع ادارے سیر الصحابہ اور اسلامی تاریخ کے موضوع پر کئی فاضل بزرگوں کی گرانقدر تالیفات شائع کر چکے ہیں لیکن اس موضوع پر جناب طالب الہاشمی کی تالیفات اسلوبِ نگارش، تفصیل و تاثیر اور تعدادِ صحابہؓ و صحابیاتؓ کے اعتبار سے اپنا ایک الگ مقام رکھتی ہیں اور پھر جب ہم دیکھتے ہیں کہ یہ کام جناب طالب الہاشمی نے اپنی گوناگوں مصروفیات اور ہجومِ مصائب و آلام میں گھرے ہونے کے باوجود حکومت یا کسی ادارے کی مدد کے بغیر تن تنہا سرانجام دیا ہے تو بے اختیار ان کے لیے عُمقِ قلب سے دعائیں نکلتی ہیں۔ بلاشبہ وہ اپنی ذات میں ایک انجمن یا ادارہ ہیں۔

زیرِ نظر کتاب ان کے لکھے ہوئے سلسلۂ سِیَرُ الصحابہؓ و صحابیاتؓ کی تازہ ترین کڑی ہے۔ اس میں انہوں نے حدیث کے سب سے بڑے حافظ اور راوی سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی نہایت تحقیق و تفحّص کے ساتھ قلمبند کیے ہیں۔ ان میں انہوں نے صاحبِ سیرت کی زندگی کے ہر گوشے کو نمایاں کیا ہے اور سیرت نگاری کا حق ادا کر دیا ہے۔ ان کی زبان شستہ اور رواں، طرزِ نگارش سادہ مگر دلکش اور سلجھا ہوا ہے۔ انہوں نے جہاں اِطناب کی ضرورت ہے۔ اِطناب سے اور جہاں ایجاز کی ضرورت ہے وہاں ایجاز سے کام لیا ہے۔ کوئی بات بغیر حوالے کے بیان نہیں کی اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر بعض

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


برخود غلط لوگوں کے لایعنی اعتراضات کا ابطال بھی بڑے مدلّل اور جچے تُلے انداز میں کیا ہے۔ کتاب کے آخر میں انہوں نے صحیحین اور بعض دوسری کُتبِ حدیث سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقریباً ڈیڑھ سو مرویات بھی منتخب کر کے شامل کردی ہیں۔ اس طرح یہ کتاب ایک چھوٹا سا گلدستۂ حدیث بھی بن گئی ہے اور اس کی افادیت میں اضافہ ہوگیا ہے۔

میں اس بلند پایہ کتاب کی تالیف پر جناب طالب الہاشمی کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس علمی کاوش کو قبول فرما کر خواص و عوام کو اس سے استفادہ کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین!

عبدالغنی فاروق

۱۹۹۳ء-۷-۱۰

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# مُقدّمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

اُس ذاتِ بے ہمتا کا کما حقہ شکر ادا کرنے سے زبان عاجز ہے جس نے اپنے فضلِ خاص سے مجھ جیسے ہیچمدان کو ان نفوسِ قدسی کی سیرت نگاری کی توفیق بخشی جن سے انبیاء علیہم السلام کے بعد بہتر کسی انسان پر آفتاب طلوع نہیں ہوا۔ اس سلسلے میں اب تک اللہ تعالیٰ نے اپنے اس حقیر بندے کو مندرجہ ذیل کتابیں تالیف کرنے کی سعادت نصیب فرمائی ہے:

۱- تیس پروانے شمعِ رسالت ﷺ کے
۲- خیر البشر ﷺ کے چالیس جاں نثار رضی اللہ عنہم
۳- سرورِ کائنات ﷺ کے پچاس صحابہ رضی اللہ عنہم
۴- آسمانِ ہدایت کے ستّر ستارے رضی اللہ عنہم
۵- رحمتِ دارین ﷺ کے سَو شیدائی رضی اللہ عنہم
۶- فوز و سعادت کے ایک سَو پچاس چراغ رضی اللہ عنہم
۷- حبیبِ کبریا ﷺ کے تین سَو اصحاب رضی اللہ عنہم
۸- یہ تیرے پُراسرار بندے
۹- سیرت خلیفۃ الرّسول سیدنا صدّیقِ اکبر رضی اللہ عنہ
۱۰- سیرت حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ
۱۱- سیرت حضرت سعد بن ابی وقّاص رضی اللہ عنہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


۱۲- سیرت حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما

۱۳- سیرت حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

۱۴- تذکارِ صحابیاتؓ

۱۵- وفودِ عرب بارگاہِ نبویؐ میں (اس میں بھی بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے حالات آ گئے ہیں)

زیرِ نظر کتاب ''سیرت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' اس سلسلۃ الذّہب کی سولھویں کڑی ہے۔ سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہماری تاریخ کی نہایت قدآور شخصیت ہیں۔ ان کے شرف ومجد کے بارے میں اتنا ہی کہہ دینا کافی ہے کہ وہ محسنِ انسانیت، رحمتِ دارین، دانائے کونین، خاتم الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی مقدس جماعت کے ایک معزّز رکن تھے۔ ان کی شخصیت اس اعتبار سے امتیازی شان کی حامل ہے کہ وہ اُمّت مُسلمہ کے سب سے بڑے راویِ حدیث ہیں۔ ان سے پانچ ہزار تین سو چوہتر (۵۳۷۴) احادیث مروی ہیں۔ یہ تعداد دوسرے کسی بھی صاحبؓ رسولؐ یا صحابیہؓ سے مروی احادیث کی تعداد سے زیادہ ہے۔ اکثر اربابِ سیر نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جلالتِ قدر کا ذکر ان کی روایت حدیث ہی کے حوالے سے کیا ہے۔ تاہم ان کی کتابِ سیرت کے دوسرے پہلو بھی کچھ کم روشن نہیں مثلاً حُبِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم، خشیّتِ الٰہی، عبادت وریاضت، شوقِ جہاد، اتّباعِ سُنّت، انکسار، مہمان نوازی، خوش مزاجی وغیرہ...... میں نے اس کتاب میں امکان بھر تحقیق وتفحص کے بعد ان کی زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرنے کی کوشش کی ہے۔

جب میں نے یہ کتاب لکھنے کا ارادہ کیا اور اس سلسلے میں اپنے بعض صاحبِ علم احباب سے مشورہ کیا تو ان میں سے کچھ نے اس خیال کا اظہار کیا کہ اس کتاب کو صرف انہی حلقوں میں پذیرائی حاصل ہوگی جو حدیث کی اہمیت اور حُجیّت پر ایمان رکھتے ہیں۔ حدیث کے منکرین یا اس کو مناسب اہمیّت نہ دینے والے حلقوں میں یہ بار نہ پا سکے گی، اندریں صورت کسی دوسرے موضوع پر قلم اٹھاؤں تو مناسب ہوگا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

میں نے عرض کیا کہ میرے لیے یہ بات بھی باعثِ صد سعادت ہوگی کہ اس کتاب کو حجیّتِ حدیث پر ایمان رکھنے والے حلقوں میں پذیرائی نصیب ہو جائے۔ اگر دوسرے حلقے اس کو پسندیدگی کی نگاہ سے نہیں دیکھیں گے تو میرے نزدیک یہ بات چنداں اہمیت نہیں رکھتی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تو قرآنِ پاک کے بارے میں بھی فرمایا ہے کہ یہ مُنَزَّل مِنَ اللّٰہ کتاب ان لوگوں کے لیے (سرمایۂ) ہدایت ہے...... جو اہلِ تقویٰ ہیں (هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ)

اسی طرح سورۂ احزاب میں ارشاد ہوا ہے:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا۔ (آیۃ:۲۱)

ترجمہ: درحقیقت تم لوگوں کے لیے اللہ کے رسول کی ذات میں ایک بہترین نمونہ ہے ہر اس شخص کے لیے جو اللہ اور یومِ آخر کا امیدوار ہو اور کثرت سے اللہ کو یاد کرے۔[۱]

اب جو لوگ نہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت، عدالت اور مقام و مرتبہ سے آگاہ ہیں اور نہ حدیث کی اہمیّت اور حجیّت کے قائل، اُن سے (ان ارشاداتِ الٰہی کی روشنی میں) یہ توقع رکھنا عبث ہے کہ وہ اس کتاب کی پذیرائی کریں گے یا اس سے فائدہ اٹھا سکیں گے ...... ہاں اگر یہ کتاب صحیح الفکر مسلمانوں کے کسی بھی حلقے میں قدر و قیمت کی نگاہ سے دیکھی گئی تو میں سمجھوں گا کہ مجھے اپنے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگئی۔

ان معروضات کے سننے کے بعد میرے دوستوں نے میرا نقطۂ نظر بخوبی سمجھ لیا اور پھر وہ اس کتاب کی تکمیل تک برابر میری حوصلہ افزائی فرماتے رہے۔ الحمدللہ کہ کتابت، طباعت وغیرہ کے تمام مراحل طے کرنے کے بعد اب یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ قارئینِ کرام سے مؤدّبانہ درخواست ہے کہ اس میں انہیں کوئی خامی یا سقم نظر آئے تو اس سے مجھے

---

۱۔ یعنی اللہ سے غافل آدمی کے لیے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ اطہر نمونہ نہیں ہے مگر اس شخص کے لیے ضرور نمونہ ہے جو اللہ کے فضل اور عنایات کا امیدوار ہو اور اس بات پر ایمان رکھتا ہو کہ آخرت آنے والی ہے جہاں اس کی بھلائی کا سارا انحصار اس بات پر ہوگا کہ دنیا میں اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر کس حد تک عمل کیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آگاہ فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ اِن شَاءَ اللہ آئندہ ایڈیشن میں مناسب ترمیم و تصحیح کردی جائے گی۔

اس سے پہلے کہ سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تذکرے کا آغاز کیا جائے' مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں حدیث کی اہمیت اور حجیت کے بارے میں چند ضروری باتیں بیان کردی جائیں۔

حدیث کے لغوی معنی ہیں' بات' حال (حالات) بیان' ذکر' نئی چیز' قصہ' بات چیت' گفتگو' خبر۔

قرآنِ پاک میں حدیث کا لفظ بہت سے مقامات پر آتا ہے۔ ان میں سے چند آیات جن میں حدیث کا لفظ استعمال ہوا ہے ملاحظہ ہوں:

☆ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ۔ (البُرُوج آیۃ:۱۷)

(بھلا تم کو لشکروں کا حال معلوم ہوا)

☆ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى۔ (النّٰزِعٰت آیۃ:۱۵)

(کیا تم کو موسیٰ کے قصے کی خبر پہنچی ہے)

☆ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ۔ (الغَاشِيَة آیۃ:۱)

(بھلا تم کو ڈھانپ لینے والی (یعنی قیامت) کا حال معلوم ہوا ہے)

............یا............

(کیا تمہیں اس چھا جانے والی آفت کی خبر پہنچی ہے؟)

☆ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ۔ (المُرسَلٰت آیۃ:۵۰)

(اب اس کے بعد یہ کونسی بات پر ایمان لائیں گے؟)

☆ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ۔ (الزُّمَر آیۃ:۲۳)

(اللہ نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی ہیں (یعنی) کتاب (جس کی آیات باہم) ملتی جلتی ہیں اور بار بار دہرائی جاتی ہیں۔)

اصطلاح میں حدیث سے مراد رسولِ اکرم ﷺ کا کوئی قول' فعل یا تقریر ہے۔ گویا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بنیادی طور پر حدیث کی تین قسمیں ہیں۔قولی، فعلی اور تقریری۔

قَولی وہ احادیث ہیں جن میں آنحضور ﷺ کے اقوال و ارشادات کا ذکر ہے۔

فِعلی احادیث وہ ہیں جن میں حضور ﷺ کے افعالِ مبارکہ کا بیان ہے۔

تقریری احادیث وہ ہیں جن میں آپ ﷺ نے صحابہ ؓ کے اعمال کو قائم رکھا......

"تقریر" دراصل محدّثین کی ایک اصطلاح ہے۔اس سے مراد یہ ہے کہ کسی شخص نے آپ ﷺ کے سامنے کوئی بات کہی یا کسی خاص فعل کو اختیار کیا اور آپ ﷺ نے واضح الفاظ میں اس کو درست قرار دیا یا ناپسندیدگی کا اظہار نہ کیا اور خاموش رہے (ان میں ایسے واقعات بھی شامل ہیں جن میں کسی شخص نے آپ ﷺ کی غیر موجودگی میں کوئی بات کہی یا کوئی کام کیا اور وہ آپ ﷺ کے علم میں آیا تو آپ ﷺ نے اس کی صریحًا توثیق فرمائی یا سکوت اختیار فرمایا) ایسی تمام احادیث تقریری کہلاتی ہیں۔

اسی طرح صحابہ رضی اللہ عنہم کے قول، فعل اور تقریر پر بھی مجازًا حدیث کا لفظ بولا جاتا ہے مگر بہت کم۔

ان تینوں یعنی رسول اللہ ﷺ کے ارشاد، فعل اور تقریر کے مجموعے کا نام سُنّت ہے۔

کبھی مجازًا سُنّت کو حدیث اور حدیث کو سُنّت کے نام سے تعبیر کر دیا جاتا ہے۔

تاثیرِ حکم کے اعتبار سے ان میں پہلا درجہ حدیثِ قولی کا ہے کہ وہ اصل ہے اور حکم کے درجے میں ہے۔

دوسرا درجہ حدیثِ فعلی کا ہے کہ آنحضور ﷺ کا کوئی فعل خلافِ شریعت نہیں ہوسکتا تھا۔

تیسرا درجہ حدیث تقریری کا ہے...... کسی دوسرے شخص کی کسی بات یا اس کے کسی فعل پر آپ ﷺ کے سکوت کو آپ ﷺ کی معنوی رضامندی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

حدیث یا سُنّتِ رسول اللہ ﷺ کی اہمیت یہ ہے کہ قرآنِ حکیم کے بعد اس کو اسلامی قانون کا دوسرا اہم ترین ماخذ تسلیم کیا گیا ہے۔اس پر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے دور سے لے کر آج تک اُمّت کا اِجماع ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

قرآنِ حکیم میں جابجا صاف اور صریح الفاظ میں رسول اللہ ﷺ کو اللہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا معلم' مربی' پیشوا' رہنما' مزکی' شارع' شارحِ کتاب اللہ' قاضی اور حاکم و فرمانروا قرار دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنی اطاعت کا حکم دیا ہے وہاں رسولؐ کی اطاعت کا حکم بھی دیا ہے بلکہ بعض مقامات پر رسولؐ کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا ہے۔

چند آیات ملاحظہ ہوں:

☆ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ۔ (آل عمران آیۃ:۱۳۲)

☆ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔ (الانفال آیۃ:۲۰)

(اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو)

☆ وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ۔ (النساء آیۃ:۸۰)

(اور جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی)

☆ فَلَا وَرَبِّكَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَكِّمُوْكَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔ (النساء آیۃ:۶۵)

(اے نبی! پس قسم ہے آپ کے رب کی وہ لوگ ہرگز مومن نہ ہوں گے جب تک اپنے باہمی جھگڑوں میں آپ کو فیصلہ کرنے والا نہ مان لیں' پھر آپ کے فیصلے سے دلوں میں کوئی تنگی محسوس نہ کریں بلکہ اسے بسرو چشم قبول کریں۔)

☆ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ ط یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ۔

(الفتح آیۃ:۱۰)

(یعنی جو لوگ آپ کی بیعت کرتے ہیں وہ اللہ کی بیعت کرتے ہیں۔ ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔)

☆ وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ق وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ۔ (الحشر آیۃ:۷)

(جو کچھ رسول تمہیں دے اسے لے لو اور جس سے منع کردے اس سے رک جاؤ اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ سے ڈرو‘ اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔)

☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ۔ (محمدؐ آیۃ:۳۳)

(اے لوگو! جو ایمان لائے ہو‘ اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور اپنے اعمال کو باطل نہ کرو)

اس قسم کی آیات کثیر تعداد میں قرآنِ پاک میں ملتی ہیں۔ان سے اطاعتِ رسول ﷺ کی اہمیّت کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔اطاعتِ رسول ﷺ پر اس قدر زور دینے کی وجہ یہ ہے کہ اللہ کی اطاعت‘ رسولؐ کی اطاعت کے بغیر عملاً ممکن ہی نہیں یا یوں کہہ لیجیے کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی جب تک رسول ﷺ کی اطاعت اس کی تمام تر جزئیات کے ساتھ اختیار نہ کر لی جائے۔ اس سلسلے میں قرآنِ کریم کی دوسری اصطلاح ''اِتّباع'' ہے۔اس کا مطلب ہے پیروی کرنا۔

قرآنِ کریم میں اِتّباعِ رسولؐ کا بھی جگہ جگہ حکم دیا گیا ہے۔اِتّباعِ رسول ﷺ یہ ہے کہ زندگی کے ہر معاملے میں رسول اللہ ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کی جائے یا اسے اپنے پیش نظر رکھا جائے۔ (یعنی اگر مکمل طور پر رسولِ اکرم ﷺ کی حیاتِ اطہر کی پیروی کرنا ممکن نہ ہو تو جس حد تک ممکن ہو اس کا اِتّباع کیا جائے)

مختصر یہ کہ اطاعت یا اِتّباعِ رسول سے مراد سُنّتِ رسول اللہ ﷺ پر عمل یا اس کی اطاعت اور پیروی ہے۔سُنّت کے لُغوی معنی راستہ اور طریقہ کے ہیں۔شریعت میں سُنّت اس کام کو کہا جاتا ہے جس کے کرنے کا رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا ہو یا اس سے منع کیا ہو یا قولاً و فعلاً اس کی ترغیب دلائی ہو۔جب شرعی دلائل کا ذکر کیا جاتا ہے تو کہتے ہیں کتاب و سُنّت یعنی قرآن و حدیث۔اصولِ فقہ کے علماء سُنّت کا لفظ رسولِ اکرم ﷺ کے ایسے ارشادات‘ افعال اور تقریرات پر بولتے ہیں جن سے کسی شرعی حکم کا اثبات ہوتا ہو‘ لیکن محدّثین سُنّت کا اِطلاق ہر اُس شے پر کرتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ وابستہ ہو مثلاً آپ ﷺ کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیرت، اخلاق و معمولات، اخبار و ارشادات وغیرہ۔ ان کے نزدیک یہ ضروری نہیں کہ سُنّت کا لفظ اسی جگہ بولا جائے جہاں کسی شرعی حکم کا اثبات ہوتا ہو۔

تمام علماءِ اہلِ سُنّت کے نزدیک قرآنِ حکیم اسلامی قانون کا پہلا اور بنیادی سرچشمہ ہے۔ یہ تمام علوم و معارف پر محیط ہے لیکن اس میں بہت سے احکام مجمل ہیں اور ان کی تفصیل صرف حدیث یا سُنّتِ رسول اللہ ﷺ سے معلوم کی جاسکتی ہے۔ حدیث یا سُنّتِ رسول اللہ ﷺ قرآنی احکام کی شارِح ہے اور وہ قرآن کے خلاف دِین کے احکام یا اصول ہرگز تجویز نہیں کرتی۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

☆ قرآنِ کریم میں ''اقامتِ صلوٰۃ'' کا حکم دیا گیا ہے، لیکن یہ نہیں بتایا گیا کہ صلوٰۃ سے کیا مراد ہے، اس کی اقامت کا کیا مطلب ہے۔ شرائط کیا ہیں، آداب کیا ہیں وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب باتیں سُنّتِ رسول اللہ ﷺ بتاتی ہے۔ اسی نے مساجد کی تعمیر پنجوقتہ اذان اور نماز باجماعت کا طریقہ، نماز کے اوقات، نماز کی ہیئت، اس کی رکعتیں، جمعہ اور عیدین کی مخصوص نمازیں ان کی عملی صورت اور دوسری بہت سی تفصیلات ہم کو بتائی ہیں۔

☆ قرآنِ پاک میں حج کا حکم دیا گیا ہے لیکن مناسکِ حج، طواف، سعی وغیرہ کی تفصیل نہیں بتائی گئی۔ یہ تفصیل ہمیں سُنّتِ رسول اللہ ﷺ میں ملتی ہے۔

☆ قرآنِ مجید میں زکوٰۃ کی ادائیگی کا حکم جابجا دیا گیا ہے، لیکن اس کی مقدار، اس کی شرائط وجوب کی مدت اور دوسری تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔ یہ صرف سُنّتِ رسول اللہ ﷺ سے معلوم ہوسکتی ہیں۔

قرآنِ کریم نے طہارت کا حکم دیا لیکن لباس، جسم وغیرہ کی صفائی اور وضو کا طریقہ، ان سب کی تفصیل بیان نہیں کی۔ یہ ہمیں سُنّتِ رسول اللہ ﷺ میں ملتی ہے۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ قرآنِ پاک نے کہیں صراحتاً کہیں اشارتاً کہیں نہایت اختصار سے اور کہیں قدرے تفصیل سے مہماتِ دین اور اصولِ حیاتِ انسانی کو بیان کیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



باقی تفصیل وتوضیح' ان کو نافذ کرنے اور عملی جامہ پہنانے بلکہ خود عملاً بار بار کر کے دکھانے کے لیے رسولِ پاک (ﷺ) کو بھیجا اور ساتھ ہی حکم دیا کہ جو تم کو رسول دے اسے لو اور جس چیز سے رو کے اس سے رک جاؤ۔

گویا سُنّت یا حدیثِ رسول ﷺ کے بغیر اسلامی زندگی کا تصوّر بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں ہمیں بتایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں تمہارے لیے بہترین نمونہ عمل ہے۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ یہ احادیث ہی ہیں جو ہمیں اس نمونہ عمل کی تفصیلات بتاتی ہیں۔ مثلاً آپ ﷺ کے صبح سے شام تک کے معمولات' اخلاق' عبادات' معمولاتِ جہاد' معمولاتِ سفر' معمولاتِ نماز وغیرہ۔

احادیث میں بیان کی گئی' اَخلاقِ نبوی کی تفصیلی جزئیات کے عنوانات ملاحظہ ہوں:

حُسنِ خلق' حُسنِ معاملہ' راست گفتاری' عدل وانصاف' جود وسخا' ایثار' شرم وحیا' حلم و تحمّل' مساوات' انکسار وتواضع' زُہد وقناعت' ایفائے عہد' اللہ پر بھروسا' شجاعت' عزم و استقلال' عیادت' تعزیت' مہمان نوازی غریبوں کی مدد' یتیموں اور بیواؤں کی سرپرستی' نرم مزاجی' شیریں زبانی' بچوں پر شفقت' مستورات کے ساتھ برتاؤ' رحمت ومحبتِ عام' لطفِ طبع' سادگی اور بے تکلفی' کفار اور مشرکین سے برتاؤ' دشمنوں کے حق میں دعائے خیر' عفو ودرگزر اور بدترین دشمنوں سے حُسنِ سلوک' گداگری سے نفرت' صدقہ وخیرات سے پرہیز' دکھاوے سے اجتناب' رقیق القلبی' اولاد سے محبت' استقامتِ عمل' اہلِ خانہ سے حُسنِ سلوک' یہود ونصاریٰ کے ساتھ برتاؤ' امانت ودیانت' صلۂ رحمی' قناعت' استغناء' ہمسایوں سے حُسنِ سلوک' برائی کا بدلہ بھلائی' خدمتِ خَلق' خشیتِ الٰہی' غصے پر قابو پانا وغیرہ۔

صرف اَخلاقِ نبویؐ ہی کی نہیں احادیث میں آنحضور ﷺ کے ذاتی حالات و معمولات کی بھی ذرا ذرا سی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ چند عنوانات ملاحظہ ہوں:۔

آپ ﷺ کے کھانے پینے کا طریقہ' آپ ﷺ کے سونے جاگنے کا طریقہ' آپ ﷺ کے معاملات اور خرید وفروخت کا طریقہ' آپ ﷺ کا اندازِ گفتگو'

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ﷺ کی خاموشی' آپ ﷺ کا تبسّم اور خندہ فرمانا' آپ ﷺ کا گریہ' وضو کا طریقہ' تیمّم کا طریقہ' موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ' حوائجِ ضروریہ کے آداب' طہارت اور غسل کا طریقہ' آپ ﷺ کے نماز ادا کرنے کا طریقہ' آپ ﷺ کا سجدۂ سہو ادا کرنے کا طریقہ' آپ ﷺ کا نماز میں سلام پھیرنے کا طریقہ' سفر و حضر' مسجد اور گھر میں آپ ﷺ کے سنن و نوافل پڑھنے کا طریقہ' آپ ﷺ کے تہجد پڑھنے کا طریقہ' رات کی نماز اور وتر پڑھنے کا طریقہ' آپ ﷺ کے قرآن پڑھنے کی کیفیت' آپ ﷺ کے سجدۂ شکر بجا لانے کا طریقہ' آپ ﷺ کے سجدۂ قرآن ادا کرنے کا طریقہ' آپ ﷺ کے قرآن پڑھنے اور سننے کا طریقہ' آپ ﷺ کے جمعہ کے خطبہ دینے کا طریقہ' عیدین کی نماز میں آپ ﷺ کا طریقہ' آپ ﷺ کے سفر کا طریقہ' عیدین کی نماز میں آپ ﷺ کا طریقہ' آپ ﷺ کے سفر کا طریقہ' سفر میں آپ ﷺ کے نماز اور نوافل پڑھنے کا طریقہ' آپ ﷺ کے دو نمازوں کو اکٹھی پڑھنے کا طریقہ' بیماروں کی عیادت کرنے میں آپ ﷺ کا طریقہ' آپ ﷺ کے تعزیت کرنے کا طریقہ' جنازے کے ساتھ آپ ﷺ کے جانے کا طریقہ' جنازے کی نماز میں آپ ﷺ کا طریقہ' چھوٹے بچوں پر نمازِ جنازہ پڑھنے میں آپ ﷺ کا معمول' زیارتِ قبور میں آپ ﷺ کا طریقہ' صلوٰۃِ خوف میں آپ ﷺ کا طریقہ' عیدالاضحیٰ میں آپ ﷺ کے قربانی کرنے کا طریقہ' عقیقہ میں آپ ﷺ کا طریقہ' نومولود بچے کے کان میں آپ ﷺ کے اذان دینے' اس کا نام رکھنے اور اس کا ختنہ کرانے میں آپ ﷺ کا طریقہ' گھر میں داخلہ کے وقت آپ ﷺ کا طریقہ' آپ ﷺ کے کپڑا پہننے کا طریقہ' آدابِ سفر میں آپ ﷺ کے طریقے اور سفر میں دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ' آدابِ طعام میں آپ ﷺ کا طریقہ' کھانے سے پہلے اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کھانے کے بعد آپ ﷺ کے دعاؤں کے پڑھنے کا طریقہ' غزوات اور جہاد میں آپ ﷺ کا طریقہ' قیدیوں کے ساتھ آپ ﷺ کا سلوک' آدابِ سلام میں آپ ﷺ کا طریقہ' زکوٰۃ اور صدقات میں آپ ﷺ کا طریقہ' نیا چاند دیکھنے کے وقت آپ ﷺ کے دُعا فرمانے کا طریقہ' روزہ میں آپ ﷺ کا طریقہ' آپ ﷺ کا رمضان المبارک میں زیادہ عبادت کرنے کا طریقہ' سفر میں روزہ کے افطار کے بارے میں آپ ﷺ کا طریقہ' آپ ﷺ کے اعتکاف کا طریقہ' آپ ﷺ کے حج کی کیفیت اور آپ ﷺ کا حج میں اپنے دستِ مبارک سے قربانی کرنے کا طریقہ' آپ ﷺ کا حج میں سر منڈانے کا طریقہ' ایامِ حج میں آپ ﷺ کے خطبوں کا طریقہ' اصلاح اور خط بنوانے میں آپ ﷺ کا طریقہ' مونچھوں کے رکھنے اور خط بنوانے میں آپ ﷺ کا طریقہ' مونچھوں کے رکھنے اور ترشوانے میں آپ ﷺ کا طریقہ' آپ ﷺ کی چاشت کی نماز کا طریقہ' بیت الخلاء میں جانے اور وہاں سے واپس آنے کا طریقہ' نکاح کی دعاؤں کے متعلق آپ ﷺ کا طریقہ' صلح کرنے' امان دینے' جزیہ مقرر کرنے' کفار' منافقین اور اہلِ کتاب کے ساتھ معاملات کرنے آپ ﷺ کا طریقہ وغیرہ وغیرہ۔

حدیث کی تین بنیادی اقسام (قولی' فعلی اور تقریری) کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ یہاں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ رسولِ اکرم ﷺ کا ہر قول یا فعل منشائے الٰہی کے تابع ہوتا تھا اور لوگوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے زبانِ رسالت سے ادا ہونے والا ہر لفظ وحیِ الٰہی کے مطابق ہوتا تھا جیسا کہ سورۃ النجم میں ارشاد ہوا ہے:

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰىO اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى

یعنی وہ (نبی ﷺ) اپنی خواہشِ نفس سے نہیں بولتا۔ یہ تو ایک وحی ہے جو اس پر نازل کی جاتی ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


قرآنِ کریم اور احادیث نبوی ﷺ سے معلوم ہوتا ہے کہ وحی دو قسم کی تھی۔ پہلی قسم کی وحی کو وحی متلو (یعنی تلاوت کی جانے والی وحی) کہا جاتا ہے۔ یہ وحی قرآنِ حکیم کی صورت میں رسولِ کریم ﷺ پر نازل کی گئی اور صرف قرآنِ کریم کی آیات پر مشتمل ہے۔ قرآنِ کریم کا ایک ایک لفظ اسی وحی کے ذریعے نازل ہوا۔ یہ اللہ جَلَّ شانُہٗ کے الفاظ اور معانی دونوں کا مجموعہ ہے۔

وحی کی دوسری قسم کو وحی غیر متلو (تلاوت نہ کی جانے والی وحی) کہا جاتا ہے۔ یہ وحی رسول اکرم ﷺ پر روزمرہ پیش آنے والے واقعات کے بارے میں رضائے الٰہی کے تعین کے لیے نازل ہوتی تھی۔ اس کے ذریعے قرآنِ حکیم میں بیان کردہ اصول واحکام کی تفصیل، ان کی صحیح تشریح اور تعبیر بھی سمجھائی جاتی تھی۔ یہ وحی لوگوں تک لفظ بہ لفظ نہیں پہنچائی گئی بلکہ اسے رسول اللہ ﷺ کے ارشادات وافعال کے ذریعے ظاہر کیا گیا۔ اسی کا نام حدیث یا سُنّت ہے۔ اس لیے اس کا اِتباع بھی ہر مسلمان پر لازم ہے۔

یہاں یہ وضاحت کردینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہ جو حدیث صحیح اور حدیث ضعیف کہا جاتا ہے اس سے سَندِ صحیح اور سَندِ ضعیف مراد ہوتی ہے۔ ورنہ کوئی حدیث بحیثیت حدیث حدیث ضعیف ہو ہی نہیں سکتی۔ احادیث کی جانچ پڑتال اور ان کی اقسام اور درجے متعیّن کرنے کے لیے اسماء الرّجال اور جرح تعدیل کے فن معرضِ وجود میں آئے۔ ان کی تفصیل آئندہ صفحات میں مناسب مقام پر آئے گی۔

جس طرح رحمتِ عالَم خیر البشر خَاتَمُ الانبیاءِ وَالمُرسلین جناب محمدِ مصطفیٰ ﷺ کی ذاتِ گرامی تمام کمالات وصفات کی جامع اور ہر اعتبار سے انسانیت کی محسن، ہادی اور رہنما ہے اسی طرح حضور ﷺ کے صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی سیرت وکردار میں بھی آپ ﷺ ہی کے انوارِ سیرت کا پرَتو نظر آتا ہے۔

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آسمانِ ہدایت کے درخشندہ ستاروں میں سے ایک ہیں اور احادیث رسول اللہ ﷺ کے سب سے بڑے راوی ہیں۔ ان کے مقام ومرتبہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے تفصیلی ذکر کے لیے کتاب میں ایک الگ باب مخصوص کیا گیا ہے۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ بعض بر خود غلط لوگ اُمتِ مُسلِمہ کی اس جلیل القدر شخصیت پر طرح طرح کے اعتراض کرتے رہتے ہیں۔ یہ سب اعتراضات لایعنی اور بِلا جواز ہیں۔ تاہم میں نے چند بڑے بڑے اعتراضات کا جواب کتاب میں دے دیا ہے اور باقی کو نظر انداز کر دیا ہے کہ ان کا جواب دینا محض تضیعِ اوقات کے مترادف ہے۔

اگر اس کتاب کی تالیف کسی درجے میں بھی نیکی ہے تو قارئینِ کرام سے درخواست ہے کہ وہ بارگاہِ ربّ العزّت میں بصد عجز والحاح دعا کریں کہ وہ اس کا ثواب نہ صرف مؤلّف کے نامۂ اعمال میں بلکہ اس کے والدین اور دنیا سے رخصت ہو جانے والے دوسرے لواحقین کے نامہ ہائے اعمال میں بھی ثبت فرمائے۔ آمین ثم آمین

راجیِ غفران وشفاعت

احقر العباد

طالب الہاشمی

۱۱۸-رضوان بلاک

اعوان ٹاؤن' ملتان روڈ لاہور

۱۱-۶-۱۹۹۳

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# نام ونسب

## نام

زمانہ جاہلیّت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟ اس کے بارے میں مختلف اقوال ہیں۔ کسی روایت میں ان کا نام عبدِ شمس (عبدالشّمس) آیا ہے' کسی میں عبدِنہم' کسی میں عبدِ غنم' کسی میں عبداللہ اور کسی میں عمیر آیا ہے۔ بعض نے کچھ اور نام بھی لیے ہیں لیکن قولِ راجح کے مطابق ان کا خاندانی نام عبدِ شمس (عبدالشّمس) تھا۔ قبولِ اسلام کے چند سال بعد جب وہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا جاہلی نام بدل کر اسلامی نام عبدالرحمٰن رکھا۔ بعض روایتوں میں ان کا اسلامی نام عمیر اور عبداللہ بھی بتایا گیا ہے' لیکن انہوں نے اپنی کنیت ''ابوہریرہ'' سے شہرت پائی اور ان کا اصل نام نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ کنیت ''ابوہریرہ'' پر سب کا اتفاق ہے۔

## سلسلۂ نسب

''طبقات ابنِ سعدؒ'' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نسب نامہ اس طرح بیان کیا گیا ہے:

ابوہریرہ عبدالرحمٰن (عمیر' عبداللہ) بن عامر بن عبدِ ذی الشرٰی بن طریف بن غیاث بن ہنیہ بن سعد بن ثعلبہ بن سلیم بن فہم بن غنم بن دوس۔ (طبقات ابنِ سعد جز ۴ ق ۲۔ ص ۵۲)

ابنِ اثیرؒ نے خلیفہ بن خیاط اور ہشام بن کلبی کے حوالے سے ان کا شجرۂ نسب یوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بیان کیا ہے:

عمیر بن عامر بن عبدِ ذی الشَرٰی بن طریف بن عتاب بن ابوضعب بن منبہ بن سعد بن ثعلبہ بن سلیم بن فہم بن غنم بن دَوس۔ (اُسدُالغابہ ترجمہ حضرت ابو ہریرہؓ)

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بعض ناموں میں تصحیف ہوگئی ہے۔

ایک روایت میں ان کے والد کا نام عبدِ عمرو بن عبدِ غنم آیا ہے اور ایک میں صخر۔ ایک اور روایت میں عبدِ عمرو بن غنم بھی بیان کیا گیا ہے۔ لیکن جمہور اربابِ سیر نے عامر بن عبدِ ذی الشَرٰی کو ترجیح دی ہے۔

والدہ کا نام اُمَیمہ یا میمونہ بنتِ صَبیح بن حارث تھا۔ طبقات ابنِ سعدؒ کی ایک روایت کے مطابق خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی والدہ کا نام اُمَیمہ بتایا ہے۔ یہ روایت اس طرح ہے:

> "ایک دفعہ (امیرالمومنین) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (اپنے عہدِ خلافت میں) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (کسی جگہ کا) امیر بنانا چاہا مگر انہوں نے انکار کردیا' حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا' آپ امارت کو ناپسند کرتے ہیں' حالانکہ یوسف علیہ السّلام نے جو آپ سے بہتر تھے' اس کے لیے اپنی خواہش ظاہر کی تھی۔"

یہ سن کر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا' یوسف علیہ السّلام نبی ابنِ نبی تھے اور میں امیمہ کا بیٹا ابو ہریرہ ہوں۔ میں پانچ باتوں کی وجہ سے امیر بنناپسند نہیں کرتا اور عہدۂ اِمارت سے ڈرتا ہوں' وہ پانچ باتیں یہ ہیں:

۱۔ میں علم کے بغیر کوئی بات نہیں کہنا چاہتا۔

۲۔ عقل و دانش کے بغیر فیصلہ صادر نہیں کرسکتا۔

۳۔ میں ڈرتا ہوں کہ مجھے پیٹا جائے گا۔

۴۔ مجھے ڈر ہے مجھ سے مال چھینا جائے گا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


۵- مجھے اندیشہ ہے کہ لوگ مجھے برا بھلا کہیں گے۔

(طبقات ابنِ سعد جلد۲ ص ۶۱)

حافظ ابنِ کثیرؒ نے ''البدایہ والنہایہ'' میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا انکار اور اس کی توجیہ کو یوں بیان کیا ہے۔

''حضرت یوسف علیہ السّلام تو خود نبی تھے اور نبی کے بیٹے تھے۔ میں اُمیمہ کا بیٹا ابو ہریرہ ہوں۔ میں یہ عہدہ قبول نہیں کر سکتا......

میں دو اور تین سے ڈرتا ہوں۔''

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

''دو اور تین کا کیا مطلب ہے پانچ کیوں نہیں کہا؟''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا:

''دو چیزیں یہ ہیں کہ کہیں لاعلمی اور ناواقفیت کی بناء پر کوئی بات کروں یا بغیر غور وفکر کے کوئی فیصلہ کروں تو تین چیزیں یہ ہیں کہ میری پیٹھ پر کوڑے پڑیں 'میرا مال ضبط کر لیا جائے یا مجھے رسوا کیا جائے۔''

(البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۱۱۱)

تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عہدِ فاروقی میں کم و بیش ایک سال تک بحرین کے امیر (گورنر) رہے۔ انکار کا واقعہ اس وقت پیش آیا جب امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو دوبارہ بحرین کی امارت پر فائز کرنا چاہا۔ اس کی تفصیل آئندہ صفحات میں مناسب مقام پر آئے گی۔

حافظ ابنِ حجرؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام میمونہ بتایا ہے (الاصابہ ج ۴ ص ۲۴۴)

لیکن جب وہ خود اپنی والدہ کا نام اُمیمہ بتاتے ہیں تو پھر اسی کو صحیح سمجھنا چاہیے۔

## خاندان' قبیلہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نسبی تعلق قبیلہ دَوس سے تھا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


مشہور عرب مؤرخ علامہ محمد احمد باشمیل کے قول کے مطابق دَوس کا نام متعدد قحطانی اور عدنانی قبائل پر بولا جاتا ہے[1]۔ (غزوۂ تبوک از محمد احمد باشمیل) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا تعلق جس دَوس سے تھا۔ وہ مشہور عرب قبیلے ''اُزد'' کی ایک شاخ تھا اور اس نے اپنے مورثِ اعلیٰ دَوس کے نام کی نسبت سے شہرت پائی۔ علّامہ ابنِ اثیر نے اس دَوس کا سلسلۂ نسب اس طرح بیان کیا ہے:

''دَوس بن عدنان بن عبداللہ بن زہران بن کعب بن حارث بن کعب بن مالک بن نصر بن اُزد۔

(اُسدُ الغابہ ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ)

عام طور پر مؤرخین نے قبیلہ ازد کو قحطانی بتایا ہے لیکن علامہ سید سلیمان ندویؒ نے ارض القرآن (جلد دوم) اور مولانا سعید انصاری مرحوم نے سِیَرِ انصار (جلد دوم) میں یہ مَوقف اختیار کیا ہے کہ ''ازد'' عدنانی یا اسمٰعیلی قبیلہ تھا جو کسی نامعلوم زمانے میں یمن جا کر آباد ہو گیا تھا۔ یمن میں جب وہ مشہور سیلاب آیا جسے قرآنِ حکیم میں ''سیلِ عرم'' کہا گیا ہے' اس سے کچھ عرصہ بعد قبیلہ ازد اور اس کے بہت سے بطون یمن سے نکل کر شام' عراق' نجد' عمان' بحرین اور عرب کے دوسرے مختلف مقامات پر آباد ہو گئے۔'' دونوں حضرات نے اپنے مَوقف کے حق میں بہت سے دلائل دیے ہیں۔ اگر قبیلہ ازد کو عدنانی یا اسمٰعیلی تسلیم کیا

---

[1] سام بن نوحؑ کے دوسرے بیٹے ارفخشد تھے۔ ان کی نسل سے قحطان ہوئے۔ قحطان کے بیٹے یعرب' یعرب کے بیٹے یشجب اور یشجب کے بیٹے سبا تھے۔ یہی سبا قحطانی قبائل کے مورثِ اعلیٰ ہیں۔ ان قبائل کو ''عرب عاربہ'' کہا جاتا ہے۔ عرب بائدہ جنہوں نے طوفانِ نوحؑ کے بعد عرب پر حکومت کی' جب اپنے کفر و شرک اور بدکرداری کی وجہ سے تباہ ہو گئے تو عرب عاربہ یا قحطانی قبائل نے عرب پر حکومت کی۔
یہ قبائل یمن اور اس کے قرب و جوار میں آباد تھے۔ یمن کے مشہور بند ''سدِ مارب'' کے ٹوٹنے کے بعد ان میں سے بعض قبائل یمن سے نکل کر جزیرۃ العرب کے دوسرے حصوں میں بھی آباد ہو گئے۔
عدنانی قبائل کے مورثِ اعلیٰ عدنان ہیں جو حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام بن حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی نسل سے ہیں۔ ان قبائل کو ''عرب مستعربہ'' کہا جاتا ہے۔ عدنانی اور قحطانی سبھی قبائل کا سلسلۂ نسب ارفخشد بن سام بن نوحؑ پر جا کر مل جاتا ہے۔ عدنانی قبیلے حجاز' نجد اور شمالی عرب کے علاقوں میں آباد ہوئے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قبیلہ قریش بھی عدنانی قبیلہ تھا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے تو پھر قبیلہ دَوس کو بھی عدنانی یا اسمٰعیلی ماننا پڑے گا۔

## دَوس کی جائے سکونت

عام روایات کے مطابق بنو دَوس یمن کے ایک گوشے میں آباد تھے۔ یہ گوشہ ایک پہاڑ کے دامن میں تھا۔ علامہ محمد احمد باشمیل کا بیان ہے کہ بنو دَوس کے مساکن تہامۂ یمن کے نزدیک جبال السَّراۃ میں تھے۔ جبال السَّراۃ اس پہاڑی سلسلے کو کہتے ہیں جو جزیرہ نمائے عرب کے مغربی رخ پر شمال سے جنوب تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ سلسلہ کوہ جزیرہ نما کو شمال سے جنوب تک اور کچھ جنوب مشرق سے گھیرے ہوئے ہے۔ شمال میں اس کا رشتہ شام و فلسطین کے پہاڑوں سے جا ملتا ہے۔ اس کے منتہائے شمال سے وسط کے بعد تک کے حصے کو جبال الحجاز اور اس کے جنوب کے حصوں کو جبال العسیر[1] اور جبال الیمن[2] کہتے ہیں۔ جبال السراۃ کے جو جنوبی حصے جبال الیمن کہلاتے ہیں وہ نصف شمالی حصے میں زیادہ بلند اور نصف جنوبی حصے میں نسبتاً کم بلند ہیں۔ یہ پہاڑ جو جزیرہ نمائے عرب کے جنوب مغربی گوشے تک چلے گئے ہیں' ان کے مغربی جانب ایک تنگ ساحل ہے جو تہامۂ یمن کہلاتا ہے۔ اس تہامۂ یمن کے قریب سلسلہ "جبال الیمن" کے کسی پہاڑ کے دامن میں بنو دوس کی سکونت تھی۔

بعض علماء نے یہ قیاس ظاہر کیا ہے کہ قبیلہ دَوس کی سکونت "تبالہ" کے قُرب و جوار میں تھی۔ اس قیاس کی بنیاد صحیح بخاری کی یہ روایت ہے کہ "ذوالخلصہ" قبیلہ دَوس کا ایک بت تھا

---

۱- جزیرۂ نمائے عرب میں مکّہ کے جنوب سے تہامۂ حجاز (یعنی وہ میدانی علاقہ جو حجاز کے کوہستانی خطے کے مغربی جانب ساحلِ سمندر تک پھیلا ہوا ہے) بہت تنگ ہو گیا ہے اور سراۃ کے پہاڑ سمندر کے بہت قریب آ گئے ہیں۔ یہاں حجاز کا منطقہ ختم ہو جاتا ہے اور عسیر کا علاقہ شروع ہو جاتا ہے۔ یہ علاقہ سعودی مملکت کا جنوب مغربی صوبہ ہے۔ اسی صوبے کے نام کی نسبت سے اس کے ساحلی پہاڑوں کو جبال العسیر کہا جاتا ہے۔

۲- عسیر کے جنوب میں جبال السراۃ کے منطقہ کو یمن کہا جاتا ہے۔ یہ بڑا شاداب علاقہ ہے اور اب ایک آزاد مملکت ہے۔ یہاں جبال السراۃ کے پہاڑ جبال الیمن کہلاتے ہیں۔ یہ پہاڑ اپنے تمام علاقوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ بلند ہیں۔ ان میں سے بعض پہاڑوں کی چوٹیاں تیرہ چودہ ہزار فٹ تک بلند ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور مُسندِ احمد کی روایت کے مطابق یہ بت ''تبالہ'' میں نصب تھا۔

''تبالہ'' مکّہ مکرّمہ سے طائف جانے والے راستہ پر ایک بستی تھی جو طائف کے جنوب میں واقع تھی۔ اگر بنودَوس کے مساکن تبالہ کے قُرب و جوار میں تسلیم کیے جائیں تو پھر یہ بھی ماننا پڑے گا کہ وہ حدودِ حجاز کے اندر آباد تھے۔ جبکہ جمہور مؤرّخین کے قول کے مطابق وہ یمن کے ایک گوشے میں آباد تھے۔ اس سلسلے میں یہ امور بھی پیشِ نظر رکھنے ہوں گے۔

۱۔ بنودَوس کے خاص بُت ذوالشّریٰ اور ذوالکفّین تھے۔ (ارض القرآن جلد دوم)

۲۔ ''ذوالخلصہ'' جس کا حمیٰ (وہ رقبہ جو کسی دیوتا کے لیے مخصوص ہو) تبالہ میں تھا' قبائل خثعم اور بجیلہ کا خاص بت تھا۔ ان دونوں قبائل کے بیشتر مساکن یمن میں تھے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کسی قبیلے کا اپنے بت کے حمیٰ کے قرب و جوار میں آباد ہونا ضروری نہیں تھا۔ (ارض القرآن۔ جلد دوم)

۳۔ ہو سکتا ہے کہ دَوس نام کا کوئی قبیلہ ذوالخلصہ کو بھی پوجتا ہو (جیسا کہ علاّمہ محمد احمد باشمیل نے لکھا ہے کہ دَوس کا نام متعدد قحطانی اور عدنانی قبائل پر بولا جاتا تھا) اور یہ بھی بعید از قیاس نہیں کہ بنودَوس کا کوئی بطن یا اس نام کا کوئی قبیلہ تبالہ کے قرب و جوار میں بھی آباد ہو لیکن امام بخاریؒ یا کسی دوسرے محدّث/مؤرّخ نے اس کی تصریح نہیں کی اس لیے لامحالہ جمہور مؤرّخین کے اسی بیان کو تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ جس ''دَوس'' سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق تھا وہ یمن کے ایک گوشے میں آباد تھا۔

(واللہ اعلم بالصّواب)

## کنیت ''ابوہریرہ'' کی وجہ تسمیہ

حضرت ''ابوہریرہ'' کی کنیت پر جمہور اربابِ سیر کا اتفاق ہے۔ اس کا مطلب ہے ''بلّی والا'' اس کنیت کی وجہ تسمیہ کے بارے میں مختلف روایات ہیں جن میں سے کچھ یہ ہیں:

حضرت عبداللہ بن رافع رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ آپ کو ابوہریرہ کیوں کہا جاتا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ میں نے ایک بلّی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پال رکھی تھی۔ رات کو میں اس بِلّی کو ایک درخت کی کھوہ میں رکھ دیتا تھا۔ دن کو جب میں بکریاں چرانے جاتا تو اس کو ساتھ لے لیتا اور فرصت کے وقت اس سے کھیلا کرتا تھا۔ لوگوں نے بِلّی سے میرا غیر معمولی لگاؤ دیکھ کر مجھ کو ابو ہریرہ کہنا شروع کر دیا۔

(جامع ترمذی مناقب ابو ہریرہ وطبقات ابنِ سعد جلد۴ ص ۵۵۱۔ الاصابہ جلد۲ ص ۲۰۲)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے جنگلی بِلّی کا ایک بچّہ ملا' میں اس کو اپنی آستین (یا گود) میں رکھ کر گھر لایا' میرے گھر کے افراد (بروایتِ دیگر میرے والد) نے پوچھا' تمہاری آستین (یا گود) میں کیا ہے؟ میں نے کہا' یہ بِلّی کا بچہ ہے جو مجھے ملا ہے۔ انہوں نے کہا' تم ابو ہریرہ ہو۔ اس کے بعد میرا یہ نام پڑ گیا۔ (مستدرکِ حاکم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک مرتبہ دریافت کیا گیا کہ آپ کی یہ کنیت کس نے تجویز کی؟ کہنے لگے ایک دفعہ مجھے ایک بِلّی مل گئی تھی جس کو میں نے اپنی آستین میں رکھ لیا۔ اسی وقت سے مجھے ابو ہریرہ کہا جانے لگا۔

(حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از محمد عجاج الخطیب)

اسی طرح کی روایتیں اور بھی بہت سی کتابوں میں ملتی ہیں (الاستیعاب' جمہرۃ انساب العرب' تاریخ ابنِ خلدون' نہایۃ الارب وغیرہ) ان سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بچپن ہی میں (قبولِ اسلام سے پہلے) اپنی کنیت سے مشہور ہو گئے تھے۔ یہ کنیت زندگی بھر ان کے نام پر غالب رہی۔

صحیح بخاری میں ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کو ابو ہر یا ابو ہریرہ کہا کرتے تھے۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ابو ہر کہلانا زیادہ پسند تھا کیونکہ ''ہر'' کا مطلب بِلّا ہوتا ہے اور وہ کہتے تھے کہ نر مادہ سے افضل ہوتا ہے اور مجھے نر کی نسبت سے اپنی کنیت زیادہ عزیز ہے۔ تاہم زبانِ خلق پر وہ ''ابو ہریرہ'' ہی سے مشہور رہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ولادت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہجرتِ نبوی ؐ سے تقریباً چوبیس برس پہلے اپنے وطن میں پیدا ہوئے۔

## بچپن سے جوانی تک

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے وطن ہی میں پلے بڑھے اور اپنی زندگی کا پہلا تیس سالہ دَور وہیں گزارا۔ وہ بچپن ہی میں سایۂ پدری سے محروم ہو گئے اور ان کی والدہ نے نہایت عسرت وافلاس کے عالَم میں ان کی پرورش کی۔ اہلِ سِیَر نے ان کے بچپن کے حالات بہت کم بیان کیے ہیں۔ صرف یہ معلوم ہے کہ وہ اپنے وطن میں بکریاں چرایا کرتے تھے۔ روزانہ بکریاں جنگل میں لے جاتے اور شام تک انہیں چراتے رہتے۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی زمانے میں انہوں نے لکھنے پڑھنے میں کچھ شُدبُد پیدا کر لی تھی اور کبھی کوئی شعر بھی موزوں کر لیتے تھے۔ اگرچہ وطن میں ان کی زندگی کا بیشتر حصہ افلاس کی حالت میں گزرا لیکن ۶ ہجری کے اواخر میں جب انہوں نے اپنے قبیلے کے ہمراہ وطن سے مدینہ منوّرہ کی طرف ہجرت کی تو وہ اس قابل ہو گئے تھے کہ ایک غلام رکھ سکیں۔ (اس کی تفصیل آگے آ رہی ہے)۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# قبیلہ دَوس کے اوّلین مسلمان

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت عرب کے دوسرے قبائل کی طرح بنودَوس بھی کفر وشرک کی دَلدَل میں گلے گلے تک دھنسے ہوئے تھے۔ مختلف روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ذوالشّریٰ، ذوالکفّین اور ذوالخَلصہ نام کے بتوں کی پرستش کرتے تھے، ان کے سامنے نذریں پیش کرتے تھے اور ان سے مرادیں مانگتے تھے۔ زمین کی شادابی اور پانی کی فراوانی کی وجہ سے وہ بالعموم آسودہ حال تھے تاہم ان میں غریب لوگ بھی موجود تھے جن کا ذریعۂ معاش بکریاں پالنا اور چرانا تھا۔ کفر وشرک کے علاوہ ان میں بہت سی اخلاقی برائیاں بھی پائی جاتی تھیں۔ ان میں سے بدکاری، حرام خوری، کم تولنے اور کم ناپنے جیسی برائیاں بہت نمایاں تھیں۔ سیاسی اعتبار سے دَوس ایک طاقتور قبیلہ تھا اور اس کے پاس ایک مضبوط قلعہ تھا جس کے اردگرد بلند پہاڑ تھے۔ کسی دشمن کا اس پر حملہ کرنا کوئی آسان کام نہ تھا۔

## حضرت مُعَیقِیب بن ابی فاطمۃ الدَّوسی

بنو دَوس کے اوّلین مسلمانوں میں سب سے پہلا نام حضرت مُعَیقِیب بن ابی فاطمۃ الدَّوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ وہ زمانۂ جاہلیّت ہی میں اپنے وطن سے مکّہ آ گئے تھے اور قریش کی شاخ بنی عبدِ شمس کے حلیف بن کر مکّہ ہی میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی۔ دعوتِ توحید کے ابتدائی زمانے میں شرفِ اسلام سے بہرہ ور ہو گئے۔ ایک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روایت یہ ہے کہ قبولِ اسلام کے بعد وہ اپنے وطن واپس چلے گئے تھے اور دوسری روایت کے مطابق دوسری ہجرتِ حبشہ (۶ بعدِ بعثت) میں بھی شامل تھے۔

(الاصابہ والاستیعاب ترجمہ حضرت معیقیب رضی اللہ عنہ)

غزوۂ خیبر (مُحَرَّم ۷ ہجری) کے بعد مدینہ واپس آئے اور پھر تمام غزوات میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرِکاب رہے۔ عہدِ نبوی میں خاتمِ رسالت انہی کے پاس رہا کرتی تھی۔ شیخین رضی اللہ عنہما کے عہد میں صیغۂ مالیات کے افسر اور بیت المال کے خازن رہے۔ وہ جذام کے مرض میں مبتلا ہو گئے تھے۔ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اچھے اچھے طبیبوں سے ان کا علاج کرایا۔ اس سے مرض زائل تو نہ ہوا البتہ آگے بڑھنے سے رک گیا۔

حضرت معیقیب رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان ذُوالنُّورَین کے عہدِ خلافت کے آخر میں وفات پائی۔ ان سے متعدّد احادیث مروی ہیں۔

## حضرت اُمِّ شریک دَوسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

ان کا شمار جلیل القدر صحابیات رضی اللہ عنہن میں ہوتا ہے۔ نام ونسب کسی نے بیان نہیں کیا۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ قبیلہ دَوس سے تعلق رکھتی تھیں اور بعثتِ نبوی کے وقت اپنے اعزّہ واقارب کے ساتھ مستقلاً مکّہ میں مقیم تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں فطرتِ سعید سے نوازا تھا۔ دعوتِ توحید کے آغاز ہی میں مشرّف بہ اسلام ہو گئیں۔ ان کے مشرک اہلِ خاندان کو معلوم ہوا تو وہ سخت غضبناک ہوئے اور انہوں نے اُمِّ شریک رضی اللہ عنہا کو دھوپ میں کھڑا کر دیا۔ وہ اس حالت میں ان کو روٹی کے ساتھ شہد کھلاتے تھے لیکن پانی نہیں پلاتے تھے۔ تین دن تک وہ ان سے یہی سلوک کرتے رہے۔ اس کے بعد مشرکین نے حضرت اُمِّ شریک رضی اللہ عنہا سے کہا کہ جو دین تم نے اختیار کیا ہے اس کو چھوڑ دو۔

انہوں نے صاف انکار کر دیا۔ مشرکین نے تنگ آ کر انہیں چھوڑ دیا۔ اب وہ قریش کی عورتوں میں بھی پوشیدہ طور پر اسلام کی تبلیغ کرنے لگیں۔ مشرکینِ قریش کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معلوم ہوا تو انہوں نے ان کو اپنے قبیلے میں بھیج دیا۔ حضرت اُمِّ شریک رضی اللہ عنہا کو رسولِ اکرم ﷺ سے بے حد عقیدت تھی۔ ہجرتِ نبویؐ کے کچھ عرصہ بعد وہ بھی ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچ گئیں۔ ''سننِ نسائی'' میں ہے کہ وہ بڑی متمول اور فیاض خاتون تھیں اور ان کا دستر خوان بڑا وسیع تھا۔ انہوں نے اپنے مکان کو مہمان خانہ عام بنا دیا تھا۔ رسول اکرم ﷺ کے پاس باہر سے جو مہمان آتے تھے بسا اوقات وہ حضرت اُمِّ شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مکان میں قیام کرتے تھے (ایک روایت کے مطابق وہ مکّہ میں خاصی آسودہ حال تھیں اور دعوتِ توحید کے ابتدائی پُرآشوب زمانے میں نومسلموں کی کفالت کیا کرتی تھیں)۔

''طبقات ابنِ سعد'' میں ہے کہ ۱۰ ہجری میں حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو ان کے شوہر حضرت ابوعمروؓ بن حفص بن مغیرہ نے طلاق دی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ عِدّت کا زمانہ اُمِّ شریک کے ہاں گزارو لیکن پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اُمِّ شریک کے گھر اکثر مہمانوں کی آمد و رفت رہتی ہے اور ان کے اعزّہ و اقارب بھی ان کے ساتھ رہتے ہیں اس لیے وہاں پردہ کا اہتمام نہ ہو سکے گا لہٰذا تم عدت کا زمانہ اپنے نابینا چچازاد بھائی ابن اُمِّ مکتوم کے ہاں گزارو۔

حضرت اُمِّ شریک رضی اللہ عنہا کے مزید حالات کُتُبِ سِیَر میں نہیں ملتے۔

## حضرت طفیل بن عمرو دَوسی رضی اللہ عنہ

حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ بنو دَوس کے وہ فرزندِ سعید ہیں جن کی تبلیغی مساعی کے نتیجے میں قبیلہ دَوس حلقہ بگوشِ اسلام ہوا۔ وہ اپنے قبیلے کے رُؤسا اور اشراف میں سے تھے اور ایک خوش گو شاعر بھی تھے۔ امام ابن اسحاقؒ اور علاّمہ ابنِ سعدؒ نے ان کے اسلام لانے کا قصہ خود ان کی روایت سے بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ دوسرے سیرت نگاروں نے بھی یہ قصہ کچھ اضافوں کے ساتھ نقل کیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ:

''میں قبیلہ دُوس کا ایک شاعر تھا۔[1] اپنے کسی کام سے مکّہ گیا۔ جونہی میں نے مکّہ میں قدم رکھا' قریش کے آدمی آ آ کر مجھ سے ملنے لگے۔ جو آتا مجھے یہ بتاتا کہ تم ہمارے شہر میں مہمان بن کر آئے ہو اس لیے ہم تمہیں آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ ''یہاں ہم میں سے ایک شخص محمد بن عبداللہ نے ایک نیا دین نکالا ہے' اس نے ہماری جمعیت پراگندہ کر دی ہے' اس کی باتیں جادو کا اثر رکھتی ہیں' ان باتوں نے بھائی کو بھائی سے' والدین کو اولاد سے اور شوہر کو بیوی سے جدا کر دیا ہے' غرض اس شخص نے ہمارا قومی شیرازہ بکھیر دیا ہے' ہمارا دوستانہ مشورہ ہے کہ اس شخص سے ہرگز نہ ملنا اور نہ اس کی باتیں سننا۔'' میں ان لوگوں کی باتیں سن سن کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سخت بدگمان ہو گیا اور میں نے پختہ ارادہ کر لیا کہ آپ ﷺ سے بچ کر رہوں گا۔ پھر میں نے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لی تاکہ اگر اتفاقاً کہیں آپ سے ملاقات ہو جائے تو آپ کی کوئی بات نہ سن سکوں۔

دوسرے دن میں نے حرم میں حاضری دی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کعبہ کے نزدیک نماز پڑھتے دیکھا۔ میرے کانوں میں چند جملے جو پڑے[2] تو میں نے اپنے دل میں خیال کیا کہ یہ تو بڑا اچھا کلام ہے...... میں شاعر ہوں' جوان مرد ہوں' صاحب فہم و ذکاء ہوں' نیک و بد میں بخوبی تمیز کر سکتا ہوں آخر کیوں نہ اس شخص سے مل کر اس کی باتیں سنوں کہ یہ کیا کہتا ہے۔ چنانچہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہو کر اپنے گھر کی طرف روانہ ہوئے تو میں آپ کے پیچھے ہو لیا۔ آپ ﷺ کے مکان پر پہنچ کر میں نے عرض کیا' اے

---

(۱) اس زمانے میں شاعر ہونا کوئی معمولی بات نہیں تھی۔ قادر الکلام شعراء اپنے قبیلوں میں بہت اثر و رسوخ رکھتے تھے اور جدھر چاہتے تھے' اپنے قبیلوں کو اپنی طلاقت لسانی سے مائل کر لیتے تھے۔
بعض ارباب سیر نے لکھا ہے کہ حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرب کے فحول شعراء میں شمار ہوتے تھے۔

(۲) ظاہر ہے یہ جملے قرآن حکیم کی آیات تھیں۔ اگرچہ حضرت طفیلؓ نے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس رکھی تھی لیکن اللہ تعالیٰ کو انہیں یہ آیات سنانا منظور تھا اس لیے ہو سکتا ہے کہ وہ اس وقت کانوں میں پنبہ رکھنا بھول گئے ہوں یا پنبہ اتفاقاً ان کے کانوں سے نکل گیا ہو گویا

ع تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محمد (ﷺ)! آپ کی قوم نے مجھے آپ سے اس قدر بدگمان کر دیا تھا کہ میں نے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لی تھی تا کہ آپ کی کوئی بات میرے کانوں میں نہ پڑنے پائے لیکن تھوڑی دیر پہلے میں نے جو چند جملے آپ کی زبان سے سنے وہ مجھے اچھے معلوم ہوئے' آپ مجھے ذرا کھول کر بتایئے کہ آپ کیا کہتے ہیں۔ جواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کا ایک حصہ پڑھ کر سنایا۔(۱) میں اس سے اس قدر متاثر ہوا کہ اُسی وقت ایمان لے آیا۔

قبولِ اسلام کے بعد میں گھر واپس گیا(۲) تو میرے بوڑھے والد مجھ سے ملنے آئے۔ میں نے ان سے کہا کہ میرا اب آپ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے پوچھا' بیٹے کیا ہوا؟ میں نے کہا' میں مسلمان ہو گیا ہوں اور میں نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی پیروی اختیار کر لی ہے۔ انہوں نے کہا' بیٹا جو تیرا دین وہی میرا دین۔ میں نے کہا'

---

۱- ابو الفرج اصفہانی نے ابن کلبی کے حوالے سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر سورۂ اخلاص اور معوذتین کی تلاوت فرمائی۔ دوسرے اربابِ سِیَر نے اس بارے میں کچھ نہیں لکھا اس لیے وثوق کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن پاک کے کون سے حصے کی تلاوت فرمائی۔

۲- ایک روایت میں ہے کہ مکہ سے چلتے وقت حضرت طفیل رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ سے درخواست کی کہ مجھے اپنی قوم کو اسلام کی دعوت دینے کی اجازت دیں۔ آپ ﷺ نے اجازت دے دی تو حضرت طفیل ؓ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے کوئی ایسی نشانی عطا فرمائے کہ دعوت کا کام میرے لیے آسان ہو جائے۔ اس پر حضور ﷺ نے دعا کی' الٰہی اس کو کوئی نشانی عطا فرما۔ اس کے بعد حضرت طفیل ؓ اپنے وطن کی طرف روانہ ہو گئے۔ طویل سفر کے بعد جب اپنی بستی کے قریب پہنچے تو سورج غروب ہو چکا تھا اور ساری وادی اندھیرے میں ڈوبی ہوئی تھی۔ راستہ دو پہاڑوں کے بیچوں بیچ بلندی سے نشیب کی طرف بستی میں جاتا تھا۔ گھٹا ٹوپ اندھیرے میں ناہموار پہاڑی راستے پر اونٹ کو نیچے کی طرف لے جانا بڑا کٹھن کام تھا۔ اس وقت یکا یک حضرت طفیل ؓ کا چہرہ ماہِ تاباں کی طرح روشن ہو گیا جس سے اردگرد کی فضا منوّر ہو گئی۔ اب حضرت طفیل ؓ نے بڑے تضرع کے ساتھ دعا کی' الٰہی چہرے پر نہیں کسی اور جگہ اس نشانی کو منتقل فرما دے۔ ان کی دعا فوراً دیرِ اجابت پر پہنچ گئی اور روشنی اس کوڑے میں منتقل ہو گئی جو اُن کے ہاتھ میں تھا۔ اب راستہ اترتے وقت ان کا کوڑا مشعل کا کام دے رہا تھا۔ اس کی روشنی میں وہ آسانی کے ساتھ اپنی بستی میں اتر آئے اور پھر اپنے گھر پہنچ گئے۔ اسی واقعہ کی بناء پر بعض سیرت نگاروں نے انہیں "ذوالنّور" کے لقب سے یاد کیا ہے۔

(الاستیعاب' الاِصابہ' تاریخ ابنِ عساکر' کنز العمّال' حیاۃ الصحابہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ غسل کر کے پاک کپڑے پہنیے' پھر میرے پاس آیئے تا کہ میں آپ کو اس دین کی تعلیم دوں جو میں سیکھ کر آیا ہوں۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور شرفِ اسلام سے بہرہ ور ہو گئے۔

پھر میری بیوی آئی۔ میں نے اس سے بھی وہی بات کہی جو اپنے والد سے کہی تھی' اس نے کہا میں قربان جاؤں' یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ میں نے کہا' اسلام نے میرے اور تمہارے درمیان افتراق کی خلیج حائل کر دی ہے اور میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کا پیرو ہو گیا ہوں۔ بیوی نے کہا میں بھی تمہارا دین اختیار کرنا چاہتی ہوں' تم مجھے اس کے بارے میں بتاؤ...... میں نے کہا' ذوالشّریٰ (قبیلہ دَوس کا بت) کے حمیٰ میں جا' وہاں پہاڑ سے گرنے والے پانی سے غسل کر اور پاک کپڑے پہن۔ میری بیوی نے کہا' ذوالشّریٰ سے ہمارے بچوں کو تو کوئی تکلیف نہ پہنچے گی؟ میں نے کہا' نہیں میں اس کا ذمہ لیتا ہوں۔ وہ گئی اور غسل کر کے آ گئی۔ میں نے اس کے سامنے اسلام پیش کیا تو وہ مسلمان ہو گئی۔[1] پھر میں نے اپنے قبیلے کو حق کی طرف بلانا شروع کیا مگر دَوس کے لوگوں نے دعوتِ حق قبول کرنے سے گریز کیا۔ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر مکہ واپس گیا اور عرض کیا کہ بنو دَوس غفلت میں پڑے ہوئے ہیں' ان کی یہ غفلت میری تبلیغ کے راستے میں حائل ہو رہی ہے آپ ﷺ ان کے لیے ہدایت کی دعا فرمائیں۔[2] ...... آپ ﷺ نے دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ اھْدِ دَوْسًا (اے اللہ دَوس کو ہدایت دے) اور مجھے نصیحت فرمائی کہ جا کر ان میں پھر تبلیغ کرو اور ان سے نرمی اور آشتی کا برتاؤ کرو۔ چنانچہ میں دَوس کو برابر اسلام کی طرف بلاتا رہا یہاں تک کہ غزوۂ خیبر کے موقع پر دَوس کے ستر اسّی (مسلمان) گھرانوں کو ساتھ لے

۱- ایک روایت میں ہے کہ حضرت طفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ بھی اسی موقع پر شرفِ اسلام سے بہرہ ور ہو گئی تھیں لیکن ایک اور روایت میں ہے کہ وہ کافر ہی رہیں۔ واللہ اعلم بالصّواب

۲- ایک روایت میں ہے کہ حضرت طفیل رضی اللہ عنہ نے درخواست کی کہ میری نابکار قوم کے لیے بددعا کریں لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ رحیمی نے بددعا دینا پسند نہ کیا۔ اس کے بجائے آپ ﷺ نے ان کے لیے ہدایت کی دعا کی۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا۔"

## حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام

جمہور علماءِ سِیَر نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہجرتِ نبویؐ سے پہلے (اپنے وطن میں) حضرت طفیل بن عمرو دَوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تبلیغ سے مشرّف بہ اسلام ہوئے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ جب حضرت طفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمان ہو کر مکہ سے واپس آئے اور دعوتِ توحید کا آغاز کیا تو پہلی دفعہ ان کے اہلِ خانہ کے علاوہ قبیلہ دوس کے صرف ایک اور آدمی نے اسلام قبول کیا۔ قیاسِ غالب کے مطابق یہ شخص حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ حافظ ابنِ حجر رحمتہ اللہ علیہ نے تو وضاحت کے ساتھ حضرت ابوہریرہؓ کا نام لیا ہے۔ (الاِصابہ ج ۴ ص ۲۲۶)

بعض روایتوں میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُس وقت مسلمان ہوئے جب حضرت طفیل رضی اللہ عنہ نے مکہ سے دوسری مرتبہ واپس آ کر اپنے قبیلے میں تبلیغ شروع کی...... بہر صورت یہ واقعہ ہجرتِ نبویؐ سے پہلے کا ہے۔

کچھ روایتوں میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوۂ خیبر (محرّم ۷ ہجری) کے موقع پر یا صلح حدیبیہ (ذیقعدہ ۶ ہجری) اور غزوۂ خیبر (محرم ۷ ہجری) کے درمیانی عرصے میں مسلمان ہوئے لیکن جمہور علماءِ سِیَر نے اسی روایت کو ترجیح دی ہے کہ وہ ہجرتِ نبویؐ سے پہلے اپنے وطن ہی میں حلقہ بگوشِ اسلام ہو گئے تھے۔ غزوۂ خیبر کے موقع پر انہوں نے ہجرت اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اور بیعت کی سعادت حاصل کی (اس کی تفصیل آگے آئے گی۔)

بعثتِ نبوی ﷺ کے وقت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر گیارہ بارہ سال کی تھی (یعنی وہ نابالغ تھے) قیاس یہ ہے کہ انہوں نے حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تبلیغ سے اس وقت اسلام قبول کیا جب وہ باشعور (بالغ) ہو چکے تھے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کب مکہ جا کر اسلام قبول کیا اور پھر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وطن واپس آ کر اپنے قبیلے میں تبلیغ کا آغاز کیا۔ اربابِ سیر نے اس کا کوئی واضح جواب نہیں دیا اور صرف اتنا لکھا ہے کہ یہ واقعہ بعثتِ نبویؐ کے ابتدائی زمانے کا ہے۔ ابتدائی زمانے سے مراد ۱ نبوت اور اس کے بعد کے دو تین سال ہیں ۳ نبوت ہی میں رسولِ اکرم ﷺ نے فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ــ کے حکمِ الٰہی کے مطابق کھلے عام لوگوں کو حق کی طرف بلانا شروع کیا جس پر مشرکین آپ ﷺ کے دشمن بن گئے اور باہر سے مکہ آنے والے لوگوں کو بھی آپ ﷺ کے خلاف بہکانا شروع کر دیا۔ قیاس یہ ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی زمانے میں اسلام قبول کیا۔ اس وقت ان کا عنفوانِ شباب تھا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# وطن سے ہجرت

جب حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسلسل تبلیغی مساعی کے نتیجے میں بنودوس کی معتد بہ تعداد حلقہ بگوشِ اسلام ہوگئی تو ان کے دل میں خیال آیا کہ مکّہ جا کر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی جائے کہ آپ بنو دوس کے پاس تشریف لے آئیں۔ یہاں آپ ﷺ تک مشرکینِ قریش کا دستِ تعدّی نہیں پہنچ سکے گا کیونکہ بنودوس نہ صرف خود جنگ آزما لوگ تھے بلکہ ان کے پاس ایک نہایت مضبوط قلعہ بھی تھا جو پہاڑوں سے گھرا ہوا تھا اور اس پر حملہ کرنا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ چنانچہ وہ مکّہ جا کر بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دعوت دی کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ ہمارے قلعے میں تشریف لے آئیے' دوس کا بچہ بچہ کٹ مرے گا لیکن آپ پر کوئی آنچ نہیں آنے دے گا۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ ﷺ کے صحابہ ﷡ اس زمانے میں سخت مشکلات سے دوچار تھے اور کفّارِ مکّہ اہلِ حق پر ایسے ظلم ڈھا رہے تھے کہ انسانیت سر پیٹ کر رہ گئی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیشکش کو بنظرِ استحسان دیکھا لیکن آپ نے اس وقت بوجوہ مکّہ چھوڑنا مناسب نہ سمجھا اس لیے حضرت طفیل رضی اللہ عنہ کی دعوت قبول نہ فرمائی۔ دراصل کلکِ قدرت نے رحمتِ عالم صلّی اللہ علیہ وسلم کی میزبانی کا شرف انصارِ مدینہ کے مقدّر میں لکھ رکھا تھا۔ اسی لیے آپ ﷺ بنودوس کے مہمان نہ بنے۔ (صحیح مسلم جلد ۱/ ۷۵)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکّے سے وطن واپس آ کر حسبِ سابق پھر تبلیغِ حق میں مشغول ہو گئے۔ اس طرح کئی سال گزر گئے۔ اس اثناء میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکّہ سے ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لے گئے اور بدر، اُحد، احزاب وغیرہ کے معرکے گزر چکے اور صلح حدیبیہ بھی ہو چکی۔ ۶ ہجری کے اواخر یا ۷ھ کے آغاز میں حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فیصلہ کیا کہ اب وطن سے سوئے مدینہ ہجرت کا شرف حاصل کیا جائے۔ انہوں نے دَوس کے دوسرے مسلمانوں کو ہجرت کی ترغیب دی تو قبیلے کے ستّر اسّی مسلمان گھرانے (جن کے افراد کی تعداد بقولِ بعض چار سَو تھی) ہجرت کے لیے تیار ہو گئے۔ حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سب کو ساتھ لے کر گھر بار اور وطن کو خیر باد کہا اور عازمِ مدینہ ہو گئے۔ ان ہجرت کرنے والوں میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اپنے ایک غلام کے ساتھ شریک تھے۔ ان کی والدہ نے اسلام قبول نہیں کیا تھا لیکن وہ ان کو وطن میں اکیلا نہیں چھوڑ سکتے تھے اس لیے ان کو بھی ساتھ لے لیا۔

## مدینہ مُنَوَّرہ میں وُرُود

دَوس کے مہاجرین کا یہ قافلہ منزلوں پر منزلیں مارتا مدینہ مُنَوَّرہ پہنچا...... تو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت غزوۂ خیبر کے لیے تشریف لے گئے تھے اور وہیں تشریف فرما تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے وُرُودِ مدینہ کا حال اس طرح بیان کیا ہے:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر تشریف لے گئے تھے۔ میں اسی زمانے میں مدینہ آیا۔ فجر کی نماز سباع بن عرفطہ (رضی اللہ عنہ) کی اقتداء میں پڑھی جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (مدینہ میں) اپنا نائب بنا کر چھوڑ گئے تھے۔ سباع (رضی اللہ عنہ) نے پہلی رکعت میں سورۂ مریم اور دوسری میں ''وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ'' (کم تولنے والوں کے لیے خرابی ہے) پڑھی۔ میں نے اپنے دل میں کہا، فلاں ازدی شخص کے لیے ہلاکت ہو، اس نے دو پیمانے بنا رکھے تھے۔[1] ایک کے ساتھ کم

[1] قبیلۂ دَوس، قبیلہ ازد ہی کی ایک شاخ تھا اس لیے دَوسی اپنے آپ کو ازدی بھی کہتے تھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


تول کر دوسروں کو دیتا (فروخت کرتا) اور دوسرے کے ساتھ لوگوں سے زیادہ لیا کرتا (خریدتا) تھا۔ (دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ قبیلہ ازد کے ہر شخص نے اس مقصد کے لیے دو پیمانے بنا رکھے تھے)۔

(البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۱۰۴ سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۴۲۵)

دَوسی مہاجرین کو جب معلوم ہوا کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ خیبر کے لیے تشریف لے گئے ہیں تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مراجعت کا انتظار کرنے کے بجائے خیبر پہنچ کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جائے۔ ان مہاجرین کے خیبر پہنچنے کے بارے میں جو روایات ہیں' ان میں سرسری طور پر بیان کیا گیا ہے کہ سب کے سب اہلِ قافلہ مدینہ سے خیبر کے لیے روانہ ہو گئے۔ یہ وضاحت نہیں کی گئی کہ بچّے عورتیں اور کبیر السن حضرات بھی خیبر گئے یا انہیں مدینہ میں چھوڑ دیا گیا اور وہی مرد خیبر گئے جو لڑنے کے قابل تھے۔ بعض روایات کے الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہلے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' عازمِ خیبر ہوئے اور دوسرے دَوسی مہاجرین ان کے بعد خیبر پہنچے۔ لیکن کچھ روایات سے یہ نتیجہ بھی اخذ کیا جاتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوسرے مہاجرین کے ساتھ ہی خیبر پہنچے۔

## بارگاہِ رسالت ﷺ میں حاضری

مدینہ منوّرہ سے خیبر تک کے سفر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے ذوق و شوق سے یہ شعر پڑھتے رہے:

يَا لَيْلَةً مِنْ طُوْلِهَا وَعَنَائِهَا
عَلٰى اَنَّهَا مِنْ دَارَةِ الْكُفْرِ نَجَّتِ

(ہائے رات کی طوالت اور مشقت کتنی بری ہے تاہم (شکر ہے) اس نے مجھے دارالکفر سے چھٹکارا دلایا۔)

اثنائے سفر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غلام گم ہو گیا (بروایتِ دیگر بارگاہِ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


رسالت میں حاضری والے دن سے پہلی شب کو کہیں چلا گیا) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خیبر پہنچ کر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اور بیعت سے مشرّف ہوئے۔ حُسنِ اتفاق سے ان کا غلام بھی اس وقت وہاں پہنچ گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''ابو ہریرہ! تمہارا غلام آ گیا؟''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

''یا رسول اللہ! میں اسے اللہ کی راہ میں آزاد کرتا ہوں۔''

خیبر پہنچنے والے دوسرے تمام دَوسی بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے شاد کام ہوئے اور آپ ﷺ کے دستِ مبارک پر بیعتِ اسلام کا شرف حاصل کیا۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سمیت ان حضرات نے اسی موقع پر اسلام قبول کیا لیکن (جیسا کہ پچھلے صفحات میں وضاحت کی جا چکی ہے) بظاہر خیبر پہنچنے والے بیشتر دَوسی مہاجرین پہلے ہی شرفِ اسلام سے بہرہ ور ہو چکے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے حضور ﷺ کے دستِ مبارک پر (اسلام کی) بیعت کی (نہ کہ اسلام قبول کیا) اس بات کا امکان ہو سکتا ہے کہ ان گھرانوں کے بعض افراد اسلام کے حلقۂ اثر میں تو آ گئے ہوں لیکن انہوں نے باقاعدہ قبولِ اسلام کا شَرَف بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر حاصل کیا ہو۔

## غزوۂ خیبر میں شرکت

دَوسی مہاجرین کے وُرُودِ خیبر کے وقت ''نطاۃ'' کا قلعہ فتح ہو چکا تھا اور الکتیبہ کے قلعے کا محاصرہ جاری تھا۔ علّامہ ابنِ سعدؒ اور حافظ ابنِ عبدالبرؒ کا بیان ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دَوسی مجاہدین کو اسلامی فوج کے میمنہ پر مقرر فرمایا۔ اس طرح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بھی غزوۂ خیبر میں شرکت کی سعادت نصیب ہو گئی' اگرچہ یہ سعادت لڑائی کے آخری مراحل میں نصیب ہوئی کیونکہ دو تین دن کے اندر یہودیوں کے سارے قلعے فتح ہو گئے اور مسلمانوں کو کامل فتح ہو گئی۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بعض لوگوں نے غزوۂ خیبر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شرکت کے بارے میں شک کا اظہار کیا ہے لیکن صحیح بخاری میں خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم غزوۂ خیبر میں حاضر رہے۔[1]

اس کے علاوہ بعض دوسری روایتوں سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوۂ خیبر میں شریک تھے' البتہ اس بارے میں اختلاف ہے کہ خیبر کے مالِ غنیمت میں سے دَوسی مجاہدین کو حصہ دیا گیا یا نہیں۔ علامہ ابنِ سعدؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ بیان منسوب کیا ہے کہ میں جن جن لڑائیوں میں شریک ہوا' غزوۂ خیبر کے علاوہ ان سب میں مالِ غنیمت ملا کیونکہ اس کا مال حدیبیہ والوں (یعنی ذیقعدہ ٦ ہجری میں بیعتِ رضوان کرنے والوں) کے لیے مخصوص تھا۔

(طبقات ابنِ سعد جزء ۴ ق ۵۴)

لیکن صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ روایت بھی ملتی ہے۔

فَتَحْنَا خَيْبَرَ فَلَمْ نَغْنِمْ ذَهَبًا وَلَا فِضَّةً اِنَّمَا غَنِمْنَا الْبَقَرَ وَالْاِبِلَ وَالْمَتَاعَ وَالْحَوائِطَ۔ (صحیح بخاری جلد ۲ ص ۶۰۸)

یعنی ہم نے جس وقت خیبر فتح کیا تو ہمیں غنیمت میں سونا چاندی نہیں ملا بلکہ گائے اونٹ دوسرا سامان اور باغات ملے۔

سننِ ابی داؤد کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ خیبر کے مالِ غنیمت کی تقسیم کے معاملے میں مشہور صحابی حضرت ابان بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ[2] اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے

---

۱- اس روایت کے الفاظ یہ ہیں:
عَنِ الزُّهْرِيْ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبُ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ شَهِدْنَا خَيْبَرَ.
(امام زہریؒ نے حضرت سعید بن مسیب کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ہم خیبر میں حاضر تھے) (صحیح بخاری ج ۲ صفحہ ۶۰۴)

۲- سیدنا حضرت ابان بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق قریش کی شاخ بنی امیہ سے تھا سلسلۂ نسب یہ ہے:
ابان رضی اللہ عنہ بن سعید بن عاص بن امیہ بن عبدِ شمس بن عبدِ مناف بن قصیؔ بن کلاب بن مرّہ بن کعب بن لوئی قرشی۔ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درمیان کچھ تلخ کلامی ہوگئی۔ واقعہ یہ تھا کہ غزوۂ خیبر سے پہلے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابان بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک مہم کا امیر بنا کر نجد کی طرف بھیجا تھا۔ جب خیبر فتح ہو چکا تو حضرت ابان بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی نجد کی مہم سے فارغ ہو کر خیبر پہنچ گئے اور بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کیا:

''یارسول اللہ! ہمیں بھی خیبر کے مالِ غنیمت سے حصہ عطا فرمایئے۔''

اس وقت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی بارگاہِ نبویؐ میں حاضر تھے۔ انہوں

---

(بقیہ گزشتہ صفحہ سے)

حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا والد ابو احیحہ سعید بن عاص بڑے دبدبہ وشکوہ کا رئیس تھا۔ اس کا لقب ''ذوالتاج'' تھا۔ وہ جس رنگ کا عمامہ باندھتا تھا مکہ میں کوئی دوسرا شخص اس رنگ کا عمامہ نہ باندھ سکتا تھا۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوتِ حق کا آغاز فرمایا تو حضرت ابان ﷛ کے دو بھائیوں حضرت خالد ﷛ اور حضرت عمرو ﷛ نے تو اس دعوت پر لبّیک کہا لیکن حضرت ابان ﷛ اور ان کے دوسرے اہلِ خاندان نے اسلام کی شدید مخالفت کی۔ ابان ﷛ شاعر بھی تھے انہوں نے اپنے مسلمان ہونے والے بھائیوں کی ہجو میں کئی اشعار کہے۔ غزوۂ بدر اور غزوۂ اُحُد میں وہ مشرکینِ مکّہ کے لشکر میں شامل ہو کر مسلمانوں سے لڑنے گئے۔ صلح حدیبیہ (ذیقعدہ ۶ ہجری) کے بعد حضرت ابان کا دل اسلام کی طرف مائل ہو گیا اور وہ مدینہ مُنوّرہ جا کر مشرف بہ اسلام ہو گئے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی سابقہ غلطیوں اور لغزشوں کو معاف فرما دیا۔ مُحرّم ۷ ہجری کے آغاز میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایک مہم کا امیر بنا کر نجد بھیجا۔ اس سے فارغ ہو کر وہ خیبر پہنچے جہاں حضور ﷺ خیبر کی تسخیر کے بعد تشریف فرما تھے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے انہیں بحرین کا محصّلِ زکوٰۃ و جزیہ (بروایتِ دیگر حاکم) مقرر فرمایا۔ ۱۱ ہجری میں حضور ﷺ نے رحلت فرمائی تو حضرت ابان ﷛ اپنے عہدے سے دست کش ہو کر مدینہ منورہ واپس آ گئے۔ خلیفۃُ الرسول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں اس عہدے پر واپس بھیجنا چاہا لیکن انہوں نے بوجوہ دوبارہ یہ عہدہ قبول نہ کیا۔ سلطنتِ روم سے معرکہ آرائیوں کا آغاز ہوا تو حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلامی لشکر میں شامل ہو کر شام کے میدانِ جہاد میں پہنچ گئے۔ ان کے زمانۂ وفات کے بارے میں اربابِ سِیَر میں بہت اختلاف ہے۔ بعض نے لکھا ہے کہ وہ جنگِ اجنادین میں شہید ہوئے۔ بعض ان کی شہادت محاصرۂ دمشق کے دوران میں بتاتے ہیں اور بعض جنگِ مرج الصفر میں۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ شام میں رومیوں کے خلاف کئی لڑائیوں میں دادِ شجاعت دینے کے بعد وہ صحیح سلامت مدینہ مُنوّرہ واپس آ گئے اور حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں کسی وقت وفات پائی۔ (واللہ اعلم بالصّواب)

حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زمانۂ جاہلیّت کے تمام خون معاف کر دیے۔ (اُسدُ الغابہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے عرض کیا:

''یارسول اللہ! ان لوگوں کو نہ دیجیے (کیونکہ وہ غزوۂ خیبر میں شریک نہیں تھے۔)''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بات سن کر حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غصہ آ گیا اور انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہو کر کہا:

''اے وبر جو ابھی پہاڑ سے اتر کر آیا ہے تو یہ بات کہتا ہے؟''

وبر ایک جنگلی جانور کو کہتے ہیں جو قد و قامت میں بلّی کے مشابہ ہوتا ہے۔ بعض علماء نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مطلب یہ تھا کہ تم ایک جنگلی پہاڑی آدمی ہو تم ان امور کو کیا سمجھ سکتے ہو اور ایسی باتوں میں کیوں مشورہ دیتے ہو۔

کچھ علماء نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ جو کہا ہے کہ ''ایک بِلّا جو پہاڑ سے اتر کر آیا ہے۔'' اس میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی کنیت سے لطیفہ پیدا کیا۔ ابو ہریرہ کا لفظی ترجمہ ہے ''بِلّی کے بچے کا باپ'' اس لیے مزاحاً ان کو بلا کہا۔ جب کسی شخص کو کسی چیز یا کسی وصف سے خصوصی تعلق ہو تو عربی محاورے میں اس شخص کو اس چیز کا باپ یا بھائی یا بیٹا کہہ دیا جاتا ہے۔ www.KitaboSunnat.com

بہرصورت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بھی حضرت ابان رضی اللہ عنہ کو کوئی تلخ جواب دیا۔ اس طرح دونوں بزرگوں کی گفتگو میں تلخی پیدا ہو گئی۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو سمجھا بجھا کر خاموش کیا۔

صحیح بخاری میں یہ واقعہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبانی اس طرح نقل ہوا ہے:

''میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوا جب خیبر کی فتح کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم ابھی خیبر ہی میں تشریف فرما تھے اور مالِ غنیمت تقسیم ہو رہا تھا۔ پس میں نے عرض کیا' یارسول اللہ! مجھے بھی حصہ دلائیے۔ سعید بن عاص کے بیٹوں میں سے کسی نے کہا' یارسول اللہ! اس کو نہ دیجیے۔ میں نے کہا' یہ ابنِ قوقل کا قاتل ہے۔ (یہ غزوۂ اُحُد میں بقولِ بعض

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابان رضی اللہ عنہ بن سعید بن عاص کے ہاتھ سے شہید ہوئے تھے۔ نام ان کا نعمان تھا اور قبیلہ خزرج سے تھے۔ ابان رضی اللہ عنہ اس وقت کفارِ مکہ کی فوج میں تھے۔ بعد ازاں مسلمان ہو گئے۔) اس پر سعید بن عاص کے بیٹے نے کہا' اس پہاڑی بلّے پر تعجب ہے جو ہمارے پاس ضأن کی چوٹی سے اتر کر یہاں آیا ہے۔[1] وہ مجھ پر ایک مردِ مسلم کے قتل کا عیب دھرتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے میرے ہاتھوں (مرتبۂ شہادت کی) عزت بخشی اور مجھے اس کے ہاتھوں ذلیل نہیں ہونے دیا۔"

(یعنی اگر معاملہ اس کے الٹ ہوتا کہ میں کفر کی حالت میں اس کے ہاتھوں قتل ہو جاتا تو ذلیل وخوار ہو کر جہنم میں جاتا۔)

(بذل القوۃ از مخدوم محمد ہاشم سندھی بحوالہ صحیح بخاری' بخاری جلد ۲ کتاب المغازی غزوۂ خیبر)

اس روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے خیبر کے مالِ غنیمت سے حصے کی درخواست کی تھی۔ حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی مخالفت کی۔ اس وجہ سے دونوں کی گفتگو میں تلخی آ گئی۔ اس کے ساتھ سننِ ابی داؤد کی روایت کو ملا کر پڑھا جائے تو یہی نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ دونوں بزرگوں نے مالِ غنیمت سے حصہ مانگا۔ پھر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فیصلہ کیا اس پر دونوں راضی ہو گئے۔

علامہ ابنِ اثیرؒ نے "اسد الغابہ" میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیبر کی غنیمت سے حصہ نہ دیا۔

بقولِ بعض آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیبر کی غنیمت سے باقاعدہ حصہ نہیں دیا' البتہ بطور عطیہ کچھ مرحمت فرمایا۔ (بذل القوۃ)

جہاں تک حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسرے دَوسی مجاہدین کا تعلق ہے تو صحیح بخاری سے ان کی جو دوسری روایت اوپر نقل کی گئی ہے' اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان

---

۱۔ ضأن قبیلہ دَوس کے علاقے میں ایک پہاڑی کا نام ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


حضرات کو مالِ غنیمت سے سونے چاندی کی صورت میں تو کوئی چیز نہیں دی گئی' البتہ انہیں اونٹ گائیں اور کچھ دوسری اشیاء مرحمت کی گئیں' نیز بعض باغات کی پیداوار میں سے بھی کچھ حصہ دیا گیا۔ (واللہ اعلم بالصّواب)

اگر اس روایت کو طبقات ابنِ سعد کی اس روایت سے ملا کر پڑھا جائے جس میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ خیبر کے مالِ غنیمت سے انہیں کچھ نہیں ملا تو پھر جو کچھ عطا ہوا وہ بطور عطیہ یا انعام تھا اور اس کی تعداد یا مقدار بھی بہت کم تھی کیونکہ مدینہ مُنوّرہ میں انہوں نے اپنی زندگی کا آغاز بڑی تنگدستی کی حالت میں کیا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر سے مدینہ مُنوّرہ کو معاودت فرمائی تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسرے تمام دَوسی اصحاب بھی آپ ﷺ کے ساتھ مدینہ مُنوّرہ آ گئے۔

## خیبر سے مراجعت کے بعد

اربابِ سیر نے یہ وضاحت نہیں کی کہ بنودَوس کے مہاجرین غزوۂ خیبر سے فارغ ہو کر واپس مدینہ مُنوّرہ پہنچے تو ان میں سے کتنے مستقل طور پر مدینہ مُنوّرہ میں مقیم ہو گئے اور کتنے واپس وطن چلے گئے۔ البتہ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مدینہ مُنوّرہ میں مستقل اقامت اختیار کر لی۔

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حضرت طفیل بن عمرو دَوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے باقی حالاتِ زندگی بھی بیان کر دیے جائیں۔ وہ بنودَوس کی اہم ترین شخصیت تھے کیونکہ انہی کی تبلیغی مساعی کے نتیجے میں بنودَوس میں اسلام پھیلا تھا اور وہی بنودَوس کے سترّ اسّی گھرانوں کو اپنے ساتھ مدینہ مُنوّرہ لائے تھے۔ ابنِ سعدؒ کا بیان ہے کہ حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ فتحِ مکّہ (رمضان المبارک ۸ ہجری) تک رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب رہے۔ فتحِ مکّہ کے بعد وہ چند دَوسیوں کو ساتھ لے کر اپنے وطن گئے اور مشرکینِ بنی دَوس کے بت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ذوالکفّین اور اس کے حمی کو تباہ و برباد کر دیا۔[1] یہ کارنامہ سرانجام دے کر واپس آنے لگے تو بنودَوس کے چار سو آدمی مع ساز و سامان ان کے ساتھ ہو لیے۔ ان دنوں رسولِ اکرم ﷺ نے طائف کا محاصر کر رکھا تھا۔ حضرت طفیل رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ذوالکفّین کی بربادی کا حال سنایا تو آپ ﷺ بہت مسرور ہوئے۔ حضرت طفیل اور ان کے ساتھیوں نے غزوۂ طائف میں شریک ہونے کی خواہش ظاہر کی۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا، تمہارا عَلَم کون اٹھائے گا؟

حضرت طفیل رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

"نعمان بن بازیہ یہ مدتوں سے بنودَوس کے عَلمبردار ہیں، اس موقع پر بھی وہی اٹھائیں گے۔"[2]

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی رائے پسند فرمائی۔ پھر یہ سب لوگ ایک الگ دستے کی صورت میں غزوۂ طائف میں شریک ہوئے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آغازِ خلافت میں فتنۂ ارتداد (الرِدّۃ) نے زور پکڑا تو حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ نے

---

[1] ابنِ سعدؒ نے لکھا ہے کہ فتح مکّہ کے بعد حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ! میرے قبیلے میں ابھی تک ایک بت خانہ موجود ہے جس میں ذوالکفّین نام کا ایک بت نصب ہے۔ بنودَوس کے جو لوگ ابھی تک ایمان نہیں لائے وہ بڑے ذوق و شوق سے اس بت کی پرستش کرتے ہیں اگر اجازت دیں تو اس بت خانے کو مسمار کر دوں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہاں اس کو برباد کر دو۔"

چنانچہ حضرت طفیل رضی اللہ عنہ اپنے قبیلے کے چند مسلمانوں کو ساتھ لے گئے اور بت خانے کو منہدم کر کے بت کو آگ لگا دی۔ اس وقت وہ یہ شعر پڑھ رہے تھے:

یَاذَا الکَفَّینِ لَسْتُ مِنْ عِبَادِکَا ۔۔۔ مِیْلَادُنَا اَقْدَمُ مِّنْ مِیْلَادِکَا

اِنِّیْ حَشَشْتُ النَّارَ فِیْ فُؤَادِکَا

(یعنی اے ذوالکفّین میں تیری پرستش کرنے والوں میں نہیں ہوں۔ میری پیدائش تیری ولادت سے پہلے کی ہے۔

(باقی اگلے صفحے پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے استیصال میں بھرپور حصہ لیا۔ آخر میں اسی سلسلے میں مسیلمہ کذّاب کے خلاف جنگِ یمامہ میں شریک ہوئے اور نہایت بہادری سے لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا۔ ان کے فرزند حضرت عمرو رضی اللہ عنہ بھی اس لڑائی میں ان کے ساتھ تھے وہ شدید زخمی ہو گئے لیکن جان بچ گئی۔ بعد میں انہوں نے جنگِ یرموک میں شہادت پائی۔

(طبقات ابنِ سعد حصہ مغازی، مستدرکِ حاکم، الاستیعاب، اُسدُ الغابہ)

---

میں نے تیرے دل میں آگ بھر دی ہے)

(طبقات ابنِ سعد ج ۴ ق ا صفحہ ۷، سیر الصحابہ (مہاجرین حصہ دوم)

۲۔ حضرت نعمان بن بازیہ رضی اللہ عنہ (بروایتِ دیگر راذیہ) کو شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ ان سے یہ حدیث مروی ہے کہ "میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ! ہم زمانہ جاہلیت میں راتوں کے پچھلے پہر سفر کرتے۔ اب جبکہ اللہ کے فضل سے ہم مسلمان ہیں، ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا، اسلام میں بھی یہ عمل پسندیدہ ہے اس لیے تمہیں چاہیے کہ کسی کو بھی ایسے سفر سے منع نہ کرنا۔"

امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ (شام کی فتح کے بعد) حضرت نعمان بن بازیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حمص میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ (اُسدُ الغابہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عہدِ رسالت میں
# حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے شب و روز

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہونے سے لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے رخصت ہونے تک کا زمانہ (مُحَرَّم ۷ ہجری تا ربیع الاوّل ۱۱ ہجری) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تمام زندگی کا حاصل تھا۔ انہوں نے اس زمانے کا تین چوتھائی حصہ مُحسنِ انسانیت رحمتِ دو عَالَم صلی اللہ علیہ وسلم کی بابرکت صحبت میں گزارا۔ (ایک چوتھائی حصہ بحرین میں گزارا جس کی تفصیل الگ بیان کی گئی ہے۔)

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے دامنِ اقدس سے ان کی وابستگی کی عجیب کیفیت تھی۔ سفر ہو یا حضر، خلوت ہو یا جلوت، رات ہو یا دن، حج ہو یا کوئی غزوہ، وہ ہر موقع پر بارگاہِ رسالت میں حاضر رہنے کی کوشش کرتے تھے تاکہ فیضانِ نبوی سے زیادہ سے زیادہ بہرہ یاب ہو سکیں۔ عہدِ رسالت میں ان کی زندگی کے شب و روز پر ایک نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ اس دوران میں صرف تین چیزیں ان کی زندگی کا محور تھیں۔ پہلی یہ کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جمالِ جہاں آرا سے اپنی آنکھیں روشن کرتے رہیں۔ خود فرمایا کرتے تھے کہ ذاتِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا مشاہدۂ جمال میری روح کی تسکین و راحت اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ (مُسندِ احمد) دوسری یہ کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جو بھی اور جتنی بھی خدمت کر سکیں، کریں۔ (اس کی تفصیل آگے آئے گی) تیسری یہ کہ نُبُوّت کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سرچشمۂ علوم ومعارف سے خوب خوب سیراب ہوتے رہیں۔

انہی مقاصد کے حصول کی خاطر عہدِ رسالت میں نہ انہوں نے شادی کی اور نہ کسبِ معاش کے لیے کوئی پیشہ اختیار کیا بلکہ اصحابِ صُفّہ کی مقدّس جماعت میں شامل ہو گئے اور ایک درویش طالبِ علم کی حیثیت سے فقر و فاقہ کی زندگی گزاری۔ اس سے پہلے کہ ہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذاتی حالات بیان کریں' مناسب معلوم ہوتا ہے کہ "اصحابِ صُفّہ" کے مشاغل اور ان کے مقام و مرتبہ کے بارے میں تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالیں:

## اصحابِ صُفّہ

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکّہ سے ہجرت فرما کر مدینہ مُنوّرہ تشریف لائے تو تھوڑے ہی عرصہ کے بعد آپ ﷺ نے اپنے جاں نثاروں کے ساتھ مل کر مسجدِ نبوی ﷺ کی تعمیر کا آغاز فرمایا۔ جب یہ کام مکمّل ہو گیا تو آپ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی تعلیم کے لیے مسجدِ نبوی ﷺ میں اسلام کی پہلی درسگاہ قائم فرمائی۔ اس میں تعلیم پانے والے دو طرح کے اصحاب تھے۔ ایک تو وہ مہاجرین اور انصار جو گھر بار والے تھے اور کھیتی باڑی' تجارت اور کئی دوسرے مختلف النّوع کام کرتے تھے۔ یہ اصحاب اپنے فرصت کے وقت میں قرآنِ مجید اور حدیث وسُنّت کی تعلیم حاصل کرتے تھے۔ دوسرے وہ اصحاب تھے جن کا نہ گھر بار تھا اور نہ کوئی ذریعۂ معاش۔ اگر گھر بار تھا بھی تو انہوں نے اس کو چھوڑ کر اپنے آپ کو قرآن و سُنّت کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے وقف کر دیا تھا۔ ان میں زیادہ تر اصحاب غریب الوطن ہوتے تھے۔ وہ محض رضائے الٰہی کی خاطر اپنا وطن اور گھر بار چھوڑ کر طویل سفر کے بعد مدینہ مُنوّرہ پہنچتے تھے اور فقر و فاقہ کی زندگی اختیار کر کے حصولِ علم میں مشغول ہو جاتے تھے۔ جب ان غریب الدّیار درویشانِ اسلام کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہونے لگا تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے مستقل قیام کے لیے مسجدِ نبوی سے جانبِ شرق ایک چبوترے پر مسقّف دالان بنوا دیا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عربی زبان میں سائبان یا مسقّف دالان کو صُفّہ کہتے ہیں' اس لیے یہ مردانِ حق آگاہ بھی اصحابِ صُفّہ کہلانے لگے۔ پہلے تو یہ اصحاب دن بھر مسجدِ نبوی میں تعلیم و تربیت حاصل کرتے تھے اور رات کو قریبی کھلے چبوترے پر سو رہتے تھے۔ اب ان کو ایک چھت میسّر آ گئی اور ان میں مدینہ مُنوّرہ کے مسکین صحابہ بھی شامل ہو گئے۔

اصحابِ صُفّہ کو اضیاف الاسلام (اسلام کے مہمان) یا اضیاف اللہ (اللہ کے مہمان) یا قُرّاء (قرآن پڑھنے والے) بھی کہا جاتا تھا۔ ان کی تعداد مقرر نہ تھی اور اس میں کمی بیشی ہوتی رہتی تھی۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق ایک وقت میں ان کی کم از کم تعداد ستّر تھی جو بعض اوقات بڑھ کر چار سَو تک پہنچ جاتی تھی۔ (ایک روایت یہ بھی ہے کہ اصحابِ صُفّہ کی کل تعداد چار سَو تک پہنچتی ہے' لیکن ایک وقت میں یہ اصحاب کبھی اتنی تعداد میں جمع نہیں ہوئے۔ واللہ اعلم) جس نو وارد مسلمان کا مدینہ مُنوّرہ میں کوئی شناسا نہ ہوتا وہ اہلِ صُفّہ ہی کے پاس آ کر قیام کرتا تھا۔

ان بزرگوں میں سے جو صاحب شادی کر لیتے اور اہل و عیال کے فرائض و حقوق پورا کرنے کے پابند ہو جاتے یا کسبِ معاش کے لیے کسی خاص شعبے یا کاروبار سے منسلک ہو جاتے وہ خود بخود ہی اصحابِ صُفّہ کے حلقے سے نکل جاتے تھے۔

اصحابِ صُفّہ امن میں اللہ کے مسکین ترین بندے تھے اور میدانِ جہاد میں شیرانِ غابہ سے بڑھ کر تھے۔ ان میں سے ۵۷ مشہور صحابہ رضی اللہ عنہم کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

۱- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

۲- حضرت براء بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ

۳- حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ

۴- حضرت حبیب بن زید بن عاصم انصاری رضی اللہ عنہما

۵- حضرت عبداللہ بن اُمِّ مکتوم رضی اللہ عنہ

۶- حضرت ابو سعید ثابت بن ودیعہ دُوسی رضی اللہ عنہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


۷- حضرت ابوثعلبہ انصاری رضی اللہ عنہ

۸- حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ

۹- حضرت ثابت بن ضحاک انصاری رضی اللہ عنہ

۱۰- حضرت ابوبشر بشیر بن معبد اسلمی رضی اللہ عنہ

۱۱- حضرت ابو برزہ نضلہ بن عبید اسلمی رضی اللہ عنہ

۱۲- حضرت حکم بن عمرو ثمالی رضی اللہ عنہ

۱۳- حضرت حارثہ بن خمیر اشجعی رضی اللہ عنہ

۱۴- حضرت جعال (جعیل) بن سراقہ غفاری (یا ضمری) رضی اللہ عنہ

۱۵- حضرت حنظلہ بن ابی عامر انصاری (غسیل الملائکہ) رضی اللہ عنہ

۱۶- حضرت ابوریحانہ رضی اللہ عنہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۱۷- حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۱۸- حضرت ابوکبشہ رضی اللہ عنہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۱۹- حضرت خُبَیب بن اساف انصاری رضی اللہ عنہ

۲۰- حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ

۲۱- حضرت حرملہ بن ایاس عنبری رضی اللہ عنہ

۲۲- حضرت دکین بن سعید خثعمی رضی اللہ عنہ

۲۳- حضرت شداد بن اسید اسلمی رضی اللہ عنہ

۲۴- حضرت سعد بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ

۲۵- حضرت خالد بن زید بن حارثہ انصاری رضی اللہ عنہ

۲۶- حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ

۲۷- حضرت سالم بن عبید اشجعی رضی اللہ عنہ

۲۸- حضرت سالم بن عمیر بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲۹- حضرت شقران رضی اللہ عنہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۳۰- حضرت مویہبہ رضی اللہ عنہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۳۱- حضرت ابوعبید رضی اللہ عنہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۳۲- حضرت یسار راعی رضی اللہ عنہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۳۳- حضرت واثلہ بن اسقع کنانی رضی اللہ عنہ

۳۴- حضرت مسطح بن اثاثہ قرشی رضی اللہ عنہ

۳۵- حضرت وابصہ بن معبد اسدی رضی اللہ عنہ

۳۶- حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ

۳۷- حضرت عبداللہ بن بدر جہنی رضی اللہ عنہ

۳۸- حضرت عبداللہ بن خالد غفاری رضی اللہ عنہ

۳۹- حضرت عویم بن ساعدہ انصاری رضی اللہ عنہ

۴۰- حضرت عیاض بن حمار مجاشعی رضی اللہ عنہ

۴۱- حضرت صفوان بن بیضاء فہری رضی اللہ عنہ

۴۲- حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام سلمی انصاری رضی اللہ عنہ

۴۳- حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ

۴۴- حضرت فضالہ بن عبید انصاری رضی اللہ عنہ

۴۵- حضرت قرۃ بن ایاس مزنی رضی اللہ عنہ

۴۶- حضرت عمرو بن طلق بن زید انصاری رضی اللہ عنہ

۴۷- حضرت مسعود بن ربیع قاری رضی اللہ عنہ

۴۸- حضرت عبداللہ رضی بن انیس جہنی ثم انصاری

۴۹- حضرت ابونجیح عرباض بن ساریہ سلمی رضی اللہ عنہ

۵۰- حضرت معاویہ بن حکم سلمی رضی اللہ عنہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۵۱- حضرت عبادہ بن قرص لیثی رضی اللہ عنہ

۵۲- حضرت عبداللہ بن اسود سدوسی رضی اللہ عنہ

۵۳- حضرت سائب بن خلاد انصاری رضی اللہ عنہ

۵۴- حضرت طلحہ بن عمرو نضری رضی اللہ عنہ

۵۵- حضرت ہلال رضی اللہ عنہ مولیٰ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ

۵۶- حضرت عبداللہ بن حبشی خثعمی رضی اللہ عنہ

۵۷- حضرت عمرو بن ثعلبہ بن وہب ابو حکیمہ انصاری رضی اللہ عنہ

اصحابِ صُفّہ کے فقر و استغناء کی عجیب کیفیت تھی۔ ان پر کئی کئی وقت کے فاقے گزر جاتے تھے لیکن زبان پر حرفِ شکایت نہ لاتے تھے۔ جب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو ان میں سے بعض نحیف الجثہ اصحاب ضعف اور گرسنگی کے سبب عین حالتِ نماز میں گر پڑتے اور بے ہوش جاتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوکر انہیں اٹھاتے اور فرماتے' اے صعالیک المہاجرین! اگر تمہیں معلوم ہوجاتا کہ بارگاہِ الٰہی میں تمہارا کیا درجہ ہے تو تم ضرور یہ تمنا کرتے کہ تمہارا یہ فقر و فاقہ اور بڑھ جاتا۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ان درویشانِ راہِ حق کو بے حد محبوب رکھتے تھے اور ہر معاملے میں ان کا خیال رکھتے تھے۔ جب کہیں سے صدقہ کا کھانا آتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ تمام کھانا اصحابِ صُفّہ کو بھیج دیتے تھے۔ کبھی انہیں مہاجرین اور انصار پر تقسیم کردیتے کہ وہ ان کے کھانے کا بندوبست کریں۔ ہر شخص اپنی استطاعت کے مطابق ایک ایک دو دو تین تین چار چار کو اپنے ساتھ لے جاتا اور کھانا کھلاتا۔ رئیسِ خزرج حضرت سعد بن عبادہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکثر شام کو اسّی اصحابِ صُفّہ کو ساتھ لے کر جاتے اور انہیں کھانا کھلاتے۔

حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اصحابِ صُفّہ کو اکثر مدعو کرتے رہتے تھے۔ اسی بناء پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ابوالمساکین کا لقب دے رکھا تھا۔ دوسرے صحابہ (بالخصوص انصار) بھی اصحابِ صُفّہ کی دل کھول کر مدد کیا کرتے تھے۔ انصار

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے باغوں سے کھجور کے خوشے لاتے اور مسجدِ نبوی میں لٹکا دیتے تاکہ اصحابِ صُفّہ کھجوروں سے اپنی شکم پُری کر سکیں۔ (جامع ترمذی ابواب تفسیر القرآن)

ایک دفعہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس گھر میں دو آدمیوں کا کھانا پکتا ہو وہ اصحابِ صُفّہ میں سے تیسرے آدمی کو اور جس کے ہاں چار کا کھانا پکتا ہو وہ ان میں سے پانچویں آدمی کو ساتھ لے جائے اور کھانا کھلائے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تین آدمیوں کو ساتھ لیا لیکن آپ ﷺ دس آدمیوں کو اپنے ساتھ لے گئے۔

(صحیح مسلم، حلیۃ الاولیاء)

ایک مرتبہ کسی نے ایک پیالہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ یہ ایک بڑی دیگ کے برابر تھا اور چار آدمی اس کو مل کر اٹھاتے تھے۔ جب دوپہر ہوتی تو وہ پیالہ آتا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اصحابِ صُفّہ کو ساتھ لے کر اس کے گرد بیٹھ جاتے اور اس میں سے کھانا تناول فرماتے۔ بعض اوقات کھانے والوں کی تعداد اتنی زیادہ ہوتی کہ آپ کو اکڑوں بیٹھنا پڑتا تاکہ لوگوں کے لیے جگہ نکل آئے۔ (سُنن ابی داؤد)

اگر کبھی کوئی صحابی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کھانے کی دعوت دیتے تو آپ ﷺ اصحابِ صُفّہ کو ساتھ لے جاتے اور ساتھ بٹھا کر کھانا کھلاتے۔ اللہ تعالیٰ تھوڑے کھانے میں بھی برکت دیتا تھا۔

حضور ﷺ کو اصحابِ صُفّہ کا کس قدر خیال تھا، اس کا اندازہ اس واقعہ سے کیا جا سکتا ہے کہ ایک دفعہ آپ کی لختِ جگر سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست کی کہ چکی پیستے پیستے میرے ہاتھوں میں گٹے پڑ گئے ہیں اور شدید محنت و مشقت نے نحیف و نزار کر دیا ہے، آپ مجھے ایک کنیز مرحمت فرمائیں۔

حضور ﷺ نے اپنی پیاری بیٹی کی درخواست کے جواب میں فرمایا، بیٹی مجھے سب سے پہلے اصحابِ صُفّہ کی خورونوش کا انتظار کرنا ہے، یہ نہیں ہو سکتا کہ اصحابِ صُفّہ تو بھوکے رہیں اور میں اپنی بیٹی کے آرام کے لیے اسے کنیز دوں، بیٹی صبر و شکر سے اپنا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



### وقت گزاروا[1]

اصحابِ صُفّہ میں سے ایک بزرگ حضرت طلحہ بن عمرو نضری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب کوئی آدمی باہر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں (مدینہ مُنوّرہ) آتا' اگر اس کا مدینہ مُنوّرہ میں کوئی جاننے والا ہوتا تو وہ اس کے پاس ٹھہرتا' اگر کوئی اس کا جاننے والا نہ ہوتا تو وہ صُفّہ میں قیام کرتا۔ میں جب مدینہ مُنوّرہ آیا تو میرا کوئی جاننے والا نہ تھا اس لیے میں اہلِ صُفّہ کے پاس ٹھہرا۔ ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہر روز ایک مُد (تقریباً نو چھٹانک کے برابر) کھجوریں آتی تھیں جو دو آدمیوں کے لیے ہوتی تھیں۔ ایک روز نماز کے بعد ہم میں سے ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا' یارسول اللہ! کھجوریں کھاتے کھاتے ہمارے پیٹ جل گئے اور ہماری چادریں پھٹ گئیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی باتیں سنتے رہے۔ جب انہوں نے اپنی گفتگو ختم کی تو آپ ﷺ منبر پر تشریف لائے' اللہ کی حمد و ثنا کے بعد آپ ﷺ نے ان

---

1- علامہ شبلی نعمانیؒ نے اس واقعہ کو یوں نظم کیا ہے:

افلاس سے تھا سیّدۂ پاک کا یہ حال! — گھر میں کوئی کنیز نہ کوئی غلام تھا!
گِھس گِھس گئی تھیں ہاتھ کی دونوں ہتھیلیاں — چکّی کے پیسنے کا جو دن رات کام تھا
سینہ پہ مشک بھر کے جو لاتی تھیں بار بار — گو نور سے بھرا تھا مگر نیل فام تھا
اَٹ جاتا تھا لباس مبارک غبار سے — جھاڑو کا مشغلہ بھی ہر صبح و شام تھا
آخر گئیں جناب رسولِ خدا کے پاس — یہ بھی کچھ اتفاق وہاں اذنِ عام تھا
محرم نہ تھے جو لوگ تو کچھ کر سکیں نہ عرض — واپس گئیں کہ پاسِ حیا کا مقام تھا
پھر جب گئیں دوبارہ تو پوچھا حضورؐ نے — کل کس لیے تم آئی تھیں کیا خاص کام تھا؟
غیرت یہ تھی کہ اب بھی نہ کچھ منہ سے کہہ سکیں — حیدرؓ نے ان کے منہ سے کہا جو پیام تھا
ارشاد یہ ہوا کہ غریبانِ بے وطن — جن کا کہ صُفّۂ نبوی میں قیام تھا
میں ان کے بندوبست سے فارغ نہیں ہنوز — ہر چند اس میں خاص مجھے اہتمام تھا
جو جو مصیبتیں کہ اب ان پر گزرتی ہیں — میں اس کا ذمہ دار ہوں میرا یہ کام تھا!
کچھ تم سے بھی زیادہ مُقدّم تھا ان کا حق — جن کو کہ بھوک پیاس سے سونا حرام تھا
خاموش ہو کے سیّدۂ پاک رہ گئیں — جرأت نہ کر سکیں کہ ادب کا مقام تھا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


تکلیفوں کا ذکر کیا جو آپ ﷺ کو (اور آپ ﷺ کے رفقاء کو) کو آپ ﷺ کی قوم کی طرف سے پہنچی تھیں۔ پھر فرمایا کہ مجھ پر اور میرے ساتھیوں پر دس راتیں ایسی گزریں کہ ہمارے پاس سوائے پیلو کے درخت کے پھل کے اور کچھ نہیں تھا۔ پس ہم نے اپنے وطن سے ہجرت کی اور اپنے ان انصار بھائیوں کے پاس آئے جن کا بہترین کھانا کھجور ہے۔ انہوں نے ہماری مدد کھجور سے کی (اور کھجور ہی سے ہم تمہاری مدد کرتے ہیں) خدا کی قسم اگر مجھے روٹی اور گوشت میسّر ہوتا تو تم کو ضرور کھلاتا' لیکن سرِ دست یہ میسّر نہیں ہے تاہم وہ زمانہ جلد آنے والا ہے۔ جب تم کعبے کے پردے جیسے (خوبصورت) کپڑے پہنو گے اور صبح و شام طشت میں کھاؤ گے۔ (حلیۃ الاولیاء ج۔ا ص ۳۸۴)

''مُسندِ احمد'' اور ''مستدرکِ حاکم'' کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحابِ صُفّہ کو بتایا کہ وہ زمانہ جلد آنے والا ہے' جب تم لوگ آسودگی اور مرفہ الحالی کی زندگی بسر کرو گے تو انہوں نے عرض کیا:

''یا رسول اللہ! ہمارے لیے موجودہ زمانہ اچھا ہے یا آسودگی اور مرفہ الحالی کا دَور اچھا ہوگا۔''

آپ ﷺ نے فرمایا:

''موجودہ زمانہ ہی خیر و برکت کا عہد ہے جس میں تم باہم انس و محبت سے رہتے ہو۔''

اصحابِ صُفّہ کے لباس کا یہ عالَم تھا کہ ان میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جس کے پاس تہبند اور چادر دونوں چیزیں ہوں۔ ایک چادر کو اپنے گلے میں اس طرح باندھ لیتے تھے کہ بعض کے نصف ساق تک لٹک آتی تھی اور بعض کے ٹخنوں تک پہنچ جاتی تھی۔ جب نماز پڑھتے ہوئے سجدہ کرتے تو اس چادر کو سمیٹ لیتے تاکہ ستر کی جگہ نہ کھلے۔

رسولِ اکرم اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصحابِ صُفّہ کو خود بھی نہایت محبت اور شفقت سے تعلیم دیتے تھے اور دوسرے معلّموں سے بھی دلاتے تھے۔ ان معلّمین میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عبادہ بن صامت انصاری رضی اللہ عنہ اور حضرت اُبیّ بن کعب انصاری رضی اللہ عنہ کے اسماءِ گرامی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ جن بزرگوں کو بعض دوسرے کاموں کی وجہ سے دن کے وقت تعلیم حاصل کرنے کا موقع نہ ملتا تھا وہ رات کو ایک استاد کے پاس جاتے تھے اور صبح تک پڑھتے تھے۔ (مُسندِ احمد جلد ۳ ص ۱۳۷)

اصحابِ صُفّہ جس انہماک اور ذوق وشوق سے تعلیم حاصل کرتے تھے اس کی بدولت ان کو علومِ قرآن، حدیثِ نبوی اور قراُت میں امتیازی درجہ حاصل ہو گیا تھا۔ حفظِ قرآن سے بھی انہیں خاص شغف تھا اور وہ قُرّاء کے لقب سے مشہور ہو گئے تھے۔

صُفّہ کے ایک مُعلّم حضرت عبادہ بن صامت انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے صُفّہ کے بعض طالب علموں کو قرآنِ حکیم کی تعلیم دی اور لکھنا بھی سکھایا۔ ان میں سے ایک طالب علم نے مجھے ایک کمان ہدیۃً بھیجی۔ (ابوداؤد کتاب البیوع)

مُسندِ احمد بن حنبل میں یہ روایت اور انداز سے بیان کی گئی ہے۔ وہ یہ کہ اصحابِ صُفّہ میں سے ایک صاحب تحصیلِ علم کے لیے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے گھر میں رہتے تھے اور شام کا کھانا بھی ان کے ساتھ کھاتے تھے۔ جب انہوں نے اپنے مکان پر جانے کا قصد کیا (یعنی حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے رخصت ہوتے وقت) تو ایک عمدہ کمان استاد کی نذر کی۔ حضرت عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس بات کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے ان کو یہ کمان قبول کرنے سے منع فرمایا۔

(مُسندِ احمد جلد ۵ ص ۳۲۴)

حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ میں غریب مہاجرین (اصحابِ صُفّہ) کی ایک جماعت کے ساتھ بیٹھا تھا اور وہ سب کپڑے نہ ہونے کی وجہ سے مل کر بیٹھے ہوئے تھے (تا کہ بدن کے ان حصوں کو چھپا سکیں جن کا چھپانا ضروری ہے) اور ایک صاحب ہم کو قرآن مجید پڑھ کر سنا رہے تھے۔ اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لائے۔ جو صاحب قرآن مجید پڑھ کر سنا رہے تھے وہ آپ ﷺ کو تشریف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لاتے دیکھ کر خاموش ہو گئے۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ادب سے سلام کیا۔ آپ ﷺ نے پوچھا، تم کیا کر رہے ہو؟ سب نے عرض کیا، ہم قرآن مجید سن رہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے میری اُمّت میں ایسے لوگ پیدا کیے جن کے ساتھ مجھے صبر کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

پھر آپ ﷺ ہمارے درمیان بیٹھ گئے تاکہ آپس میں چھوٹائی اور بڑائی کا فرق باقی نہ رہے۔ ساتھ ہی آپ ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ فرمایا اور سب لوگوں نے اس طرح حلقہ بنا لیا کہ ہر ایک کو آپ ﷺ کا چہرۂ مبارک نظر آنے لگا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اے غریب مہاجرین! تم کو قیامت کے دن ایک مکمل نور کی بشارت ہو اس لیے کہ تم مال داروں سے پانچ سَو برس پہلے جنّت میں داخل ہو جاؤ گے۔

(مشکوٰۃ المصابیح باب فضائل القرآن بحوالہ ابوداؤد)

بلاشبہ اصحابِ صُفّہ کی زندگی درویشانہ تھی لیکن اس کو راہبانہ نہیں کہا جا سکتا۔ (یعنی یہ نہیں کہ وہ ساری دنیا سے منہ موڑ کر ایک گوشے میں بیٹھ گئے تھے) فی الحقیقت انہیں محتاجِ محض ہو کر بیٹھ رہنا گوارا نہ تھا۔ وہ لوگوں کا پانی بھرتے' جنگل سے لکڑیاں چن کر لاتے اور انہیں بیچ کر جو پیسے ملتے ان کو اپنے کھانے پینے میں خرچ کرتے۔ جس دن کچھ نہ ملتا' صبر شکر کر کے پڑ رہتے۔ تحصیل علم کے ساتھ مدینہ کے قیام اور سفر و حضر میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت و اطاعت بھی ان کا محبوب مشغلہ تھا۔ جب جہاد کا موقع آتا تو یہی مسکین طبع اصحاب مجاہدین اولوالعزم بن جاتے اور شمشیر بکف ہو کر راہِ حق میں اپنی جانوں کی بازی لگا دیتے۔ ۴ ہجری میں سانحۂ بئرِ معونہ میں جو صحابہ کرامؓ شہید ہوئے ان میں بیشتر اصحابِ صُفّہ تھے۔(۱)

---

۱۔ سانحہ بئرِ معونہ کی تفصیل یہ ہے کہ صفر ۴ ہجری میں بنو کلاب کا ایک رئیس ابو براء عامر بن مالک نجد سے مدینہ منورہ آیا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست کی کہ اپنے کچھ آدمیوں کو میرے ساتھ بھیجیں جو میری قوم کو اسلام کی دعوت دیں۔ حضورؐ نے اس کی درخواست قبول کرنے میں تامل فرمایا کیونکہ چند دن پہلے بنو عامر کا سردار عامر بن طفیل' جو ابو براء کا بھتیجا تھا (باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محسنِ انسانیت رحمتِ دوعالَم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم و تربیت کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہی بزرگ (اصحابِ صُفّہ) جن کا لباس پھٹے پرانے چیتھڑے ہوتا تھا اور جنہیں روٹی کا ایک ٹکڑا بھی مشکل سے میسر ہوتا تھا، مستقبل میں تاریخِ اسلام کی نامور شخصیتیں بنے۔ ایک وقت تھا کہ اہلِ مدینہ بھی ان میں سے بہت کم کے ناموں سے آشنا تھے۔ پھر وہ وقت آیا کہ انہوں

---

آپ ﷺ کو یہ پیغام بھیج چکا تھا کہ محمدؐ مجھے اپنا جانشین بنائیں یا نرم زمین والوں پر وہ حکومت کریں اور سخت زمین والوں پر مَیں ورنہ مَیں ہزاروں جنگجوؤں کے ساتھ مدینہ پر چڑھائی کر دوں گا...... لیکن ابو براء نے بار بار یقین دلایا کہ جو مسلمان اس کے ساتھ جائیں گے وہ ان کی حفاظت اور سلامتی کا ضامن ہوگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی یقین دہانی پر ستّر (بروایتِ دیگر چالیس) صحابۂ کرام کو حضرت منذر بن عمرو انصاری) (بروایتِ دیگر حرام بن ملحان انصاری ﷜) کی قیادت میں نجد کی طرف بھیجا۔

ان میں زیادہ تعداد اصحابِ صُفّہ اور انصار کی تھی۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عامر بن طفیل کے نام ایک خط بھی اس جماعت کے ہاتھ بھیجا۔ یہ اصحاب مدینہ سے چل کر بئرِ معونہ کے مقام پر ٹھہر گئے۔ یہ مقام مکّہ معظمہ اور عسفان کے درمیان واقع تھا۔ (بقول واقدی۔ بنو سُلیم کا ایک چشمہ تھا جو بنو عامر اور بنو سُلیم کے علاقوں کے درمیان واقع تھا) حضرت حرام بن ملحان ﷜ حضور ﷺ کا مکتوبِ مبارک لے کر عامر بن طفیل کے پاس گئے تو اس بدبخت نے اسے پڑھنا تک گوارا نہ کیا اور اپنے ایک آدمی کو اشارہ کیا جس نے نیزہ مار کر حضرت حرام ﷜ کو شہید کر ڈالا۔ اس کے بعد عامر بن طفیل نے اپنے قبیلے بنو عامر سے کہا کہ دوسرے مسلمانوں کو بھی اسی طرح قتل کر ڈالو۔ لیکن بنو عامر نے ابو براء کی پناہ کی وجہ سے اس میں عذر کیا۔ اس پر عامر نے اردگرد کے بعض قبائل، بنو سُلیم، رِعل اور ذکوان وغیرہ کے مشرکین کو جمع کر کے مسلمانوں پر حملہ کر دیا۔ مسلمانوں نے ان غداروں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا لیکن ان کی تعداد مشرکین کے مقابلے میں بہت کم تھی، اور ان کے پاس کافی ہتھیار بھی نہیں تھے۔ دو کے سوا باقی سب ایک ایک کر کے شہید ہو گئے۔ بچنے والے دو بزرگ حضرت کعب بن زید انصاری اور عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہما تھے۔ حضرت کعب ﷜ شدید زخمی ہو گئے تھے اور کُفّار نے انہیں مردہ سمجھ کر چھوڑ دیا تھا۔ حضرت عمرو بن امیہ ﷜ کو مشرکین نے گرفتار کر لیا لیکن عامر نے اپنی ماں کی ایک مُنّت پوری کرنے کے لیے انہیں رہا کر دیا (بروایتِ دیگر وہ خود موقع پا کر بھاگ نکلے)۔ حضرت عمرو ﷜ نے مدینہ مُنوّرہ پہنچ کر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس دردناک واقعہ کی اطلاع دی تو آپ ﷺ کو سخت صدمہ ہوا۔ آپ ﷺ بالعموم کسی کے لیے بددعا نہیں کرتے تھے لیکن بئرِ معونہ میں مسلمانوں کی مظلومانہ شہادت سے آپ ﷺ کو اس قدر دُکھ پہنچا کہ صحیح بخاری کی روایت کے مطابق آپ مسلسل ایک ماہ تک بدبخت قاتلوں کے لیے بددعا کرتے رہے۔

(صحیح بخاری، سیرۃ ابنِ ہشام۔ البدایہ والنہایہ وغیرہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے وسیع وعریض علاقوں پر نہایت حُسنِ وخوبی سے حکومت کی اور اپنے حُسنِ کردار سے ایک دنیا کو مسخّر کرلیا۔ ان میں سے بہترین عالِم، بہترین مُدَبِّر، بہترین سیاست دان، بہترین مُعَلِّم، بہترین سپہ سالار اور بہترین حکمران نکلے۔ یہ سب کچھ خیرالانام صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضِ صحبت کی بدولت ہوا۔

لاریب یہ اصحابِ صُفّہ اور دوسرے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی بلاکشی اور عزیمت و استقامت ہی تھی جس نے نخلِ اسلام کی اس طرح آبیاری کی کہ وہ تھوڑے ہی عرصہ میں ایک تناور درخت بن گیا۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہم

❀ ❀

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صُعُوبت کشی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تین سال سے کچھ زیادہ عرصہ اصحابِ صُفّہ کی مقدّس جماعت کے ایک ممتاز رُکن اور درس گاہِ نبوی کے ایک درویش طالبِ علم کی حیثیت سے گزارا۔ اس دَور میں دوسرے اصحابِ صُفّہ طرح انہوں نے بھی سخت مصیبتیں برداشت کیں۔ اس سلسلے میں ان سے کئی احادیث مروی ہیں۔ ان میں سے کچھ ملاحظہ ہوں:

''میرا یہ حال تھا کہ جہاں کچھ میرے پیٹ میں پڑ جاتا فوراً رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو جاتا۔ نہ میں نے کبھی خمیری روٹی کھائی نہ عمدہ لباس پہنا' نہ میرا کوئی خادم تھا نہ خادمہ۔ بعض اوقات جب بھوک ستاتی تو کسی صاحب سے قرآن کی کوئی آیت پوچھتا حالانکہ وہ آیت مجھے خود یاد ہوتی۔ مقصد یہ ہوتا تھا کہ شاید وہ میری جانب متوجہ ہو کر مجھے کھانا کھلا دیں گے۔''

''میں اُن سَتّر اصحابِ صُفّہ میں سے تھا جن میں سے کسی کے پاس اوڑھنے کے لیے چادر تک نہ تھی۔ ہر شخص کے پاس ایک دھاری دار لنگی یا کمبل ہوتا تھا جسے وہ اپنی گردن میں باندھے رکھتا تھا۔ یہ لوگ بھوک سے بھی پریشان رہتے تھے۔ نماز کے وقت کے علاوہ ان میں سے کوئی گھر سے نکل کر مسجدِ نبوی کا رُخ کرتا تو اس کا واحد سبب بھوک ہوتی تھی۔ اکثر ایسا ہوتا کہ وہاں اسی حال میں مبتلا کچھ اور لوگ بھی مل جاتے تھے۔ ایک دن میں اسی حال میں مسجد پہنچا تو کچھ لوگ ملے۔ انہوں نے پوچھا' ابو ہریرہ! تم اس وقت کیسے آئے؟ میں نے کہا' بھوک کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وجہ سے آ رہا ہوں۔ وہ کہنے لگے' خدا کی قسم ہمیں بھی بھوک ہی یہاں لائی ہے۔ (چنانچہ طے ہوا کہ چلو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چلیں) پس ہم سب اٹھ کر چلے اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ ﷺ نے پوچھا' اس وقت کیسے آئے ہو؟

عرض کیا' یا رسول اللہ! بھوک لائی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کا ایک طباق منگوایا اور ہم میں سے ہر شخص کو دو دو کھجوریں دیں اور فرمایا' یہ دو کھجوریں تمہیں آج کے لیے کافی ہوں گی۔ میں نے ایک کھجور کھائی اور دوسری اپنے دامن میں رکھ لی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا' ابو ہریرہ! تم نے یہ کھجور کس لیے اٹھا کر رکھ لی؟

میں نے عرض کیا' یا رسول اللہ! یہ میں نے اپنی والدہ کے لیے رکھی ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا' تم اس کو کھالو ہم تمہاری والدہ کے لیے بھی تم کو دو کھجوریں دیں گے۔ چنانچہ میں نے وہ کھجور بھی کھالی اور آپ ﷺ نے مجھے والدہ کے لیے دو کھجوریں اور عنایت فرمائیں۔"

(فتح الباری ج ۸ ص ۷۷' طبقات ابنِ سعد جلد ۲ ص ۵۵' سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۴۲۷)

بعض دفعہ بھوک کی شدّت کی وجہ سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کمر سیدھی نہ کر سکتے تھے۔ اس حالت میں پیٹ پر پتھر باندھ لیتے تھے اور کہنی سے زمین پر ٹیک لگا کر نیم دراز ہو جاتے تھے۔ فرماتے ہیں کہ:

"ایک دن میں اسی حالت میں شارعِ عام پر پڑا تھا کہ حضرت ابو بکرؓ میرے پاس سے گزرے۔ میں نے ان سے قرآنِ مجید کی ایک آیت کے بارے میں دریافت کیا۔ مقصد یہ تھا کہ وہ مجھے ساتھ چلنے کو کہیں گے اور کچھ کھلا دیں گے۔ لیکن وہ یوں ہی گزر گئے' مجھے ساتھ نہ لیا۔ ان کے بعد عمرؓ گزرے' انہوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے بھی ایسا ہی کیا۔ یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا (ادھر سے) گزر ہوا۔ آپ ﷺ نے میرے چہرے سے بھوک کا اندازہ فرما لیا۔ ارشاد ہوا' ابو ہریرہ ہے؟ میں نے عرض کیا' میں حاضر ہوں یا رسول اللہ ﷺ۔

پھر میں آپ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے خانۂ اقدس میں پہنچا۔ آپ ﷺ نے وہاں ایک پیالے میں دودھ رکھا ہوا پایا۔ گھر والوں سے دریافت فرمایا' یہ کہاں سے آیا ہے؟ جواب ملا' فلاں صاحب نے آپ کے لیے بھیجا ہے۔ حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا' ابو ہریرہ! اہلِ صُفّہ کے پاس جاؤ اور سب کو بلا لاؤ...... اہلِ صُفّہ اسلام ہی کے مہمان تھے۔ نہ ان کا گھر تھا اور نہ ان کے پاس مال تھا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی صدقہ آتا تو آپ ﷺ اس کو ان کے پاس بھیج دیتے اور خود اس میں سے کچھ استعمال نہ فرماتے اور جب آپ ﷺ کے پاس کوئی ہدیہ آتا تو اسے استعمال فرماتے اور اہلِ صُفّہ کو بھی شریک کر لیتے۔ (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ) اس وقت مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان لوگوں (اہلِ صُفّہ) کو بلانے کے لیے بھیجنا کچھ گراں معلوم ہوا۔ میں نے اپنے جی میں کہا کہ میرا خیال تھا کہ یہ دودھ مجھ ہی کو ملے گا اور اسے پی کر کچھ قوّت آئے گی۔ بھلا اتنے سے دودھ سے (تمام) اہلِ صُفّہ کا کیا بنے گا؟ لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی تعمیل تو ضروری تھی۔ میں اہلِ صُفّہ کے پاس آیا (اور ان سے کہا کہ تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلا رہے ہیں۔)

تمام اہلِ صُفّہ حضور ﷺ کے کاشانۂ اقدس میں حاضر ہو گئے۔ جب وہ سب بیٹھ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"ابو ہریرہ! اس پیالے کو لو اور ہر شخص کو دودھ پلاؤ۔"

میں باری باری ہر شخص کو دودھ پلانے لگا۔ ان میں سے ہر شخص نے خوب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیر ہو کر پیا۔ یہاں تک کہ میں نے سب کو فارغ کر دیا اور باقی دودھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔ آپ ﷺ نے مسکراتے ہوئے سر اٹھایا اور فرمایا' اب میں اور تم باقی رہے ہے!

میں نے عرض کیا' جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ!

آپؐ نے فرمایا' لو پیو...... میں نے پیا۔

آپؐ نے پھر فرمایا' پیو...... میں نے پھر پیا۔

آپؐ فرماتے رہے' پیو...... اور میں پیتا رہا۔

یہاں تک کہ میں نے عرض کیا' یا رسول اللہ! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا اب مزید گنجائش نہیں ہے۔ (میں اور نہیں پی سکتا) پس وہ باقی دودھ آپ ﷺ نے لے لیا اور خود نوش فرمایا۔"

(سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۷۷۴' سیرۃ کبریٰ ص ۸۳۰ بحوالہ ترمذی و مستدرکِ حاکم)

"ایک دفعہ (جبکہ مجھے سخت بھوک لگی ہوئی تھی) میں عمر بن خطاب کے پاس پہنچا۔ اُس وقت وہ نماز کے بعد تسبیحات پڑھ رہے تھے۔ میں ان کے پاس کھڑا ہو گیا اور انتظار کرنے لگا۔ جب وہ فارغ ہو گئے تو میں نے قریب جا کر کہا کہ مجھے قرآن مجید کی چند آیتیں پڑھا دیجیے۔ میرا مقصد یہ تھا کہ عمر (رضی اللہ عنہ) مجھے کھانے کی دعوت دیں گے (لیکن) انہوں نے (صرف اتنا کیا کہ) مجھے سورۂ آلِ عمران کی چند آیتیں پڑھا دیں۔ پھر ہم دونوں وہاں سے چل پڑے۔ جب عمر (رضی اللہ عنہ) اپنے گھر کے قریب پہنچے تو وہ مجھے دروازے پر چھوڑ کر اندر داخل ہو گئے۔ میں نے دل میں خیال کیا کہ شاید وہ کپڑے بدلیں گے اور پھر مجھے کھانے کے لیے بلائیں گے لیکن جب کافی دیر ہو گئی اور میں نے کچھ نہ پایا تو واپس چل پڑا سامنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے تھے۔ آپ ﷺ مجھ سے باتیں کرنے لگے اور فرمایا' ابو ہریرہ! تمہارے منہ سے یہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سخت بُو کیسی آ رہی ہے' معلوم ہوتا ہے تم روزہ سے ہو۔

میں نے عرض کیا' یارسول اللہ! میں بغیر افطار کے مسلسل روزہ سے ہوں اور کوئی ایسی چیز میرے پاس نہیں ہے کہ میں اس سے روزہ افطار کرو۔

آپ ﷺ نے فرمایا' میرے ساتھ چلے آؤ۔

میں آپ ﷺ کے ساتھ چلتا گیا یہاں تک کہ آپ ﷺ اپنے گھر پہنچ گئے۔

آپ ﷺ نے اپنی ایک سیاہ فام (حبشی) باندی کو پکارا اور اس سے فرمایا کہ وہ پیالہ لاؤ۔ وہ پیالہ لے آئی۔ اس میں کچھ تھوڑا سا بچا ہوا کھانا تھا' شاید وہ جو کی پکی ہوئی کوئی چیز تھی۔ پیالہ میں جو کھانا تھا آپ ﷺ تناول فرما چکے تھے البتہ تھوڑا بہت کناروں کے ساتھ لگا ہوا رہ گیا تھا۔ میں نے بسم اللہ پڑھی اور سمیٹ سمیٹ کر کھانے لگا یہاں تک کہ اسی سے شکم سیر ہو گیا۔

(طبقات ابنِ سعد ج ۲ ص ۵۳' تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۳۲' البدایہ وَالنّہایہ ج ۸ ص ۱۱۰)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سخت فقر و افلاس کے باوجود حریص نہیں تھے اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے تھے۔ جو کچھ کھانے کو مل جاتا' اسی پر قناعت کرتے تھے۔ جب کچھ بھی نہ ملتا تو روزہ رکھ لیتے۔ ایک دن صبح کے وقت ان کے پاس پندرہ کھجوریں تھیں' انہوں نے پانچ کھجوروں سے روزہ افطار کیا' پانچ سحری کے وقت کھا کر روزہ رکھ لیا اور پانچ روزہ افطار کرنے کے لیے باقی رکھ لیں۔ (البدایہ وَالنّہایہ جلد ۸ ص ۱۱۲)

اربابِ سِیَر کا بیان ہے کہ اکثر ایسا ہوتا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھوک کی شدت کی وجہ سے اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے اور منبرِ رسول کے درمیان غش کھا کر گر پڑتے۔ آنے والے (بعض) لوگ ان کو مجنون سمجھ کر ان کی گردن پر پاؤں رکھ دیتے۔ (بروایتِ دیگر ان کے سرہانے بیٹھ جاتے) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سر اٹھاتے اور کہتے' میں مجنون نہیں ہوں بلکہ بھوک کی وجہ سے مجھے غش آ گیا ہے۔

(طبقات ابنِ سعد جلد ۲ ص ۵۳' سیر اعلام النبلاء جلد ۲ ص ۴۲۶)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مولانا ابوالقاسم رفیق دلاوریؒ نے اپنی تصنیف ''سیرتِ کبرٰی'' میں ''جامع ترمذی'' کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''دوسرے اصحابِ صُفّہ کی طرح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی کوئی معین اور مستقل ذریعۂ معاش نہیں رکھتے تھے۔ چونکہ قُوتِ لایمُوت اور دوسری ضروریاتِ زندگی کی طرف سے بالکل خالی الذّہن اور لااُبالی ہو کر داعیِ حق صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ گرامی سننے کے لیے شب و روز بارگاہِ نُبُوّت میں بیٹھے رہتے تھے اس لیے بسا اوقات فاقے پہ فاقے گزرتے تھے اور بہت کم ایسا ہوتا کہ شکم سیر ہو کر کھانے کو کچھ مل گیا ہو۔

لیکن ایک دفعہ انہیں اپنی فاقہ کشی دُور کرنے کی عجیب ترکیب سوجھی۔ آستانِ نبوت میں کچھ کھجوریں لے گئے اور التماس کی: ''یارسول اللہ ﷺ! ان میں برکت کی دعا کر دیجیے۔''

آپ ﷺ نے ان کھجوروں کو لے کر اکٹھا کیا اور برکت کی دعا کر کے ان سے فرمایا کہ:

''ان کو لے جا کر اپنے توشہ دان میں رکھ لو اور جب ضرورت ہو' ہاتھ ڈال کر نکال لیا کرو لیکن اس کو نہ کبھی الٹنا اور نہ جھاڑنا۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کھجوروں کو ایک تھیلی میں رکھ لیا اور جب خواہش ہوتی اس میں سے نکال کر خود بھی کھاتے اور دوسروں کو بھی کھلاتے۔ انہوں نے اس میں سے بیسیوں من کھجوریں برآمد کر کے فاقہ کش مسکینوں میں تقسیم کیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس تھیلی کو متاعِ گراں مایہ کی طرح ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے تھے...... آخر پیشوائے اُمّت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے قریباً چھبیس سال بعد یعنی اس روز جب ۳۵ ہجری میں امیر المؤمنین حضرت عثمان ذوالنّورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ رہگزینِ عَالَمِ جاوداں ہوئے' سوءِ اتفاق سے وہ تھیلی الٹ گئی۔ کھجوریں گر کر تھیلی خالی ہوگئی۔ اس روز سے کھجوروں کی برآمد بھی موقوف ہوگئی۔''

(سیرتِ کبرٰی جلد دوم ص ۸۳۱-۸۳۲ بحوالہ ترمذی)

بظاہر یہ روایت ان روایات سے متعارض معلوم ہوتی ہے جن میں حضرت ابو ہریرہؓ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے فقرہ فاقہ کا حال بیان کیا گیا ہے۔اس روایت سے ان روایات کی تطبیق کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ "کھجوروں میں برکت کی دعا" کا واقعہ اواخرِ عہدِ رسالت میں پیش آیا ہو گا......

واللہ اعلم بِالصّواب۔

بعض روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ امیر المومنین حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں اِمارَتِ بحرین پر فائز ہونے تک فقر و فاقہ کی زندگی گزارتے رہے۔اِمارَتِ بحرین کے منصب پر فائز ہونے کے بعد وہ آسودہ حال ہو گئے۔وہاں سے واپس آنے کے بعد بھی ان کے حالات اچھے رہے غالباً حکومت کی طرف سے وظیفہ بھی مقرّر ہو گیا تھا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# رسولِ اکرم ﷺ کی والہانہ خدمت

رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے علمی سرچشمہ سے کسبِ فیض کے ساتھ ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور کی ہر قسم کی خدمت نہایت ذوق وشوق سے انجام دیتے اور اسے اپنے لیے باعثِ سعادت سمجھتے۔ خود ان سے روایت ہے کہ:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب استنجے کو جاتے تھے تو میں آپ ﷺ کو پانی لا کے دیتا تھا۔ پانی کے برتن ''تورا'' میں (جو کانسی یا پتھر سے بنا ہوا ایک برتن ہوتا تھا) یا رکوہ میں (یعنی چمڑے کے چھوٹے مشکیزے میں) تو آپ ﷺ اس سے طہارت کرتے تھے' پھر اپنے ہاتھ کو زمین کی مٹی پر ملتے تھے' پھر میں دوسرا برتن پانی کا لاتا تھا تو آپ ﷺ اس سے وضو فرماتے تھے۔''

(سُنَنِ ابی داوٗد)

ایک اور حدیث میں کہتے ہیں کہ:

''مجھے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ سے ہیں۔ میں نے کچھ کھجوریں کدو کے برتن میں بھگو دیں اور جب افطار کا وقت ہوا تو میں نے کھجوروں کا یہ شیرہ آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا۔ آپ ﷺ نے اسے دیکھا تو وہ شیرہ جوش مار رہا تھا اور اس میں نشہ کی کیفیت پیدا ہو چکی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اس کو دیوار پر مارو' اس کو تو وہ شخص پیتا ہے جو اللہ اور روزِ آخرت پر یقین نہ رکھتا ہو۔''

(سُنَنِ ابی داوٗد)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی نیت یہ تھی کہ افطار کے وقت حضور ﷺ کی خدمت میں یہ مشروب پیش کر کے آپ ﷺ کو راحت پہنچائی جائے۔ یہ الگ بات ہے کہ یہ مشروب جوش مار گیا اور حضور ﷺ نے اسے پھینکنے کا حکم دیا۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر بہت اعتماد تھا۔ آپ ﷺ اصحابِ صُفّہ میں کوئی چیز تقسیم فرمانا چاہتے تو بسا اوقات حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی وساطت سے تقسیم فرماتے اور اگر اصحابِ صُفّہ کو کسی جگہ بلانا چاہتے تو اکثر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرماتے کہ وہ انہیں بلا لائیں۔ اسی طرح آپ ﷺ کبھی کبھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بطورِ خاص کوئی حدیث سناتے اور پھر انہیں حکم دیتے کہ اس حدیث کا عام لوگوں میں اعلان کر دو۔ (اس قسم کی کچھ مثالیں اس کتاب میں دوسری جگہ بیان کر دی گئی ہیں) مختصر یہ کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ درسگاہِ نبوی کے ایک درویش طالبِ علم اور آپ ﷺ کے جاں نثار ہی نہیں بلکہ آپ ﷺ کے مستعد اور مخلص خادم بھی تھے اور بلا شبہ خدمتِ رسول ﷺ بھی ان کی زندگی کا ایک روشن پہلو ہے۔

❀❀

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# والدہ کا قبولِ اسلام

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی والدہ سے بے حد محبت تھی اور وہ ان کی خدمت اور اطاعت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتے تھے۔ انہیں اس بات کا گہرا احساس تھا کہ ماں جوانی میں بیوہ ہو گئی تھیں اور انہوں نے بڑے جوکھوں سے ان کی پرورش کی ہے۔ اس لیے وہ ان کے ادب و احترام میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے تھے اور کبھی کوئی ایسی بات نہ کرتے تھے جس سے ان کی دلآزاری ہو۔ ماں بھی فرمانبردار فرزند پر جان چھڑکتی تھیں لیکن جب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تو ماں نے بیٹے کا ساتھ نہ دیا کیونکہ وہ پرانے خیال کی خاتون تھیں اور اپنا آبائی مذہب (بُت پرستی) ترک کرنا انہیں کسی صورت میں گوارا نہ تھا۔ تاہم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کے ادب و احترام میں کوئی کمی نہ کی اور برابر ان کی خدمت کرتے رہے۔ جب انہوں نے اپنے وطن سے مدینہ منوّرہ کی طرف ہجرت کی تو والدہ کو بھی ساتھ لے لیا۔ مدینہ منوّرہ پہنچ کر بھی وہ اپنے آبائی مذہب سے سختی کے ساتھ چمٹی رہیں۔ ان کے شرک کی وجہ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ دل ہی دل میں کڑھتے رہتے تھے۔ وہ ان کو بڑی نرمی سے اسلام قبول کرنے کی ترغیب دیتے اور اس کے محاسن و برکات سے ان کو آگاہ کرتے رہتے لیکن ان پر کوئی اثر نہ ہوتا تھا۔ آخر ایک دن بی بی اُمیمہ کے نعمتِ اسلام سے بہرہ یاب ہونے کا وقت آ ہی گیا...... اس دن جب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ماں کو دعوتِ اسلام دی تو انہوں نے نہ صرف اس دعوت کو ٹھکرا دیا بلکہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بھی بہت برے الفاظ کہہ بیٹھیں۔ ادھر حضرت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو آنحضورؐ سے بے پناہ عقیدت اور محبت تھی' ان کو ماں کی باتوں سے سخت صدمہ پہنچا' روتے ہوئے حضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ واقعہ عرض کیا اور درخواست کی:......

''یارسولؐ اللہ! بارگاہِ ایزدی میں دعا کیجیے کہ وہ رحیم و کریم میری والدہ کو قبولِ حق کی توفیق دے۔''

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی وقت دعا کی' الٰہی ابو ہریرہ کی ماں کو ہدایت دے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ گھر واپس آئے تو دیکھا کہ دروازہ بند ہے اور اندر سے پانی گرنے کی آواز آ رہی ہے۔ وہ سمجھ گئے کہ ماں غسل کر رہی ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد انہوں نے دروازہ کھٹکھٹایا تو والدہ نے اس حالت میں دروازہ کھولا کہ دوسرے کپڑے تو پہن چکی تھیں لیکن سر پر دوپٹہ نہیں لیا تھا۔ جونہی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے گھر کے اندر قدم رکھا ماں بولیں:......

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

''میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتی ہوں کہ محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرطِ مَسَرّت سے بے خود ہو گئے' خوشی کے آنسو بہاتے ہوئے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا:......

یارسول اللہ! بشارت ہو کہ آپ کی دعا قبول ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے میری ماں کو ہدایت بخشی۔''

حضور ﷺ یہ خبر سن کر بہت خوش ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے استدعا کی:......

''یارسولؐ اللہ! دعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ سب مؤمنین اور مؤمنات کے دل میں میری اور میری والدہ کی محبت پیدا کر دے۔''

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اور اس دعا کا یہ اثر ہوا کہ خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق جو مومن عورت یا مرد ان کے بارے میں سنتا ان سے محبت کرنے لگتا۔ (طبقات ابنِ سعد ج۴ ص ۵۵' البدایۃ والنہایہ ج۸ ص ۱۰۴)

## والدہ کا ادب واحترام

حضرت اُمَیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت خوش قسمت تھیں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا مؤدب اور اطاعت گزار فرزند بخشا تھا۔ وہ والدہ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو کہتے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اُمَّتَاهُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

(اے میری ماں' اللہ کی آپ پر سلامتی' رحمت اور برکتیں ہوں۔)

ان کی والدہ جواب دیتیں:

وَعَلَيْكَ يَا بُنَيَّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

(اے میرے فرزند تم پر بھی اللہ کی سلامتی' رحمت اور برکتیں نازل ہوں)

پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے:

"اماں جان! اللہ آپ کو بہتر بدلہ دے کہ آپ نے بچپن میں مجھے پالا پوسا۔"

ماں جواب دیتیں:

"اے بیٹے! اللہ تجھے بھی اچھا بدلہ دے کہ تو نے بڑے ہو کر میرے ساتھ بہت اچھا برتاؤ کیا۔" (ادب المفرد باب جزاء الوالدین)

## والدہ سے تعلقِ خاطر

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو والدہ سے جس قدر تعلقِ خاطر تھا اس کا اندازہ اس واقعہ سے کیا جا سکتا ہے کہ ایک دفعہ وہ چند دوسرے اصحابِ صُفّہ کے ساتھ بھوک سے پریشان ہو کر بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: ''اس وقت کیسے آنا ہوا؟''

عرض کیا ''یارسول اللہ! بھوک کھینچ لائی ہے۔''

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کا ایک طباق منگوایا اور ہر شخص کو دو دو کھجوریں دے کر فرمایا:

''یہ دو کھجوریں کھاؤ اور اس کے بعد پانی پیو۔ یہی دو کھجوریں تمہیں آج کے لیے کافی ہوں گی۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ایک کھجور کھا لی اور دوسری اپنے دامن میں اٹھا کر رکھ لی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا:

''ابو ہریرہ! تم نے یہ کھجور کس لیے دامن میں رکھ لی؟''

انہوں نے عرض کیا: ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اپنی والدہ کے لیے۔''

ارشاد ہوا:

''تم یہ کھجور کھا لو ہم تمہاری والدہ کے لیے بھی تم کو دو کھجوریں دیں گے۔''

انہوں نے تعمیلِ ارشاد کی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دو کھجوریں اور عطا کیں تا کہ اپنی والدہ کی خدمت میں پیش کریں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ زندگی بھر والدہ کے خدمت گزار رہے اور جب تک وہ حیات رہیں، ان کی تنہائی اور بڑھاپے کے خیال سے حج کے لیے بھی نہ گئے۔ قیاسِ غالب ہے کہ ان کی والدہ بہت ضعیف ہوں گی اور ان کی زندگی میں حضرت ابو ہریرہ نے صرف اس وجہ سے حج نہیں کیا کہ ان کو بڑھاپے میں تنہا چھوڑنے سے تکلیف ہو گی اور اس عمر میں ان کو دیکھ بھال کی سخت ضرورت ہے۔

اس سلسلے میں علّامہ ابنِ سعدؒ کا بیان ہے کہ حضرت ابو ہریرہ صلی اللہ علیہ وسلم والدہ کی خدمت گزاری کے خیال سے (اور ان کی محبت کی بناء پر) حج پر نہیں گئے اس وقت تک کہ وہ فوت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہو گئیں۔ (طبقات ابنِ سعد ج ۴ ص ۵۵ عن ابنِ شہاب زہریؒ)

بعض علماء نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ ابنِ سعدؒ کی روایت میں حج سے مراد نفلی حج ہے کیونکہ فرض حج کی سعادت وہ ۹ ہجری (حجِ اکبر) اور ۱۰ ہجری (حجۃ الوداع) میں حاصل کر چکے تھے۔ دوسری طرف جب ہم دیکھتے ہیں کہ اُمِّ ابی ہریرہ حضرت امیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سالِ وفات کسی نے بیان نہیں کیا تو پھر یہ قیاس آرائی بھی کی جا سکتی ہے کہ وہ ۹ ہجری میں حجِ اکبر سے پہلے وفات پا چکی تھیں یا سعادت مند فرزندان کو اپنے ساتھ حج پر لے گئے ہوں گے۔ جہاں تک نفلی حج کا تعلق ہے تو اس کا موقع حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو عہدِ رسالت کے بعد ہی ملا ہو گا۔ اگر حضرت امیمہ رضی اللہ عنہا اس وقت زندہ تھیں تو پھر ان کی حیات میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کوئی نفلی حج نہیں کیا کیونکہ نہ تو وہ ان کو مدینہ میں تنہا چھوڑ سکتے تھے اور نہ اپنے ساتھ مکہ لے جا سکتے تھے (شاید ضعیف العمری کی وجہ سے ان کے لیے اتنا طویل سفر ممکن نہ ہو) وثوق کے ساتھ صرف یہی کہا جا سکتا ہے کہ

"واللّٰہُ تعالٰی اَعْلَمُ بِالصَّواب"

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عمرۃ القضاء میں شرکت
## ۷ ہجری

صلح نامۂ حدیبیہ (ذیقعدہ ۶ ہجری) کی ایک شرط (شق یا دفعہ) یہ تھی کہ مسلمان اس سال (۶ ہجری میں) مکّہ میں داخل ہوئے بغیر واپس چلے جائیں گے' البتہ اگلے سال مسلمان مکّہ میں داخل ہو سکیں گے اور تین روز تک قیام کر سکیں گے۔ ان میں سے کسی شخص کے پاس تلوار کے سوا کوئی ہتھیار نہ ہوگا اور تلوار بھی نیام میں ہوگی۔

چنانچہ ذیقعدہ ۷ ہجری میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بہت سے مسلمانوں کو ساتھ لے کر عمرہ کے لیے مکّہ کی طرف روانہ ہوئے۔ امام محمد بن اسحاقؒ کا بیان ہے کہ اس سفر میں صرف وہی اصحاب' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رِکاب تھے جن کو پچھلے سال اللہ کے گھر جانے سے منع کیا گیا تھا۔

(سیرۃ ابن ہشام ج ۴ ص ۲)

بعض دوسرے علماء نے لکھا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق وہ تمام اصحاب جو حدیبیہ میں حاضر تھے (سوائے ان کے جو گزشتہ ایک سال کے دوران میں دنیا سے رخصت ہو چکے تھے) وہ تو یقیناً اس سفر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے مگر دوسرے لوگوں پر بھی کوئی پابندی نہ تھی اس لیے اہلِ حدیبیہ کے علاوہ کچھ اور لوگ بھی اس مقدس قافلے میں شامل ہو گئے اور قافلے میں شریک اصحاب کی تعداد دو ہزار تک پہنچ گئی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(جبکہ اہلِ حدیبیہ کی تعداد چودہ سو یا اُس سے کچھ زیادہ تھی) عورتیں اور بچے ان کے علاوہ تھے۔ (فتح الباری ج ۷ ص ۵۰۰)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اہلِ حدیبیہ میں سے نہیں تھے کیونکہ وہ ۷ ہجری کے آغاز میں بارگاہِ نبوی میں حاضر ہوئے تھے' مگر ان کی خوش بختی دیکھیے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو بھی عمرۃ القضاء میں شریک ہونے کا موقع عطا فرمادیا۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ میں اس سفر میں خادموں کی اُس فہرست میں شامل رہا جو قربانی کے جانور لے جارہے تھے۔

(البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۲۳۱)

اہلِ حق کی آمد کے موقع پر مشرکینِ قریش شہر سے باہر نکل گئے۔ ایک روایت کے مطابق وہ اپنے گھروں سے نکل کر کعبہ کے شمال میں واقع جبلِ قعیقعان پر جا بیٹھے۔ مسلمانوں نے بڑے جوش وخروش اور دلی خوشی کے ساتھ عمرہ ادا کیا اور تین دن مکّہ میں مقیم رہے۔ چوتھے دن صبح کے وقت مشرکین نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آ کر کہا کہ اپنے صاحب سے کہو کہ اب مکّہ سے رخصت ہو جائیں کیونکہ شرط کے مطابق مسلمانوں نے تین دن یہاں قیام کرلیا ہے۔ اہلِ حق سے بڑھ کر عہد پورا کرنے والا کون ہوگا' وہ پہلے ہی کوچ کی تیاری کر رہے تھے۔ چنانچہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب مسلمانوں کو ساتھ لے کر عازمِ مدینہ ہوگئے۔

چونکہ یہ عمرہ صلح نامۂ حدیبیہ کے مطابق کیا گیا تھا اور ایسی صلح یا مصالحت کو عربی میں قضاء یا مقاضاۃ کہا جاتا ہے اس لیے اس کو عمرۃ القضاء کہا جاتا ہے۔ بعض نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ یہ عمرہ چونکہ پچھلے سال کے عمرے کی قضاء کے طور پر ادا کیا گیا اس لیے عمرۃ القضاء مشہور ہوگیا۔ اس عمرے کو عمرۃ القضاء کے علاوہ عمرۂ صلح' عمرۂ قضیہ اور عمرۂ قِصاص بھی کہا جاتا ہے۔

(فتح الباری جلد ۷ ص ۵۰۰)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بحرین کا سفر

بحرین عرب کے مشرقی ساحل (احساء) کے مشرق میں چند چھوٹے جزیروں کا مجموعہ ہے۔ اس کا کل رقبہ ۲۴۰ مربع میل ہے۔ اس کے مغرب میں یمامہ یا نجد (سعودی عرب) شمال میں عراق اور جنوب میں قطر اور عمان واقع ہیں۔ یہاں کا ساحلِ سمندر موتیوں کے لیے مشہور ہے۔ اب اس علاقے میں تیل کے چشمے دریافت ہوئے ہیں جن کی وجہ سے اس ملک کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔

صلح حدیبیہ (ذیقعدہ ۶ ہجری) کے وقت بحرین پر آلِ منذر یا منازرہ کی حکومت تھی۔ یہ لوگ ایران کی مجوسی حکومت کے زیرِ اثر تھے اور وہ بحرین پر ایرانی حکومت کے گورنر کی حیثیت سے حکمران تھے۔ اسی سال جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف بادشاہوں اور رئیسوں کے نام دعوتِ اسلام کے خطوط بھیجے تو ایک خط بحرین کے گورنر المنذر بن ساویٰ العبدی[1] کے نام بھی بھیجا اور یہ خط مکتوب الیہ کو پہنچانے کی ذمہ داری حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ کے

---

۱- ابنِ اثیرؒ نے ابنِ کلبی کے حوالے سے ان کا نسب نامہ اس طرح بیان کیا ہے:
منذر بن ساوی بن عبداللہ بن زید بن عبداللہ بن دارم تمیمی الداری
ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ ایک روایت کے مطابق ان کا تعلق بنو عبدالقیس سے تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوبِ مبارک ملنے پر منذر بن ساوی مسلمان ہو گئے اور حضور ﷺ کو اپنے اسلام لانے کی اطلاع دی۔ آپ ﷺ نے خوشنودی کا اظہار فرمایا اور منذر کو اپنی طرف سے بحرین کا گورنر مقرر کر دیا۔ منذر نے عہدِ رسالت ہی میں وفات پائی تو حضور ﷺ نے ان کی جگہ حضرت علاء الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بحرین کا حاکم بنایا۔ ایک روایت کے مطابق منذر بن ساوی کو بارگاہِ نبوی میں حاضری کا شرف بھی حاصل ہوا۔ لیکن یہ روایت معتبر نہیں ہے۔ جمہور اربابِ سیر نے انہیں ان بزرگوں میں شمار کیا ہے جو عہدِ رسالت میں اگرچہ سچے دل سے مسلمان تو ہو گئے لیکن کسی وجہ سے بارگاہِ نبوی میں حاضر نہ ہو سکے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سپرد فرمائی۔(۱) کچھ دوسرے صحابہ ؓ کو بھی آپ ﷺ نے ان کے ساتھ کر دیا۔ حضرت علاء رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوبِ مبارک لے کر منذر بن ساوی کے پاس گئے تو یہودیوں اور مجوسیوں کے سوا تمام لوگ اس مکتوبِ مبارک کا مضمون سن کر مشرّف بہ اسلام ہو گئے۔ ان میں خود منذر بن ساوی بھی شامل تھے۔ انہوں نے اپنے اور دوسرے اہلِ بحرین کے قبولِ اسلام کے بارے میں حضور ﷺ کو اطلاع دی تو آپ ﷺ نے ان کو یہ فرمان بھیجا:

---

۱۔ حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار مشہور صحابہ میں ہوتا ہے۔ وہ نسلاً حضرمی تھے اور وطناً یمنی۔ لیکن ان کے والد وطن کی سکونت ترک کر کے مکّہ میں آ بسے تھے اور حرب بن امیّہ سے حلیفانہ تعلقات قائم کر لیے تھے۔ حضرت علاء ؓ یہیں پیدا ہوئے۔ ان کا نسب نامہ یہ ہے:

علاء ؓ بن عبداللہ بن ضماد بن سلمی بن اکبر

حضرت علاء ؓ کو اللہ تعالیٰ نے فطرتِ سلیم سے نوازا تھا۔ دعوتِ حق کے اوائل میں شرفِ اسلام سے بہرہ ور ہو گئے۔ وہ ان معدودے چند صحابہ میں سے تھے جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ ذیقعدہ ۶ ہجری کے بعد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دعوتِ اسلام کا خط دے کر بحرین بھیجا۔ وہاں کے حاکم منذر بن ساوی نے اسلام قبول کر لیا۔ حضور ﷺ نے انہیں اپنی طرف سے بحرین کا امیر مقرر فرمایا مگر کچھ عرصہ کے بعد آپ ﷺ نے انہیں اس عہدے سے سبکدوش کر دیا اور حضرت ابان بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کا جانشین بنایا۔ حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے اپنے عہدِ خلافت میں حضرت ابان ؓ کے مستعفی ہونے پر حضرت علاء کو دوبارہ بحرین کا عامل مقرر فرمایا۔

اسی اثناء میں فتنۂ ارتداد نے بڑا زور پکڑ لیا۔ حضرت علاء ؓ نے کئی معرکوں کے بعد بحرین، ہجر اور دارین کے مرتدین کو کچل ڈالا اور اپنے صوبے میں نظم و نسق پوری طرح بحال کر دیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی حضرت علاء ؓ کو اپنے عہدے پر قائم رکھا لیکن جب بصرہ آباد ہوا اور چھ مہینے کے بعد وہاں کے پہلے حاکم حضرت عتبہ بن غزوان ؓ نے اپنے عہدے سے استعفا دے دیا تو حضرت عمرؓ فاروق ؓ نے ان کی جگہ حضرت علاء ؓ کو بصرہ کا امیر نامزد کیا۔ چنانچہ حضرت علاء ؓ کچھ آدمیوں کو ساتھ لے کر بصرہ کی جانب روانہ ہوئے۔ اثنائے راہ میں حضرت علاء ؓ اچانک سخت بیمار ہو گئے اور ''لباس'' کے مقام پر فوت ہو گئے۔ ان کی ازواج و اولاد کے بارے میں کتبِ سیَر خاموش ہیں۔

اربابِ سیَر نے حضرت علاء ؓ کے تذکرہ میں بعض ایسے واقعات بیان کیے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خاصانِ خدا میں سے تھے اور اللہ تعالیٰ ان کی دعاؤں کو قبول فرماتا تھا۔ ایک موقع پر ان کے اور دشمنوں کے درمیان سمندر کی ایک شاخ حائل ہو گئی۔ حضرت علاء ؓ نے مسلمانوں سے کہا کہ میرے پیچھے پیچھے چلے آؤ۔ پھر وہ ایک دعا پڑھتے ہوئے سمندر میں داخل ہو گئے۔ سب مسلمان بھی ان کے پیچھے ہو لیے۔ خدا کی قدرت تمام لوگ سمندر سے اس طرح گزر گئے جس طرح ریت پر سے گزرتے ہیں۔ ایک اور موقع پر ان کے لشکر کے پاس پانی ختم ہو گیا تو انہوں نے بارگاہِ ربّ العزّت میں نہایت خشوع و خضوع سے بارش کے لیے دعا کی۔ اس کے ساتھ ہی موسلا دھار بارش ہوئی اور ہر طرف پانی ہی پانی ہو گیا۔ (طبقاتِ ابنِ سعد جلد ۴ ق ۲ صفحہ ۷۸)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ترجمہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محمد رسول اللہ کی جانب سے منذر بن ساوٰی کے نام۔ سلام علیک (تجھ پر اللہ کی سلامتی ہو) میں اس اللہ کی حمد کرتا ہوں جو یکتا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں۔ میں اللہ کی وحدانیت اور محمد کی رسالت کی گواہی دیتا ہوں۔ امّا بعد میں تم کو اللہ کی یاد دلاتا ہوں اس لیے کہ جو نصیحت قبول کرتا ہے وہ اپنے ہی کو فائدہ پہنچاتا ہے جس نے میرے قاصدوں کی اطاعت کی اور ابراہیم علیہ السّلام کی پیروی کی' اس نے میری اطاعت کی اور جس نے ان کے ساتھ خیر خواہی کی اس نے میرے ساتھ خیر خواہی کی۔

اور میرے قاصدوں نے تمہاری تعریف کی ہے۔ میں نے تمہاری قوم کے بارے میں تمہاری سفارش قبول کی۔ پس وہ املاک مسلمانوں کے قبضہ میں چھوڑ دو جس پر وہ اسلام لائے ہیں اور خطا کاروں کو میں نے معاف کیا۔ ان سے اسلام یا توبہ قبول کرو اور جب تک تم ٹھیک اور درست رہو گے ہم تم کو معزول نہیں کریں گے اور جو شخص اپنی یہودیت یا مجوسیت پر قائم رہے اس پر جزیہ ہے۔''

اس مکتوبِ مبارک کے مضمون سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علاء رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی پہلا مکتوبِ مبارک منذر بن ساوٰی کو پہنچا کر مدینہ مُنَوَّرہ واپس آ گئے۔ دوسری مرتبہ وہ فتحِ مکّہ کے بعد بحرین گئے' جب منذر کی وفات کے بعد حضور ﷺ نے انہیں بحرین کا عامل مقرر فرمایا۔

علّامہ بَلاذُری نے ''فتوح البلدان'' میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجر کے مجوسیوں کو بھی خط لکھا جس میں ان کو دعوتِ اسلام دی گئی تھی۔ یہ مکتوبِ گرامی بھی حضرت علاء رضی اللہ عنہ لے کر گئے۔ حضور ﷺ نے ان کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور یہ ہدایات دیں۔

۱۔ ابو ہریرہ کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲- اگر اہلِ ہجر اسلام کی دعوت قبول نہ کریں تو ان سے جزیہ لینا۔ ان کی عورتوں سے نکاح نہ کرنا اور نہ ان کا ذبیحہ کھانا۔

علاّمہ بَلاذُریؒ نے یہ صراحت نہیں کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علاء رضی اللہ عنہ کو اہلِ ہجر کی طرف کب بھیجا۔ کیا اس وقت جب وہ منذر بن ساوٰی کے نام دعوتِ اسلام کا خط لے کر گئے یا اس وقت جب آپ ﷺ نے منذر کی وفات کے بعد حضرت علاء رضی اللہ عنہ کو بحرین کا عامل مقرر فرمایا' اس سلسلے کی تمام روایات کو یکجا کر کے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علاء رضی اللہ عنہ پہلی مرتبہ ۶ ہجری میں بحرین گئے اور دوسری مرتبہ فتحِ مکّہ (رمضان المبارک ۸ سنہ ہجری) کے بعد۔

پہلی مرتبہ ان کی حیثیت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قاصد یا سفیر کی تھی اور دوسری مرتبہ بحرین کے عامل یا حاکم کی۔ بَلاذُریؒ کے سوا کسی اور نے ان کے ہجر جانے کا الگ ذکر نہیں کیا۔

ہَجَر یمامہ سے متصلاً مشرق میں احساء کی ایک بستی تھی۔ ''احساء'' یمامہ یا نجد کے مشرقی جانب واقع ساحل کو کہا جاتا ہے۔ یہ قطر کی شمالی سرحد سے کویت کی جنوبی سرحد تک کئی سَو میل پھیلا ہوا ہے۔ اس کے مغربی جانب دہنا اور نجد کا علاقہ ہے اور مشرقی جانب سمندر پھر بحرین کا جزیرہ واقع ہے۔ جزیرہ نمائے عرب کی یہ وسیع اور ساحلی پٹی ہے جسے پہلے زمانہ میں ہجر اور بحرین کہا جاتا تھا۔ حدیث اور تاریخ کی کتابوں میں بحرین کا لفظ اسی علاقہ کے متعلق آیا ہے۔ اب اس کو احساء کہتے ہیں۔ گویا بحرین یا ہجر کا سفر ایک ہی بات ہے۔ جب ہم کہتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علاء رضی اللہ عنہ کو بحرین بھیجا تو بحرین میں ہجر کو بھی شامل سمجھنا چاہیے۔ (جزیرۃ العرب از مولانا محمد رابع ندوی)

قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو اس وقت حضرت علاء رضی اللہ عنہ کے ساتھ بحرین بھیجا جب وہ حضور ﷺ کی طرف سے منذر بن ساوٰی کی جگہ وہاں کے عامل (یا گورنر) بن کر جا رہے تھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابنِ سعدؒ نے حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس وقت بحرین بھیجا جب آپ ﷺ (غزوۂ حنین کے بعد) جِعرّانہ سے مدینہ منوّرہ واپس آرہے تھے۔ (طبقات ابنِ سعد ج ۴ ص ۲۶۰)

مستند روایات کے مطابق آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ذیقعدہ ۸ ہجری میں جعرّانہ سے مدینہ منوّرہ کو مراجعت فرمائی۔ گویا حضرت علاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذیقعدہ ۸ ہجری میں بحرین گئے۔ حضور ﷺ نے ان کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور حضرت علاء رضی اللہ عنہ کو بطورِ خاص ہدایت فرمائی کہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کریں۔

(طبقات ابنِ سعد ج ۴ ص ۲۶۰)

بقولِ بعض آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو اس وقت حضرت علاء رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھیجا جب وہ آپ ﷺ کا مکتوبِ مبارک لے کر منذر بن ساوٰی کے پاس گئے لیکن اس سلسلے میں دو مختلف روایتیں ملتی ہیں۔ ایک یہ کہ حضرت علاء رضی اللہ عنہ پہلی مرتبہ ۶ ہجری میں بحرین گئے اور دوسری مرتبہ ۸ ہجری میں۔ دوسری روایت یہ ہے کہ وہ ایک ہی مرتبہ ذیقعدہ ۸ ہجری میں بحرین گئے۔ ان روایات کا بغور مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۶ ہجری میں حضرت علاء رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بحرین جانے کی روایت بالکل غلط ہے کیونکہ وہ پہلی مرتبہ محرّم ۷ ہجری میں بارگاہِ نبویؐ میں حاضر ہوئے۔ صحیح یہی ہے کہ وہ ذیقعدہ ۸ ہجری میں (عہدِ رسالت میں ایک ہی دفعہ) بحرین گئے۔

حافظ ابنِ کثیرؒ فرماتے ہیں:

"وہ (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں برابر حاضر رہے۔ علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ کی معیت میں سفرِ بحرین کے سوا وہ کبھی آپؐ سے جدا نہیں ہوئے۔"

(البدایہ والنّہایہ ج ۸ ص ۱۰۳)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابنِ سعدؒ کا بیان ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت علاء رضی اللہ عنہ کے ساتھ بحرین کے سفر پر روانہ ہوئے تو حضرت علاء رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے آپ کے ساتھ حُسنِ سلوک کا حکم دیا ہے، آپ مجھے بتائیں کہ بحرین میں آپ کس کام کا ذِمّہ لیں گے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ آپ مجھے اذان دینے کی ذِمّہ داری سونپ دیں، لیکن آپ آمین کہنے میں مجھ سے سبقت نہیں کریں گے۔ حضرت علاء رضی اللہ عنہ نے یہ ذمہ داری ان کو دے دی۔ (طبقات ج ۴ ص ۳۶۰)

حافظ ابنِ حجرؒ نے حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بحرین میں حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ کی طرف سے مؤذّن تھے۔ انہوں نے امام (یعنی حضرت علاء رضی اللہ عنہ ) سے یہ وعدہ لے لیا تھا کہ وہ صفیں سیدھی کرنے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مصروفیت کا لحاظ رکھیں گے اور نیّت باندھنے میں جلدی نہیں کریں گے تاکہ وہ امام کے ساتھ آمین کہنے کی سعادت سے محروم نہ ہوں۔

(فتح الباری ج ۲ ص ۲۱۷)

اربابِ سِیَر نے یہ وضاحت نہیں کی کہ بحرین میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قیام کتنا عرصہ رہا لیکن قرینہ یہ ہے کہ ان کا قیام چند ماہ تک ہی محدود رہا کیونکہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علاء رضی اللہ عنہ کو تھوڑے ہی عرصہ کے بعد امارتِ بحرین سے سبکدوش کر دیا اور ان کی جگہ حضرت ابان بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بحرین کا گورنر مقرر کیا۔ حضرت علاء رضی اللہ عنہ بحرین سے مدینہ واپس آئے تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ان کے ساتھ واپس آ گئے۔ یہ واپسی ذی الحجہ ۹ ہجری سے پہلے ہوئی کیونکہ ۹ ہجری کے حج میں ان کی شرکت قطعی طور پر ثابت ہے۔ (اس کی تفصیل ''حجِ اکبر ۹ ہجری'' کے عنوان کے تحت دیکھیے)

اب رہی علّامہ بلاذُری کی ہجر والی روایت تو دوسری روایتوں کے ساتھ اس کی تطبیق یوں ہوسکتی ہے کہ حضرت علاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ امارتِ بحرین کی ذِمّہ داری سنبھالنے کے لیے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اہلِ ہجر کے بارے میں خصوصی ہدایات دیں۔ اس لیے کہ وہاں کے بیشتر لوگ مجوسی تھے' حالانکہ اردگرد کے اکثر لوگ حلقہ بگوشِ اسلام ہو چکے تھے۔ ہو سکتا ہے کہ اہلِ ہجر کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بطورِ خاص کوئی فرمان حضرت علاء رضی اللہ عنہ کے ہاتھ بھیجا ہو۔ یہ فرمان اس مکتوبِ مبارک کے علاوہ ہوگا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منذر بن ساوی کے نام بھیجا تھا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حجِ اکبر ۹ سنہ ہجری

غزوۂ تبوک سے واپسی کے بعد ذیقعدہ یا ذی الحجہ ۹ ہجری میں رسولِ اکرم ﷺ نے تین سَو مسلمانوں کا ایک قافلہ حج کے لیے مکّہ معظّمہ روانہ فرمایا۔ اس قافلے کا امیر آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر صِدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مقرر فرمایا۔ چونکہ حضور خود بعض ضروری دینی کاموں کی وجہ سے حج کے لیے نہ جاسکے' آپ ﷺ نے قربانی کے جانور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھیج دیے۔ ان جانوروں (اونٹوں) کی تعداد بیس تھی۔ آپ ﷺ نے ان کی گردنوں میں اپنے دستِ مبارک سے قلاوے پہنائے اور قربانی کے نشان لگائے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے قربانی کے پانچ جانور بھی ساتھ لے لیے۔ اہلِ سِیَر و حدیث نے اس قافلے کے شرکاء میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام صراحت کے ساتھ لیا ہے۔ ایک روایت کے مطابق انہوں نے مُعَلِّم اور منادی کے فرائض انجام دیے۔

مدینۂ مُنَوَّرہ سے قافلے کی روانگی کے بعد سورۂ براءۃ (التوبہ) کا ابتدائی حصہ نازل ہوا جس میں مشرکین سے کیے گئے معاہدوں نیز مناسکِ حج سے متعلق نہایت اہم احکام دیے گئے تھے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ! یہ احکامِ الٰہی ابوبکرؓ کو بھیج دیجیے تاکہ وہ حج میں ان کو سنادیں لیکن آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس اہم معاملہ کا اعلان میری طرف سے میرے ہی خاندان کے کسی آدمی کو کرنا چاہیے (خون اور مال کے معاہدوں کے سلسلے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں عرب میں دستور تھا کہ متعلقہ آدمی یا تو خود اعلان کرے یا اپنے خاندان کے کسی فرد سے اعلان کرائے۔ خاندان سے باہر کے کسی شخص کا اعلان تسلیم نہیں کیا جاتا تھا۔) چنانچہ آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس خدمت پر اس ہدایت کے ساتھ مامور فرمایا کہ حاجیوں کے مجمع عام میں یہ احکامِ الٰہی سنانے کے بعد حسبِ ذیل چار باتوں کا اعلان بھی کر دیں:

۱- جَنَّت میں کوئی ایسا شخص داخل نہ ہوگا جو دینِ اسلام کو قبول کرنے سے انکار کرے۔

۲- اس سال کے بعد کوئی مشرک حج کے لیے نہ آئے۔

۳- بیت اللہ کے گرد برہنہ طواف کرنا ممنوع ہے۔

۴- جن لوگوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معاہدہ قائم ہے ان کے ساتھ مدتِ معاہدہ تک وفا کی جائے گی۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ملاقات حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرج یا وادیٔ ضجنان میں ہوئی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیال گزرا کہ شاید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی جگہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر الحج مقرر فرمایا ہے۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس بارے میں استفسار کیا تو انہوں نے نفی میں جواب دیا اور کہا کہ مجھے حضور ﷺ نے مامور (نقیب یا قاصد) بنا کر بھیجا ہے تا کہ ان احکامِ الٰہی کا اعلان کروں جو چند دن پہلے نازل ہوئے ہیں۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کو حج کے صحیح طریقے بتائے اور سکھائے۔ سب مسلمانوں نے انہی طریقوں کے مطابق حج کیا' تاہم مشرکین نے حسبِ سابق اپنے طریقے پر حج کیا (اور یہ آخری حج تھا جس میں مشرکین شریک ہوئے)

دسویں ذی الحجہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بابِ حمزہ کے پاس کھڑے ہو کر سورۂ براءۃ کی ابتدائی آیات پڑھیں اور وہ اعلان بھی کیا جس کا حکم رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

17036
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت بھیج کر یہ اعلانِ عام کرایا کہ آئندہ کسی مشرک کو حج کرنے کی اجازت نہیں ہوگی اور نہ کوئی برہنہ ہوکر بیت اللہ کا طواف کر سکے گا۔ صحابہ ﷺ کی اس جماعت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی شامل تھے...... صحیحین میں ان سے روایت ہے کہ:

"جس حج میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر الحج مقرر کر کے بھیجا تھا یعنی حَجَّۃُ الوَدَاع سے پہلے، اس سال ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ کو یہ اعلان کرنے کے لیے بھیجا کہ اس سال کے بعد نہ کوئی مشرک حج کرے اور نہ کوئی برہنہ شخص بیت اللہ کا طواف کرے۔"

(مشکوٰۃ باب دُخولِ مکّۃَ والطّواف)

جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم (بشمول حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) نے اس موقع پر منادی کی خدمت انجام دی، بلند آواز سے بول بول کر ان کے گلے بیٹھ گئے۔ اس حج کو تاریخ میں بڑی اہمیّت حاصل ہے کیونکہ اس میں کیے جانے والے اعلانِ براءۃ سے عرب میں شرک اور مشرکین کا وجود گویا عملاً خلافِ قانون (OUT LAW) ہوگیا۔ ان کے اعتقادات، اخلاق، اعمال اور جاہلانہ طریقِ زندگی کو ناپاک قرار دیا گیا اور اسی بنا پر مسجدِ حرام میں ان کا داخلہ ممنوع قرار دیا گیا۔

❁ ❁

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# حَجَّۃُ الْوَدَاع میں رسولِ اکرم ﷺ کی ہمرکابی

۱۰ھ ہجری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حَجَّۃُ الْوَدَاع میں رسولِ اکرم ﷺ کی ہمرکابی کا شرف حاصل ہوا۔ ۹ھ ہجری کے حج کی طرح حَجَّۃُ الْوَدَاع میں ان کی شرکت پر تمام اربابِ سِیَر کا اتفاق ہے۔

حَجَّۃُ الْوَدَاع کے سلسلے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے چند احادیث بھی مروی ہیں۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں:

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حَجَّۃُ الْوَدَاع کے سفر میں) ایک شخص کو دیکھا جو اپنے قربانی کے جانور کو ہنکائے لیے جا رہا تھا۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا' اس پر سوار ہو جا۔ اس نے عرض کیا' یہ قربانی کا جانور ہے۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا: اس پر سوار ہو جا۔ اس نے پھر یہی کہا کہ یہ قربانی کا جانور ہے...... آپ ﷺ نے (تیسری بار) فرمایا' اس پر سوار ہو جا۔ اس نے پھر یہی کہا کہ یہ قربانی کا جانور ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' سوار ہو جا تجھ پر افسوس ہے۔ (مشکوٰۃ بحوالہ صحیح بخاری و صحیح مسلم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روحاء کے مقام پر ایک قافلہ ملا۔ آپ ﷺ نے پوچھا' تم کون لوگ ہو؟ انہوں نے کہا' ہم مسلمان ہیں۔ پھر قافلے والوں نے پوچھا' تم کون ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا' میں اللہ کا رسول ہوں۔ ایک عورت نے اپنے بچہ کو دکھا کر آپ ﷺ سے پوچھا' کیا اس بچہ پر بھی حج ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' ہاں اور تجھ کو (بھی) ثواب ہے۔

(مشکوٰۃ بحوالہ صحیح مسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

حضور ﷺ کے جواب کا مطلب یہ تھا کہ اگر وہ خاتون بچے کو ساتھ لے کر حج کر لے تو بچے کو بھی حج کا ثواب مل جائے گا اور ماں بھی اس ثواب میں شریک ہوگی۔

قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا' یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ کے فرض حج نے میرے بوڑھے باپ کو پالیا (یعنی اللہ نے اپنے بندوں پر حج کو فرض کیا ہے اور وہ فرض میرے باپ پر اس وقت عائد ہوا ہے جب وہ بہت بوڑھا ہو چکا ہے اور چلنے پھرنے سے قاصر ہے) کیا میں اس کی طرف سے حج کرلوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا' ہاں اور یہ حَجَّۃُ الْوَدَاع کا واقعہ ہے۔ (مشکوۃ بحوالہ بخاری ومسلم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو مکّہ میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلے حجرِ اسود کے قریب پہنچ کر آپ ﷺ نے اس کا استلام کیا۔ پھر آپ ﷺ نے طواف کیا' پھر صفا پہاڑی پر آئے اور اس کے اتنے اوپر چڑھ گئے کہ بیت اللہ نظر آنے لگا۔ پھر آپ ﷺ نے ہاتھ اٹھائے (جس طرح دعا میں اٹھائے جاتے ہیں) اور پھر جتنی دیر تک آپ ﷺ نے چاہا' دعا میں مشغول رہے۔[1] (سُنَنِ ابی داؤد)

---

۱- شارحینِ حدیث نے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں مکّہ معظمہ پہنچنے کے بعد طواف پیادہ پا کیا تھا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں جس طواف کا ذکر ہے وہ آپ ﷺ نے دسویں ذی الحجہ ۱۰ ہجری کو منیٰ سے مکہ آ کر کیا تھا۔ اس وقت آپ اونٹنی پر سوار تھے تاکہ سوالات کرنے والے آپ ﷺ سے سوال کر سکیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سیّدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میدانِ جہاد میں

## عہدِ رسالت

سیّدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہ صرف علم وفضل کے اعتبار سے نہایت بلند مقام پر فائز تھے بلکہ راہِ حق کے ایک سرفروش مجاہد بھی تھے۔ عہدِ رسالت میں پہلی مرتبہ غزوۂ خیبر (محرّم ۷ہجری) میں شریک ہوئے۔ اس کے بعد جن غزوات وسرایا میں شریک ہوئے ان کی تفصیل یہ ہے:

## غزوۂ وادیِ القُریٰ

یہ غزوہ محرّم ۷ہجری میں غزوۂ خیبر کے بعد پیش آیا۔ بعض نے اس غزوے کو "مہمِ فدک" کا نام دیا ہے۔ فدک وادی القریٰ ہی کی ایک بستی ہے اس لیے اس کو غزوۂ وادی القریٰ کہہ لیں یا غزوۂ فدک، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ وادی القُریٰ خیبر اور تیماء کے درمیان واقع ہے۔ اس زمانے میں یہ بہت سرسبز اور شاداب تھی۔ وادی القُریٰ (بالخصوص فدک) میں بہت سے یہودی آباد تھے۔ علاّمہ شبلیؒ کا بیان ہے کہ جب خیبر کی فتح کے معاً بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم فدک کی طرف بڑھے تو ان لوگوں نے لڑے بغیر نصف زرعی پیداوار سالانہ پر صلح کر لی۔

(سیرۃُ النّبی ج۔۱)

قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوریؒ نے لکھا ہے کہ خیبر سے واپسی کے وقت جب (حضورؐ کا) یہاں (وادی القُریٰ) میں قیام ہوا تو یہاں کے یہودیوں نے جنگ کی ابتدا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی ..... خفیف سے مقابلہ کے بعد دشمن کو شکست ہوئی۔ یہودیوں کو ان کی اراضیات وغیرہ پر قابض رکھا گیا۔ (رحمۃ للعالمین جلد دوم)

اس غزوے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب تھے۔ خود ان سے روایت ہے:

''جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خیبر سے وادی القُریٰ گئے تو ہم اصیل میں ٹھہرے۔''

(تاریخ الامم والملوک طبریؒ جلد ۳ صفحہ ۱۶)

## غزوۂ ذات الرّقاع

اس کو غزوۂ نجد بھی کہا جاتا ہے۔ بعض روایتوں میں اس کا سالِ وقوع ۴ہجری یا ۵ہجری بیان کیا گیا ہے لیکن جمہور ارباب سِیَر وحدیث (بشمول امام بخاریؒ) نے اس کا سالِ وقوع غزوۂ خیبر کے بعد بیان کیا ہے۔ غزوۂ خیبر مُحرّم ۷ہجری میں پیش آیا اور غزوہ ذات الرِّقاع بھی اسی سال (بلکہ اسی مہینے فتحِ خیبر کے فوراً بعد) پیش آیا۔ اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اس غزوے میں حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہما شریک تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ غزوۂ خیبر کے اختتام سے کچھ ہی پہلے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ اس وقت خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہوئے جب خیبر فتح ہو چکا تھا۔ کُتبِ سِیَر میں اس غزوے کے جو حالات بیان کیے گئے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے:

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ملی کہ بنو غطفان کچھ اور قبیلوں (بنو محارب، بنو ثعلبہ اور بنو انمار) کو اپنے ساتھ ملا کر مدینہ مُنوّرہ پر حملہ کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے باختلافِ روایت حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں اپنا قائم مقام بنایا اور چار سَو (بروایتِ دیگر سات سَو) صحابہ کو ساتھ لے کر ان کی سرکوبی کے لیے نجد کی طرف روانہ ہوئے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


مدینہ سے دو دن کے فاصلے پر آپ نے بنو غطفان کے علاقے میں ایک ایسے میدان میں پڑاؤ ڈالا جس کے ارد گرد سیاہ سفید اور سرخ رنگ کی پہاڑیاں تھیں۔ اسلامی لشکر کی آمد کی خبر سن کر بنو غطفان اور دوسرے قبائل منتشر ہو گئے اور کوئی لڑائی پیش نہ آئی البتہ آپ ﷺ نے اس موقع پر صلوٰۃِ خوف (حالتِ جنگ والی نماز) پڑھی۔

"ذاتُ الرِّقاع" کے سفر میں مسلمانوں کو سخت مشکلوں اور تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑا۔ راستہ پتھریلا اور دشوار گزار تھا اور اس میں جگہ جگہ کانٹے دار جھاڑیاں اور درخت تھے ادھر مسلمانوں کے پاس سواری کے جانور بہت کم تھے۔ چھ چھ آدمیوں کے پاس ایک اونٹ تھا جس پر وہ باری باری سوار ہوتے تھے۔ اس طرح ان کے پاؤں زخمی ہو گئے تھے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں نکلے۔ ہم چھ آدمیوں کے پاس ایک ہی اونٹ تھا جس پر باری باری سوار ہوتے تھے' اس لیے ہمارے پاؤں زخمی ہو گئے اور ناخن جھڑ گئے۔ چنانچہ ہم لوگ اپنے پاؤں پر چیتھڑے لپیٹے رہتے تھے۔ اسی لیے اس کا نام ذاتُ الرِّقاع (چیتھڑوں والا) پڑ گیا[1]۔

(صحیح بخاری جلد ۲ ص ۵۹۲' صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۱۸ غزوۂ ذات الرِّقاع)

اس غزوے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شرکت کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں۔ صحیح بخاری میں خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

"میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ نجد میں صلوٰۃِ خوف پڑھی ہے (اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جنگِ خیبر کے موقع پر حاضر ہوئے)

(صحیح بخاری ج ۲ ص ۲۹۳)

## غزوۂ فتح مکہ

رمضان المبارک ۸ ہجری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اُن دس ہزار

---

۱۔ ڈاکٹر غلام جیلانی برق مرحوم نے لکھا ہے کہ "ذاتُ الرِّقاع" کے لفظی معنی ہیں' دھجیوں اور ٹکڑوں والی۔ اس سے مراد غطفان کا وہ میدان ہے جس کے گرد رنگ برنگ کی پہاڑیاں تھیں اور جن کی وجہ سے یہ مہم "ذاتِ الرِّقاع" کے نام سے مشہور ہو گئی۔ (نقوش لاہور رسول نمبر جلد ۴ صفحہ ۴۰۱ حاشیہ ۱۰۷)
لیکن صحیحین کی روایت کے پیشِ نظر ان کی رائے قبول نہیں کی جا سکتی۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


قدوسیوں میں شامل ہونے کا شرف حاصل ہوا جو فتحِ مکّہ کے موقع پر رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب تھے اور جن کا ذکر صدیوں پہلے "کتابِ استثناء" کی اس پیشین گوئی میں کیا گیا تھا:

"خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر طلوع ہوا۔ کوہِ فاران سے وہ جلوہ گر ہوا۔ دس ہزار قدوسیوں کے ساتھ آیا اور اس کے ہاتھ میں ایک آتشیں (یعنی نورانی) شریعت تھی۔"

غزوۂ فتح مکّہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی شمولیت پر تمام اربابِ سِیَر کا اتفاق ہے۔ صحیح بخاری اور دوسری کتبِ حدیث کی متعدد روایات سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔

## غزوۂ حنین

فتح مکّہ کے معاً بعد غزوۂ حنین پیش آیا۔ بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس میں بھی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب تھے۔ صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے:

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حنین کا ارادہ کیا تو فرمایا اگر اللہ نے چاہا تو ہم "خیفِ بنی کنانہ" میں ٹھہریں گے جہاں کفار نے کفر پر قائم رہنے کی قسم کھائی تھی۔"

(بخاری جلد ۲ ص ۶۱۴)

بعض روایات میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ خطبہ بھی نقل ہوا ہے جو آپ ﷺ نے حنین سے واپسی پر جعرّانہ کے مقام پر دیا تھا اور جس میں آپ نے انصار کے اوصاف بیان فرمائے تھے۔ ان روایتوں سے یہ نتیجہ اخذ کرنا غلط نہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ غزوۂ حنین میں بھی شریک تھے۔ جب وہ فتح مکّہ میں شریک تھے تو غزوۂ حنین میں پیچھے رہنے کی کوئی وجہ نہ تھی۔

## غزوۂ تبوک (جیشِ عُسرۃ)

مدینہ منوّرہ سے کوئی ساڑھے تین سَو میل دُور (بجانبِ شمال) اور خلیج عقبہ سے ایک سَو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


میل دُور مشرق میں "تبوک" شمالی عرب کا ایک شہر ہے۔ ۹ہجری میں رسولِ اکرم ﷺ کو خبر ملی کہ رومی فوجیں عرب کی شمالی سرحد پر جمع ہو رہی ہیں۔ آپ ﷺ نے فیصلہ کیا کہ رومیوں کو سرزمینِ عرب پر قدم رکھنے کی اجازت نہ دی جائے اور خود آگے بڑھ کر سرحدِ شام پر ان کا مقابلہ کیا جائے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو جہاد کی تیاری کا حکم دے دیا اور اس مقصد کے لیے دل کھول کر روپیہ اور مال اسباب دینے کی ترغیب بھی دی۔ صحابہ رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن نے اس موقع پر حیرت انگیز قربانی اور ایثار کا مظاہرہ کیا اور اپنی استطاعت سے بھی بڑھ کر مال و اسباب اللہ کی راہ میں نہایت خوشدلی سے پیش کر دیا۔ عورتوں نے اپنے زیور اتار کر دے دیے' حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک ہزار دینار' ایک سَو گھوڑے اور نو سَو اونٹ پیش کیے۔ حضرت عمرؓ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر کا نصف سامان اٹھا لائے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر کا سارا مال اسباب حتّٰی کہ سوئی سلائی بھی لے آئے اور گھر میں جھاڑو پھیر دی۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا:

"ابوبکر! گھر میں بھی کچھ چھوڑا ہے؟"

عرض کیا:...... "اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے سوا کچھ نہیں چھوڑا۔ میرے لیے یہی کافی ہے۔"

غرض ہر مسلمان نے اِنفاق فی سبیل اللہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس سال خشک سالی نے قیامت ڈھا رکھی تھی اور سارے ملک میں قحط کے آثار تھے۔ اہلِ مدینہ کی امیدیں اپنے نخلستانوں سے وابستہ تھیں جن میں کھجور کے درختوں پر پھل گدرا چکے تھے اور ان کے اتارنے کا وقت قریب آ پہنچا تھا۔ ان حالات میں تپتے ہوئے بے آب و گیاہ صحراؤں میں ساڑھے تین سَو میل کا پُرصعُوبت سفر اختیار کرنا بہت بڑا امتحان تھا جس میں اہلِ حق پورے اترے اور رجب ۹ہجری میں تیس ہزار مجاہدین سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمرکابی میں عازمِ تبوک ہو گئے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ان مردانِ حق میں شامل تھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسلامی لشکر تبوک پہنچ کر وہاں بیس دن تک رہا لیکن رومی فوج سامنے نہ آئی اس لیے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے آئے۔ تبوک کے سفر میں مسلمانوں کو طرح طرح کی مصیبتیں جھیلنی پڑیں۔ کہیں انہیں بھوک پیاس نے ستایا تو کہیں جھلس دینے والی لُو نے، کہیں صحرا کی زہریلی ہواؤں نے ہلکان کیا تو کہیں جلا دینے والی دھوپ نے......اسی لیے اس غزوے کو ''جَیشِ عُسرۃ'' بھی کہتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ ساری تکلیفیں ہنسی خوشی برداشت کیں۔ غزوۂ تبوک میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شرکت پر سب کا اتفاق ہے۔

## بعض سرایا میں شرکت

مذکورہ بالا غزوات کے علاوہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعض سرایا میں بھی شریک تھے۔

صحیح بخاری اور مُسندِ احمد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ بیان نقل کیا گیا ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک (مختصر) لشکر کے ساتھ بھیجا اور دو (دشمنِ اسلام) آدمیوں کے نام لے کر فرمایا کہ اگر وہ تمہیں مل جائیں تو [redacted] دونوں کو آگ میں جلا دو۔ لیکن جب ہم روانہ ہونے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں نے تمہیں فلاں فلاں کو جلانے کا حکم دیا تھا مگر آگ کا عذاب دینا صرف اللہ تعالیٰ کا حق ہے اگر وہ تمہیں مل جائیں تو انہیں (تلوار سے) قتل کر دو۔

(بخاری ج ا ص ۴۲۳، مُسندِ احمد جلد ۱۵ ص ۲۰۶)

ایک اور موقع پر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک خاص مہم پر مامور فرمایا۔ جب وہ چلنے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہ نفسِ نفیس انہیں الوداع کہا اور فرمایا، میں تجھے اللہ کی امانت میں دیتا ہوں جس کی امانت کبھی ضائع نہیں ہوتی۔ (ابنِ ماجہ ج ۲ ص ۵۴۳)

کچھ اور روایات سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بعض دوسرے سرایا میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھی شرکت کا اشارہ ملتا ہے۔

## عہدِ رسالت کے بعد

### عہدِ صدّیقی

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سریرآرائے خلافت ہوئے تو دفعتہً سارے عرب میں فتنۂ ارتداد کے شعلے بھڑک اٹھے۔ انصارِ مدینہ' قریشِ مکّہ اور ثقیفِ طائف کے سوا کوئی قبیلہ ایسا نہ تھا جو تھوڑا یا بہت اس فتنے سے متاثّر نہ ہوا ہو۔ اس طرح خلافتِ اسلامیہ آغاز ہی میں شدید مشکلات سے دوچار ہوگئی لیکن اللہ تعالیٰ نے خلیفۃُ الرّسول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بے مثال عزیمت اور استقامت عطا کی تھی۔ انہوں نے اس فتنے کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور ہر قسم کی رکاوٹوں اور مشکلات کے علَی الرَّغم دس ماہ کے اندر اندر اس کو کُچل کر رکھ دیا۔ اس پُرآشوب اور انتہائی نازک زمانے میں جن اصحاب نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ساتھ دیا اور اس تباہ کُن فتنے کے استیصال کے لیے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہ کیا' وہی سچّے اور پکّے یا حقیقی معنوں میں مخلص مسلمان تھے۔ وہ اپنی جان مال اولاد ہر شے قربان کرسکتے تھے لیکن ان کو یہ گوارا نہ تھا کہ اسلام پر کسی قسم کی آنچ آئے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ انہی مخلص مؤمنین میں شامل تھے۔ انہوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی معیّت میں فتنۂ ارتداد کے استیصال میں بھرپور حصہ لیا۔ اس سلسلے میں وہ روایت کرتے ہیں کہ:

"نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اُس وقت تک لڑنے کا حکم دیا گیا ہے جب تک لوگ کلمۂ طیبہ نہ پڑھیں۔ جب لوگوں نے یہ کلمہ پڑھ لیا تو انہوں نے مجھ سے اپنے خون اور مال بچا لیے' البتہ اگر اسلام کے کسی حق کی وجہ سے ان کا خون اور مال مباح ہو تو یہ دوسری بات ہے اور جہاں تک اعمال کے محاسبے کا تعلق ہے تو وہ اللہ تعالیٰ ہی کرے گا۔ جب رِدّۃ (ارتداد) کا فتنہ بپا ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا' آپ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے باوجود لوگوں سے کیوں لڑ رہے ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا' خدا کی قسم میں صلوٰۃ اور زکوٰۃ میں تفریق نہیں کروں گا' جو ان دونوں میں تفریق کرے گا' میں اس سے لڑوں گا[1] پس ہم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر مرتدین کے خلاف جنگ کی اور بھلائی اسی میں دیکھی۔"

(مُسنَدِ احمد جلد ا ص ۱۸۱)

فتنہ رِدّہ کے استیصال کے سلسلے میں مرتدین سے بہت سی خونریز لڑائیاں ہوئیں۔ اربابِ سِیَر نے یہ تصریح نہیں کی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کس کس لڑائی میں شریک ہوئے' البتہ یہ بات ثابت ہے کہ ان کا شمار ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں ہے جو "الرِدّہ" کے استیصال میں خلیفۃ الرسول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دست و بازو بنے اور جنہوں نے اسلام کی کشتی کو گردابِ بلا سے نکالنے کے لیے اپنی جان کی بازی لگا دی۔

## عہدِ فاروقی

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عُمَرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام کے میدانِ جہاد میں پہنچ گئے۔ شام میں رومیوں اور مجاہدینِ اسلام کے درمیان بہت سی لڑائیاں ہوئیں' ان میں سب سے خونریز جنگ "جنگِ یرموک" تھی۔ مؤرخ ابنِ عساکرؒ نے لکھا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یرموک کی لڑائی میں شریک تھے۔ (تاریخِ دمشق ص ۴۲۹ معرکۂ یرموک)

---

[1] بہت سے مرتدین یہ کہتے تھے کہ ہم سے نماز پڑھوا لو لیکن زکوٰۃ نہ لو' چونکہ مرتدین کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ اس لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خیال تھا کہ فی الحال ان کے ساتھ کچھ نرمی کی جائے۔ جب حالات اعتدال پر آ جائیں گے تو پھر سب سے نبٹ لیا جائے گا لیکن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس رائے سے متفق نہ ہوئے اور فرمایا جو کوئی عہدِ رسالت میں بکری (یا اونٹ) کی رسی بھی زکوٰۃ میں دیتا تھا اس سے ضرور لی جائے گی' میں اپنی زندگی میں اسلام کے کسی رکن کا انہدام گوارا نہیں کر سکتا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یرموک کے خونریز معرکے میں رومیوں نے کئی موقعوں پر مسلمانوں پر اس قدر دباؤ ڈالا کہ اگر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضرت حجاج بن عبد یغوث رضی اللہ عنہ' حضرت عمرو بن طفیل رضی اللہ عنہ، حضرت جندب بن عمرو رضی اللہ عنہ' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور ان جیسے دوسرے جانباز انہیں سنبھال نہ لیتے تو ان کے قدم اکھڑ گئے ہوتے۔ ایسے ہی ایک موقع پر جب رومی میسرے نے اسلامی میمنے پر تباہ کن حملہ کیا تو قبیلہ ازد دشمن کے سامنے آہنی دیوار بن کر کھڑا ہو گیا۔ بنو دَوس' ازدہی کا بطن تھے اس لیے اسلامی لشکر کے ازدی دستوں میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور دوسرے دَوسی مجاہدین بھی شامل تھے۔ حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے حضرت عمرو رضی اللہ عنہ بڑی بے جگری سے رومیوں کا مقابلہ کر رہے تھے۔[1] وہ تلوار چلاتے جاتے اور اپنے قبیلے کو للکارتے جاتے تھے کہ خبردار ازدیو! تمہاری وجہ سے مسلمانوں پر شکست کا داغ نہ آئے۔

ان کے ہاتھ سے رومیوں کے نَو بڑے بڑے بہادر مارے گئے۔ آخر رومیوں نے ان کو گھیر کر تیروں تلواروں اور برچھیوں کا مینہ برسا دیا اور وہ جامِ شہادت پی کر جَنّتُ الفردوس کو سدھارے۔

حضرت جندب بن عمرو ازدی رضی اللہ عنہ نے اپنے جھنڈے کو زور سے ہلا کر بلند آواز سے کہا:

''اے قومِ ازد! تم میں سے کوئی ہمیشہ زندہ نہ رہے گا' نہ اس وقت تک اپنے کو معصیت اور خواری سے بچا سکے گا جب تک وہ پوری استقامت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ نہ کرے گا' کان کھول کر سن لو کہ بھاگنے والے کے لیے ذِلّت

---

1. حضرت عمرو بن طفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بھی شرفِ صحابیت حاصل تھا۔ وہ عرب کے نامی بہادروں میں شمار ہوتے تھے اور ''فارسُ العرب'' کے لقب سے مشہور تھے۔ صِدّیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں اپنے والد کے ہمراہ مسیلمہ کذّاب کے خلاف یمامہ کی لڑائی میں شریک ہوئے اور نہایت بہادری سے لڑے۔ حضرت طفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی لڑائی میں شہید ہو گئے اور حضرت عمرو رضی اللہ عنہ کا ایک ہاتھ شہید ہو گیا۔ اس سانحہ کے باوجود ان کا جذبۂ جہاد سرد نہ ہوا اور وہ یرموک کی خونیں جنگ میں بھی بڑے جوش اور جذبے کے ساتھ شریک ہوئے۔ اس لڑائی میں وہ فوج کے ایک حصے کے افسر تھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اور مرنے والے کے لیے شہادت۔

اس موقع پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آگے بڑھے اور اپنے قبیلے کو للکار کر کہا:

"بہادرو! حورانِ بہشتی تمہاری منتظر ہیں' ان سے ملنے کے لیے اپنے کو آراستہ کر لو۔ اللہ تعالیٰ کا تقرّب اور خوشنودی حاصل کرنے کے لیے کمر بستہ ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نیکی کی اس سے زیادہ پسندیدہ جگہ کوئی نہیں ہے جہاں تم اس وقت کھڑے ہو۔"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی للکار سن کر قبیلہ ازد کے بہادر اُن کے گرد جمع ہو گئے اور پھر سب نے مل کر اس زور کا جوابی حملہ کیا کہ رومیوں کے قدم لڑکھڑا گئے۔ عین اس وقت بیس ہزار تازہ دم رومی فوج ان کی مدد کے لیے پہنچ گئی' تاہم ازدی مجاہدین نہایت ثابت قدمی سے لڑتے رہے۔ ادھر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے میمنے کا حال معلوم ہوا تو وہ اپنے رسالے کے ساتھ اس کی مدد کو پہنچ گئے اور اپنے بے پناہ حملوں سے رومیوں کے قدم اکھاڑ دیے۔ (فاتح شام از ابو محمد امام الدین رام نگری)

اربابِ سیر نے تصریح تو نہیں کی لیکن قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شام کے کئی اور معرکوں میں بھی رومیوں کے خلاف دادِ شجاعت دی ہو گی۔

علامہ ابن اثیرؒ کا بیان ہے کہ حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں جب آذربائیجان اور آرمینیہ (بلادِ ارمن) پر فوج کشی ہوئی تو حضرت عبدالرحمٰن بن ربیعہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آرمینیہ کی تسخیر پر مامور ہوئے[1] حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے لشکر

---

1۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ربیعہ رضی اللہ عنہ قبیلہ باہلہ کے چشم و چراغ تھے۔ نسب نامہ یہ ہے:
عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن ربیعہ بن یزید بن سہم بن عمرو بن ثعلبہ (یا فضلہ) بن غنم بن قتیبہ بن معن باہلی
حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کا شرف تو حاصل ہوا لیکن ان سے کوئی حدیث مروی نہیں ہے۔ وہ عالم فاضل آدمی تھے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت میں قادسیہ (عراقِ عرب) کی لڑائی میں مسلمانوں نے فتح پائی تو (باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مجاہد کی حیثیت سے شریک تھے۔ اسلامی لشکر یلغار کرتا ہوا شہر ''باب'' کے قریب پہنچ گیا۔ وہاں کے مجوسی حاکم شہر براز نے مسلمانوں کی اطاعت قبول کر لی اور ان کے ساتھ ہولیا۔ پھر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ مملکتِ خزر (آرمینیہ) کے پایۂ تخت بلنجر کی طرف بڑھے۔ شہر براز نے تعجب سے کہا یہ آپ کیا کر رہے ہیں، ہم لوگ تو اسی کو غنیمت سمجھتے تھے کہ ارمنی ہم پر چڑھ کر نہ آئیں۔ جوشِ جہاد سے سرشار حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا، لیکن میں تو جب تک ارمنی مملکت کے جگر میں نہ گھس جاؤں آگے بڑھنے سے نہیں رک سکتا۔ چنانچہ انہوں نے شہر بیضاء کو مسخّر کر لیا۔ اس اثناء میں حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کی وجہ سے عہدِ فاروقی ختم ہو گیا اور مسلمانوں کی پیش قدمی رک گئی۔

## عہدِ عثمانی

حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت عثمان ذُوالنّورَین رضی اللہ عنہ مسند نشینِ خلافت ہوئے۔ ان کی خلافت کے نویں سال (۳۲ ہجری میں) ایک مہم

---

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ)

امیر المومنین حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کی ہدایت کے مطابق مالِ غنیمت کی وصولی اور تقسیم کا کام حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا گیا۔ اس کے علاوہ ان کو قضا کے عہدے پر بھی مقرر کیا گیا۔ چند سال کے بعد وہ آرمینیہ کی تسخیر پر مامور ہوئے۔ وہ آرمینیہ میں فاتحانہ پیش قدمی کر رہے تھے کہ حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ عنہ نے شہادت پائی اور یہ مہم نا تمام رہ گئی۔ عہدِ عثمانی میں وہ پھر آرمینیہ کی تسخیر پر مامور ہوئے اور معرکہ بلنجر میں مردانہ وار لڑتے ہوئے شہادت پائی۔ (اُسدُ الغابہ)

لے حضرت سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار صغائر (کمسن) صحابہ میں ہوتا ہے۔ ان کا تعلّق قریش کی شاخ بنو امیہ سے تھا۔ نسب نامہ یہ ہے:

سعید بن عاص بن ابو احیحہ سعید بن عاص بن امیّہ بن عبدِ شمس بن عبدِ مناف بن قُصَیّ

عہدِ رسالت میں کم سِن تھے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد انہوں نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ اور کئی دوسرے صحابۂ کرام سے کسبِ فیض کیا اور فضلاءِ صحابہ میں شمار ہونے لگے۔ نہایت بہادر طبّاع اور دانا آدمی تھے۔ (باقی صفحہ اگلے پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایک روایت کے مطابق بلنجر پر حملہ کرنے والی فوج کے سپہ سالار حضرت عبدالرحمٰن بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ اس فوج میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی شامل تھے۔ اہلِ بلنجر اور ترک کُفّار مُتّحد ہو کر مسلمانوں کے مقابل ہوئے۔ فریقین میں خونریز لڑائی ہوئی۔ اس لڑائی میں حضرت عبدالرحمٰن بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے مردانہ وار لڑتے ہوئے شہادت پائی اور مسلمانوں کو وقتی طور پر اس محاذ سے پسپا ہونا پڑا۔ پھر مسلمانوں نے اپنے لشکر کو دو حصوں میں تقسیم کر لیا۔ ایک حصہ تو بلادِ خزر (آرمینیہ) میں مصروفِ جہاد رہا اور دوسرا جیلان اور جرجان کی طرف بڑھا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان فارسیؓ اس دوسرے حصے میں شامل ہو گئے۔ جیلان اور جرجان کی تسخیر کے سلسلے میں جو معرکے پیش آئے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان میں سرفروشانہ حصہ لیا۔ طبریؒ، ابنِ اثیرؒ اور حافظ ابنِ کثیرؒ نے اس واقعہ کو اپنے اپنے الفاظ میں بیان کیا ہے اور اس میں صراحت کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے نام لیے ہیں۔ حافظ ابنِ کثیرؒ کے الفاظ یہ ہیں:

"...... فَقُتِلَ يَوْمَئِذٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ رَبِيْعَةَ كَانَ يُقَالُ لَهٗ ذُو النُّوْرِ وَانْهَزَمَ الْمُسْلِمُوْنَ فَافْتَرَقُوْا فِرْقَتَيْنِ فَفِرْقَةٌ ذَهَبَتْ بِلَادَ الْخَزْرِ، وَفِرْقَةٌ سَلَكُوْا نَاحِيَةَ جِيْلَانِ وَجُرْجَانِ وَ فِيْ هٰؤُلَاءِ اَبُوْهُرَيْرَةَ

---

عہدِ صدیقی اور عہدِ فاروقی میں زیادہ تر تحصیلِ علم میں مشغول رہے۔ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے اپنے عہدِ خلافت (۲۹ھ) میں انہیں کوفہ کا گورنر مقرر کیا۔ اس عہدے پر وہ چار پانچ سال تک فائز رہے۔ اس عرصے میں انہوں نے شاندار عسکری کارنامے سرانجام دیے۔ ان میں طبرستان اور جرجان وغیرہ کی تسخیر شامل ہے۔ امارتِ کوفہ سے سبکدوش ہونے کے بعد وہ مدینہ منورہ واپس آ گئے۔ ۳۵ہجری میں باغیوں نے حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے مکان کا محاصرہ کیا تو حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے کچھ دوسرے صحابہ (بشمول حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ) سے مل کر کاشانۂ خلافت کی حفاظت کا فرض انجام دیا اور باغیوں سے ایک جھڑپ کے دوران میں شدید زخمی ہو گئے۔ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد وہ مکّہ جا کر گوشہ نشین ہو گئے۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں کچھ عرصہ مدینہ کے والی بھی رہے۔ باختلافِ روایت ۵۷ھ، ۵۸ھ یا ۵۹ھ میں مدینہ منوّرہ سے چند میل دور العقیق کے مقام پر اپنے مکان میں وفات پائی۔ نہایت دریادل اور سخی تھے۔ ان کی سخاوت اور جود و سخا کے بہت سے واقعات تاریخ میں محفوظ ہیں۔ ایک روایت کے مطابق عہدِ عثمانی میں انہوں نے قرآنِ کریم کی کتابت میں بھی حصہ لیا۔ اہلِ سِیَر نے ان کی جود و سخا کے علاوہ شرافت، شجاعت، عقل، دانش، فہم و تدبر اور وقار و حلم کی بے حد تعریف کی ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَسَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔

(البدایہ والنہایہ ص ۱۶۰ جلد سابع تحت سنۃ ۳۲ھ طبع مصر)(نیز تاریخ ابن جریر طبری ج ۵ ص ۸۷ تحت سنۃ ۳۲ھ طبع مصر قدیمی والکامل لابن اثیر ج ۳ ص ۶۶ تحت سنۃ ۳۲ھ طبع مصر)

علامہ ابنِ اثیرؒ نے ''تاریخ الکامل'' میں ایک جگہ لکھا ہے کہ آرمینیہ ۳۱ھ میں حضرت حبیب[1] بن مَسلَمہ فہری رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر فتح ہوا۔[1] اس صورت میں ۳۲ھ میں آرمینیہ پر دوبارہ چڑھائی کا سبب بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اہلِ آرمینیہ نے بغاوت کردی ہوگی۔ قیاس یہ ہے کہ آرمینیہ کی تسخیر کے لیے مختلف موقعوں پر دو تین مہمیں بھیجی گئیں۔ ان مہموں کے سنین کے بارے میں کچھ اختلاف ہے۔ بہرصورت یہ بات ثابت ہے کہ آرمینیہ جرجان وغیرہ کی تسخیر کے سلسلے میں جو لڑائیاں پیش آئیں۔ ان میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ شریک تھے۔ ان لڑائیوں سے فارغ ہوکر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ واپس آگئے اور پھر اپنی وفات تک کسی لڑائی میں شریک نہیں ہوئے' تاہم جذبۂ جہاد ان کے دل میں عمر بھر موجزن رہا۔ اس کا ثبوت ان سے مروی

---

[1] حضرت ابوعبدالرحمٰن حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ عنہ کا شمار قرنِ اوّل کے نامور فاتحین میں ہوتا ہے۔ واقدیؒ نے ان کے صحابی ہونے سے انکار کیا ہے لیکن امام بخاریؒ نے ان کو صحابہ میں شمار کیا ہے۔ سلسلۂ نسب یہ ہے:

حبیبؓ بن مسلمہ بن مالک اکبر بن وہب بن ثعلبہ بن وایلہ بن عمرو بن شیبان بن محارب بن فہر بن مالک فہری۔

حضرت حبیب رضی اللہ عنہ نے عنفوانِ شباب میں اسلام قبول کیا۔ عہدِ صدیقی اور عہدِ فاروقی میں شام میں رومیوں کے خلاف کئی معرکوں میں حصہ لیا۔ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے اپنے عہدِ خلافت میں ان کو آذربائیجان کا گورنر بنایا اور آرمینیہ کی تسخیر کا حکم دیا۔ انہوں نے عہدِ عثمانی میں اور بھی کئی معرکے سَر کیے۔ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان جنگ صفین ہوئی تو حضرت حبیب رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا۔ انہوں نے ۴۲ ہجری میں (بعہد خلافت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) وفات پائی۔

عہدِ عثمانی میں حضرت حبیب رضی اللہ عنہ نے رومیوں کے خلاف بہت سی مہموں کی قیادت کی۔ اسی بناء پر ''حبیب الرّوم'' کے لقب سے مشہور ہوگئے تھے۔ شام کے متعدد شاعروں نے اپنی رجزیہ نظموں میں ان کی شجاعت اور جانبازی کی بہت تعریف کی ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس حدیث سے ملتا ہے:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے غزوۂ ہند کا وعدہ لیا (کیا) تھا۔ مجھے اس غزوہ میں شریک ہونے کا موقع نصیب ہوا تو میں اپنی جان اور مال سے اس میں لڑوں گا۔ اگر اس میں قتل ہوگیا تو بہترین شہید ہوں گا اور اگر زندہ واپس آ گیا تو دوزخ سے آزادی کا پروانہ لیے ہوئے ابو ہریرہ ہوں گا۔''

(سُنَنِ نسائی جلد۲ص ۵۶ کتاب الجہاد، مُسنَدِ احمد جلد۱۲ص ۱۷)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# عہدِ رسالت کے بعد
# حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے شب و روز

یہاں ہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے جن شب و روز کا اجمالاً ذکر کر رہے ہیں' ان میں وہ شب و روز شامل نہیں ہیں جو انہوں نے میدانِ جہاد یا علمی سرگرمیوں میں گزارے۔ ان کی تفصیل الگ ابواب میں بیان کی گئی ہے۔

## حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں

بعض اربابِ سِیَر نے لکھا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے خلیفۃ الرّسول حضرت ابو بکر صِدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں ملکی معاملات میں کوئی حصہ نہیں لیا' اس لیے کہیں نمایاں طور پر نظر نہیں آتے۔ اس مدت میں وہ خاموشی کے ساتھ اشاعتِ حدیث میں مصروف رہے۔ لیکن ''مُسندِ احمد'' اور ''طبقات ابنِ سعد'' کی بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ کے تجربہ کے پیشِ نظر ان کو دوبارہ بحرین کا عامل مقرر کیا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی بحرین چلے گئے اور حضرت علاء رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر مرتدین کے خلاف جہاد کیا۔ مُسندِ احمد میں خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا گیا ہے کہ ''ہم نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی معیّت میں مرتدین کے خلاف جہاد کیا اور اس میں بھلائی پائی''[1]۔ اس روایت سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ فتنۂ ارتداد کے استیصال کے سلسلے میں جو لڑائیاں پیش آئیں ان میں سے

---

۱- مُسندِ احمد بن حنبل جلد ا صفحہ ۱۸۱

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بعض میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ شریک تھے۔

بعض روایات کے مطابق حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وفات (جمادی الآخر ۱۳ ہجری) کے وقت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت علاء رضی اللہ عنہ کے پاس بحرین میں تھے' لیکن یہ معلوم نہیں کہ حضرت علاء رضی اللہ عنہ نے ان کو کون سی ذمہ داری سونپ رکھی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ حکومت کی طرف سے کوئی ذمہ داری نہ سونپے جانے کی صورت میں بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کا کام اپنے ذمہ لے رکھا تھا جہاں بھی ہوتے اس ذمہ داری کو نباہتے رہتے تھے۔

## حضرت عُمرؓ فاروق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں

حضرت ابو بکر صِدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد حضرت عُمرؓ فاروق رضی اللہ عنہ مسند نشینِ خلافت ہوئے تو انہوں نے بھی حضرت علاء حضرمی رضی اللہ عنہ کو امارتِ بحرین کے منصب پر قائم رکھا۔ طبقات ابنِ سعدؒ کی ایک روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس زمانے میں بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قیام بحرین میں تھا۔(۱)

کچھ عرصہ بعد بصرہ کے نوآباد شہر کے والی حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ نے وفات پائی تو امیر المؤمنین نے ان کی جگہ حضرت علاء رضی اللہ عنہ کو بصرہ کا گورنر نامزد کیا۔ وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بحرین سے بصرہ کے لیے روانہ ہوئے لیکن راستے ہی میں ان کا وقتِ آخر آ پہنچا اور انہوں نے ''لباس'' کے مقام پر وفات پائی۔ امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ کو اطلاع ملی تو انہوں نے حضرت قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ کو بحرین کا گورنر مقرر کیا۔(۲) ادھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی حضرت علاء رضی اللہ عنہ کو سپردِ خاک

---

۱۔ ابنِ سعد کہتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علاء رضی اللہ عنہ کو ایک فرمان بھیجا۔ یہ فرمان ملتے ہی علاء رضی اللہ عنہ بحرین سے ایک جماعت کے ساتھ نکلے' اس میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابو بکرہ رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ (طبقات جلد ۴ صفحہ ۳۶۱)

۲۔ حضرت قُدامہ بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعلق قریش کی شاخ بنی جُمَح سے تھا۔ سلسلۂ نسب یہ ہے:
قُدامہؓ بن مظعون بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جُمَح (باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کر کے بحرین واپس آ گئے۔

ایک روایت یہ بھی ہے کہ امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے حضرت قُدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ کو بحرین کے تمام مالی امور (مالیات) کا نگران و امیر بنایا اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو احداث (خلافِ سُنّت اُمُور) کی روک تھام اور قیامِ صلوٰۃ پر متعیّن کیا۔ (اسلامی ہند کی عظمتِ رفتہ صفحہ ۴۹)

ابھی حضرت قدامہ رضی اللہ عنہ کو بحرین آئے ہوئے تھوڑے ہی دن ہوئے تھے کہ وہ ایک ابتلا میں مبتلا ہو گئے۔ اس ابتلا کے سلسلے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا ذکر بھی ایک گواہ کے طور پر آتا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ ایک دفعہ حضرت قُدامہ رضی اللہ عنہ کے دورِ امارت میں قبیلہ عبدالقیس کے ایک سردار جارود بن عمرو عبدی رضی اللہ عنہ[1] بحرین سے مدینہ آئے اور امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر حضرت قُدامہ رضی اللہ عنہ پر شراب پینے کا الزام لگایا اور ان پر حدِ شرعی جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ (ایک روایت میں ہے کہ حضرت جارود رضی اللہ عنہ کو بعض رومیوں نے بتایا تھا کہ ہم نے قُدامہ کو شراب پیتے دیکھا ہے۔ وہ اپنے گورنر کی یہ مبیّنہ لغزش برداشت نہ کر سکے اور ان کے خلاف شکایت لے

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

وہ دعوتِ توحید کے آغاز میں اسلام لائے اور اپنے بھائیوں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہجرت کر کے حبشہ گئے۔ چند سال بعد حبشہ سے مدینہ مُنوّرہ آئے اور سب سے پہلے غزوۂ بدر (رمضان المبارک ۲ ہجری) میں شریک ہونے کا شرفِ عظیم حاصل کیا۔ اس کے بعد اُحد، احزاب وغیرہ عہدِ رسالت کے دوسرے بیشتر غزوات میں بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب رہے۔

حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے عہدِ خلافت میں بحرین کا گورنر مقرر کیا' وہیں وہ افسوسناک واقعہ پیش آیا جس کے نتیجے میں ان پر حد جاری ہوئی۔ اس کے بعد ان کے تعلقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کشیدہ ہو گئے۔ (یہاں یہ ذکر کرنا بے محل نہ ہوگا کہ حضرت قدامہ رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بہنوئی تھے) لیکن کچھ عرصہ بعد دونوں بزرگوں میں صفائی ہو گئی۔ صلح کے لیے پہل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے ہوئی۔

۱۔ حضرت جارودؓ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبیلہ عبدالقیس کے سرداروں میں سے تھے۔ یہ قبیلہ بحرین میں آباد تھا۔ جارودؓ پہلے دینِ عیسوی کے پیرو تھے۔ ۹ ھ یا ۱۰ ھ میں اپنے قبیلے کے ایک وفد کے ساتھ مدینہ منورہ آئے اور بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر شرفِ اسلام سے بہرہ ور ہو گئے۔ (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کر مدینہ پہنچ گئے ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا' جو الزام تم قُدامہ پر لگا رہے ہو اس کا گواہ کون ہے؟

حضرت جارود رضی اللہ عنہ نے کہا' ابو ہریرہ اس کا گواہ ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بلا بھیجا۔ جب وہ حاضر ہوئے تو ان سے پوچھا' ابو ہریرہ! تم اس معاملے میں کس بات کی گواہی دیتے ہو؟

انہوں نے کہا' میں نے قُدامہ کو شراب پیتے ہوئے تو نہیں دیکھا البتہ نشہ کی حالت میں قے کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ (الاصابہ ج ۳ ص ۲۲۱)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا' صرف اتنی شہادت سے جرم ثابت نہیں ہوتا۔ مزید تحقیقات کے لیے انہوں نے حضرت قُدامہ رضی اللہ عنہ کو بحرین سے طلب کیا۔ جب وہ آئے تو حضرت جارود رضی اللہ عنہ نے ان پر حد جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا' تم شاہد ہو یا فریق؟

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

حضرت جارود رضی اللہ عنہ کا اصل نام بشر تھا اور کنیت ابو منذر تھی۔ وہ نہایت بہادر اور مہم جو آدمی تھے۔ قبولِ اسلام سے پہلے ایک دفعہ انہوں نے قبیلہ بکر بن وائل پر چھاپہ مارا اور اس کے تمام مویشی اور مال اسباب یہاں تک کہ سوئی سلائی بھی لُوٹ کر لے آئے۔ ''جرد'' کے معنی ''بے برگ و بار'' کے ہیں اس لیے جارود (بے برگ و بار کر دینے والا) ان کا لقب پڑ گیا۔ شعر و شاعری میں بھی درک رکھتے تھے۔ رسولِ اکرم ﷺ کی وفات کے بعد عہدِ صدیقی میں فتنۂ ارتداد نے زور پکڑا تو قبیلہ عبدالقیس بھی اس کی لپیٹ میں آ گیا۔ لیکن حضرت جارود رضی اللہ عنہ نہ صرف خود پوری استقامت کے ساتھ اسلام پر قائم رہے بلکہ اپنے قبیلے کو بھی ارتداد سے باز رکھنے کی پوری کوشش کی۔ ان کی مساعی کا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سے لوگ گمراہ ہونے سے بچ گئے۔ بعض روایات کے مطابق انہوں نے مرتدین کے خلاف کچھ لڑائیوں میں بھی حصہ لیا۔ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں انہوں نے بصرہ میں مستقل اقامت اختیار کر لی وہاں سے وہ ان مجاہدین میں شامل ہو گئے جو ایران میں مصروفِ جہاد تھے۔ انہوں نے باختلافِ روایت فارس یا نہاوند کی لڑائی میں مردانہ وار لڑتے رہے جامِ شہادت نوش کیا۔ اپنے پیچھے منذر نامی ایک بیٹا چھوڑا۔ حضرت جارود رضی اللہ عنہ اگرچہ عہدِ رسالت کے بہت آخر میں اسلام لائے تھے تاہم ان سے مروی چند احادیث کُتُبِ حدیث میں موجود ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


انہوں نے کہا، شاہد۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تو بس تم شہادت دے چکے، اب تمہیں خاموش رہنا چاہیے۔ اس وقت حضرت جارود رضی اللہ عنہ خاموش ہو گئے لیکن دوسرے دن پھر قسم دلا کر حضرت قُدامہ رضی اللہ عنہ پر حد جاری کرنے کے لیے اصرار کیا۔

اس اصرار پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کچھ شبہ ہوا اور انہوں نے فرمایا:

''جارود! تم اپنی زبان پر قابو رکھو ورنہ میں سختی سے پیش آؤں گا۔''

اس تنبیہ پر حضرت جارود رضی اللہ عنہ جوش میں آ گئے اور کہا:

''امیر المؤمنین! حق یہ نہیں ہے کہ آپ کا ابنِ عمّ شراب پیے اور آپ الٹا مجھ کو سختی کی دھمکی دیں۔''

اس موقع پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ آپ قُدامہ کی بیوی کو بھی بلا کر پوچھ لیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قُدامہ رضی اللہ عنہ کی بیوی ہند کو بلا کر پوچھا تو انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بیان کی تصدیق کی۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت قُدامہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ حد کے لیے تیار ہو جاؤ۔

حضرت قُدامہ رضی اللہ عنہ نے اپنی لغزش کا اقرار کیا بلکہ یہاں تک کہا کہ اگر ان سے اس لغزش کا ارتکاب ہو بھی گیا ہو تو ان پر سورۃ المائدہ کی آیۃ ۱۱ کے مطابق حد جاری نہیں کی جا سکتی تھی لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے فیصلے پر قائم رہے اور چند دن کے بعد ان پر حد جاری کر دی۔ ساتھ ہی ان کو امارتِ بحرین کی ذمہ داری سے سبکدوش کر دیا۔ (الاستیعاب ج ۲ ص ۵۴۷)

## امارتِ بحرین

حضرت قدامہ بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی معزولی کے کچھ عرصہ بعد امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بحرین کا امیر (عامل) مقرر فرمایا۔ اگرچہ ان کے زمانۂ امارت کے بارے میں جو روایتیں ملتی ہیں ان میں ابہام پایا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جاتا ہے' لیکن اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ عہدِ فاروقی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تقریباً ایک سال تک بحرین کے والی (عامل) رہے۔ اس منصب پر فائز ہونے کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا فقر و افلاس کا دَور ختم ہو گیا کیونکہ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ اپنے عُمّال کو معقول تنخواہیں دیا کرتے تھے۔ تقریباً ایک سال کے بعد امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے انہیں اس منصب سے سبکدوش کر کے مدینہ مُنوّرہ واپس بلا لیا۔

## بحرین سے واپسی کے بعد

بحرین سے واپسی کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جو کچھ پیش آیا اس کے بارے میں تاریخ و سِیَر کی کتابوں میں مختلف روایتیں ملتی ہیں۔ ان میں سے دو مشہور روایتیں یہ ہیں:

حضرت ابو سلمہؒ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کہتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ...... میں بحرین سے اپنے ساتھ پانچ لاکھ کی رقم ساتھ لایا (غالباً درہم) اور امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ رقم پیش کی تو انہوں نے پوچھا' یہ کتنا مال ہے؟ میں نے کہا' پانچ لاکھ۔ وہ (متعجب ہو کر) بولے' کیا تم جانتے ہو کہ پانچ لاکھ کتنے ہوتے ہیں؟ میں نے کہا' جی ہاں ایک لاکھ' ایک لاکھ' ایک لاکھ' ایک لاکھ اور ایک لاکھ۔

امیر المؤمنین نے کہا' (شاید) تم پر بے خوابی کے اثرات ہیں۔ اس وقت جاؤ صبح پھر آنا۔

چنانچہ دوسرے دن صبح کو میں حاضر ہوا اور کہا' امیر المومنین مجھ سے یہ مال لے لیجیے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دوبارہ پوچھا' یہ کتنا مال ہے؟

میں نے کہا' پانچ لاکھ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا' کیا یہ تمام رقم حلال ذرائع سے حاصل کی گئی ہے؟ میں نے کہا' میرے علم کے مطابق یہ تمام مال حلال کی آمدنی ہے۔

پس امیر المومنین نے (یہ رقم بیت المال کے لیے قبول کرتے ہوئے) اعلان کیا......

''اے لوگو! بے شک اس وقت ہمارے پاس کثیر مال آیا ہے۔

(کتاب الخراج از قاضی ابو یوسفؒ ص ۴۸-۴۹)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حافظ ذہبیؒ نے ''سیر اعلام النبلاء'' میں یہ روایت مختلف انداز میں بیان کی ہے' وہ لکھتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے چار لاکھ (درہم یا دینار) بحرین کا لگان جمع کر کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا تو انہوں نے پوچھا'

''تم نے کسی پر ظلم تو نہیں کیا؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا' نہیں۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سوال کیا' تم اپنے لیے وہاں سے کیا لائے؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا' بیس ہزار

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا' یہ مال تم نے کیسے حاصل کیا؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا' تجارت کے ذریعے۔

امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے فرمایا' اپنا راس المال رکھ لو اور باقی رقم بیت المال میں جمع کرا دو۔

دوسری روایت یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بحرین سے واپس آئے تو ان کے پاس دس یا بارہ ہزار روپے (درہم یا دینار) تھے (جنہیں وہ اپنی ذاتی آمدنی بتاتے تھے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا تم نے یہ رقم کہاں سے لی؟ انہوں نے کہا' میرے پاس کچھ گھوڑیاں تھیں ان کے یہاں بچے پیدا ہوئے (ان کو فروخت کیا) کچھ میرے غلام نے کما کر دی اور کچھ اپنی تنخواہوں سے بچائی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تحقیق کرائی تو جو کچھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا تھا وہ درست نکلا۔ (سیر اعلام النبلاء جلد ۲ ص ۶۱۲ البدایہ والنہایہ جلد ۸ ص ۱۱۱)

بعض روایات میں ہے کہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ سارا یا نصف مال لے کر بیت المال میں داخل کر دیا۔[1]

---

1۔ ابن عبدربہ نے ''عقد الفرید'' میں لکھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ میں نے تمہاری آمدنی کا حساب لگایا ہے۔ یہ رقم جسے تم اپنی (ذاتی) بتاتے ہو (باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو دوبارہ بحرین کی امارت پر بھیجنا چاہا تو انہوں نے یہ عہدہ قبول کرنے سے معذرت کر دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا' تم کو یہ عہدہ ناپسند ہے حالانکہ حضرت یوسف علیہ السّلام نے جو تم سے بہتر تھے' اس کے لیے خواہش کی تھی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا' امیر المومنین! یوسف علیہ السّلام نبی ابنِ نبی تھے' میں بے چارہ اُمیمہ کا بیٹا ابو ہریرہ ہوں۔ میں ان پانچ باتوں سے ڈرتا ہوں اسی لیے منصب امارت پر فائز ہونا پسند نہیں کرتا۔ ایک یہ کہ بغیر علم کے کچھ کہوں' دوسری یہ کہ حُجّتِ شرعی کے بغیر کوئی فیصلہ کر دوں' تیسری یہ کہ میری پیٹھ پر کوڑے پڑیں' چوتھی یہ کہ مجھے بے عزّت کیا جائے۔ پانچویں یہ کہ میرا مال ضبط کر لیا جائے۔ (البدایۃ والنّہایۃ ج ۸ ص ۱۱۱)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا جواب سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ خاموش ہو گئے اور ان کو دوبارہ بحرین جانے پر مجبور نہ کیا۔

## حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں

امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت میں مشرقی ممالک میں جو جہاد ہوا' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس میں حصہ لینے کے بعد مدینہ مُنوّرہ واپس آ گئے اور ہمہ تن حدیث کی اشاعت میں مشغول ہو گئے البتہ جب حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے خلاف شورش

---

(بقیہ صفحہ گزشتہ)

اس آمدنی سے زیادہ ہے۔ (جس کا میں نے حساب لگایا ہے۔) لہٰذا یہ بیت المال میں جمع کرا دو۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آپ کو یہ حکم دینے کا اختیار نہیں ہے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں زدوکوب کیا اور یہ رقم ان سے لے کر بیت المال میں داخل کر دی۔ (عقد الفرید جلد ۱ صفحہ ۳۴)

علامہ عجاج الخطیب نے اپنی کتاب "سوانح ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ" میں اس روایت پر کڑی تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بعض دوسرے عُمّال (حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کو بھی جب معزول کیا تھا تو ان سے نصف مال لے لیا تھا۔ یہ صحیح نہیں کہ امیر المومنین نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مارا پیٹا تھا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



برپا ہوئی اور باغیوں نے کاشانۂ خلافت کا محاصرہ کر لیا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بڑے پُرجوش طریقے سے لوگوں کو امیر المؤمنین کی امداد وحمایت پر آمادہ کرنے کی کوشش کی۔ اربابِ سِیَر کا بیان ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ان اصحاب میں شامل تھے جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دفاع کے لیے آئے تھے اور کاشانۂ خلافت میں موجود تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ سے اجازت لینے کے بعد ان سے مخاطب ہو کر کہا:

> ''میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' میرے بعد تم لوگ فتنہ اور اختلاف میں مبتلا ہو گے' ایک شخص نے پوچھا' یا رسول اللہ! اس دورِ فتن میں ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' تم کو اس وقت امین اور اس کے حامیوں کے ساتھ ہونا چاہیے۔''
>
> اس سے حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اشارہ تھا۔

(مُسندِ احمد بن حنبل جلد ۲ ص ۳۴۵۔ مستدرکِ حاکم جلد ۴ ص ۴۳۳)

امیر المؤمنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کریم النفسی کے درجۂ کمال پر تھے۔ انہوں نے اس وقت بھی اپنے حامیوں کو تلوار اٹھانے کی اجازت نہ دی۔ تاہم بقول ابنِ سعد و ابنِ اثیرؒ امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ کے بعض حامیوں نے باغیوں کو پیچھے دھکیلنے میں تلوار سے کام لے ہی لیا لیکن تقدیر کے لکھے کو کون ٹال سکتا ہے۔ کچھ باغی پچھلی طرف سے دیوار پھلانگ کر گھر کے اندر گھس آئے اور ضعیف العمر امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ کو نہایت بیدردی سے اس حالت میں شہید کر ڈالا کہ وہ تلاوتِ قرآن میں مشغول تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس سانحۂ جانگداز سے سخت صدمہ پہنچا اور انہوں نے دل برداشتہ ہو کر گوشہ نشینی اختیار کر لی۔

## حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں جو لڑائیاں پیش آئیں (جنگِ جمل و جنگِ صفّین) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ان سے یکسر کنارہ کش رہے اور اس حدیثِ نبویؐ پر عمل کیا جو خود ان سے مروی ہے:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ (میرے بعد یقیناً) فتنے برپا ہوں گے۔ ان میں بیٹھ رہنے والا شخص کھڑے ہونے والے سے بہتر ہے اور کھڑا رہنے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا۔ جس کو بھی ایسے فتنوں کا سامنا کرنا پڑے تو وہ ان کو دبانے کی کوشش کرے اور جس کو پناہ اور امن کی جگہ نظر آئے وہاں پناہ پکڑے۔"

(صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۰۴۸)

یا پھر اس حدیث نبوی ﷺ پر:......

"اے اہلِ عرب! اس شر سے آگاہ رہو جو جلد آنے والا ہے۔ کامیاب وہ ہوگا جس نے اپنے ہاتھوں کو باندھے رکھا۔" (ابوداود ج ۲ ص ۲۲۷)

اس دورِ فتن میں بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی اور بعض تو آبادی سے دور صحرا یا جنگل میں جا بسے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی فتنہ میں مبتلا ہونے کے خوف سے عزلت گزین ہو گئے تھے۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جنگِ صفین کے موقع پر حضرت ابوالدرداء انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مل کر اصلاح کی کوشش کی اور اس سلسلے میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دونوں سے ملے مگر انہیں اپنے مقصد میں کامیابی نہ ہوئی۔ اس کے بعد وہ یکسر گوشہ نشین ہو گئے۔

بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بعض موقعوں پر اہلِ مدینہ کو نماز پڑھائی۔

## حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں

۴۰ ہجری میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے شہادت پائی اور سیدنا حضرت حسن رضی اللہ عنہ سریر آرائے خلافت ہوئے۔ ۴۱ ہجری میں وہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں خلافت سے دست بردار

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہو گئے تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی۔

## امارتِ مدینہ

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مختلف صوبوں میں اپنے والی مقرر کیے تو مروان بن الحکم کو مدینہ منورہ کا والی مقرر کیا۔ امام احمدؒ بن حنبل اور حافظ ذہبیؒ کا بیان ہے کہ وہ جب مروان سے ناراض ہو جاتے تو اسے معزول کر دیتے اور اس کی جگہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ کا والی مقرر کر دیتے اور جب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کبیدہ خاطر ہوتے تو ان کی جگہ مروان کو مدینہ کا والی مقرر کر دیتے۔ (مُسندِ احمد ج ۱۳، ص ۲۳۶۔ سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۲۴۱)

ابنِ جریر طبریؒ کا بیان ہے کہ والی مدینہ مروان بن الحکم جب حج کے لیے جاتا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا نائب یا قائم مقام کر دیتا تھا۔ وہ اپنے زمانۂ امارت میں ۵۴ھ اور ۵۵ھ میں دو مرتبہ حج کے لیے گیا، اس نے ایک مرتبہ یا دونوں مرتبہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا جانشین بنایا۔ (تاریخ طبری ص ۲۲۸)

بہر صورت اس میں کوئی شبہ نہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں بعض موقعوں پر امارت مدینہ کے فرائض ضرور انجام دیے۔ صحیح مسلم کی اس روایت سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ "ابو رافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مروان نے مکہ جاتے وقت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو اپنا قائم مقام بنایا، انہوں نے ہمیں جمعہ کی نماز پڑھائی۔" (صحیح مسلم ج ۱ ص ۲۸۷)

## حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بحیثیت قاضی

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعض موقعوں پر کچھ مقدمات کے فیصلے کیے تھے۔ یہ فیصلے انہوں نے قاضی کی حیثیت سے کیے یا امیر کی حیثیت سے، اس کے بارے میں وثوق سے کچھ کہنا بہت مشکل ہے۔ ایسی تو کوئی شہادت نہیں ملتی جس سے ثابت ہوتا ہو کہ کسی خلیفہ نے ان کا تقرّر قاضی کی حیثیت سے کیا ہو، لیکن بعض کتابوں میں ان سے کچھ ایسے فیصلے منسوب ہیں جو ایک بااختیار امیر یا قاضی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہی کر سکتا تھا۔ ایسی تین مثالیں ہم یہاں پیش کرتے ہیں:

۱۔ ابو محمد بن نعیم کا بیان ہے کہ میں ایک دفعہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گیا۔ میں نے دیکھا کہ اچانک حارث بن الحاکم اندر آیا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تکیے سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئے۔ ان کا خیال تھا کہ حارث کسی ذاتی کام کے لیے آیا ہے۔ اسی وقت ایک دوسرا شخص آیا اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے سامنے بیٹھ کر کہنے لگا:

"حارث بن الحاکم کے مقابلے میں میری مدد کریں۔"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سمجھ گئے کہ اس شخص کا حارث بن الحاکم سے کوئی جھگڑا ہے۔ انہوں نے اسی وقت حارث بن الحاکم سے مخاطب ہو کر فرمایا:

"اٹھو اور اپنے فریق مخالف کے سامنے کھڑے ہو جاؤ۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّت ہے۔" (دفاع ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بحوالہ اخبار القضاۃ ج ۱ ص ۱۱۳)

۲۔ عمر بن خلدہ سے روایت ہے کہ ہم ایک شخص کے بارے میں، جو دیوالیہ ہو گیا تھا، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے کہا، میں وہی فیصلہ کروں گا جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جو شخص دیوالیہ ہو جائے یا مر جائے اور کوئی شخص بعینہٖ اپنا سامان اس کے ہاں پائے تو وہی شخص اس سامان کا زیادہ حقدار ہے۔ (ابوداؤد ج ۲ ص ۲۵۶، مسند احمد ج ۱۳ ص ۱۰۳)

۳۔ ابو میمون کہتے ہیں کہ میں ایک دفعہ اپنا اونٹ مسجد کے باہر باندھ کر خود اندر چلا گیا۔ اچانک ایک شخص آیا اور اس نے میرے اونٹ کی رسی کھول دی۔ میں جب باہر آیا تو اس کی اس حرکت پر مجھے اس قدر غصہ آیا کہ میں نے اس کو ماں کی گالی دی۔ وہ مجھے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا۔ انہوں نے حکم دیا کہ مجھ پر حدِ قذف جاری کی جائے۔ (دفاع ابو ہریرہ بحوالہ اخبار القضاۃ ج ۱ ص ۱۱۱)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# وادیٔ سینا کا سفر

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک دفعہ وادیٔ سینا کا سفر کیا اور کوہِ طور (جَبَلِ موسیٰ) کی زیارت کی۔ محدّثین نے یہ تصریح نہیں کی کہ وہ کس زمانے میں وہاں گئے۔ قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں ۳۲ ہجری سے پہلے کسی وقت وہاں گئے۔ اس سفر کا حال خود انہوں نے اس طرح بیان کیا ہے کہ:

''میں (ایک دفعہ) کوہِ طور کی طرف گیا۔ وہاں میری ملاقات کعب احبار[1] سے ہوئی۔ میں ان کے پاس بیٹھ گیا۔ انہوں نے میرے سامنے تورات میں سے کچھ بیان کیا اور میں نے ان کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی (کچھ) احادیث بیان کیں۔ ان میں ایک حدیث یہ بھی تھی کہ ان (تمام) دنوں میں جن میں آفتاب طلوع ہوتا ہے بہترین دن جمعہ کا ہے۔ اسی روز آدمؑ پیدا کیے گئے، اسی دن ان کو جنّت سے نکالا گیا، اسی روز ان کی توبہ قبول ہوئی، اسی دن وہ فوت ہوئے اور اسی دن قیامت قائم ہوگی اور کوئی چوپایہ ایسا نہیں

---

۱۔ حضرت کعب احبار کا شمار مشہور (اہلِ کتاب) تابعین میں ہوتا ہے۔ ان کی کنیت ابواسحٰق تھی اور خاندانی تعلق یمن کے حمیری خاندان کی شاخ ''آلِ ذی رعین'' سے تھا۔ قبولِ اسلام سے پہلے ان کا شمار یہود کے جیّد علماء میں ہوتا تھا۔ عہدِ رسالت میں موجود تھے اور ایک روایت کے مطابق اُسی زمانے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر (جب وہ یمن تشریف لائے) اسلام قبول کر لیا۔ (الاِصابہ جلد ۵ صفحہ ۳۲۲) لیکن معتبر روایت کی رو سے وہ حضرت عمرؓ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں مشرّف بہ اسلام ہوئے۔)

(طبقاتِ ابنِ سعد جلد ۷ ق ۲ ص ۱۵۶)

قبولِ اسلام کے بعد حضرت کعبؓ یمن سے مدینہ آ گئے اور عمِّ رسولؐ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے حلیف بن

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے جو جمعہ کی صبح سے آفتاب طلوع ہونے تک کان لگائے ہوئے نہ ہو (یعنی قیامت کے ہولناک دن کا منتظر نہ ہو) مگر جنّ اور انسان اس سے غافل ہیں اور جمعہ کے دن ایک ساعت ہے کہ اگر کوئی مسلمان بندہ اس کو پالے اور اس میں نماز پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے تو اللہ اس کی خواہش کو پورا کر دے گا۔ کعب احبار نے (یہ سن کر) کہا کہ یہ دن سال میں ایک مرتبہ آتا ہے۔ میں نے کہا' بلکہ یہ ساعت ہر جمعہ میں ہوتی ہے۔ یہ سن کر کعب نے تورات کو پڑھا اور کہا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد (مدینہ واپس آ کر) میں نے عبداللہ بن سلام[1] سے ملاقات کی اور کعب احبار سے جو گفتگو ہوئی تھی اس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کعب

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

گئے۔ مدینہ میں انہوں نے اکابر صحابۂ کرام ؓ (بالخصوص حضرت عمر ؓ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت صہیب ؓ) سے کتاب وسنت کی تعلیم حاصل کی۔ اس طرح وہ توراۃ کے ساتھ اسلامی علوم کے بہت بڑے عالم بن گئے۔ مدینہ میں کچھ مدت قیام کرنے کے بعد وہ شام چلے گئے اور حمص میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ وہیں ۳۲ھ میں وفات پائی۔

حضرت کعب احبارؒ یہود کے نامور علماء میں سے تھے' اس لیے یہودی مذہب کے بارے میں ان کی معلومات نہایت وسیع تھیں۔ بعض اکابر صحابہ بھی ان کی وسعتِ نظر کے معترف تھے اور بقول حافظ ذہبیؒ انہوں نے کعب سے اہلِ کتاب کے علوم سیکھے تھے۔ (تذکرۃ الحفاظ جلد ا صفحہ ۴۵)

حافظ ابنِ حجرؒ کا بیان ہے کہ اسرائیلیات میں حضرت ابو ہریرہ ؓ، حضرت معاویہ ؓ اور حضرت ابنِ عباسؓ نے حضرت کعبؒ سے استفادہ کیا۔ اسی طرح تابعین میں عطاءؒ بن ابی رباح' مالکؒ بن ابی عامر اَصبحیؒ' عبداللہؒ بن رباح انصاریؒ' عبدالرحمٰن بن شعیبؒ، عبداللہ بن حمزہ سلولیؒ وغیرہم ان سے فیض یاب ہوئے۔ چونکہ اسرئیلیات میں بہت سی بے سروپا حکایات شامل ہیں اس لیے کعبؒ کے ذریعے اسلامی لٹریچر میں بھی کچھ ایسی روایات داخل ہو گئیں۔ اسی بنا پر بعض ائمۂ حدیث کعب کی روایات کو مستند نہیں سمجھتے۔ تاہم بعض علماء نے ان کے تبحّرِ علمی کی بہت تعریف کی ہے۔ حافظ ذہبیؒ کہتے ہیں کہ وہ علم کا ظرف اور اہلِ کتاب کے بہت بڑے عالموں میں سے تھے۔ (تذکرۃ الحفاظ جلد ا صفحہ ۴۵) امام نوویؒ کہتے ہیں کہ کعب کے تبحّرِ علمی پر سب کا اتفاق ہے۔ اسی لیے وہ کعب احبار اور کعب الحبر کہے جاتے تھے' ان کے مناقب بکثرت ہیں اور ان کے اقوال بہت مشہور ہیں۔ (تہذیب الاسماء جلد ا ق ۲ صفحہ ۶۹)

۱۔ حضرت عبداللہ بن سلام ؓ کا شمار عظیم المرتبت (اہلِ کتاب) صحابہ میں ہوتا ہے۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے کہا تھا کہ یہ (قبولیتِ دعا والا) دن سال میں ایک مرتبہ آتا ہے..... عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ (یہ سن کر فوراً) بولے' کعب نے جھوٹ کہا...... پھر میں نے کہا کہ کعب نے اس کے بعد تورات کو پڑھا اور کہا کہ وہ ساعت (ہر) جمعہ کے دن ہوتی ہے۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا' کعب نے سچ کہا۔

اس کے بعد عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا' میں اس ساعت سے واقف ہوں۔ میں نے کہا تو پھر مجھ کو بتلایئے اور بخل نہ کیجیے۔

عبداللہ رضی اللہ عنہ بن سلام نے کہا' وہ ساعت جمعہ کے دن آخری گھڑی ہے۔ میں نے ان کی بات سن کر کہا کہ یہ جمعہ کے دن آخری گھڑی کیونکر ہو سکتی ہے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

وہ یہودِ مدینہ کے بہت بڑے عالم اور رئیس تھے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لائے تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر تین سوال پوچھے۔ آپ ﷺ نے ان کا جواب دیا تو فوراً اسلام لے آئے۔ ان کی قوم جو پہلے ان کی تعریفیں کرتی نہیں تھکتی تھی اب ان کی دشمن ہو گئی اور ان کو طرح طرح کے برے ناموں سے یاد کرنے لگی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا نام پہلے حصین تھا۔ حضور ﷺ نے بدل کر عبداللہ رکھا۔ غزوۂ خندق اور اس کے بعد کے تمام غزوات میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تھے۔ (بعض نے تو بدر اور احد میں بھی ان کو شریک بتایا ہے لیکن اس میں اختلاف ہے)

عہدِ فاروقی میں امیر المؤمنین حضرت عمرؓ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیت المقدس تشریف لے گئے تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کو بھی اپنے ساتھ لے گئے۔

امیر المؤمنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت کے اواخر میں باغیوں نے کاشانۂ خلافت کا محاصرہ کیا تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے ان کو فتنہ و فساد سے باز رکھنے کی بے حد کوشش کی لیکن انہوں نے ان کی بات نہ مانی اور امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ کی شہادت کا المناک سانحہ پیش آ گیا۔

حافظ ابنِ حجرؒ کا بیان ہے کہ:

''حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مرکزِ خلافت مدینہ سے کوفہ منتقل کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے انہیں کہلا بھیجا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منبر نہ چھوڑیے لیکن حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کا مشورہ قبول نہ کیا اور فرمایا' وہ بے چارے بہت نیک آدمی ہیں۔''

حضرت عبداللہ بن سلامؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۴۳ھ ہجری میں وفات پائی۔ ان سے ۲۵ احادیث مروی ہیں۔ بڑے عالم فاضل بزرگ تھے اور دینی مسائل میں فتویٰ دیا کرتے تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے فرمایا ہے کہ جو مسلمان بندہ اس ساعت کو پائے وہ اس میں نماز پڑھتا ہو (یعنی نماز پڑھ کر دعا مانگے) اور اس وقت جس کا تم نے ذکر کیا ہے نماز نہیں پڑھی جاتی۔

عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا' کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا ہے کہ جو شخص نماز کے انتظار میں اپنی جگہ بیٹھا رہے وہ گویا حالتِ نماز میں ہے یہاں تک کہ وہ نماز پڑھے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اس کے جواب میں کہا' ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں ہی فرمایا ہے۔

عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا' نماز سے مراد یہی ہے کہ وہ نماز کا انتظار کرے۔

(موطا امام مالک' سُنَنِ ابی داوٗد' جامع ترمذی' سُنَنِ نسائی)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# سفرِ آخرت

## مرض الموت

پہلی صدی ہجری کے ساتویں عشرے کے اواخر میں سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سخت بیمار ہو گئے۔ یہاں تک کہ جانبری کی امید نہ رہی۔ لوگ عیادت کے لیے آتے تو وہ اس حالت میں بھی امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ ادا کرتے' تاہم دنیا سے دل سرد ہو چکا تھا۔ حضرت ابو سلمہؒ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ عیادت کے لیے آئے[1] اور رواج کے مطابق ان کی صحت کے لیے دعا کی کہ اے اللہ ابو ہریرہ کو شفا عطا کر۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فوراً بولے:

۱۔ حضرت ابو سلمہ جلیل القدر صحابی حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ (یکے از عشرہ مبشرہ) کے صاحبزادے تھے۔ بقولِ بعض ان کا نام عبداللہ تھا اور کنیت ابو سلمہ تھی۔ لیکن بعض کے نزدیک ان کا نام ہی ابو سلمہ تھا۔ والدِ گرامی اور متعدد دوسرے اکابر صحابہ ﷺ کے فیضِ تربیت نے انہیں بہت بڑا عالم بنا دیا تھا۔ ان کا شمار مدینہ منورہ کے بہت بڑے فقہاء میں ہوتا تھا۔ امام نووی رحمتہ اللہ علیہ ان کے بارے میں کہتے ہیں کہ ابو سلمہؒ کی امامت اور جلالتِ قدر پر سب کا اتفاق ہے۔
حافظ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ "وہ بڑے ائمہ تابعین میں کثیر العلم' ثقہ اور عالم تھے۔" حضرت ابو سلمہؒ نے فقہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھرپور استفادہ کیا۔ حدیث میں انہوں نے اپنے والد گرامی کے علاوہ جن اکابر صحابہؓ و صحابیاتؓ سے استفادہ کیا' ان میں سے کچھ کے اسمائے گرامی یہ ہیں:
حضرت عثمانِ غنی ﷺ، حضرت طلحہ بن عبید اللہ ﷺ' حضرت انس بن مالک ﷺ' حضرت جابر بن عبداللہ ﷺ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما، حضرت ابو سعید خدری ﷺ، حضرت عبداللہ بن سلام ﷺ' حضرت ثوبان ﷺ، حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' امّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، امّ المومنین حضرت امِّ سلمہ رضی اللہ عنہا وغیرہم۔

(باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"اے اللہ! اب مجھے دنیا میں نہ لوٹا۔"

دو دفعہ یہ کلمات دہرائے۔ پھر حضرت ابوسلمہؒ سے مخاطب ہو کر فرمایا:

"ابوسلمہ! تمہارے بس میں ہو تو مرنے سے دریغ نہ کرو۔ مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے' وہ زمانہ دُور نہیں جب لوگ موت کو سرخ سونے کے ذخیرہ سے زیادہ محبوب سمجھیں گے۔ تم زندہ رہے تو دیکھو گے کہ جب آدمی کسی مسلمان کی قبر سے گزرے گا تو تمنا کرے گا کہ اے کاش بجائے اس کے میں اس قبر میں مدفون ہوتا۔"

(طبقات ابنِ سعد جلد۲ ص ۶۱' البدایہ والنّہایہ جلد ۸ ص ۱۱۲)

مرض الموت میں محاسبۂ آخرت کا خیال کر کے بہت روتے تھے۔ ایک دن لوگوں نے پوچھا کہ آپ روتے کیوں ہیں؟ تو فرمایا:

"میں اس دنیا کی دلفریبیوں کے چھوٹ جانے پر نہیں روتا' میں تو اس لیے روتا ہوں کہ سفر طویل ہے اور زادِ راہ کم۔ میں اس وقت جنّت اور دوزخ کے نشیب وفراز میں ہوں معلوم نہیں کس راستہ پر جانا پڑے (بالفاظِ دیگر مجھے معلوم نہیں کہ میری آخری منزل جنّت ہوگی یا جہنّم۔)"

## آخری وصیّت

جب آخری وقت آیا تو وصیّت کی:

---

(بقیہ صفحہ گزشتہ)

ان کے علاوہ بہت سے اکابر تابعین سے بھی فیض حاصل کیا۔ اس طرح فقہ اور حدیث میں ان کا پایۂ علمی بہت بلند ہو گیا تھا۔ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ خلافت میں کچھ عرصہ مدینہ منورہ کے عہدۂ قضا پر بھی فائز رہے۔ باختلافِ روایت ۹۴ھ یا ۱۰۴ھ میں وفات پائی۔ ان کے ارشد تلامذہ میں کچھ کے نام یہ ہیں:

امام شعبیؒ، ابو حازمؒ، امام زہریؒ، یحییٰ بن سعید انصاریؒ، عبدالرحمٰن الاعرجؒ، یحییٰ بن ابی کثیرؒ وغیرہم۔

نہایت حسین وجمیل تھے۔ چہرہ بے حد روشن اور سرخ وسفید تھا۔ سر اور ڈاڑھی کے بال سفید ہو گئے تھے۔ کبھی مہندی اور کبھی وسمہ کا خضاب لگاتے تھے۔ (تہذیب الاسماء' تہذیب التہذیب' تذکرۃ الحفاظ' طبقات ابنِ سعد)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''میری قبر پر خیمہ نہ لگانا' جنازہ کے پیچھے آگ لے کر نہ چلنا اور جنازہ لے جانے میں جلدی کرنا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ جب مؤمن کو چارپائی پر رکھا جاتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ مجھے جلدی لے چلو اور جب کافر یا فاجر کو چارپائی پر رکھا جاتا ہے تو وہ کہتا ہے' مجھے کہاں لے جارہے ہو۔ اگر میں نیکوکار ہوں گا تو جلد اپنے رب سے ملوں گا' اگر بدقسمت ہوں گا تو ایک بوجھ تمہاری گردن سے اتر جائے گا۔''

(الادب المفرد صفحہ ۱۷۷' طبقات ابنِ سعد جلد ۲ صفحہ ۶۲' الاصابہ جلد ۷ صفحہ ۲۰۶' البدایۃ والنہایۃ جلد ۸ صفحہ ۱۱۲)

## وفات

اسی وقت مروان بن الحکم ان کی عیادت کے لیے آیا اور ان کے لیے دعائے صحت کی تو فرمایا:

''اے اللہ! میں تیری ملاقات کا آرزومند ہوں تو بھی میری ملاقات پسند کر۔

حافظ ابنِ حجر عسقلانیؒ لکھتے ہیں کہ مروان اٹھ کر ابھی روئی کے بازار تک بھی نہ پہنچا تھا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پیکِ اجل کو لبیک کہا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْن۔ (الاصابہ جلد ۴ صفحہ ۲۱۰)

## جنازہ اور تدفین

جنازہ کے بعد ان کی وصیت کی پوری تعمیل کی گئی۔ نمازِ جنازہ اس وقت کے امیرِ مدینہ ولید بن عتبہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ اکابر صحابہؓ میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت ابو سعید خُدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنازہ میں شریک تھے۔ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جنازہ کے آگے آگے چل رہے تھے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دعائے مغفرت کرتے جاتے تھے۔ (بروایتِ دیگر وہ جنازے کے بائیں جانب کا اگلا حصہ تھامے ہوئے تھے اور تلقینِ ترحّم کثرت سے کرتے جاتے تھے۔) نمازِ جنازہ کے بعد حضرت عثمان ذوالنُّورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے صاحبزادوں نے چارپائی کو کندھا دے کر جَنَّتُ الْبَقِیْع پہنچایا اور اسلام کے اس رجلِ عظیم کو فنِ مہاجرین میں سپردِ خاک کر دیا۔

## سالِ وفات اور عمر

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سالِ وفات کے بارے میں تین اقوال ملتے ہیں۔ایک روایت کے مطابق وہ ۵۷ھ ہجری/۶۷۷ عیسوی میں فوت ہوئے۔دوسری کے مطابق ۵۸ ہجری/۶۷۸ عیسوی میں اور تیسری کے مطابق ۵۹ ہجری/۶۷۹ عیسوی میں انتقال کیا۔ان سب روایات کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ۵۷ھ ہجری والی روایت درست نہیں[1] کیونکہ جمہور اربابِ سِیَر کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رمضان المبارک ۵۸ھ ہجری میں فوت ہوئیں تو ان کی نمازِ جنازہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھائی۔(مولانا سید سلیمان ندویؒ نے ''سیرۃ عائشہ رضی اللہ عنہا'' میں لکھا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان دنوں مدینہ کے قائم مقام حاکم تھے) اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت حیات تھے اور انہوں نے رمضان المبارک ۵۸ھ ہجری کے بعد کسی وقت وفات پائی۔

حافظ ابنِ حجرؒ اور حافظ ابنِ کثیرؒ کے نزدیک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا سالِ وفات ۵۹ھ ہجری ہے۔۵۸ھ ہجری اور ۵۹ھ ہجری والی روایتوں میں اس طرح تطبیق ہو سکتی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ۵۸ھ ہجری کے بالکل آخر میں یا ۵۹ھ ہجری کے بالکل آغاز میں

---

[1] یہ روایت حضرت ہشام بن عروہؒ کی ہے لیکن جہاں وہ یہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ نے ۵۷ھ ہجری میں وفات پائی وہاں یہ بھی کہتے ہیں کہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ابوہریرہؓ دونوں نے ایک ہی سال وفات پائی۔دوسری طرف جب ہم دیکھتے ہیں کہ اربابِ سِیَر میں سے کسی نے اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا سالِ وفات ۵۷ھ ہجری بیان نہیں کیا تو لامحالہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ حضرت ابوہریرہؓ اُمّ المؤمنین کے سالِ وفات ۵۸ھ ہجری سے پہلے فوت نہیں ہوئے ......ان کی تاریخِ وفات ۱۷ رمضان المبارک ۵۸ھ ہجری کے بعد کی ہے' کیونکہ اس تاریخ کو اُمّ المؤمنین فوت ہوئیں اور ان کا جنازہ حضرت ابوہریرہؓ نے پڑھایا۔

(سیرۃ عائشہؓ از سید سلیمان ندوی' حضرت ابوہریرہؓ از محمد عجاج الخطیب)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وفات پائی۔ بعض علماء نے یہی خیال ظاہر کیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

یہاں یہ ذکر کرنا بے محل نہ ہوگا کہ واقدیؒ نے ایک روایت میں کہا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ماہِ شوال ۵۹ ہجری میں ام المومنین حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور اسی سال وہ خود بھی فوت ہوئے۔ ادھر مستند روایات کی رو سے اُمُّ المومنین حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سالِ وفات ۶۱ ہجری ثابت ہے۔ اس لیے اس بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی ہو۔ فی الحقیقت اُمُّ المومنین حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سالِ وفات بیان کرنے میں واقدیؒ کو تسامح ہوا۔ حافظ ابنِ حجرؒ نے بھی اس کی صراحت کی ہے۔

حافظ ابنِ کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ صحیح ترین قول کے مطابق حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد بقیدِ حیات رہی تھیں اور اکثر علماء اسی بات کے قائل ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۵۹ ہجری میں فوت ہوئے۔

(البدایہ والنہایہ ج ۸ صفحہ ۱۱۴، طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۶۴، تہذیب التہذیب جلد ۱۲ ص ۲۶۶)

اب رہا یہ سوال کہ ۵۸ ہجری یا ۵۹ ہجری میں وفات کے وقت حضرت ابو ہریرہؓ کی عمر کتنی تھی تو بیشتر سیرت نگاروں اور مؤرخین نے ان کی عمر اٹھتر سال بیان کی ہے۔ دوسری طرف جب ہم دیکھتے ہیں کہ خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وُرودِ مدینہ کے وقت اپنی عمر تیس سال سے کچھ اوپر بتائی ہے...... تو پھر ۵۸ ہجری یا ۵۹ ہجری میں وفات کے وقت ان کی عمر یقیناً ۸۷ سال سے اوپر تھی جیسا کہ ذیل کے نقشے سے معلوم ہوگا:

| مدینہ میں ورود کی تاریخ | | وفات کا امکانی سال | |
|---|---|---|---|
| قمری سال | شمسی سال | قمری سال | شمسی سال |
| محرم ۷ ہجری | مئی ۶۲۷ء | ۵۸ ہجری | ۶۷۸ء |

قمری (ہجری) سنہ کے حساب سے وُرودِ مدینہ (۷ ہجری) سے وفات (۵۸ ہجری) تک کا عرصہ: ۵۲ سال

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وُرُودِ مدینہ کے وقت عمر: ۳۰ سال

کل عمر: ۸۲ سال قمری

سنہ عیسوی کے حساب سے وُرُودِ مدینہ (۶۲۷ء) سے وفات (۶۷۸ء) تک کا عرصہ:

۵۱ سال

وُرُودِ مدینہ کے وقت عمر: ۳۰ سال

کل عمر: ۸۱ سال شمسی

اگر سالِ وفات ۵۹ ہجری/ ۶۷۸ عیسوی تسلیم کیا جائے تو پھر کُل عمر ایک سال اور بڑھ جاتی ہے۔ گویا سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر وفات کے وقت ہر حساب سے اسّی برس سے اوپر تھی۔

## پسماندگان سے حُسنِ سلوک

علّامہ ابنِ سعدؒ کا بیان ہے کہ حاکمِ مدینہ ولید بن عتبہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات سے مطّلع کیا تو انہوں نے ولید کو فرمان بھیجا کہ ابو ہریرہ کے پسماندگان کو دس ہزار درہم دے دو اور ان سے اچھا برتاؤ کرو کیونکہ ابو ہریرہ حامیانِ عثمان رضی اللہ عنہ میں سے تھے اور جب شورش پسندوں نے امیر المومنین شہید کے مکان کا محاصرہ کر رکھا تھا تو وہ ان کے گھر میں موجود تھے۔

(طبقات جلد ۲ صفحہ ۶۳)

امام حاکمؒ کا بیان ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ترکہ کے علاوہ بیت المال سے دس ہزار درہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ورثاء کو دلائے اور ولید بن عتبہ کو حُسنِ سلوک کی تاکید کی۔ (مستدرکِ حاکم جلد ۳ صفحہ ۵۰۸)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# مخصوص ذاتی حالات

## حُلیہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رنگ گندم گوں (گندمی) تھا (یعنی سفید اور سرخ)۔ دانت چمکدار' آگے کے دونوں دانتوں کے درمیان ذرا سا فاصلہ تھا۔ چھاتی چوڑی چکلی تھی۔ (دونوں مونڈھوں کے درمیان خاصی کشادگی تھی) سر پر زلفیں تھیں۔ یہ دو حصوں میں تقسیم ہو کر دونوں مونڈھوں پر پڑی رہتی تھیں۔ بال سفید اور ریشم کی طرح نرم تھے۔ ان میں باختلافِ روایت سرخ یا زرد خضاب کرتے تھے۔ ایک روایت میں تصریح کی گئی ہے کہ ڈاڑھی کو مہندی کا خضاب لگاتے جس سے وہ سرخ نظر آتی تھی۔

(سیر اعلام النبلاء' الاصابہ' سیر الصحابہ وغیرہ)

## لباس

طالب علمی کے زمانے میں تن ڈھانپنے کے لیے پورے کپڑے بھی بمشکل میسّر آتے تھے۔ بعد کی زندگی میں بھی لباس بالعموم سادہ ہوتا تھا۔ صرف دو رنگے ہوئے کپڑے استعمال کرتے تھے۔ آسودگی کے زمانے میں کبھی کبھی کتان وغیرہ کے قیمتی کپڑے بھی زیبِ تن کر لیتے تھے۔ (غالباً یہ تحدیثِ نعمت کے طور پر کرتے تھے) ایک دفعہ کتان کے (بیش قیمت) کپڑے میں ناک صاف کر کے (بروایتِ دیگر تھوک کر) فرمایا:......

"واہ وا ابوہریرہ! آج کتان کے کپڑے میں ناک صاف کرتے ہو (تھوکتے ہو) ایک زمانہ وہ تھا جب تم ...... رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرہ کے درمیان (بغیر پورے کپڑوں کے) پڑے رہتے تھے۔ لوگ آتے اور تجھے دیوانہ خیال کرتے حالانکہ تیری یہ حالت بھوک کی وجہ سے ہوتی تھی۔"

سر پر عمامہ باندھتے تھے۔ خباب بن عروہؒ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو سیاہ پگڑی باندھے دیکھا ہے۔

(طبقات ابن سعد ج ۲ ص ۵۳۔ سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۴۳۶)

## خانگی زندگی

کتبِ سِیَر سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صرف ایک بیوی کا پتہ چلتا ہے۔ قیاسِ غالب یہی ہے کہ انہوں نے عمر بھر میں صرف ایک شادی کی۔ یہ شادی بھی بقولِ صحیح عہدِ رسالت کے بعد کسی وقت ہوئی۔[1] بیوی کا نام بُسرہ بنتِ غزوان تھا جو مشہور صحابی حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہن تھیں[2]۔ وہ بڑی مالدار خاتون تھیں اور ایک معزز قبیلے "بنو مازن" سے تعلق رکھتی تھیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکثر اللہ کا شکر ادا کیا کرتے

---

[1] صحیح بخاری اور سنن نسائی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ بیان نقل کیا گیا ہے کہ ایک دفعہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا:
"یا رسول اللہ! میں ایک جوان آدمی ہوں، مجھے اپنے نفس سے ڈر ہے کہ کہیں گناہ میں ملوث نہ ہو جاؤں اور شادی کرنے کی استطاعت بھی نہیں ہے۔ پس آپ مجھے خصی ہونے کی اجازت دیں۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے میری بات سن کر سکوت فرمایا۔ میں نے پھر پوچھا یہاں تک کہ آخری بار میرے پوچھنے پر آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ اللہ تعالیٰ کو جو منظور ہے وہ ہو کر رہے گا خواہ تم خصی ہو یا نہ ہو (یعنی خصی ہونا یا نہ ہونا تمہاری مرضی پر منحصر ہے۔)"
اس ارشاد سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو اپنے نفس پر قابو پانے اور صبر کی تلقین کرنا تھا۔ چنانچہ انہوں نے اپنا زمانہ تجرد نہایت صبر وضبط اور پاکبازی کے ساتھ گزارا۔ (بخاری جلد ا صفحہ ۷۶۰/۷۵۹ نسائی جلد ۲ صفحہ ۶۹ مطبوعہ مصر)

[2] سیدنا حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار نہایت عظیم المرتبت صحابہ میں ہوتا ہے۔ ان کا تعلق "بنو مازن" سے تھا۔ سلسلۂ نسب یہ ہے:
عتبہ بن غزوان بن جابر بن وہب بن نسیب بن زید بن مالک بن حارث بن مازن بن (باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھے کہ ان کی شادی ایسے معزز خاندان میں ہوئی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ پہلے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے ملازم ہوا کرتے تھے۔ بعد میں ان کے شوہر ہو گئے۔

حافظ ابنِ حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ ان کے بارے میں لکھتے ہیں:

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

منصور بن عکرمہ بن خصفہ بن قیس بن عیلان بن مضر۔

ابن اثیرؒ کا بیان ہے کہ زمانہ جاہلیت میں ان کا خاندان مکہ میں قریش کے خاندان ''بنی نوفل بن عبدِ مناف'' کا حلیف تھا۔

حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعوتِ توحید کے اوائل ہی میں شرفِ اسلام سے بہرور ہو گئے اور اس طرح ''السّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ'' کی مقدّس جماعت کے رکن بن گئے۔ دوسرے مسلمانوں کی طرح جب وہ بھی کفارِ مکہ کے ظلم وستم کا نشانہ بنے تو دوسری ہجرتِ حبشہ (۶ ہجری بعدِ بعثت) میں مکّہ سے ہجرت کر کے حبش چلے گئے لیکن چند سال کے بعد وہاں سے مکہ واپس آ گئے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک مکّہ ہی میں تشریف فرما تھے۔ کچھ عرصہ کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکّہ سے ہجرت فرما کر مدینہ تشریف لے گئے لیکن حضرت عتبہ بن غزوان اور حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ تعالیٰ عنہما بعض دشواریوں کے باعث ایک عرصہ تک مدینہ جانے سے مجبور رہے۔ ہجرت نبوی کے کچھ عرصہ بعد جب اہل حق اور کفّارِ مکّہ میں باہم فوجی چھیڑ چھاڑ کا آغاز ہوا تو حضرت عتبہ رضی اللہ عنہ اور حضرت مقداد رضی اللہ عنہ قریش کے ایک متجسس دستے کے ساتھ مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔ اس دستے کی قیادت عکرمہ بن ابی جہل کر رہا تھا۔ راستے میں اس دستے کی مڈبھیڑ مجاہدین اسلام کے ایک دستے سے ہو گئی۔ اس دستے کے قائد حضرت عبیدہ بن الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ حضرت مقداد اور حضرت عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما موقع پا کر مسلمانوں سے مل گئے۔ مدینہ پہنچ کر حضرت عتبہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہؓ بن سلمہ عجلانی کے مہمان ہوئے۔ ابن سعدؒ کے بیان کے مطابق جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کے درمیان مواخاۃ قائم کرائی تو حضرت عتبہ رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو دجانہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دینی بھائی بنایا۔ غزوات کا آغاز ہوا تو حضرت عتبہ رضی اللہ عنہ بدر سے لے کر تبوک تک عہدِ رسالت کے تمام غزوات میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب رہے اور ہر معرکے میں اپنی شجاعت وبسالت کے جوہر دکھائے۔

حضرت عمرؓ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں ابلہ، بیسان اور ابرقباذ وغیرہ کئی مقامات فتح کیے اور پھر امیر المومنین رضی اللہ عنہ کے حکم کے مطابق شہر بصرہ کی بناء ڈالی۔

جب شہر آباد ہو گیا تو امیر المؤمنین حضرت عمرؓ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ کو بصرہ کا پہلا امیر (گورنر) مقرر کیا۔ وہ چھ ماہ تک نہایت حُسن وخوبی سے اپنے فرائضِ منصبی انجام دیتے رہے لیکن پھر طبیعت امارت کی ذمہ داریوں سے اچاٹ ہو گئی۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"بُسرہ بنت غزوان وہ خاتون ہیں جن کے ہاں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملازم تھے۔ بعد میں انہوں (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) نے ان سے شادی کر لی...... اسماء الرّجال کی کتابوں میں ان کا ذکر بہت کم آیا ہے۔" (الِاصابہ ج ۴ صفحہ ۲۵۲)

خود حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس شادی کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

"میں بُسرہ بنت غزوان کا پیٹ کی روٹی پر ملازم تھا (میرے ذمہ یہ کام تھا) کہ جب وہ سواری سے اترتی تو میں خدمت کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس سے میری شادی کرادی اور اسے میری بیوی بنا دیا۔ پس تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے دین کو زندگی (سہارا) بنا دیا اور ابوہریرہ کو امام (پیشوا) بنایا۔"

(طبقات ابنِ سعد ج ۴ صفحہ ۳۲۶)

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی ازدواجی زندگی سے بہت مطمئن اور خوش تھے۔

## اولاد

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے چار بچے عطا کیے۔ تین لڑکے اور ایک لڑکی۔ لڑکوں کے نام یہ تھے۔

محرزؒ (المحرّر)، عبدالرّحمٰن اور بلال

لڑکی کا نام کسی روایت میں نہیں ملتا البتہ اتنا پتہ چلتا ہے کہ ان کی شادی

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

۱۵ہجری میں حضرت مجاشع بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا جانشین بنا کر فرات کی طرف لشکر کشی کی ہدایت کی اور حضرت مغیرہؓ بن شعبہ ثقفی کو امامت کی خدمت سپرد کر کے حج کے لے مکّہ معظّمہ پہنچے وہاں امیر المؤمنین حضرت عُمرؓ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود تھے۔ ان کی خدمت میں اپنا استعفا پیش کیا لیکن انہوں نے اسے منظور نہ کیا اور انہیں واپس بصرہ جانے کی ہدایت کی۔ وہ مجبور ہو کر بصرہ کی طرف روانہ ہوئے تو ہاتھ اٹھا کر دعا کی "الٰہی مجھے بصرہ نہ پہنچانا۔ عمق قلب سے نکلی ہوئی یہ دعا قبول ہوئی اور حضرت عتبہ ؓ راستے میں اونٹ سے گر کر فوت ہو گئے۔ اس وقت ان کی عمر ۵۷ برس کی تھی۔

(طبقات ابنِ سعد۔ اُسدُ الغابہ۔ مُسندِ احمد وغیرہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رئیس التابعین حضرت سعید بن مسیب رحمتہ اللہ علیہ سے ہوئی تھی[1]

بڑے صاحبزادے حضرت محرّر رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے پدرِ بزرگوار نیز حضرت

---

[1] حضرت سعیدؒ بن مسیب رضی اللہ عنہ کا شمار نہایت عظیم المرتبت تابعین میں ہوتا ہے۔ وہ فقہاءِ سبعہ کی معزز جماعت کے ایک رکن تھے۔ رئیس التابعین' فقیہ الفقہاء اور افقہ التابعین ان کے القاب تھے۔ وہ حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت کے تیسرے یا چوتھے سال مدینہ مُنوّرہ میں پیدا ہوئے۔ خاندانی تعلق قریش کے خاندان بنو مخزوم سے تھا۔ ان کے والد حضرت مسیب رضی اللہ عنہ اور دادا حضرت حزن رضی اللہ عنہ دونوں شرفِ صحابیت سے بہرہ ور تھے۔

حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے بہت سے اکابر صحابہؓ وصحابیاتؓ سے کسبِ فیض کیا۔ ان میں سے کچھ کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت سعد بن ابی وقّاص رضی اللہ عنہ' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' اُمّ المومنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا' حضرت اسماء بنتِ عُمیس رضی اللہ عنہا' حضرت اُمّ سُلیم رضی اللہ عنہا۔

اتنے بزرگوں سے کسبِ فیض کر کے وہ بہت بڑے عالم بن گئے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ان کے خُسر تھے۔ اس نسبت سے وہ سب سے زیادہ ان سے فیض یاب ہوئے۔ چنانچہ ان کی مرویات کا بڑا حصہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی کی احادیث پر مشتمل ہے۔ حدیث اور فقہ ان کے خاص فن تھے۔ حافظہ نہایت قوی تھا۔ ابنِ عماد حنبلی کا بیان ہے کہ "حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات حدیث' تفسیر' فقہ' زہد و تقوٰی اور جملہ علمی اور عملی کمالات کی جامع تھی۔" فی الحقیقت وہ جملہ دینی علوم میں درجۂ تبحّر رکھتے تھے۔ تعبیرِ رؤیاء میں بھی کمال درجے کی مہارت تھی۔ عبادت اور ذکرِ الٰہی سے بے انتہا شغف تھا۔ قائم اللیل اور دائم الصّوم تھے۔ نماز باجماعت کا یہ اہتمام تھا کہ باختلافِ روایت چالیس یا پچاس سال میں ایک وقت کی نماز باجماعت بھی ناغہ نہیں ہوئی۔ کسبِ معاش کے لیے تجارت کا پیشہ اختیار کیا تھا اور اس میں انتہائی دیانت اور احتیاط سے کام لیتے تھے۔ نہایت راست باز اور حق گو تھے۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے مکّہ میں اپنی خلافت کا اعلان کیا تو انہوں نے بوجوہ ان کی بیعت نہ کی' اس پر مدینہ کے گورنر جابر بن اسود نے ان کو کوڑوں سے پٹوایا۔ حضرت ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو انہوں نے جابر کو ایک سخت خط لکھ کر حضرت سعیدؒ سے بدسلوکی کرنے پر سخت ملامت کی۔ عبدالملک بن مروان کے عہدِ خلافت میں بھی حکومت کے عتاب کا نشانہ بنے لیکن انہوں نے حکومت کا کوئی ایسا حکم نہ مانا جو ان کے نزدیک ناجائز تھا۔ اخلاق و عادات میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا نمونہ تھے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عمرِ فاروق رضؓ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حدیثیں روایت کی ہیں۔ ان سے ان کے بیٹے مسلم رحمتہ اللہ علیہ' ابنِ شہاب زہریؒ' مصعبؒ' عطاؒ' عکرمہؒ عامر شعبیؒ' ابنِ عقیلؒ عبداللہ بن محیرزؒ وغیرہ ہم روایت کرتے ہیں۔ یہ روایتیں مُسندِ احمد' سُننِ نسائی' دار قطنی' مستدرکِ حاکم اور معانی الآثار میں موجود ہیں۔ تاہم ان کی تعداد کچھ زیادہ نہیں۔ حضرت محرّ ر رحمتہ اللہ علیہ' حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمتہ اللہ علیہ کے عہدِ خلافت میں فوت ہوئے۔

علّامہ ابنِ سعدؒ نے ان کے بارے میں لکھا ہے:

"محرّ ر عمر بن عبدالعزیز رحمتہ اللہ علیہ کے زمانۂ خلافت میں مدینہ میں فوت ہوئے اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ ان کی مرویّات کی تعداد بہت کم ہے۔ (قلیل الحدیث ہیں)"

(دفاع عن ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ صفحہ ۱۶۱)

دوسرے بیٹے عبدالرحمٰن رحمتہ اللہ علیہ سے سلیمان المزنیؒ کے واسطہ سے روایت ثابت ہے۔ تیسرے بیٹے بلال رحمتہ اللہ علیہ سے کوئی روایت نہیں ملتی۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چوتھے بیٹے بھی تھے جن کا

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

حکمرانوں کی داد و دہش سے بالکل بے نیاز تھے۔ طبعاً بڑے نرم اور صلح پسند تھے لیکن حق بات کہنے میں کسی بڑے سے بڑے آدمی کی پروا نہیں کرتے تھے۔

ایک دفعہ اپنے ایک غریب لیکن صالح شاگرد کثیر بن ابی وداعہ کے بارے میں معلوم ہوا کہ ان کی اہلیہ فوت ہو گئی ہے تو اپنی نہایت عالمہ فاضلہ نا کتخدا بیٹی کا نکاح ان سے کر دیا اور بیٹی کو خود داماد کے گھر چھوڑ کر آئے۔ اس سے پہلے خلیفہ عبدالملک ان سے اپنے ولی عہد کے لیے اس صاحبزادی کا رشتہ مانگ چکا تھا۔ لیکن انہوں نے اس کی درخواست کمال بے نیازی سے ٹھکرا دی تھی۔

نہایت نیک دل اور مخلوقِ خدا کے خیر خواہ تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ کوئی عالم شریف اور باکمال ایسا نہیں ہے جس میں کوئی نہ کوئی عیب نہ ہو لیکن جس کی خوبیاں اس کی خامیوں سے زیادہ ہوں' اس کی خامیوں کی تشہیر نہیں کرنی چاہیے بلکہ اس کی خوبیوں کی وجہ سے درگزر کرنا چاہیے۔

حضرت سعید بن مسیّب رحمتہ اللہ علیہ نے طویل علالت کے بعد ۹۴ ہجری میں وفات پائی۔ انہوں نے اپنے پیچھے شاگردوں کی ایک کثیر تعداد چھوڑی۔ چند مشہور اور ممتاز شاگردوں کے اسماءِ گرامی یہ ہیں:

امام زہریؒ' امام باقرؒ' یحییٰ بن سعید انصاریؒ' سالمؒ بن عبداللہؒ بن عمرؓ' قتادہؒ' ابنِ منکدرؒ' عمرو بن مسلمؒ' شریکؒ بن ابی نمیر وغیرہم۔ (طبقات ابنِ سعد۔ تہذیب التہذیب۔ تذکرۃ الحفاظ وغیرہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نام محرز تھا۔ مولانا مفتی غلام الرحمٰن اپنی کتاب ''دِفاعِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' میں ان کے بارے میں لکھتے ہیں:

''یہ (محرز) بھی اپنے بھائی کی طرح والد سے روایت کرتے ہیں اور محرز کے بیٹے ابوعمر سالم بن محرز سے بھی چند روایات مروی ہیں۔ صبیح بن وہیب آپ سے روایت کرتے ہیں۔ (دفاع ابوہریرہ رضی اللہ عنہ صفحہ ۶۳)

لیکن جمہور اربابِ سِیَر نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صرف تین بیٹے ہی بتائے ہیں۔ واللہ اعلم بِالصَّواب۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اَخلاق و عادات

سیّدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے نہایت اعلیٰ اخلاق اور بے حد پاکیزہ عادات و خصائل سے نوازا تھا۔ ان کے گلشنِ اخلاق میں علم کی تحصیل اور اشاعت میں بے پناہ انہماک، خشیتِ الٰہی، خوفِ آخرت، حُبّ رسول ﷺ، شوقِ جہاد، اتّباعِ سُنّت، شغفِ عبادت، فقر و عفاف، انکسار، سادگی، حق گوئی، حُسنِ معاشرت، فیاضی، سیر چشمی اور خوش مزاجی سب سے خوش رنگ پھول ہیں۔ انہوں نے حصولِ علم کے لیے جو مشقتیں برداشت کیں اور جس طرح دن رات ایک کر دیے، تاریخ میں اس کی بہت کم مثالیں ملتی ہیں۔ پھر جو علم حاصل کیا اس کو اپنی ذات تک محدود نہ رکھا بلکہ زندگی بھر نہایت ذوق و شوق سے اس کی اشاعت کرتے رہے۔ ان کی علمی زندگی کے حالات ایک الگ باب میں بیان کیے گئے ہیں۔ اسی طرح ان کے شوقِ جہاد کی کیفیت بھی ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میدان جہاد میں'' کے عنوان کے تحت الگ بیان کر دی گئی ہے۔ ان کے اخلاق و عادات کے دوسرے پہلوؤں کی چند جھلکیاں ملاحظہ کیجیے:

## خَشیَتِ الٰہی اور خوفِ آخرت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ پر خشیتِ الٰہی کا بہت غلبہ تھا اور وہ خوف آخرت سے ہر وقت لرزاں و ترساں رہتے تھے۔ شُفیاّ الاصبحی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں مدینہ مُنوّرہ آیا۔ میں نے دیکھا کہ ایک شخص کے گرد بہت سے لوگ جمع ہیں۔ میں نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لوگوں سے پوچھا کہ یہ کون صاحب ہیں؟ لوگوں نے کہا ”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابو ہریرہ“...... میں بھی ان کے پاس جا کر ادب سے بیٹھ گیا۔ اس وقت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ لوگوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کر رہے تھے۔ جب وہ حدیثیں سنا چکے اور لوگ اٹھ کر چلے گئے تو میں نے عرض کیا:

”اے صاحب رسول ﷺ! مجھے (بھی) کوئی حدیث سنایئے جس کو آپ نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہو' سمجھا ہو اور جانا ہو۔“

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' میں تمہیں ایسی ہی حدیث سناؤں گا۔ یہ کہا اور چیخ مار کر بے ہوش ہو گئے۔ کچھ دیر کے بعد ہوش آیا تو کہا میں تم کو ایسی حدیث سناؤں گا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت بیان فرمائی جب میرے سوا کوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہ تھا...... یہ کہہ کر پھر چیخ ماری اور غش کھا کر منہ کے بل گر پڑے۔ میں بہت دیر تک ان کو سہارا دے کر بیٹھا رہا۔ جب ہوش آیا تو کہا' مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ بندوں کے فیصلے کرے گا تو سب سے پہلے اس کے سامنے تین آدمی پیش کیے جائیں گے۔ ایک قرآن کا عالم' دوسرا میدانِ جہاد میں لڑ کر مارا جانے والا اور تیسرا مال دار۔

اللہ تعالیٰ عالم سے پوچھے گا' کیا میں نے تجھے قرآن کی تعلیم کی توفیق نہیں دی تھی؟

وہ کہے گا' ہاں میرے اللہ

اللہ تعالیٰ فرمائے گا' کیا تو نے اس پر عمل کیا؟

وہ کہے گا' میں دن رات اس کی تلاوت کرتا تھا۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا' تو جھوٹا ہے' تلاوت اس لیے کرتا تھا کہ لوگ تجھے قاری کہیں سو ایسا ہی ہوا اور تو نے لوگوں سے قاری کا خطاب حاصل کر لیا۔

پھر اللہ تعالیٰ مالدار سے سوال کرے گا' کیا میں نے تجھے مال و دولت دے کر لوگوں کی احتیاج سے بے نیاز نہیں کر دیا تھا؟

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وہ کہے گا' بے شک میرے اللہ

اللہ تعالیٰ فرمائے گا' تو نے یہ مال کیسے صَرف کیا؟

وہ کہے گا' میں صلہ رُحمی کرتا تھا' صدقہ وخیرات کرتا تھا۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا' تو جھوٹا ہے' تیرا مقصد تو اس مال کے خرچ کرنے سے یہ تھا کہ لوگ تجھے بڑا سخی اور فیاض کہیں اور تیری آرزو کے مطابق لوگوں نے تجھے ایسا کہا۔

پھر اللہ تعالیٰ میدانِ جہاد کے مقتول سے پوچھے گا کہ تو کیوں قتل ہوا؟

وہ کہے گا' اے اللہ! تو نے اپنی راہ میں جہاد کا حکم دیا۔ پس میں نے جہاد کیا اور مارا گیا۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا' تو جھوٹ کہتا ہے تو نے میری راہ میں جہاد نہیں کیا بلکہ اس لیے لڑا کہ لوگ تجھے بہادر کہیں اور یہ خطاب تو لوگوں سے پا چکا۔

یہ حدیث بیان فرما کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے زانو پر ہاتھ مار کر فرمایا' ابو ہریرہ! سب سے پہلے ان تینوں کے لیے جہنّم کی آگ دہکائی جائے گی۔[1]

ایک دفعہ ان کی ایک حبشی خادمہ نے ان کو بہت پریشان کیا۔ غصے میں آ کر اس کو مارنے کے لیے چابک اٹھایا لیکن خوفِ آخرت غالب آ گیا۔ چابک ہاتھ سے رکھ کر فرمانے لگے اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ قیامت کے دن مجھ سے بدلہ لیا جائے گا تو میں تمہیں اس چابک کے ساتھ مارتا' جاؤ میں نے اللہ کی رضا کی خاطر تمہیں آزاد کیا۔

(البدایہ والنّہایہ ج ۸ صفحہ ۱۱۲)

ایک دفعہ ان کی بیٹی نے کہا' ابا جان! لڑکیاں مجھے طعنے دیتی ہیں کہ تمہارے والد تمہیں زیور کیوں نہیں پہناتے۔ فرمایا' بیٹی ان سے کہو کہ میرا باپ اس بات سے ڈرتا ہے کہ کہیں مجھے جہنّم کی آگ میں نہ جلنا پڑے۔ (البدایہ والنّہایہ ج ۸ صفحہ ۱۱۱)

---

[1] یہ روایت ترمذی کی ہے

(جامع ترمذی باب ما جاء فی الریاء والسمعة عن شقیا الاصبحی صفحہ ۲۱)

صحیح مسلم میں یہ حدیث ذرا مختلف طریقے سے بیان کی گئی ہے لیکن مفہوم ایک ہی ہے (اسی کتاب میں دیکھیے مرویاتِ ابوہریرہؓ حدیث ۱۴)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


وفات سے پہلے علالت کے دوران میں بہت روتے تھے۔ لوگوں نے رونے کا سبب پوچھا تو فرمایا' میں اس لیے روتا ہوں کہ آخرت کا سفر طویل ہے اور میرے پاس زادِراہ کم ہے' اس وقت جنّت ودوزخ کے نشیب وفراز میں ہوں' معلوم نہیں کس راستے پر جانا پڑے۔ (طبقات ابنِ سعد ج ۲ صفحہ ۶۲)

## حُبِّ رسول ﷺ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ عقیدت اور محبت تھی۔ وطن سے ہجرت کے بعد حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دامنِ اقدس سے ایسے وابستہ ہوئے کہ آپ ﷺ سے تھوڑی دیر کی جدائی بھی شاق گزرتی تھی۔ عہدِ رسالت میں وہ کچھ مدت کے لیے حضرت علاء بن عبداللہ حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بحرین گئے۔ حضور ﷺ سے یہ جدائی انہوں نے آپ ﷺ کے حکم کی تعمیل میں برداشت کی۔ ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا:

"یارسول اللہ! آپ کا دیدار میری زندگی اور آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔"

(مُسندِ احمد جلد ۲ صفحہ ۴۹۳)

وہ زیادہ سے زیادہ وقت بارگاہِ رسالت میں گزارتے تھے اور آپ ﷺ کی زیارت' معیّت اور خدمت کو اپنی زندگی کی سب سے بڑی سعادت سمجھتے تھے۔ وہ ہر اس شخص سے بھی محبت کرتے تھے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عزیز ہوتا تھا۔

ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سامنے اپنے نواسے سیّدنا حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی گود میں اٹھا کر فرمایا:......

"الٰہی میں اس کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی اس کو محبوب رکھ اور اس کے محبوب رکھنے والے کو بھی محبوب رکھ۔"

ایک دفعہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملے اور کہا' ذرا اپنے پیٹ پر سے کپڑا تو اٹھایئے میں اس پر اُس جگہ بوسہ دوں گا جس کو چُومتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ انہوں نے کپڑا اٹھایا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان کی ناف پر بوسہ دیا۔ (مُسندِ احمد ج ۱۳ صفحہ ۱۹۵)

ایک دن رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بات پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تنبیہ کے لیے چابک اٹھایا (لیکن پھر اسے رکھ دیا)۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا:

"اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجھے یہ چابک مارتے تو یہ سزا میرے لیے سرخ اونٹوں کے مل جانے سے بھی بہتر ہوتی۔ مجھے امید ہے کہ میں مؤمن ہوں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا میرے حق میں مقبول ہے۔"

(البدایۃ والنہایۃ ج۔۸ صفحہ ۱۰۵)

سیّدنا حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وفات پائی تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روتے ہوئے پکار پکار کر کہتے تھے' لوگو! آج جی بھر کر رولو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب دنیا سے رخصت ہو گیا۔ (تہذیب التہذیب جلد ۲ صفحہ ۳۰۱)

ایک دفعہ ان کے سامنے بکری کا بھنا ہوا گوشت پیش کیا گیا۔ انہوں نے یہ کہہ کر اس کے کھانے سے معذرت کر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے رخصت ہو گئے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی جو کی روٹی بھی سیر ہو کر نہ کھائی۔ (صحیح بخاری کتاب الاطعمہ)

## اِتّباعِ سُنّت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شبانہ روز فیضِ صحبت نے ایک ایسا مثالی مردِ مومن بنا دیا تھا کہ وہ ہر کام میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حَسَنہ کو پیشِ نظر رکھتے تھے۔ عبادات میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلتے تھے اور معاملات میں بھی لفظ بہ لفظ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی تعمیل اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے طرزِ عمل کا اِتّباع کرتے تھے۔ ساتھ ہی لوگوں کو بھی برابر اس کی تلقین کرتے رہتے تھے۔ کسی کو کوئی خلافِ سُنّت کام کرتے دیکھتے تو فوراً ٹوک دیتے اور جو کچھ اس بارے میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہوتا سنا دیتے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایک دفعہ کسی مجلس میں تشریف لے گئے اور حاضرینِ مجلس سے فرمایا' ہم میں سے جس شخص نے اپنے اقارب سے قطع تعلق کر رکھا ہو وہ جا کر اس کا ازالہ کرے۔ ان کی بات سن کر کوئی شخص بھی نہ اٹھا۔ جب انہوں نے تین مرتبہ اپنے الفاظ دہرائے تو ایک نوجوان مجلس سے اٹھ کر چلا گیا۔ اس نے دو سال سے اپنی پھوپھی سے قطعِ تعلق کر رکھا تھا' سیدھا پھوپھی کے پاس پہنچا' اس نے پوچھا' بھتیجے تم یہاں کیسے؟ کہنے لگا' میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ سنے ہیں۔

پھوپھی نے کہا' جاؤ ابوہریرہ (رضی اللہ عنہ) سے پوچھو کہ انہوں نے یہ الفاظ کیوں کہے؟ نوجوان حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گیا اور ان سے پوچھا کہ آپ نے یہ الفاظ کس بناء پر کہے۔ انہوں نے فرمایا:......

"میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بنی آدم کے اعمال ہر جمعرات کے پچھلے پہر بارگاہِ ربّ العزّت میں پیش کیے جاتے ہیں جس نے کسی سے قطعِ تعلق کیا ہو' اس کے اعمال کو قبول نہیں کیا جاتا۔"

(الادب المفرد صفحہ ۳۵)

ایک دفعہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ دو شخص اکٹھے جا رہے ہیں۔ انہوں نے ان میں سے ایک شخص سے پوچھا' تمہارا ساتھی کون ہے۔ اس نے کہا' میرے والد ہیں۔ فرمایا' ان کا نام لے کر نہ بلایا کرو' ان کے آگے مت چلو' ان سے پہلے مت بیٹھو۔

(الادب المفرد صفحہ ۳۰)

حضرت ابوسلمہؒ کہتے ہیں...... "میں نے دیکھا کہ حضرت ابوہریرہ نے سورۃ الانشقاق پڑھتے وقت سجدۂ تلاوت کیا۔ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ نے یہاں سجدہ کیوں کیا؟" انہوں نے جواب دیا' "اگر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کرتے ہوئے نہ دیکھتا تو سجدہ نہ کرتا۔" (صحیح بخاری ج ۱ صفحہ ۱۴۶)

"مُسندِ احمد" میں یہ روایت حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کی زبانی اس طرح نقل ہوئی ہے:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''میں نے ابوہریرہ کے پیچھے عشاء کی نماز پڑھی۔ اس میں انہوں نے سورہ الانشقاق پڑھی اوراس میں سجدۂ تلاوت کیا۔ (نماز سے فارغ ہوکر) میں نے ان سے پوچھا کہ آپ نے یہاں سجدۂ تلاوت کیوں کیا' تو انہوں نے کہا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز پڑھی تھی اور آپ ﷺ نے بھی اس سورہ میں آیت وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ پڑھ کر سجدہ کیا تھا۔ اس لیے میں تو اس میں سجدۂ تلاوت کرتا رہوں گا۔''

(مُسندِ احمد ج ۱۲ صفحہ ۱۲۲)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین باتوں کی وصیت فرمائی تھی۔ میں انہیں ہرگز ترک نہیں کروں گا۔

۱۔ ہر ماہ میں تین روزے رکھنا۔

۲۔ سونے سے پہلے وتر ادا کرنا۔

۳۔ جمعہ کے روز غسل کرنا۔ (مُسندِ احمد ج ۱۳ صفحہ ۱۹۴)

ایک دفعہ عثمان نہدیؒ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آپ (نفلی) روزے کیسے رکھتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا' میں (رمضان المبارک کے پورے روزوں کے علاوہ) ہر مہینے کے آغاز میں تین روزے رکھتا ہوں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے تھے۔ (مُسندِ احمد ج ۱۲ صفحہ ۱۰۸۔ البدایہ والنہایہ ج ۸۔ صفحہ ۱۱۲)

عبیداللہؒ بن ابی رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مروان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں اپنا جانشین مقرر کیا اور خود مکّہ چلا گیا۔ اس دوران میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں جمعہ کی نماز پڑھائی۔ پہلی رکعت میں سورۂ ''الجمعہ'' اور دوسری میں سورۂ ''المنافقون'' پڑھی۔

عبیداللہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا' آپ نے جمعہ کی نماز میں وہی سورتیں پڑھیں جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوفہ میں جمعہ کی نماز میں پڑھا کرتے تھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (نمازِ جمعہ میں) یہ سورتیں پڑھتے سنا تھا۔"

(سُنَنِ ترمذی ج۔ا صفحہ ۹۴)

ایک دفعہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نماز کی قرأت کے بارے میں پوچھا۔ انہوں نے فرمایا:

"قرأت ہر نماز میں کی جاتی ہے۔ جس نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہراً پڑھا اس میں ہم بھی جہراً پڑھتے ہیں جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرّاً قرأت کی اس میں ہم بھی سرّاً قرأت کرتے ہیں۔"

(البدایۃ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۱۱)

حضرت حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے۔ میں ان کی عیادت کے لیے گیا تو دیکھا کہ لوگ اس کثرت سے ان کی عیادت کے لیے آئے کہ سارا گھر بھر گیا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ازراہِ انکسار اپنے پاؤں سمیٹ لیے اور فرمایا:

www.KitaboSunnat.com

"ایک دن ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت لیٹے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دیکھ کر اسی طرح پاؤں سمیٹ لیے جیسا کہ اس وقت میں نے اپنے پاؤں سمیٹ لیے ہیں۔ پھر ہم سے فرمایا کہ لوگ تمہارے پاس علم حاصل کرنے کے لیے آئیں گے، تم ان کے ساتھ اچھی طرح پیش آنا۔ ان کو مبارکباد دینا اور علم سکھانا۔"

(سنن ابنِ ماجہ باب الوصاۃ بطلبۃ العلم صفحہ ۲۲)

ایک دفعہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی مجلس میں موجود لوگوں کو یہ حدیث سنائی:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تمہارا پڑوسی تم سے اپنا شہتیر تمہاری دیوار پر رکھنے کی اجازت مانگے تو اسے روکو نہیں۔"

یہ حدیث سن کر وہ لوگ چون و چرا کرنے لگے۔ یہ دیکھ کر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' کیا بات ہے کہ تمہیں اس حدیث پر عمل کرنے سے گریزاں دیکھ رہا ہوں' واللہ میں تمہیں اس کا پابند کر کے چھوڑوں گا۔[1]

## شغفِ عبادت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عبادت اور ذکر الٰہی سے خاص شغف تھا۔ رات کو اٹھ کر خود بھی عبادت کیا کرتے تھے اور گھر والوں کو بھی شب بیدار بناتے تھے۔ حافظ ذہبیؒ نے "سیرا اعلام النبلاء" میں ابو عثمان نہدیؒ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ میں سات دن حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مہمان رہا۔ میں نے دیکھا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ان کی اہلیہ اور ان کا غلام رات کو باری باری جاگ کر عبادت کیا کرتے تھے۔

مُسندِ احمد بن حنبلؒ میں ہے کہ (جس زمانے میں) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کنبہ تین آدمیوں پر مشتمل تھا۔ ایک خود دوسری اہلیہ اور تیسرا خادم۔ یہ تینوں ہر رات کو باقاعدگی کے ساتھ باری باری اٹھ کر ایک ایک تہائی شب میں نماز پڑھا کرتے تھے۔ ایک ختم کر کے دوسرے کو جگا دیتا۔ دوسرا تیسرے کو اسی طریقے سے تینوں کی ساری رات عبادت میں گزر جاتی تھی۔

صحیح مسلم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اشراق کی نماز پڑھنے کی

---

[1] پڑوسی کے اس حق کے بارے میں فقہا میں اختلاف ہے۔ بعض نے اسے واجب قرار دیا ہے اور بعض اسے مستحب قرار دیتے ہیں۔ امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ پہلے مسلک کے حامی ہیں لیکن بقول امام خطابیؒ عام علماء کے نزدیک یہ کام پڑوسی کے ساتھ حُسنِ سلوک اور استحباب کے درجہ میں آتا ہے اور کسی کو حکماً اس پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ امام احمدؒ تو یہاں تک کہتے ہیں کہ حاکم یا قاضی کا فرض ہے کہ وہ اس کو واجب جانتے ہوئے فیصلہ کرے اور اگر ایک پڑوسی اپنی دیوار پر دوسرے پڑوسی کو شہتیر رکھنے کی اجازت نہ دے تو حاکم یا قاضی اسے حکماً اس بات پر مجبور کریں۔ (مُسندِ احمد ج ۲ صفحہ ۲۷۰' معالم السنن)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وصیت فرمائی تھی۔ چنانچہ وہ زندگی بھر یہ نماز پابندی سے پڑھتے رہے۔ (مسلم کتاب الصلوٰۃ)

رمضان المبارک کے فرض روزوں کے علاوہ ہر مہینے کے شروع میں تین روزے بالالتزام رکھتے تھے اگر کسی وجہ سے شروع میں نہ رکھ سکتے تو مہینے کے آخر میں رکھ لیتے تھے۔

اکثر تسبیح وتہلیل میں مصروف رہتے تھے۔ ایک تھیلی میں کنکریاں اور کھجور کی گٹھلیاں بھری رہتی تھیں جن پر تسبیح پڑھا کرتے تھے۔ جب تھیلی ختم ہو جاتی تو اپنی خادمہ کو حکم دیتے وہ پھر اسی تھیلی میں کنکریاں اور گٹھلیاں بھر لاتی۔ روزانہ بارہ ہزار تسبیحیں پڑھا کرتے تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ میں اپنے گناہوں کے برابر تسبیح پڑھتا ہوں۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ نے اپنی آسودگی کے زمانے میں گھر میں عبادت کے لیے چار جگہیں بنا رکھی تھیں۔ ایک تہہ خانہ میں دوسری رہائشی مکان میں تیسری اپنے حجرے میں اور چوتھی گھر کے دروازے کے پاس۔ وہ گھر میں آتے جاتے اس میں نفلی نماز پڑھا کرتے تھے۔ (البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۱۱۰)

حضرت نعیم بن عبداللہ کا بیان ہے کہ ایک دن حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مسجد کی چھت پر وضو کر رہے تھے۔ میں نے دیکھا کہ انہوں نے وضو کرتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو شانوں تک دھویا۔ پھر مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری اُمّت کے لوگ اپنے بدن کے جو حصے وضو میں دھوتے ہیں وہ قیامت کے دن چمکیں گے۔ اس لیے تم لوگوں سے جہاں تک ہو سکے اپنے بدن کے حصوں کی چمک بڑھاؤ۔ (مُسندِ احمد بن حنبل جلد ۲ صفحہ ۲۳۴)

مضارب بن جزءؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رات کو میں باہر نکلا تو کسی کے زور زور سے تکبیریں کہنے کی آواز میرے کانوں میں آئی۔ قریب جا کر دیکھا تو حضرت ابوہریرہ (رضی اللہ عنہ) تھے۔ میں نے ان سے پوچھا' اس وقت آپ کیوں تکبیریں کہہ رہے ہیں؟ کہنے لگے' اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر رہا ہوں کہ ایک وہ وقت تھا جب میں بُسرہ بنتِ غزوان کے پاس پیٹ کی روٹی پر ملازم تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ دن دکھایا کہ وہ میرے عقد میں آ گئی۔

(الاِصابہ جلد ۷ صفحہ ۲۰۶)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فقر و عفاف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کے دو دَور تھے۔ پہلا دَور سخت تنگ دستی اور افلاس کا تھا۔ دوسرا دَور آسودہ حالی اور تموّل کا تھا۔ پہلے دور میں انہوں نے سخت مصیبتیں برداشت کیں اور شدید فقر و فاقہ سے دوچار رہے۔ مسلسل فاقوں کی وجہ سے کئی بار غش کھا کر گر پڑتے یا پیٹ کے بَل کنکریوں پر لیٹ جاتے کیونکہ کمر سیدھی نہ کر سکتے تھے۔ بعض اوقات پیٹ پر پتھر باندھ لیتے تھے۔ ان ساری تکلیفوں کے باوجود صبر و قناعت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا' جو کچھ کھانے کو مل جاتا' اسی پر قناعت کر لیتے۔ جب کچھ بھی نہ ملتا تو فاقہ کرتے یا روزہ رکھ لیتے۔ ایک دن ان کے پاس پندرہ کھجوریں تھیں۔ انہوں نے پانچ کھجوروں سے روزہ افطار کیا' پانچ سحری کے وقت کھا لیں اور پانچ روزہ افطار کرنے کے لیے باقی رکھ لیں۔ ان کے داماد حضرت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ باہر سے گھوم پھر کر گھر آتے تو اہلِ خانہ سے پوچھتے کہ کھانے کے لیے کوئی چیز موجود ہے؟ اگر اہلِ خانہ نفی میں جواب دیتے تو وہ فرماتے میں نے روزہ رکھ لیا۔

(حلیۃ الاولیاء جلد ۱ صفحہ ۳۸۲)

کئی دفعہ ایسا ہوتا کہ جب بھوک ان کو بہت ستاتی تو غش کھا کر گر پڑتے اور منبرِ نبوی اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے کے درمیان پڑے رہتے۔ گزرنے والوں کے پاؤں ان کی گردن پر پڑتے تھے اور وہ سمجھتے تھے کہ ابو ہریرہ (رضی اللہ عنہ) کو جنون ہو گیا ہے۔ (یا وہ آسیب زدہ ہو گئے ہیں) کبھی کوئی شخص ان کے سرہانے بیٹھ کر اس خیال کا اظہار کرتا اور ان کو ہوش آ جاتا تو کہتے' نہیں بھائی وہ بات نہیں جو تم سمجھتے ہو میری یہ حالت صرف بھوک کی وجہ سے ہوئی ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الاعتصام' طبقات ابن سعد جلد ۲ صفحہ ۵۳) (سیر اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۲۶)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فقر و فاقہ کے کئی واقعات پچھلے صفحات میں بھی بیان کیے جا چکے ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## سادگی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کا دوسرا دور آسودگی اور خوش حالی کا تھا لیکن وہ فطرتاً سادہ مزاج تھے۔ اس دور میں بھی اپنی سادہ وضع قائم رکھی۔ مدینہ کی امارت کے زمانے میں شہر سے نکلتے تو گدھا سواری میں ہوتا' اس پر نمدے کا پالان کسا ہوتا تھا اور اس کی لگام کھجور کی چھال کی ہوتی تھی۔ (طبقات ابنِ سعد جز ۴ق 2 صفحہ ۶۰)

ماضی میں انہوں نے جو سختیاں جھیلی تھیں اور تنگ دستی کا جو زمانہ گزرا تھا اس کو کبھی نہ چھپاتے تھے اور بے تکلفی کے ساتھ لوگوں کو اپنے زمانۂ عسرت کے حالات سنایا کرتے تھے۔

## عبرت پذیری

ایک دفعہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دسترخوان پر چپاتیاں آئیں۔ وہ چپاتیوں کو دیکھ کر رونے لگے اور کہنے لگے' اللہ اللہ آج ہم چپاتیاں کھاتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساری زندگی میں شاید کبھی چپاتی کھائی ہو۔

(سُنَنِ ابنِ ماجہ کتاب الاطعمہ باب الرقاق)

ایک دفعہ کتان کے دو رنگے ہوئے کپڑے پہنے۔ ایک سے ناک صاف کرکے کہا' واہ ابو ہریرہ آج تم کتان کے کپڑے سے ناک صاف کرتے ہو' حالانکہ کل تمہاری یہ حالت تھی کہ منبرِ نبوی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے درمیان بھوک کی وجہ سے گرے ہوئے ہوتے اور لوگ تمہیں پاگل سمجھتے۔ (صحیح بخاری کتاب الاعتصام)

## حق گوئی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حق بات کہنے میں کسی بڑے سے بڑے آدمی کی بھی پروا نہیں کرتے تھے۔ صحیح مسلم میں ہے کہ مروان بن الحکم کی امارتِ مدینہ کے زمانے میں (غلہ کھجور وغیرہ کی خرید و فروخت کے سلسلہ میں) ہنڈی کا رواج چل پڑا تھا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو وہ فوراً مروان کے پاس گئے اور اس سے کہا' تم نے سود حلال کر دیا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس نے کہا' معاذ اللہ میں ایسا کیوں کرنے لگا۔

انہوں نے فرمایا: تم نے ہنڈی کو رائج کیا حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشیائے خوردنی کی اس وقت تک فروخت کی ممانعت فرمائی ہے جب تک پہلا خریدار ان کو ناپ نہ لے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا ارشاد سن کر مروان نے ہنڈی کے ذریعے غلّے وغیرہ کی خرید وفروخت کو ممنوع قرار دیا۔ (صحیح مسلم کتاب البیوع باب بیع المبیع قبل القبض)

ایک دفعہ امیرِ مدینہ مروان بن الحکم کے ہاں گئے تو اس کے مکان میں تصویریں آویزاں دیکھیں (ایک روایت میں ہے کہ انہوں نے مروان کو تصویریں بناتے دیکھا) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو میری مخلوق کی طرح مخلوق بناتا ہے' اگر تخلیق کا دعویٰ ہے تو کوئی ذرّہ غلّہ یا جَو تو پیدا کر کے دکھائے۔ (مُسندِ احمد جلد ۲' احادیثِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ)

## حُسنِ معاشرت

والدین' اعزّہ واقارب' دوست احباب' پاس پڑوس اور محلّہ وشہر کے لوگوں کے ساتھ ملنے جلنے اور مناسب برتاؤ کرنے کا نام معاشرت ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو حُسنِ معاشرت کی جو تعلیم دی' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کا مکمل نمونہ تھے۔ والدہ کے ساتھ ان کے حُسنِ سلوک کا حال پچھلے صفحات میں بیان کیا جا چکا ہے۔ دوسرے لوگوں کے ساتھ بھی ان کا سلوک انکسار وتواضع کا ہوتا تھا۔ ہر ایک کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آتے تھے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بچوں سے بے پناہ محبت کرتے دیکھ چکے تھے۔ اس لیے وہ بھی بچوں سے بہت پیار کرتے تھے۔ ان کو کھیلتا دیکھتے تو ان میں گھُس جاتے اور ان کو ہنسانے کی کوشش کرتے بلکہ بچّوں میں بچّہ بن جاتے اور ایسی حرکتیں کرتے کہ وہ خوش ہو جاتے۔ ابنِ عساکرؒ کا بیان ہے کہ وہ بچوں میں بیٹھ کر کھانا کھاتے اور ان کو بڑی شفقت اور محبت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ (ابنِ عساکر جلد ۷' ۴ صفحہ ۵۲۴)

مہمانوں کی خاطر تواضع نہایت خوشدِلی سے کرتے تھے۔ مہمان ان کے پاس کتنا ہی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


عرصہ قیام کرے وہ انقباض محسوس نہیں کرتے تھے اور اس کی خدمت میں کوئی کوتاہی نہ کرتے تھے۔ الطفاوی کہتے ہیں کہ میں نے مدینہ منورہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس چھ مہینے قیام کیا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے کسی کو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر مہمان نوازی اور مہمانوں کی مدارات کرنے میں مستعد نہیں دیکھا۔

(تذکرۃ الحفاظ جلد 1 تذکرہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' سیر اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۲۸)

ابوعثمان نہدی کا بیان ہے کہ میں سات دن ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا مہمان رہا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' ان کی اہلیہ اور ان کا خادم باری باری رات کو جاگ کر عبادت کیا کرتے تھے۔

(سیر اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۲۸)

مُسندِ احمد بن حنبل میں ہے کہ مہمان نوازی صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا عام وصف تھا' تاہم لوگوں کا خیال تھا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر مہمان نواز کم صحابی تھے۔

(مُسندِ احمد جلد ۲ صفحہ ۵۴۸)

## فیّاضی اور سیر چشمی

فیاضی اور سیر چشمی' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خاص وصف تھا۔ مدینہ منورہ میں اپنا مکان اپنے غلاموں کو کوئی معاوضہ لیے بغیر دے دیا تھا۔ اپنا مال بے دریغ راہِ خدا میں لٹاتے رہتے تھے۔ صدقہ وخیرات کرنے میں روحانی مسرت محسوس کرتے تھے۔ ایک دفعہ مروان بن الحکم نے انہیں سو دینار بھیجے۔ انہوں نے یہ سب کے سب اللہ کی راہ میں دے دیے۔ دوسرے دن مروان نے انہیں کہلا بھیجا کہ کل جو دینار آپ کو بھیجے تھے' وہ کسی اور کے لیے تھے' آپ کو غلطی سے چلے گئے۔ یہ دینار واپس بھیج دیجیے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے پیغام لانے والے کے ذریعے جواب دیا کہ وہ دینار میں نے کسی (حاجت مند) کو دے دیے۔ انہیں میرے وظیفے سے وضع کر لیجیے گا۔ دراصل مروان کا مقصد صرف ان کو آزمانا تھا۔ (طبقات ابن سعد ج ۲ صفحہ ۶۳۔ البدایہ والنہایہ ج ۸ صفحہ ۱۱۴)

لوگوں کو کھلا پلا کر بہت خوش ہوتے تھے۔ عبداللہ بن رباح بیان کرتے ہیں کہ ایک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


دفعہ چند آدمیوں کا وفد امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس دمشق گیا۔ اس وفد میں ہم اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ رمضان المبارک کا مہینہ تھا۔ دمشق کے دورانِ قیام میں ہمارا معمول تھا کہ ہم ایک دوسرے کو کھانے پر بلایا کرتے تھے لیکن حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس معاملے میں ہم سب پر بازی لے گئے' وہ سب سے زیادہ دعوت کرتے تھے۔

(مُسنَدِ احمد بن حنبل ج ۲ صفحہ ۵۳۸)

## خوش مزاجی (زندہ دِلی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے علم و فضل اور وقار و متانت میں تو کوئی کلام نہیں لیکن اس کے ساتھ ہی وہ بڑے خوش مزاج اور زندہ دِل تھے۔ امارتِ مدینہ کے زمانے میں خود لکڑیوں کا گٹھا اٹھا کر گھر لے جاتے تھے۔ ایک دن اسی حالت میں بازار سے گزر رہے تھے کہ راستے میں ثعلبہ بن ابی مالک القرظی ملے۔ ان سے کہنے لگے:

''ابو مالک! اپنے امیر کے لیے راستہ کھلا چھوڑ دو۔''

انہوں نے کہا' اللہ آپ پر رحم فرمائے' راستہ تو آپ کے گزرنے کے لیے کشادہ ہے۔'' (ہنستے ہوئے) فرمایا' (بھائی دیکھتے نہیں) تمہارا امیر لکڑیوں کا گٹھا اٹھائے ہوئے ہے اس کے لیے راستہ کھلا کر دو۔ (البِدایہ وَالنِّہایہ ج ۸ صفحہ ۱۱۳)

کبھی سواری پر جا رہے ہوتے اور کوئی سواری کے سامنے آ جاتا تو از راہِ مذاق فرماتے 'راستہ چھوڑ دو' امیر کی سواری آ رہی ہے۔ (طبقات ابنِ سعد ج ۲ صفحہ ۶۰)

حضرت ابو رافعؓ بیان کرتے ہیں کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ (اپنی امارتِ مدینہ کے زمانے میں کبھی کبھی) مجھے رات کے کھانے کی دعوت دیتے تھے۔ کھانا کھاتے ہوئے وہ (ہنس کر) کہتے' اپنے امیر کے لیے ہڈی تو باقی رہنے دو حالانکہ روٹی کے ساتھ صرف روغنِ زیتون ہوتا اور گوشت کا نام و نشان بھی موجود نہ ہوتا۔ (طبقات ابنِ سعد جلد ۲ صفحہ ۶۰)

بچوں کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی محبت اور شفقت کا ذکر پیچھے آ چکا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بعض روایات میں ہے کہ وہ بچوں کو کوے کا کھیل کھیلتے دیکھتے تو ان میں اس طرح گھس جاتے کہ انہیں پتا تک نہ چلتا۔ ایک پاگل آدمی کی طرح اپنے پاؤں زمین پر مار کر ان کو ہنسانے کی کوشش کرتے۔

ان روایات سے یہی نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بہت زندہ دل تھے اور بچوں کی نفسیات سے بھی بخوبی آگاہ تھے۔

اپنے مہمانوں کے ساتھ بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا رَوِیّہ ایسا ہوتا کہ وہ اپنے دورانِ قیام میں خوش خوش رہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ خوش طبعی (ہنسی مذاق) کی باتوں سے مہمانوں کا دل موہ لیتے اور وہ ہمیشہ ان کی خوش اخلاقی اور شگفتہ مزاجی کو یاد رکھتے۔

(سوانح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از محمد عجاج الخطیب۔ دِفاعِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ از مفتی غلام الرحمٰن)

## جوشِ عقیدت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عقیدت کی کوئی حد و نہایت نہیں تھی۔ وہ اکثر حدیث بیان کرتے وقت آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ ایسے والہانہ انداز میں کرتے جس سے ظاہر ہوتا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی عقیدت عشق کے درجے تک پہنچی ہوئی ہے اور ان کا جوشِ عقیدت الفاظ کے سانچے میں ڈھل گیا ہے۔

کبھی روایت کا آغاز ان الفاظ سے کرتے:

"میرے (بہترین۔ سب سے پیارے) دوست ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (قال خلیلی ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم)"

کبھی ان الفاظ سے:

"میرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (قال حبیبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم)"

کبھی پیرایۂ آغاز کے الفاظ یہ ہوتے:

"الصادق المصدوق صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔"

کبھی صرف اتنا کہہ پاتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


قَالَ صلی اللہ علیہ وسلم

اور اُن پر گریہ طاری ہو جاتا اور روتے روتے ہچکیاں بندھ جاتیں۔ کبھی کبھی حضور ﷺ کا اسم گرامی لیتے ہی وہ غش کھا کر گر پڑتے اور بڑی مشکل سے حدیث بیان کرتے۔

(مُسندِ احمد جلد ۱۳ صفحہ ۲۴۶‘ البدایہ وَالنّہایہ جلد ۸‘ صفحہ ۱۰۷۔ سیر اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۴۸)

ایک دفعہ وہ حالتِ جنابت میں مدینہ مُنَوَّرہ کی ایک گلی سے گزر رہے تھے کہ اچانک رسولِ اکرم ﷺ سے ملاقات ہوگئی۔ آپ ﷺ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا ہاتھ تھام کر اپنے ساتھ چلنے کا حکم دیا۔ انہوں نے تعمیلِ ارشاد کی لیکن جونہی آپ ﷺ ایک جگہ پہنچ کر رونق افروزِ مجلس ہوئے تو وہ چپکے سے اٹھ کر گھر پہنچے اور غسل کرنے کے بعد بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا‘ ابھی تک تم کہاں تھے؟ انہوں نے عرض کیا:

”یا رسول اللہ! میں نے جنابت کی حالت میں آپ کی ہم نشینی کو اچھا نہیں جانا اور غسل کر کے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔“ (صحیح بخاری ج ۱ صفحہ ۴۲)

۷ ہجری میں مسجدِ نبوی ؐ کی مَرَمَّت اور توسیع کا کام شروع ہوا تو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مل کر اینٹیں ڈھونے لگے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ آپ ﷺ نے اتنی زیادہ اینٹیں اٹھا رکھی ہیں کہ اینٹیں آپ ﷺ کے سینۂ مبارک تک پہنچی ہوئی ہیں اور آپ ﷺ تکلیف محسوس کر رہے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بے تاب ہو گئے اور عرض کیا‘ اے اللہ کے حبیب! یہ اینٹیں مجھے دے دیجیے میں پہنچا دیتا ہوں۔

حضور ﷺ نے فرمایا‘ اینٹیں تو بہت ہیں‘ جاؤ ان کے علاوہ اور اٹھا لاؤ یہ میرے لیے چھوڑ دو۔

ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

”جاؤ ان کے علاوہ اور لے آؤ تم اللہ سے نیکیاں حاصل کرنے میں مجھ سے زیادہ حاجت مند نہیں۔“ (مجمع الزوائد جلد ۲ صفحہ ۹‘ تاریخ مدینۃ المُنَوَّرہ صفحہ ۱۰۱ از مولانا محمد عبدالمعبود)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی علمی زندگی

سیّدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی علمی زندگی ان کی کتابِ سیرت کا سب سے جلی عنوان ہے۔

اللہ تعالیٰ نے تحصیلِ علم کا شوق ان کی فطرت میں ودیعت کیا تھا۔ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہونے کے بعد انہوں نے جس ذوق وشوق سے علم حاصل کیا وہ اپنی مثال آپ ہے۔

عہدِ رسالت میں وہ ہمیں ایک ایسے درویش طالبِ علم کی حیثیت سے نظر آتے ہیں جس نے اپنا سب کچھ تحصیلِ علم کے لیے وقف کر دیا ہو۔ اس سلسلے میں انہوں نے جو تگ ودَو کی اور جو صعوبتیں برداشت کیں ان کا ذکر پیچھے آچکا ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضِ صحبت اور لطف وکرم نے ان کے ذوقِ علم کو اور جلا دی یہاں تک کہ معدنِ علم بن گئے اور خود ذاتِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے تبحّرِ علمی کی تصدیق فرمائی۔

حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابو ہریرہ علم کا تھیلا ہے۔[1]

(مستدرکِ حاکم جلد ۳ صفحہ ۵۰۹)

عہدِ رسالت کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ اشاعتِ حدیث

---

[1] حدیث میں ''دعاء العلم'' کے الفاظ آئے ہیں۔ بعض علماء نے ان کا ترجمہ ''علم کا تھیلا'' اور بعض نے ''علم کا ظرف'' کیا ہے۔ چمڑے کے ایک خاص قسم کے تھیلے کو برتن (ظرف) کے طور بھی استعمال کر لیا جاتا تھا اس لیے اس کو ظرف کہنا بھی صحیح ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


یا اشاعتِ علم میں گزارا۔اس کی تفصیل مختلف ذیلی عنوانات کے تحت آگے آتی ہے۔

## وُسعَتِ علم

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وُسعَتِ علم کے بارے میں اتنا ہی کہہ دینا کافی ہے کہ خود رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو علم کا تھیلا یا ظرف قرار دیا۔ ''علم'' میں ہر قسم کے عُلُوم (قرآن' حدیث' تفسیر' فقہ وغیرہ) شامل ہیں۔ یہ درست ہے کہ ان کا شمار صحابہ کے کبار ائمۂ حدیث میں ہوتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ دوسرے عُلُومِ دینی میں دسترس نہیں رکھتے تھے۔ فی الحقیقت علم حدیث کے علاوہ وہ دوسرے عُلُومِ دینی میں بھی یدِطولیٰ رکھتے تھے البتہ ان کی علمی زندگی میں روایت واشاعتِ حدیث کا پہلو سب سے نمایاں ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مادری زبان عربی تھی۔اس کے علاوہ وہ فارسی زبان بھی جانتے تھے اور اس میں روانی سے گفتگو کر لیتے تھے۔ سُنَنِ ابی داؤد میں ابو میمونہؒ سے روایت ہے کہ:

''میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک ایرانی عورت آئی جس کے ہمراہ اس کا (کمسن) بیٹا بھی تھا۔اس کے شوہر نے اس کو طلاق دے دی تھی۔اس عورت نے فارسی زبان میں کہا کہ میرے خاوند نے مجھے طلاق دے دی ہے اور اب وہ میرے اس بیٹے کو مجھ سے لینا چاہتا ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اسی (فارسی) زبان میں جواب دیا کہ تم دونوں (مرد اور عورت) قرعہ اندازی کر لو۔

اتنے میں لڑکے کا باپ بھی آ گیا۔ وہ کہنے لگا' میرے بیٹے پر کون حق جتا سکتا ہے؟

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' میں نے یہ فیصلہ اس واقعہ کے پیش نظر کیا ہے کہ ایک دفعہ میری موجودگی میں ایک عورت نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا' یا رَسُولَ اللہ! میرا شوہر میرے بیٹے کو مجھ سے چھین لینا چاہتا ہے حالانکہ میرا بیٹا مجھے فلاں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کنوئیں سے پانی لاکر دیتا ہے اور میں دوسرے کام بھی اس سے لیتی ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' تم دونوں قرعہ اندازی کرلو۔ شوہر آ کر بولا' میرے بچے کا اور کون حق دار ہوسکتا ہے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑکے سے مخاطب ہو کر فرمایا' یہ ہے تمہاری والدہ اور یہ ہے تمہارا والد' جس کا ہاتھ چاہو پکڑ لو۔

بچے نے ماں کا ہاتھ پکڑ لیا اور وہ اسے لے کر رخصت ہوگئی۔

یہ ساری گفتگو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فارسی میں کی۔" (ابوداؤد جلد ا صفحہ ۵۳۰)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام کے علاوہ دوسرے مذاہب سے بھی واقفیت رکھتے تھے۔ حافظ ابن حجرؒ کا بیان ہے کہ ان کو تورات کے مسائل سے کافی واقفیت تھی۔ اس سلسلے میں انہوں نے حضرت کعب الاحبارؒ کا یہ بیان نقل کیا ہے:

"میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے سوا کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جو تورات کو پڑھے بغیر اس کے مندرجات سے آگاہ ہو۔" (الاصابہ جلد ۷ صفحہ ۲۰۵)

لکھنے پڑھنے میں بھی پوری مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے بہت سی احادیث اپنے ہاتھ سے لکھ کر (یا اپنے شاگردوں کو املا کروا کر) ان کا ایک مجموعہ مرتب کیا تھا جو ایک یا کئی جلدوں میں محفوظ تھا۔ اس کی تفصیل تحریر و کتابتِ حدیث کے عنوان کے تحت بیان کی گئی ہے۔

## مرویاتِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تفصیل

جیسا کہ پیچھے ذکر کیا جاچکا ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پانچ ہزار تین سَو چوہتّر (۵۳۷۴) احادیث مروی ہیں۔ حدیث کی ہر قابلِ اعتماد کتاب میں ان کی کچھ نہ کچھ مرویات ضرور ملتی ہے۔ یہ احادیث کسی خاص شعبۂ زندگی ہی سے متعلق نہیں ہیں بلکہ دین کے تمام احکام و مسائل اور آداب و اخلاق پر محیط ہیں اور عقائد' عبادات' معاملات' تفسیر' فقہ' جہاد' مناقب' رقاق' ذکر و تسبیحات' سیرت و مغازی وغیرہ ہر باب میں ان کا ایک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ذخیرہ موجود ہے۔ محققین نے مرویاتِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تعداد مشہور کتبِ حدیث میں اس طرح بیان کی ہے۔

۱۔ صحاح ستہ اور موطا امام مالکؒ میں مجموعی طور پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی دو ہزار دو سو اٹھارہ (۲۲۱۸) حدیثیں ملتی ہیں۔

۲۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں مرویاتِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تعداد مجموعی طور پر چھ سو نو (۶۰۹) ہے۔ ان میں سے باختلافِ روایت تین سو پچیس (۳۲۵) یا تین سو چھبیس (۳۲۶) احادیث بخاری اور مسلم دونوں میں موجود ہیں (یعنی متفق علیہ ہیں) بقول علامہ عجاج الخطیب ترانوے (۹۳) احادیث میں امام بخاریؒ اور ایک سو نوے (۱۹۰) میں امام مسلمؒ منفرد ہیں (سوانح ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ)۔

لیکن سیر الصحابہ (مہاجرین حصہ دوم) میں مولانا شاہ معین الدینؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ترجمہ میں ''تہذیب الکمال'' کے حوالے سے لکھا ہے کہ امام بخاریؒ ۷۹ میں اور امام مسلمؒ ۹۳ میں منفرد ہیں۔

حافظ ابنِ حجرؒ نے صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرویات کی تعداد چار سو چھیالیس (۴۴۶) شمار کی ہے۔ شیخ عبد المنعم صالح العلی عراقی نے ان مرویات کی تعداد ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) بیان کی ہے۔ اس اختلاف کی وجہ بعض علماء نے صحیح بخاری کی اکثر روایات میں تکرار اور تقطیع[1] بیان کی ہے۔ (دفاعِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از مولانا مفتی غلام الرحمن صفحہ ۱۰۹)

۳۔ مُسندِ احمد بن حنبل میں مرویاتِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی کل تعداد تین ہزار آٹھ سو اڑتالیس (۳۸۴۸) ہے۔ یہ مرویات مُسند کے ۳۱۳ صفحات پر پھیلی ہوئی ہیں (جلد ۲ صفحہ ۲۲۸ تا صفحہ ۵۴۱)۔ ان میں بہت سی احادیث لفظاً و معنًا مکرر ہیں مگر مکررات کو نکالنے کے بعد بھی ان احادیث کی خاصی بڑی تعداد باقی رہ جاتی ہے۔

---

۱۔ تقطیع سے مراد ہے کہ امام بخاریؒ کبھی کسی روایت کے لیے فقط ایک جملہ لانے پر اکتفا کرتے ہیں جس سے متعلقہ باب کا مسئلہ ثابت ہوتا ہو۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۴- سُنَنِ اربعہ (ترمذی' نسائی' ابوداؤد' ابنِ ماجہ) اور موطا امام مالکؒ میں مجموعی طور پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک ہزار چھ سو نو (۱۶۰۹) مرویات ملتی ہیں۔ ان میں سے بعض احادیث پانچوں ائمہ حدیث نے روایت کی ہیں اور بعض جداگانہ طور پر کسی نے روایت کی ہیں اور کسی نے نہیں۔

۵- امام بقی بن مخلدؒ (المتوفی ۲۷۶ ہجری) نے اپنی مُسنَد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچ ہزار تین سو چوہتّر مرویات درج کی ہیں۔ یہ زیادہ سے زیادہ تعداد ہے جس پر سب محققین کا اتفاق ہے۔

۶- امام ابنِ اسحاقؒ کا قول ہے کہ جن تین ہزار احادیث سے احکام ثابت ہوتے ہیں' ان میں سے ڈیڑھ ہزار روایات صرف حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہیں۔

(دِفاعِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از مفتی غلام الرحمٰن صفحہ ۱۰۹ بحوالہ حقائق السنن)

۷- شیخ جمال الدین ابی الحجاج یوسف بن الزکی عبدالرحمٰن بن یوسف المزیؒ (متوفی ۷۴۲ھ نے) "تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف" میں ۳۵۴ راویوں کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تین ہزار تین سو ستّر (۳۳۷۰) مرویات نقل کی ہیں جو دو جلدوں کے سینکڑوں صفحات پر پھیلی ہوئی ہیں۔ (دِفاعِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از مفتی غلام الرحمٰن صفحہ ۱۰۹)

## اَساتِذہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سب سے بڑے استاد خود رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے اس لیے ان کی اکثر روایات مرفوع ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ انہوں نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے علاوہ متعدد صحابۂ کرام سے بھی روایت کی ہے۔ ان میں حضرت ابوبکر صِدّیق' حضرت عمر بن خطّاب' حضرت اُسامہ بن زید' حضرت سلمان فارسی' حضرت اُبَیّ بن کعب' حضرت کعب بن عُجرہ' حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص' حضرت عبداللہ بن سلام' حضرت علاء بن الحضرمی' حضرت زید بن ثابت' حضرت فضل بن عباس' حضرت خریم بن فاتک اور حضرت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عبداللہ بن رواحہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین شامل ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مرویّات میں بعض ایسے واقعات کا ذکر بھی آتا ہے جن کا تعلق ان کی بارگاہِ رسالت میں حاضری سے قبل کے زمانے سے ہے۔ یہ مرویّات بظاہر مرفوع معلوم ہوتی ہیں لیکن فی الحقیقت ان میں مذکورہ واقعات انہوں نے دوسرے صحابۂ کرام سے سنے تھے اور پوچھے جانے پر وہ اس کی وضاحت کر دیتے تھے۔

## رُواۃ اور تلامذہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رُواۃ اور تلامذہ کا دائرہ بڑا وسیع ہے۔ امام بخاری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آٹھ سو سے بھی زیادہ روایانِ حدیث نے استفادہ کیا۔

ابنِ ابی حاتمؒ اور ابنِ حبان نے ان کے رُواۃ اور تلامذہ کی کوئی معیّن تعداد نہیں بتائی البتہ یہ ضرور لکھا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کسبِ فیض کرنے والوں کی تعداد سینکڑوں تک پہنچتی ہے۔

ان کے رُواۃ و تلامذہ میں متعدد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم (بشمول صحابیاتؓ) کے علاوہ کثیر التّعداد ائمہ تابعین اور جیّد علمائے حدیث وفقہ شامل ہیں۔ ان میں سے ایک سَو بارہ (۱۱۲) کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ، حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما، حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ، حضرت اُبیؓ بن کعب رضی اللہ عنہ، حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما، حضرت عبداللہ بن ابی حدرد اسلمیؓ، حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما، حضرت شفی بن ماتع رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ، حضرت عبدالرحمٰن بن غنم رضی اللہ عنہ۔ حضرت سعیدؒ بن مسیّب رضی اللہ عنہ، ابورافعؒ، ابوادریس خولانیؒ، ابوعثمان نہدیؒ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابراہیم بن اسمٰعیلؒ' ابوسلمہؒ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف' سلیمان بن یسارؒ طاؤسؒ' عکرمہؒ' اسودؒ بن ہلال' عطاءؒ بن ابی رباح' عامر شعبیؒ' ابواسامہؒ بن سہل رضی اللہ عنہ بن حنیف' سعید بن جبیرؒ' قیس بن ابی حازمؒ حفصؒ بن عاصمؒ بن عمر رضی اللہ عنہ 'ابوسعید المقبریؒ' شہرؒ بن حوشب' ابو صالحؒ' عروہؒ بن زبیر رضی اللہ عنہ 'اعرجؒ' عامرؒ بن سعدؒ بن ابی وقاص' مکحول الشامیؒ' ابوزرعہؒ' بشیر بن نہیک' حمیدؒ بن عبدالرحمٰن حمیری' محمد بن منکدرؒ' حنظلہؒ بن علی اسلمیؒ' ابن فارضؒ' سعیدؒ بن عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید بن عاص' ابوجعفر مدنی' شریحؒ بن ہانی' سنان بن ابی سنان رضی اللہ عنہ 'عبداللہؒ بن شقیق' عمرو بن میمونؒ' ابوقیسؒ' بسرؒ بن سعید' سلیمانؒ بن الاغر' مالکؒ بن ابی عامر اصحی 'قبیصہ بن ذویب' ابومسلمؒ' ثابت بن عیاضؒ' زرارہؒ بن ابی اوفی' رضی اللہ عنہ 'عبداللہ بن ثعلبہؒ' عبداللہؒ بن رباح الانصاری' خواجہ حسن بصریؒ' محمد بن سیرینؒ' نافعؒ بن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ 'موسیٰ بن طلحہؒ بن عبیداللہ' عیسیٰؒ' محمد بن طلحہؒ بن عبیداللہ' عبیداللہ بن ابی رافع' زید بن اسلمؒ' عبداللہ بن عبدالرحمٰنؒ' عمرو بن ابی سفیانؒ' نافع مولیٰ ابن عمر رضی اللہ عنہ ' ابوالشعثاء المحاربیؒ' ابوبکر بن عبدالرحمٰنؒ' ابوغطفان بن طریف المری' ابوحازم الاشجعی' نافعؒ مولیٰ ابی قتادہ رضی اللہ عنہ 'محمدؒ بن ابی عائشہ' ضحاکؒ بن شرحبیل' یزیدؒ بن اصم' موسیٰؒ بن وردان' موسیٰؒ بن یسار' ہمامؒ بن منبہ' عبیدؒ بن حنین' عنبسہؒ بن سعید بن العاص' عطاء بن میناء' عبدالرحمٰن بن سعد المقعد' عبدالرحمٰنؒ بن مہران' عبیداللہؒ بن سفیان حضرمی' عطاءؒ بن یزید لیثی' محمدؒ بن کعب القرظی' عراکؒ بن مالک' عطاءؒ بن یسار' محمدؒ بن زیاد جمحی' محمد بن قیس بن مخرمہ' یوسفؒ بن ماہک' عبدالرحمٰن بن ابی نعیم' محمدؒ بن عباد' میتمؒ بن ابی سنان' سعید بن حارثؒ' سعید بن سمعانؒ' عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ انصاری رضی اللہ عنہ ابوالحبابؒ' سالم ابوالغیث' بعجہ جہنیؒ' خلاسؒ بن عمرو' حکیمؒ بن میناء' زیادؒ بن رباح' ابوالولید عبداللہ رضی اللہ عنہ بن حارثؒ' عبدالرحمٰن بن یعقوبؒ' محمدؒ بن عبدالرحمٰن' سعیدؒ بن مرجانہ' مالکؒ بن ابی عامر (تہذیب التہذیب)

❁ ❁

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اشتیاقِ حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سننے کا اس قدر شوق تھا کہ اس کی کوئی حد و نہایت نہیں تھی۔ مدینہ منورہ آنے کے بعد انہوں نے ہمیشہ یہی کوشش کی کہ سفر ہو یا حضر' وہ اپنے وقت کا زیادہ سے زیادہ حصہ بارگاہِ رسالت میں گزاریں' یوں ایک طرف تو آپ ﷺ کی خدمت کی سعادت حاصل کریں اور دوسری طرف زیادہ سے زیادہ ارشاداتِ نبوی ؐ کو اپنے دل و دماغ میں محفوظ کر لیں۔ اس شوق کے سامنے دنیا کا مال و زر اُن کی نظروں میں ہیچ تھا۔ ایک دفعہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مالِ غنیمت تقسیم فرما رہے تھے۔ لوگ مانگ کر بھی اپنا حصہ لے جا رہے تھے لیکن حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ خاموش بیٹھے تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا:

"اے ابوہریرہ! تمہارے ساتھی مالِ غنیمت کا سوال کرتے ہیں تم کیوں اس کا سوال نہیں کرتے؟"

انہوں نے عرض کیا:

"یا رسول اللہ! میں آپ سے اس علم کا سوال کرتا ہوں جو اللہ نے آپ کو دیا ہے۔"

(سیر اعلام النبلاء ج ۲ صفحہ ۵۹۴)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ "میں نے تین سال رسول اللہ ﷺ کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صحبت میں گزارے۔ ان تین سالوں سے بڑھ کر میری زندگی میں کوئی ایسا وقت نہیں آیا جس میں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کو سمجھنے اور یاد کرنے کا زیادہ ذوق وشوق ہو۔“

(طبقات ابنِ سعد ج ۴ صفحہ ۵۴)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لطف وکرم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حرصِ حدیث میں بڑا بے باک کردیا تھا۔ جو سوال ذہن میں آتا بِلا جھجک حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لیتے۔ حضرت اُبَیّ بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

”بے شک ابوہریرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال پوچھنے میں اتنے جری تھے کہ وہ آپ ﷺ سے ایسی باتیں بھی پوچھ لیتے تھے جن کے پوچھنے کی ہم کو (بروایتِ دیگر کسی دوسرے کو) جرأت نہ ہوتی تھی۔“

(ابنِ عساکر ج ۷ ۴ صفحہ ۷۷ ۴۔ دفاع عن ابی ہریرہ صفحہ ۱۴۹)

خود حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک دن ہم لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے) فرمایا:

”کون ہے جو مجھ سے سیکھ لے یہ چند خاص باتیں۔ پھر وہ خود ان پر عمل کرے یا دوسرے عمل کرنے والوں کو بتائے۔“

میں نے عرض کیا‘ یارسول اللہ! میں حاضر ہوں ...... تو آپ ﷺ نے میرا ہاتھ (ازراہِ شفقت) اپنے ہاتھ میں لیا اور گن کر یہ پانچ باتیں بتائیں۔

فرمایا:

جو چیزیں اللہ نے حرام قرار دی ہیں‘ ان سے بچو اور ان سے پورا پورا پرہیز کرو۔ اگر تم نے ایسا کیا تو تم بہت بڑے عبادت گزار ہو۔

............اور............

اللہ نے جو تمہاری قسمت میں لکھا ہے اس پر راضی اور مطمئن ہو جاؤ اگر تم ایسا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرو گے تو بڑے بے نیاز اور دولت مند ہو جاؤ گے۔

..................اور..................

اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ اگر تم ایسا کرو گے تو مومنِ کامل ہو جاؤ گے۔

..................اور..................

زیادہ ہنسا نہ کرو کیونکہ زیادہ ہنسنا دِل کو مُردہ کر دیتا ہے۔

(مُسندِ احمد و جامع ترمذی)

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اشتیاق یا حرصِ حدیث سے پوری طرح آگاہ تھے۔ چنانچہ جب ایک موقع پر انہوں نے آپ ﷺ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ قیامت کے دن آپ کی شفاعت سے کون خوش بخت سعادت اندوز ہوں گے' تو آپ ﷺ نے فرمایا' اے ابو ہریرہ! جب سے میں نے تمہاری حرصِ حدیث کا اندازہ کیا ہے تو مجھے یقین ہوا کہ تمہارے سوا کوئی دوسرا شخص اس بارے میں مجھ سے سوال نہیں کرے گا۔

(صحیح بخاری ج ا صفحہ ۲۰)

مُسندِ احمد میں یہ روایت اس طرح نقل کی گئی ہے:

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! جب آپ نے اللہ تعالیٰ سے شفاعت کے بارے میں سوال کیا تو بارگاہِ ایزدی سے کیا جواب ملا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے' میں سمجھتا تھا کہ تم میری اُمّت میں سے پہلے شخص ہو گے جو اس کے بارے میں پوچھو گے' اس لیے کہ میں تمہارے اشتیاقِ علم سے آگاہ ہوں۔ اُس ذات کی قسم جس کے تصرّف میں محمد کی جان ہے' مجھے شفاعت کا حق حاصل ہونے کے بجائے یہ بات زیادہ عزیز تھی کہ میری اُمّت کسی طرح جنّت میں چلی جائے۔ میری

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شفاعت تو اس شخص کے لیے ہوگی جو دل و جان سے پورے اخلاص کے ساتھ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـه کہے۔ اس کا دل زبان کی تصدیق کرتا ہو اور زبان دل کے ساتھ ہم آہنگ ہو...... دوسری روایت میں یوں ہے کہ میری شفاعت کی عظیم ترین سعادت اس شخص کے حصے میں آئے گی جو خلوص دل کے ساتھ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهَ کہے۔"

(سوانح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ صفحہ ۱۳۴ بحوالہ مسند احمد جلد ۱۵ صفحہ ۲۰۸ حدیث نمبر ۸۰۵۶ نیز فتح الباری جلد ۱ صفحہ ۲۰۳)

رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا سحابِ لطف و کرم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر جھوم جھوم کر برستا رہتا تھا۔ بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُن کو بطورِ خاص کچھ وصیتیں فرماتے اور پھر ان کا اعلان کرنے کی ہدایت دیتے۔ حضرت ابو سلمہؒ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ عیادت کے لیے حاضر ہوئے۔ ان کو اندر آنے کی اجازت ملی تو وہ سلام کر کے کھڑے ہوگئے (اُس وقت) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سینہ سے ٹیک لگائے تشریف فرما تھے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینۂ مبارک پر تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پاؤں مبارک لمبے کیے ہوئے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

"ابو ہریرہ! (میرے) قریب ہو جاؤ۔"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ قریب ہوگئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ فرمایا "ابو ہریرہ قریب ہو جاؤ۔"

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور قریب ہوگئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تیسری مرتبہ قریب ہونے کے لیے ارشاد فرمایا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ (اب) میں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے) اتنا قریب ہوگیا کہ میرے پاؤں کی انگلیاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (کے پائے اقدس) کی انگلیوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے مل گئیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"بیٹھ جاؤ!"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"ابو ہریرہ! اپنی چادر کا کنارہ مجھے دے دو۔"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی چادر کا کنارہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک میں دے دیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اے ابو ہریرہ! میں تمہیں چند باتوں کی وصیت کرتا ہوں۔ تم انہیں نہ چھوڑنا۔"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: "یا رسول اللہ ارشاد فرمایئے۔"

پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

۱۔ جمعہ کے دن غسل کرو۔ جمعہ کی نماز کے لیے جلدی جاؤ اور مسجد میں فضول باتیں نہ کرو۔

۲۔ ہر مہینے میں تین روزے رکھو۔ یہ تمہارے لیے تمام عمر (نفلی) روزہ رکھنے کے لیے کافی ہوں گے۔

۳۔ صبح کی سنتیں نہ چھوڑو اگرچہ پوری رات نماز پڑھتے رہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہ ارشادات دہرائے پھر فرمایا:

"اے ابو ہریرہ! چادر کھینچ لو۔"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے چادر کھینچ کر اپنے سینے سے لگالی...... اور عرض کیا:

یا رسول اللہ! ان باتوں کو چھپاؤں یا عام لوگوں میں ان کا اعلان کروں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"ان کا اعلان کردو۔" (الاصابہ جلد ۴ صفحہ ۲۰۸)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس قسم کے اور بھی متعدد واقعات کُتبِ سِیَر میں مذکور ہیں۔ان میں "واقعۂ نعلین" بہت مشہور ہے جو خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے۔

"وہ (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کہتے ہیں کہ ایک دن ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (کی خدمت میں حاضر تھے اور آپ ﷺ) کے گرد اگرد بیٹھے تھے اور ابو بکر و عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) بھی ہمارے ساتھ مجلس میں موجود تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان سے اٹھے (اور کسی طرف کو تشریف لے گئے) پھر آپ ﷺ کی واپسی میں بہت دیر ہوگئی تو ہمیں خوف ہوا کہ کہیں ہم سے علیحدہ آپ ﷺ کو کوئی ایذا نہ پہنچائی جائے (یعنی ہماری عدم موجودگی میں کسی دشمن کی طرف سے آپ ﷺ کو کوئی گزند نہ پہنچ جائے) پس اس خیال سے ہم لوگ سخت مضطرب اور متفکر ہو گئے اور آپ کو ڈھونڈنے کے لیے نکل کھڑے ہوئے اور سب سے پہلے میں گھبراہٹ کے عالم میں رسول اللہ ﷺ کی تلاش میں روانہ ہوا یہاں تک کہ (چلتے چلتے) انصار کے خاندان بنی النّجار کے ایک باغ کے پاس پہنچ گیا جو چار دیواری سے گھرا ہوا تھا اور میں نے اس کے چاروں طرف چکر لگایا کہ (باغ کے) اندر جانے کے لیے مجھے کوئی راستہ (دروازہ) مل جائے لیکن نہیں ملا۔ پھر مجھے پانی کی ایک گول نالی (چھوٹی سی نہر) نظر آئی جو باہر کے ایک کنوئیں سے باغ کے اندر جاتی تھی۔ میں سمٹ کر اور سکڑ کر اس نالی کے شگاف سے باغ کے اندر گھس گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا پہنچا (آپ ﷺ اس باغ کے اندر رونق افروز تھے)

آپ ﷺ نے فرمایا:

"ابو ہریرہ؟"

میں نے عرض کیا "جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ میں ہی ہوں۔"

آپ ﷺ نے فرمایا "تم کیسے آئے؟"

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ ہمارے درمیان تشریف رکھتے تھے پھر اٹھ کر وہاں سے چلے آئے اور پھر جب تک دیر تک آپ واپس تشریف نہ لائے تو ہمیں ڈر ہوا کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مبادا ہم سے علیحدہ آپ ﷺ کو کوئی تکلیف پہنچائی جائے۔اسی اندیشے سے گھبرا کر ہم سب چل پڑے اور سب سے پہلے گھبرا کر میں ہی نکلا تھا یہاں تک کہ اس باغ تک پہنچ گیا اور (جب مجھے کوئی دروازہ نہ ملا تو) لومڑی کی طرح سمٹ سکڑ کر میں (اس شگاف میں سے کسی طرح) گھس آیا ہوں اور دوسرے لوگ بھی میرے پیچھے آ رہے ہیں۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے نعلین (جوتے) مجھے عطا فرمائے اور ارشاد فرمایا:

اے ابا ہریرہ! میرے یہ جوتے لے جاؤ اور اس باغ سے نکل کر جو آدمی بھی تمہیں ایسا ملے جو دل کے پورے یقین کے ساتھ لَاۤ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کی شہادت دیتا ہو اس کو جنّت کی بشارت دے دو۔

میں وہاں سے (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین مبارک لے کر) چلا تو سب سے پہلے میری ملاقات عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے ہوئی۔انہوں نے مجھ سے پوچھا' تمہارے ہاتھ میں یہ دو جوتے کیسے ہیں؟

میں نے کہا' یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین مبارک ہیں۔آپ ﷺ نے مجھے یہ دے کر بھیجا ہے کہ جو کوئی بھی صدقِ دل سے لَاۤ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کی شہادت دینے والا مجھے ملے' میں اس کو جنّت کی خوشخبری سنا دوں۔

پس عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے میرے سینے پر ہاتھ مارا جس سے میں اپنی سرینوں کے بل پیچھے کو گر پڑا اور مجھ سے انہوں نے کہا...... چلو واپس چلو۔

میں روتا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس آیا اور عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) بھی میرے پیچھے پیچھے آئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مجھے اس حالت میں دیکھ کر) پوچھا:

''ابو ہریرہ! تمہیں کیا ہوا؟''

میں نے عرض کیا کہ عمر مجھے ملے تھے۔آپ نے جو پیغام دے کر مجھے بھیجا تھا' میں نے انہیں وہ بتایا تو انہوں نے میرے سینے پر ایک ایسا ہاتھ مارا کہ میں اپنی سرینوں کے بل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گر پڑا اور مجھ سے کہا کہ چلو واپس چلو۔

رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے عمر (رضی اللہ عنہ) سے مخاطب ہو کر فرمایا:

''اے عمر! تم نے ایسا کیوں کیا؟''

انہوں نے کہا' یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان کیا آپ نے ابو ہریرہ کو اپنے نعلین دے کر اس لیے بھیجا تھا کہ جو کوئی دل کے یقین کے ساتھ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـه کی شہادت دینے والا اس کو ملے' وہ اس کو جنت کی بشارت دے دے۔

آپ ﷺ نے فرمایا' ہاں (میں نے ہی یہ کہہ کے بھیجا تھا) عمر (رضی اللہ عنہ) نے عرض کیا' یارسول اللہ! ایسا نہ کیجیے۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں لوگ بس شہادت ہی پر بھروسا کر کے (سعی و عمل سے بے پرواہ ہو کر) بیٹھ جائیں (لہٰذا انہیں اسی طرح عمل کرنے دیجیے) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تو جانے دو۔'' (صحیح مسلم)

## اشاعتِ حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضرت ابوالدّرداءؓ حضرت زید بن ثابت اور حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ اس شخص کو خوش و خرم رکھے جو ہم سے کوئی بات سنے اور دوسروں تک پہنچائے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک شخص سمجھ کی بات کسی ایسے شخص کو پہنچا دیتا ہے جو اس سے زیادہ فقیہ ہو اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک شخص خود فقیہ نہیں ہوتا مگر فقہ پہنچانے والا بن جاتا ہے۔

(سُنَنِ ابی داوٗد' جامع ترمذی' مُسندِ احمد' سنن ابنِ ماجہ' سُنَنِ دارمی)

کُتُبِ حدیث میں اسی طرح کی اور بھی متعدد احادیث ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی احادیث (احکام' تعلیمات اور ہدایات) کی اشاعت کو نہ صرف ایک مستحسن کام قرار دیا بلکہ اس کی بار بار تاکید فرمائی اور روایتِ حدیث کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ خاص امتیاز حاصل ہوا کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جس طرح وہ خود علومِ نبوّت کے چشمۂ صافی سے سیراب ہوئے' اُسی طرح وہ عمر بھر دوسرے لوگوں کی بھی علمی پیاس بجھاتے رہے۔ انہوں نے فیضانِ نبوی کو وقفِ عام کر دیا تھا۔ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے جہاں بھی کچھ مسلمان مل جاتے وہ ان تک ارشاداتِ نبویؐ پہنچاتے رہتے تھے۔ ان کا معمول تھا کہ وہ جمعہ کو نماز سے پہلے اس وقت تک حدیثیں بیان کرتے رہتے جب تک امام اپنے حجرے سے باہر نہ آتا۔ (مستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۳۱۲)

فیضانِ نبویؐ سے بہرہ یاب ہونے کے بعد وہ اپنی زندگی میں جہاں بھی رہے یا گئے' احادیثِ نبوی کی نشر و اشاعت میں مشغول رہے۔ مدینہ منوّرہ' مکہ معظمہ' بحرین' شام' عراق وغیرہ میں جو وقت گزارا' لوگوں کو ارشاداتِ نبویؐ پہنچاتے رہے۔ بہت سے لوگ خود ان کے پاس پہنچ جاتے اور بڑے ذوق و شوق سے ان سے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سنتے۔ جو لوگ ان کے پاس آتے وہ خندہ پیشانی سے ان کی پذیرائی کرتے اور ان کو حدیث کا درس دیتے۔ بعض لوگ کئی کئی دن تک ان کے پاس قیام کرتے وہ نہایت خوش دلی سے ان کی میزبانی کرتے اور ان کو احادیث سناتے تھے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بعض اوقات حدیث کی اشاعت اس طرح بھی کرتے تھے کہ کسی کو کوئی خلافِ سُنّت کام کرتا دیکھتے تو فوراً ٹوک دیتے اور بتاتے کہ اس معاملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم (یا طریقہ) یہ ہے۔

امام ابنِ ماجہؒ ابو الشعثاءؒ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم مسجد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے کہ مؤذّن نے اذان کہی۔ ہم میں سے ایک آدمی مجلس سے اٹھا اور مسجد سے باہر چلا گیا۔ ابو ہریرہ دیکھتے رہے۔ پھر فرمایا' اس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔ (کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان کے بعد نماز پڑھے بغیر مسجد سے باہر جانے کی ممانعت فرمائی ہے)

(ابنِ ماجہ جلد ا صفحہ ۲۴۲' نیز صحیح مسلم' سنن ابی داوٗد' جامع ترمذی و سُنَنِ نسائی)

ایک مرتبہ کہیں جا رہے تھے کہ راستے میں ایک خاتون ملی۔ اس کے پیراہن سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خوشبو کی لپٹ آ رہی تھی۔ انہوں نے اس سے پوچھا' کیا تم مسجد سے آ رہی ہو؟ اس نے کہا' ہاں۔ پھر پوچھا' کیا مخصوص مسجد کے لیے خوشبو لگائی تھی؟ اس نے اِثبات میں جواب دیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ وہ عورت جو مخصوص مسجد جانے کے لیے خوشبو لگاتی ہے' اس کی نماز اس وقت تک قبول نہ ہو گی جب تک کہ غسل نہ کر ڈالے (یعنی غسل کر کے اس خوشبو کو دھو نہ ڈالے)

(سُنَنِ ابی داؤد ج ۲ صفحہ ۱۲۱)

ایک دفعہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مدینہ مُنوّرہ کے بازار سے گزرے۔ لوگوں کو دنیاوی کاموں میں مشغول پایا تو ان کو پکار کر کہا' اے اہلِ مدینہ! تم یہاں بیٹھے ہو اور وہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث تقسیم ہو رہی ہے۔ لوگوں نے پوچھا' کہاں؟ فرمایا' مسجدِ نبویؐ میں۔ لوگ بھاگم بھاگ وہاں پہنچے۔ اس اثناء میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہیں (بازار میں) کھڑے رہے۔ تھوڑی دیر کے بعد سب لوگ واپس حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس آ گئے۔ انہوں نے پوچھا' کیا ہوا؟ لوگوں نے کہا' ہم نے تو مسجد میں کوئی چیز تقسیم ہوتے نہیں دیکھی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے استفسار کیا' کیا مسجد میں کوئی نہ تھا؟ انہوں نے کہا' کیوں نہیں' بہت سے لوگ تھے' ان میں سے کچھ نماز پڑھ رہے تھے' کچھ قرآن مجید کی تلاوت اور ذکرِ الٰہی میں مشغول تھے اور کچھ حلال و حرام کے متعلق گفتگو کر رہے تھے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا' مجھے تمہاری سمجھ پر افسوس ہے (کہ اس پر بھی تم نہیں سمجھے) یہی تو تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث ہے تم اور کیا چاہتے ہو؟

(سیر اعلام النبلاء ج ۲ صفحہ ۴۴۳۔ مجمع الزوائد ج ۱ صفحہ ۱۲۳)

مدینہ مُنوّرہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بالعموم مسجدِ نبویؐ میں بیٹھ کر حدیثیں بیان کیا کرتے تھے۔ لوگ حدیثیں سننے کے علاوہ مسئلے پوچھنے کے لیے بھی ان کے پاس آیا کرتے تھے۔ بعض دفعہ تو حضرت زید بن ثابت اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما جیسے اصحابِ فضل و کمال بھی سائلوں کو ان کے پاس بھیج دیا کرتے تھے (تا کہ وہ اپنی معلومات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور احادیثِ نبویؐ کی روشنی میں مسائل کا حل بتائیں) کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ 'اُمُّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے کے قریب بیٹھ کر حدیثیں بیان کرتے اور پھر کہتے' "اُمَّ المومنین! میری باتیں غلط تو نہیں؟ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نماز سے فارغ ہو کر فرماتیں' غلط تو نہیں البتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی طرح تیزی سے باتیں نہیں کرتے تھے۔

(سوانح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ صفحہ ۱۴۴)

مشہور تابعی حضرت محمد بن سیرین رحمتہ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہر جمعرات کو انہیں حدیثیں سنایا کرتے تھے۔

بعض اوقات مشتاقانِ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے وقت اور جگہ کا تعین کر کے حدیثیں سننے کے لیے حاضر ہوتے۔ حضرت مکحول الدمشقیؒ کا بیان ہے کہ لوگوں نے ایک دفعہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے طے کیا کہ وہ فلاں رات امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے تعمیر کیے ہوئے فلاں قُبّہ میں آ کر ان سے حدیثیں سنیں گے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہاں تشریف لے گئے اور رات بھر لوگوں کو حدیثیں سناتے رہے۔

(البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۶)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی نشر و اشاعت اس لیے نہیں کرتے تھے کہ لوگ انہیں بڑا عالم یا حافظِ حدیث کہیں بلکہ وہ صرف رضائے الٰہی کی خاطر ایسا کرتے تھے۔ وہ فرماتے تھے کہ خدا کی قسم اگر قرآن میں یہ آیت نہ ہوتی تو میں کبھی کوئی حدیث بیان نہ کرتا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ۙ (البقرہ آیہ:۱۵۹)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہمارے حکموں اور ہدایتوں کو جو ہم نے نازل کی ہیں (کسی غرضِ فاسد سے) چھپاتے ہیں اس کے بعد کہ ہم نے لوگوں کے سمجھانے کے لیے ان کو اپنی کتاب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں کھول کھول کر بیان کیا ہے۔ ایسوں پر اللہ اور تمام لعنت کرنے والے لعنت بھیجتے ہیں۔

(صحیح بخاری کتاب الفتن۔ طبقات ابنِ سعد جلد ۲ صفحہ ۵۷)

اس ضمن میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی یہ دو حدیثیں بھی ملاحظہ ہوں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:......

۱۔ جس شخص نے نفع دینے والے علم کو چھپایا' قیامت کے دن اس کو آگ کی لگام دی جائے گی۔

۲۔ جس شخص سے کوئی علمی بات پوچھی گئی اور اس نے اسے چھپایا تو اسے روز قیامت آگ کی لگام دی جائے گی۔

(فتح الباری ج ۱ صفحہ ۲۲۴۔ مُسندِ احمد ج ۱۴ صفحہ ۵)

اشاعتِ علم یا حدیث کے سلسلے میں مولانا سید سلیمان ندویؒ اپنی کتاب ''سیرۃ عائشہ رضی اللہ عنہا'' میں یوں رقمطراز ہیں:

''صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام اسلامی ملکوں میں علم کی اشاعت اور اسلام کی دعوت کے لیے پھیل گئے تھے۔ مکّہ معظّمہ' طائف' بحرین' یمن' دمشق' مصر' کوفہ' بصرہ وغیرہ بڑے بڑے مرکزی شہروں میں ان مقدّس معلّمین کی ایک ایک مختصر جماعت قیام پذیر تھی۔ خلافت اور حکومت کا سیاسی مرکز ۲۷ برس کے بعد مدینہ مُنوّرہ سے کوفہ اور پھر دمشق کو منتقل ہو گیا تاہم مدینہ مُنوّرہ کی روحانی عظمت اور علمی مرکزیت ان انقلابات سے بھی مٹ نہ سکی۔ مدینہ پاک میں اس وقت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ وغیرہ کی مستقل درسگاہیں قائم تھیں لیکن درسگاہِ اعظم مسجدِ نبویؐ کا وہ گوشہ تھا جو حجرۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب اور زوجۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم (حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا) کے مسکن کے پاس تھا۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حجرۂ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب درس دینے کا ذکر پیچھے آچکا ہے۔ یہاں یہ ذکر کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جہاد فی سبیل اللہ یا بعض دوسرے امور کے سلسلے میں مدینہ مُنَوَّرہ سے باہر (بحرین، شام وغیرہ) بھی جانا پڑا۔ وہ جہاں بھی گئے، اشاعتِ حدیث کا سلسلہ برابر جاری رکھا۔

## صیانتِ حدیث

کُتُبِ حدیث میں بہت سی ایسی احادیث موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں اپنی احادیث کی نشر و اشاعت کی تاکید فرمائی وہاں ان کی حفاظت اور ان میں جھوٹ کی آمیزش سے اجتناب کی بھی سخت تاکید فرمائی...... اس سلسلے میں چند احادیث ملاحظہ ہوں۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میرا نام لے کر جھوٹ نہ بولو کیونکہ جو شخص میرا نام لے کر جھوٹ بولے گا (یعنی میرے ساتھ کوئی غلط بات منسوب کرے گا) وہ آگ میں داخل ہوگا۔ (صحیح بخاری)

حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری باتیں روایت کرو اس میں کوئی حرج نہیں مگر جو شخص میری طرف جان بوجھ کر جھوٹی بات منسوب کرے گا وہ اپنا ٹھکانا جہنّم میں بنائے گا۔ (صحیح مسلم)

حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص میرا نام لے کر وہ بات کہے جو میں نے نہیں کہی وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے۔

(صحیح بخاری)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ، حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما اور حضرت ابنِ مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:......

"میری طرف سے کوئی بات بیان نہ کرو جب تک کہ تمہیں علم نہ ہو کہ میں نے وہ کہی ہے کیونکہ جو میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے گا وہ اپنا ٹھکانا جہنّم میں بنائے گا۔"

(ترمذی۔ ابنِ ماجہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جو شخص میرا نام لے کر قصداً جھوٹی بات میری طرف منسوب کرے وہ اپنا ٹھکانا جہنّم میں بنالے۔"

(صحیح بخاری و جامع ترمذی)

---

سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگرچہ مکثّر حدیث تھے اور احادیثِ نبوی کی نشرو اشاعت کا بھی مقدور بھر اہتمام کرتے تھے مگر اس کے ساتھ ہی وہ اس بات کا خاص خیال رکھتے کہ حدیثِ رسول ﷺ میں کوئی دوسری چیز ملنے نہ پائے۔ وہ دوسرے لوگوں کو بھی تلقین کرتے کہ حدیث بیان کرنے میں سخت احتیاط سے کام لو...... رسول اللہ ﷺ کی طرف کوئی غلط بات ہرگز منسوب نہ کرو۔ ابنِ عساکرؒ کا بیان ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا معمول تھا کہ بازار میں سے گزرتے تو لوگوں سے مخاطب ہو کر فرماتے:

"لوگو جو شخص مجھے جانتا ہے وہ تو جانتا ہی ہے۔ جو نہیں جانتا وہ جان لے کہ میں ابو ہریرہ ہوں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے مجھ سے قصداً جھوٹی بات منسوب کی وہ اپنا گھر دوزخ میں بنالے۔"

(ابنِ عساکر ج ۷ ۴ صفحہ ۴۸۸)

---

## کثرتِ روایت کا پس منظر

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کثرتِ روایت کا ایک خاص پس منظر ہے۔ اس کو جاننے کے لیے جلیل القدر صاحبِ رسول حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (یکے از عشرہ مبشّرہ) کے یہ ارشادات پیشِ نظر رکھنے چاہئیں۔

ایک مرتبہ ایک شخص حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"اے ابو محمد! ذرا یہ تو بتائیں کہ کیا یہ یمنی شخص (ابو ہریرہ) ارشاداتِ نبویؐ کا بڑا حافظ ہے یا آپ لوگ؟ ہم اس سے وہ باتیں سنتے ہیں جو آپ سے نہیں سنتے، کہیں یہ اپنی طرف سے تو حدیثیں (بنا کر) روایت نہیں کرتا؟"

حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

"اس میں کوئی شک نہیں کہ انہوں نے بہت سی ایسی حدیثیں سنیں جو ہم لوگوں نے نہیں سنیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ہم لوگ دولت جائداد والے تھے۔ ہمارے گھر بار اور اہل وعیال تھے۔ ہم ان میں پھنسے رہتے تھے اور صرف دو مرتبہ صبح اور شام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری دے کر اپنے گھروں کو لوٹ جاتے تھے۔ اس کے برعکس ابو ہریرہ ایک مسکین شخص تھے جو مال ومتاع اور بال بچوں کے جھنجٹ سے آزاد اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ہاتھ دیے آپ ﷺ کے ساتھ ساتھ رہتے تھے۔ ہم سب کو یہ یقین ہے کہ انہوں نے ہم سب سے زیادہ احادیثِ نبوی سنیں اور ہم میں سے کسی نے ان پر یہ تہمت نہیں دھری کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنے بغیر ان کو بیان کرتے ہیں۔

(ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں، جس آدمی میں نیکی کا شائبہ بھی ہو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی بات منسوب نہیں کر سکتا جو آپ ﷺ نے نہ فرمائی ہو...... ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں...... ہم نے بھی ابو ہریرہ کی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث سنیں مگر انہوں نے ان (سب) کو یاد رکھا اور ہم نے بھلا دیں۔

(ترمذی مناقبِ ابی ہریرہ۔ فتح الباری جلد ۸ صفحہ ۸۷ البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۹۔ مستدرکِ حاکم جلد ۳ صفحہ ۵۱۲)

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ عظیم المرتبت صاحبِ رسول ہیں جن کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وُرُودِ مدینہ (ہجرتِ نبویؐ) کے بعد آپ ﷺ کی میزبانی کا عظیم شرف حاصل ہوا اور جو بدر سے لے کر تبوک تک تمام غزوات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب رہے۔ وہ بعض اوقات حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کرتے تھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

ایک مرتبہ ایک صاحب نے ان سے سوال کیا کہ آپ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں پھر آپ ابو ہریرہ سے کیوں روایت کر رہے ہیں' براہِ راست رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیوں نہیں کرتے؟ حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا' بلاشبہ ابو ہریرہ نے وہ احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہیں جو ہم نہ سن سکے۔ میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ جو حدیث میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنی اسے آپ ﷺ کے بجائے ابو ہریرہ سے روایت کروں۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۹۔ سیر اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۳۶)

فقیہ الاُمّت حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ایک موقع پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کثرتِ روایت کا سبب یہ بتایا کہ...... "ابو ہریرہ ہم سب سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر رہتے تھے اس لیے وہ سب سے بڑھ کر آپ ﷺ کی احادیث کے عالم بن گئے۔"

(جامع ترمذی ج ۲ صفحہ ۲۴۷' مستدرکِ حاکم جلد ۲ صفحہ ۵۱۱)

ایک دفعہ مروان بن الحکم کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کوئی بات ناگوار گزری۔ اس نے غصے میں آ کر کہا:......

> "لوگ کہتے ہیں کہ ابو ہریرہ بہت حدیثیں روایت کرتے ہیں حالانکہ آپ صحبتِ نبویؐ میں بہت کم عرصہ رہے اس لیے کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے تھوڑی ہی مدّت پہلے مدینہ آئے۔"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا:

> "ہاں یہ درست ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں غزوۂ خیبر کے موقع پر حاضر ہوا' اس وقت میری عمر تیس (۳۰) سال سے کچھ اوپر تھی۔ پھر میں اُس وقت تک سایہ کی طرح آپ ﷺ کے ساتھ رہا' جب آپ دنیا سے رخصت ہوئے' میں آپ ﷺ کے ساتھ آپ کے گھروں میں جاتا تھا' آپ کی خدمت کرتا تھا' آپ کے پیچھے نماز پڑھتا تھا' آپ ﷺ کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہمرکابی میں حج کیا' آپ ﷺ کے ساتھ غزووں میں شریک رہتا تھا۔ خدا کی قسم میں دوسرے لوگوں سے زیادہ حدیثوں سے واقف ہوں۔ اگرچہ قریش اور انصار آپ ﷺ کا شرفِ صحبت حاصل کرنے اور ہجرت کرنے میں مجھ سے سبقت رکھتے ہیں لیکن ان کو بارگاہِ رسالت میں میری (مسلسل) حاضر باشی کا اعتراف تھا۔ اس لیے وہ مجھ سے حدیثیں پوچھا کرتے تھے۔ ان پوچھنے والوں میں عمر' عثمان' علی' طلحہ' اور زبیر رضی اللہ عنہم (جیسے اکابر صحابہ بھی) شامل تھے۔"

(البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۸' الاصابہ جلد ۷ صفحہ ۲۰۵)

ایک اور روایت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی کثرتِ روایت کا پس منظر یوں بیان کرتے ہیں:

"تم کہتے ہو ابوہریرہ بہت حدیثیں روایت کرتا ہے حالانکہ مہاجرین (صحابہؓ) ایسا نہیں کرتے۔ اللہ شاہد ہے حقیقتِ حال یہ ہے کہ مہاجرین اپنی زمینوں کی دیکھ بھال میں (کافی) وقت گزارتے تھے۔ لیکن میں ایک مسکین آدمی تھا۔ اپنا پیٹ بھرنے کے سوا مجھے دنیا کی کوئی چیز درکار نہ تھی اس لیے مجھے سب سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر رہنے کا موقع میسّر آتا۔ جب وہ غیر حاضر ہوتے تو میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا۔ جب وہ آپ ﷺ کے ارشادات کو بھول جاتے تو میں یاد رکھتا۔ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کون ہے جو اپنی چادر بچھائے اور پھر اسے سمیٹ لے...... ایسے شخص کو مجھ سے سنی ہوئی بات کبھی نہیں بھولے گی۔ میں نے اپنی چادر بچھا دی۔ آپ ﷺ گفتگو فرماتے رہے پھر (جب آپ ﷺ نے گفتگو ختم کی) میں نے چادر کو سمیٹ لیا۔ اللہ کی قسم اس کے بعد میں نے آپ ﷺ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا جو ارشاد بھی سنا اسے کبھی نہیں بھولا۔"

(فتح الباری جلد ا صفحہ ۲۲۴ مسند احمد جلد ۲ اصفحہ ۲۷۰)

## غیر معمولی قوّتِ حافظہ

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذہانت و فطانت کے ساتھ غیر معمولی قوّتِ حافظہ بھی عطا کی تھی۔ شروع شروع میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض ارشادات حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ذہن سے محو ہو جاتے تھے۔ یہ بات ان کے لیے سوہانِ روح تھی۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ ایک دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا:

"یا رسول اللہ! میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت روایات سنتا ہوں لیکن (حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے) آپ کے (بعض) ارشادات بھول جاتا ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"چادر بچھاؤ"

میں نے چادر بچھائی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھوں سے لپ بنا کر اس چادر میں ڈال دی۔ پھر فرمایا کہ اس چادر کو لپیٹ کر اپنے سینے سے لگاؤ۔ میں نے اسے سینے سے لگا لیا۔ اس کے بعد میں کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ارشاد نہیں بھولا۔"

(صحیح بخاری کتاب العلم ج۔ اصفحہ ۲۲)

علّامہ ابوبکر قسطلانیؒ لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں نسیان کی کمزوری باقی نہ رہی (حالانکہ تھوڑی یا زیادہ یہ کمزوری انسانی فطرت کا خاصہ ہے) درحقیقت ایسا ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ تھا اور ایسے امور کا عقلِ انسانی احاطہ نہیں کر سکتی۔ (قسطلانی ج۔ اصفحہ ۲۸۰)

حافظ ابنِ کثیرؒ نے "البدایۃ والنہایۃ" میں یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک دفعہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا:

''جو شخص چادر پھیلائے گا یہاں تک کہ میں بات ختم کروں اور پھر اس کو لپیٹ لے تو یہ شخص کبھی میری کوئی بات نہیں بھولے گا۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے چادر پھیلائی یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بات ختم کی۔ پس میں نے چادر کو لپیٹ لیا' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اس کے بعد کوئی روایت (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمائی ہوئی کوئی بات) مجھے نہیں بھولی۔

(البدایۃ والنہایۃ ج۔۸ صفحہ ۱۰۵)

یہ روایت طبقات ابن سعد' مُسندِ احمد اور فتح الباری میں بھی موجود ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شدید خواہش تھی کہ انہیں ایسا علم نصیب ہو جائے جسے وہ کبھی نہ بھولیں۔ ایک موقع پر ان کی یہ خواہش عجیب انداز میں پوری ہوگئی۔ وہ اس طرح کہ ایک دفعہ کوئی شخص حِبرُ الاُمَّت حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے کوئی مسئلہ دریافت کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ ابو ہریرہ سے دریافت کرو' پھر خود ہی یہ واقعہ سنایا کہ ایک دن میں' ابو ہریرہ اور فلاں شخص مسجدِ نبویؐ میں بیٹھے دعا اور ذکرِ الٰہی میں مشغول تھے کہ اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ہمارے پاس بیٹھ گئے۔ ہم خاموش ہو گئے۔ حضورؐ نے فرمایا تم لوگ اپنا کام جاری رکھو۔ اس پر میں اور دوسرے شخص نے بآواز بلند دعا مانگی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس پر ''آمین'' کہا۔ اس کے بعد ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بارگاہِ الٰہی میں یوں عرض پیرا ہوئے:

''بارِ الٰہا! جو کچھ میرے ساتھی مجھ سے پہلے مانگ چکے ہیں وہ مجھے بھی عطا کر اس کے علاوہ میں تجھ سے ایسے علم کا سوال کرتا ہوں جو کبھی فراموش نہ ہو۔''

حضور ﷺ نے اس پر بھی آمین کہا۔ پھر میں اور میرے دوسرے ساتھی نے عرض کیا:

''یا رسول اللہ! ہم بھی ایسے علم کا سوال کرتے ہیں جو فراموش نہ ہو۔''

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"دَوسی نوجوان اس باب میں تم پر سبقت لے گیا۔"

(بالفاظِ دیگر وہ تو اسی دَوسی نوجوان کے حصہ میں آ چکا۔)

(تہذیب التہذیب جلد ۱۲ صفحہ ۲۶۶' الاصابہ جلد ۴ صفحہ ۲۰۸' البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۱۱' فتح الباری جلد ۱ صفحہ ۲۲۶)

ایک دفعہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک دوسرے صحابی سے ملے تو ان سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گزشتہ رات عشاء کی نماز میں کون سی سورۃ پڑھی تھی۔

انہوں نے جواب دیا' مجھے معلوم نہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا' کیا تم نماز میں شریک نہیں تھے؟

انہوں نے کہا' شریک تو تھا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں سورۃ تلاوت فرمائی تھی۔" (ابن عساکر جلد ۷ صفحہ ۴۸۹)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حفظِ احادیث کو عبادت کا درجہ دیتے تھے اور صرف ان کے ایک دفعہ سن لینے ہی کو کافی نہیں سمجھتے تھے بلکہ ان کا اعادہ و تکرار بھی کثرت سے کرتے رہتے تھے۔ خود فرماتے ہیں:

"میں نے رات کو تین حصوں میں تقسیم کر رکھا تھا۔ ایک تہائی میں نماز پڑھتا تھا' ایک تہائی میں آرام کرتا تھا اور ایک تہائی میں احادیث کا دَور کیا کرتا تھا۔"

(سُنَنِ دارمی جلد ۱ صفحہ ۸۲)

اپنے قوی حافظہ اور مسموع احادیث کے اعادہ و تکرار کی بدولت وہ صحابۂ کرام ؓ میں سب سے بڑھ کر حافظِ حدیث ہو گئے تھے۔ ان کے مشہور شاگرد حضرت ابو صالح السّمان ؒ کا یہ قول بہت مشہور ہے کہ:

"ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم میں سب سے بڑے حافظِ حدیث

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ صحابہ میں سب سے افضل ہیں۔ میرا مطلب یہ ہے کہ وہ حفظِ حدیث میں سب سے بڑھ گئے تھے۔"

(تذکرۃ الحفاظ جلد ۲ صفحہ ۳۴، الاصابہ جلد ۴ صفحہ ۲۰۵)

## حافظہ کا امتحان

امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں امیرِ مدینہ مروان بن الحکم نے حفظ حدیث کے معاملے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا امتحان لینا چاہا۔ اس کے لیے اس نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ اپنے معتمد یا کاتب ابوالزعیزعہ کو پردے کے پیچھے بٹھا دیا اور اسے حکم دیا کہ میں ابو ہریرہ سے جو احادیث پوچھوں اور وہ جس طرح انہیں روایت کریں تم ان کو لکھتے جانا۔

پھر اس نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر حدیثیں پوچھنی شروع کیں۔ وہ بیان کرتے جاتے تھے اور ابوزعیزعہ اُن سے درپردہ لکھتا جاتا تھا۔

ابوزعیزعہ کا بیان ہے کہ ایک سال گزرنے کے بعد مروان نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو پھر بلایا اور مجھے پسِ پردہ بٹھا دیا۔ مروان ان سے دوبارہ وہی احادیث پوچھنے لگا جو پچھلے سال پوچھ چکا تھا اور جنہیں میں نے لکھ لیا تھا، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جواب دیتے رہے اور میں پچھلے سال کی مکتوبہ احادیث دیکھتا رہا یہاں تک کہ تمام احادیث سن لیں۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بلاکم وکاست تمام احادیث اسی طرح بیان کیں جس طرح پچھلے سال بیان کر چکے تھے۔ یہاں تک کہ ترتیب میں بھی کوئی فرق نہ آیا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں "انہوں نے نہ کوئی زیادتی کی اور نہ کسی کلمہ کو آگے پیچھے کیا۔" ایک اور روایت میں ہے کہ "انہوں نے ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف نہ رکھا۔"

(سیر اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۳۱، ۵۰۸، الاصابہ جلد ۴ صفحہ ۲۰۸، البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۶)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# بعض احادیث کا اخفاء

اس میں کوئی شک نہیں کہ سیّدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سب سے بڑے راویِ حدیث ہیں۔ اس کے باوصف اس حقیقت کو بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ انہوں نے (مجموعی طور پر) جو احادیث رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ رضی اللہ عنہم) سے سنیں، وہ ان کی مرویات کی معلوم اور مشہور تعداد (۵۳۷۴) سے کہیں زیادہ ہیں۔ جو روایات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان نہیں کیں ان کی تعداد کسی نے بیان نہیں کی۔ اس سلسلے میں خود حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کئی احادیث مروی ہیں لیکن ان میں سے کسی میں بھی ان احادیث کی معین تعداد نہیں بتائی گئی جن کو انہوں نے بیان نہیں کیا۔

ایک روایت میں کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم کے دو تھیلے سیکھے (یعنی دو قسم کے علوم حاصل کیے) ایک کو میں نے لوگوں میں پھیلا دیا اور دوسرے کو اگر میں پھیلاؤں تو میرا یہ نرخرہ کاٹ ڈالا جائے گا۔)

www.KitaboSunnat.com

(صحیح بخاری باب حفظ العلوم جلد ۱ صفحہ ۲۳)

ایک اور روایت میں کہتے ہیں کہ:

"لوگ کہتے ہیں کہ ابوہریرہ زیادہ حدیثیں روایت کرتا ہے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر میں تم لوگوں کو وہ سب کچھ بتا دیتا جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا تو تم مجھے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر پھینک دیتے اور پھر مجھے آنکھ بھر کر دیکھنا بھی پسند نہ کرتے۔"

(سوانح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از محمد عجاج الخطیب بحوالہ فتح الباری جلد ا صفحہ ۲۲۴)

"طبقات ابنِ سعد" میں ہے کہ "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ جو کچھ میں جانتا ہوں اگر عوام النّاس کو بتا دوں تو وہ میری تکذیب کریں گے، کہیں گے کہ ابوہریرہ پاگل ہو گیا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ جو کچھ میرے سینے (پیٹ) میں ہے اگر لوگوں کو بتا دوں تو وہ مجھ پر مینگنیاں پھینکنے لگیں گے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوہریرہ نے سچ کہا، اگر وہ بتا دیتے کہ خانۂ کعبہ کو گرا دیا جائے گا یا جلا دیا جائے گا تو لوگ اس بات کو ہرگز تسلیم نہ کرتے۔ (طبقات ابن سعد جلد ۴ صفحہ ۵۷)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بعض احادیث بیان نہ کرنے کی علماء نے مختلف توجیہات کی ہیں۔ مولانا شاہ معین الدّین احمد ندوی مرحوم سیر الصحابہ (مہاجرین حصہ دوم) میں لکھتے ہیں:

"آپ (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) کے دامن کمال میں جس قدر علمی جواہر تھے، سب عام مسلمانوں میں تقسیم کر دیے لیکن وہ احادیث جو فتنہ سے متعلق تھیں اور جن کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشین گوئی کے طور پر فرمایا تھا، زبان سے نہ نکالیں کہ یہ خود فتنہ کی بنیاد بن جاتیں۔ فرماتے تھے کہ میں نے احادیث نبویؐ دو ظروف میں محفوظ کی ہیں۔ ایک ظرف کی پھیلائیں اگر دوسرے کی پھیلا دوں تو نرخرہ کاٹ ڈالا جائے۔ (صحیح بخاری کتاب الفتن) صوفیہ کہتے ہیں کہ یہ اسرار توحید کی امانت تھے۔ متکلّمین کہتے ہیں کہ وہ اسرارِ دین تھے لیکن محدّثین کا فتویٰ یہی ہے کہ وہ فتنہ کی حدیثیں تھیں۔"

(مہاجرین حصہ دوم ترجمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب اپنی کتاب ''دفاعِ ابو ہریرہ'' میں لکھتے ہیں:

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا (بعض روایات) بیان نہ کرنا کتمانِ علم نہیں کیونکہ یہ ایسی روایات تھیں جن کا تعلق فتن اور خاص کر ۶۰ ہجری کے بعد رونما ہونے والے واقعات سے تھا۔ اُمّت میں مثالی اتفاق واتحاد دیکھ کر اس وقت ان واقعات کی تصدیق کے لیے کوئی تیار نہیں تھا۔ اُخوّتِ اسلامی کی وجہ سے کوئی شخص یہ تصور نہیں کر سکتا تھا کہ صحابۂ رسول ﷺ کے درمیان بھی اختلافات رونما ہوں گے۔ یہ ایسے امور تھے جو عقل کے ادراک سے بلند وبالا تھے اور پھر ان سے احکام کا تعلق بھی نہیں تھا اس لیے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ واقعات بیان نہیں کیے تاکہ جھٹلانے کی نوبت نہ آئے۔'' (صفحہ ۱۱۱)

عرب کے فاضل شہیر علامہ محمد عجاج الخطیب نے اپنی کتاب ''سوانح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' میں اس موضوع پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ انہوں نے متعدد معتبر کتابوں کے حوالے سے جو کچھ بیان کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جن باتوں کا اظہار نہیں کیا تھا' ان کا تعلق نہ تو دینی احکام سے تھا اور نہ آداب واخلاق کے ساتھ' بہت ممکن ہے کہ ان کا تعلق علاماتِ قیامت کے ساتھ ہوگا یا ان فتنوں کے ساتھ جو آگے چل کر اُمّت کو پیش آنے والے تھے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے امراءِ سُوء کے بارے میں کچھ ارشاد فرمایا ہو۔ میرے نزدیک راجح بات یہی ہے کہ ابو ہریرہ ان باتوں کو چھپاتے تھے اور جان کے خطرہ کے باعث ان کا اظہار نہیں کرتے تھے...... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہمیشہ اس بات کا خیال رکھتے تھے کہ لوگوں کو وہی باتیں بتائی جائیں جو ان کے یہاں جانی پہچانی ہوں۔ اس لیے کہ غیر معروف باتیں بتانے کی صورت میں اس امر کا خطرہ دامن گیر تھا کہ لوگ ان کو تسلیم نہیں کریں گے اور اس طرح اللہ اور رسول ﷺ کی تکذیب پر اتر آئیں گے۔

امام بخاریؒ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ لوگوں کو وہی باتیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بتاؤ جن سے وہ شناسا ہوں۔ کیا تم اس بات کو پسند کرو گے کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی جائے؟

علاّمہ محمد عجاج الخطیب نے ان توجیہات کے ضمن میں جن کتابوں کے حوالے دیے ہیں ان کے نام یہ ہیں:

**فتح الباری' البدایه وَالنِهّایه' سیر اعلام النبلاء' الثقات لِابْنِ حبان۔**

مفتی غلام الرحمٰن صاحب نے بعض حدیثوں کا حوالہ دے کر یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ:

> ''ایسی روایات جن کا تعلق احکام شریعت سے بالذّات نہ ہو اور عوام کے سامنے بیان کرنے سے غلط فہمی کا اندیشہ ہو یا ان روایات کے بیان سے مخاطبین کے قصورِ فہم کی وجہ سے تکذیب اور جھٹلانے کا خطرہ ہو تو ان روایات کا بیان نہ کرنا شرعاً حرام نہیں۔''

فی الحقیقت یہ بحث بہت طویل ہے جس کی یہ کتاب مُتَحَمِّل نہیں ہو سکتی اس لیے اوپر جو کچھ بیان ہوا ہے ہم اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔

❀ ❀

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حدیث کی تحریر وکتابت

منکرینِ حدیث یا حدیث کے متعلق بے اعتمادی پھیلانے والے لوگ کہتے ہیں کہ یہ احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں قلمبند نہیں کی گئی تھیں بلکہ حضور ﷺ نے ان کے لکھنے سے منع فرمایا تھا۔ اپنے موقف کی تائید میں وہ صحیح مسلم کی یہ حدیث پیش کرتے ہیں:۔

''حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ سے (سن کر) کچھ نہ لکھو اور جس نے مجھ سے قرآن کے سوا کچھ لکھا ہے اس کو چاہیے کہ اسے مٹا دے۔ اور مجھ سے (سن کر) حدیثیں دوسروں تک (زبانی) پہنچاؤ اس میں کچھ حرج نہیں اور جو کوئی جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے گا وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنائے گا۔''

(صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۴۱۴)

لیکن امام بخاریؒ اور بعض دوسرے محدّثین نے اس حدیث کو مضطرب[۱] یا موقوف[۲] قرار دیا ہے۔ اگر اس حدیث کو مضطرب یا موقوف نہیں بلکہ مرفوع اور مستند ہی تسلیم کر لیا جائے تب بھی بہت سی دوسری مستند احادیث کی روشنی میں یہ ثابت ہوتا ہے کہ کتابتِ

---

۱۔ اگر حدیث کے متن یا اس کی سند میں راویوں کا باہم اختلاف ہو تاخیر و تقدم کا یا عبارت کی کمی بیشی کا یا تبدیلِ جگہ وغیرہ کے بارے میں نزاع ہو تو یہ حدیثِ مضطرب کہلاتی ہے اگر اس میں رفعِ اختلاف کی کوئی صورت نکل سکتی ہو تو ایسی حدیث لے لی جائے گی ورنہ اس میں توقف کیا جائے گا۔

۲۔ حدیثِ موقوف وہ ہے جس میں کسی صحابی کے قول یا فعل کا ذکر ہو۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حدیث کی ممانعت وقتی اور عارضی تھی جو اس زمانے میں قرآنِ حکیم کی حفاظت کے سلسلے میں کی گئی تھی، کیونکہ اندیشہ تھا کہ نئے نئے لوگ جو ابھی ابھی قرآن سے آشنا ہو رہے ہیں وہ اگر ایک طرف آیاتِ قرآنی کی کتابت کریں گے اور دوسری طرف ارشاداتِ نبویؐ کی، تو کہیں آیاتِ قرآنی اور ارشاداتِ نبویؐ کو خلط ملط نہ کر دیں اور اگر خلط ملط نہ کریں تو بھی کسی وقت شک پیدا ہو سکتا ہے کہ کوئی تحریر قرآنِ پاک کی عبارت ہے یا حدیثِ رسول ﷺ ...... اسی لیے شروع شروع میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کتابتِ حدیث سے منع فرمایا ہوگا مگر جب یہ حالت نہ رہی اور ارشاداتِ نبویؐ کے آیاتِ قرآنی سے اشتباہ کا اندیشہ نہ رہا تو آپ ﷺ نے احادیث لکھنے کی اجازت دے دی۔ اس کی تائید میں بہت سی مستند روایات کتبِ حدیث میں موجود ہیں۔ ان میں سے چند یہ ہیں:

۱۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کرتا تھا، اس کو لکھ لیا کرتا تھا۔ بعض اصحاب نے مجھے ایسا کرنے سے منع کیا اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ کبھی رضا کی حالت میں بولتے ہیں اور کبھی غضب کی حالت میں، تم سب کچھ لکھ لیتے ہو۔ اس پر میں نے فیصلہ کیا کہ جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ نہ لوں، آپ ﷺ کی کوئی بات نہ لکھوں گا۔ پھر جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا تو آپ ﷺ نے اپنے منہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا، لکھو اس اللہ کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس منہ سے حق کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔

(ابوداؤدؒ، احمد بن حنبلؒ، دارمیؒ، حاکمؒ، بیہقیؒ فی الداخل)

۲۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیدو العلم بالکتاب (تحریر کے ذریعے علم کی حفاظت کرو)

(جامع بیان العلم لابنِ عبدالبر ج ا صفحہ ۷۲، والمحدث الفاصل صفحہ ۳۶۸)

۳۔ حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث لکھنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

کی اجازت چاہی تو آپ ﷺ نے ایسا کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔

(جامع ترمذی جلد۲ صفحہ ۱۰۷)

۴۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خطبہ دیا جس میں حرم مکہ کے احکام اور قتل کے معاملہ میں چند قوانین بیان فرمائے۔ اہل یمن میں ایک شخص ابوشاہ (رضی اللہ عنہ) نے اٹھ کر عرض کیا کہ یارسول اللہ! یہ احکام مجھے لکھوا دیں۔ آپ ﷺ نے صحابہ کرام کو ہدایت فرمائی، ابوشاہ کے لیے یہ احکام لکھ کر دے دو۔"

(صحیح بخاری کتاب العلم باب کتابۃ العلم ج ا صفحہ ۲۲)

۵۔ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول! ہم آپ سے بہت سی چیزیں سنتے ہیں کیا ہم ان کو لکھ لیا کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا، لکھ لیا کرو اس میں کوئی حرج نہیں۔

(مجمع الزوئدج ا صفحہ ۱۵۱ بحوالہ طبرانی۔ تدریب الراوی صفحہ ۲۸۶، المحدث الفاصل صفحہ ۳۶۹)

۶۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک انصاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ یارسول اللہ! میں آپ سے احادیث سنتا ہوں مگر مجھے یاد نہیں رہتیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"اپنے داہنے ہاتھ سے مدد لو اور (یہ فرما کر) آپ نے اپنے ہاتھ سے لکھنے کا اشارہ فرمایا۔" (جامع ترمذی صفحہ ۱۰۷)

---

عہدِ رسالت میں قرآن مجید کے علاوہ جو چیزیں لکھی گئیں ان میں سے کچھ کی تفصیل یہ ہے:......

۱۔ وہ احادیث جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لکھ کر اپنے پاس محفوظ کر لیں۔

(صحیحین۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ مسندِ احمد)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲- وہ مکاتیب جو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف حکمرانوں اور رئیسوں کو لکھے تھے۔

(صحیح بخاری۔تذکرۃ الحفاظ)

۳- حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا لکھا ہوا مجموعۂ احادیث "الصادقہ" جس میں ایک ہزار حدیثیں تھیں۔ (بخاری۔الاصابہ۔تہذیب التہذیب۔طبقات ابنِ سعد)

۴- فتح مکہ کا خطبہ جو حضور نے حضرت ابوشاہ رضی اللہ عنہ کو لکھوا کر دیا تھا۔ (صحیح بخاری)

۵- کتاب الصدقہ۔ فریضۂ زکوٰۃ سے متعلق شریعت کے احکام جو حضورؐ نے ایک دستاویز میں تفصیلی طور پر املا کروائے تھے۔ (سُنَنِ ابی داؤد)

۶- مختلف صوبوں کے عُمّال کو تحریری ہدایات (مختلف کُتُبِ حدیث)

۷- بارگاہِ رسالت میں حاضر ہونے والے مختلف وفود کو تحریری ہدایات

(مختلف کُتُبِ حدیث)

۸- صلح نامۂ حدیبیہ

۹- وہ معاہدات جو آپ ﷺ نے اہلِ نجران اور بعض دوسرے قبائل کے ساتھ تحریری طور پر کیے۔

(طبقات ابنِ سعد' الاستیعاب' البدایہ والنہایہ وغیرہ)

۱۰- صحیفہ عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ۔ وہ فرمان جو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم انصاری رضی اللہ عنہ کو یمن کا حاکم مقرر کرتے وقت ان کو دیا۔ اس میں فرائض' صدقات' صلوٰۃ' دیات' طلاق' عتاق وغیرہ کے احکام تھے۔

(مُسندِ احمد' مستدرکِ حاکم' کنز العُمّال وغیرہ)

۱۱- فہرستِ صحابہ جس میں پندرہ سو صحابہ کے نام تھے۔ (تاریخ علم حدیث بحوالہ بخاری)

۱۲- حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ کے پاس حضور ﷺ کی تحریر کرائی ہوئی ایک ہدایت جس میں بیوی کو مقتول شوہر کی دِیت دلانے کا حکم تھا۔

(ابوداؤدؒ۔ دارقطنیؒ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اوپر ہم نے جو کچھ بیان کیا ہے اس میں بہت کچھ اضافہ کی گنجائش ہے لیکن ہمارے خیال میں اتنے ہی شواہد یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ احادیث نبوی ﷺ کی تحریر و کتابت اور تدوین کا کام عہد رسالت ہی میں شروع ہو چکا تھا۔ آپ ﷺ کے بعد بھی صحابہ کرام ؓ نے یہ کام جاری رکھا۔ ان کے بعد تابعین، تبع تابعین اور بعد کے اَدوار میں بھی تدوینِ حدیث پر مسلسل کام کیا جاتا رہا۔ بعض لوگوں کا دعویٰ کہ یہ کام تیسری صدی ہجری سے قبل شروع نہیں ہو سکا تھا، بالکل غلط اور بے بنیاد ہے۔

## مرویّات ابی ہریرہ کی کتابت

سیّدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار ان صحابۂ کرام ؓ میں ہوتا ہے جنہوں نے ارشاداتِ نبویؐ لوگوں کو نہ صرف (اپنی زبان سے) سنائے بلکہ ان کو معرض تحریر میں لا کر محفوظ بھی کیا۔ شروع شروع میں (یا عہدِ رسالت میں اپنے حافظے پر بھروسا کر کے) انہوں نے احادیث قلمبند نہیں کیں جیسا کہ صحیح بخاری کی اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے:

> ”حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں مجھ سے زیادہ روایت کرنے والا کوئی نہیں البتہ عبداللہ بن عمرو (بن العاص) نے بہت احادیث روایت کی ہیں کیونکہ وہ لکھتے تھے اور میں نہیں لکھتا تھا۔“

(صحیح بخاری جلد ا صفحہ ۲۲)

یہاں یہ اِشکال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی احادیث کی تعداد صرف سات سو (۷۰۰) ہے جبکہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرویات کی تعداد پانچ ہزار تین سو چوہتر (۵۳۷۴) ہے۔ پھر انہوں نے یہ کیوں کہا کہ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ مجھ سے زیادہ احادیث روایت کرنے والے تھے۔ حافظ ابنِ حجر عسقلانی رحمتہ اللہ علیہ نے ”فتح الباری“ میں اس اشکال کے متعدّد محققانہ جواب دیے ہیں۔ ان میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایک یہ ہے کہ:

"حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما عبادت میں زیادہ مشغول رہتے تھے۔ تعلیم اور بیان حدیث کا موقع کم ملتا تھا' نیز مصر اور طائف میں ان کا زیادہ قیام رہا جو طالبان حدیث کے مرجع نہ تھے' بخلاف ازیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا زیادہ تر قیام مدینہ منورہ میں رہا جو مسلمانوں کا مرکز ومرجع ہے اس لیے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو حدیث کی نشرواشاعت کے زیادہ مواقع ملے۔"

اکثر علماء نے حافظ ابنِ حجرؒ کی توجیہ سے اتفاق کیا ہے۔ اس ضمن میں عصر حاضر کے یگانہ روزگار عالم مولانا شبیر احمد عثمانی رحمتہ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ

"یہ بات حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے خیال اور تخمینہ کے اعتبار سے کہی ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اُمّتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے زیادہ احادیث ملی ہیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ ذخیرۂ حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے پاس زیادہ ہو مگر روایت کی نوبت ان کو کم آئی اور خود زیادہ روایت نہیں کی۔ قلّتِ روایت اس کی دلیل نہیں کہ آپ کے پاس ذخیرۂ حدیث کم تھا۔ چنانچہ خلفاءِ اربعہ خصوصاً صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اوّل المومنین ہیں' خلوت وجلوت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس طرح ہمیشہ مصاحب رہے کہ یارِ غار ایک محاورہ ہی بن گیا۔ کیا ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات وواقعات کم پہنچے ہوں گے۔ اس کا ایک منٹ کے لیے بھی تصور نہیں کیا جا سکتا۔"

(فضل الباری جلد ۲ صفحہ ۱۴۸)

اب رہا یہ سوال کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مرویّات کب اور کیسے معرض تحریر میں آئیں' تو اس بات کے ٹھوس شواہد موجود ہیں کہ ان مرویّات کا بیشتر حصہ ان کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



زندگی ہی میں معرض تحریر میں آچکا تھا۔ ارباب علم نے عام طور پر یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ یہ احادیث عہد رسالت کے بعد لکھی گئیں۔ اس بارے میں اختلاف ہے کہ یہ تمام احادیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے خود اپنے ہاتھ سے لکھیں یا اپنے شاگردوں کو املا کرائیں۔ صورت حال کچھ بھی ہو یہ بات ثابت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہت سی مرویات ان کی زندگی ہی میں تحریری شکل میں محفوظ ہو چکی تھیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ایک شاگرد حسن بن عمروؒ کے بیٹے فضل بن حسنؒ بیان کرتے ہیں کہ میرے والد حسن بن عمرو نے ایک حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنی تھی۔ کچھ عرصہ کے بعد ایک دفعہ میرے والد نے وہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو سنائی۔ انہوں نے اس سے لاعلمی ظاہر کی[1]۔

حسن نے کہا کہ بہت دن ہوئے میں نے یہ حدیث آپ ہی سے سنی تھی۔ انہوں نے فرمایا' اگر یہ حدیث تم نے مجھ سے سنی ہے تو میرے پاس ضرور لکھی ہوئی ہوگی۔ یہ کہہ کر وہ حسن کو اپنے گھر لے گئے' اور ایک کتاب نکالی جس میں حدیثیں لکھی ہوئی تھیں۔ ان حدیثوں میں وہ حدیث بھی موجود تھی جو میرے والد نے ان کو سنائی تھی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس کو دیکھ کر فرمایا' میں نے تم سے کہا نہیں تھا کہ اگر یہ حدیث تم نے مجھ سے سنی ہے تو میرے پاس ضرور لکھی ہوئی ہوگی۔" (مستدرکِ حاکم ج ۳ صفحہ ۵۱۱)

حافظ ابنِ حجرؒ نے "فتح الباری" میں حسن بن عمروؒ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میرا ہاتھ پکڑ کر اپنے گھر لے گئے اور احادیث نبویؐ کی کئی کتابیں دکھا کر فرمایا کہ دیکھو یہ احادیث میرے پاس لکھی ہوئی موجود ہیں۔ (فتح الباری ج ۱ صفحہ ۱۴۸)

---

[1] یہاں یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ دعائے رسول ﷺ کی بدولت حضرت ابوہریرہؓ کو تو نہ بھولنے والا حافظہ عطا ہوا تھا پھر انہیں یہ حدیث کیسے بھول گئی۔ بعض علماء نے اس کی یہ توجیہ کی ہے کہ جہاں تک نفس حدیث کا تعلق ہے تو یہ انہیں یاد تھی اسے انہوں نے کسی وقت سنایا بھی اور تحریری شکل میں بھی محفوظ کر لیا۔ بعد میں تقاضائے عمر کے سبب سے انہیں یاد نہ رہا کہ حدیث انہوں نے سنائی یا نہیں۔ بہرصورت ایسا کوئی شاذ واقعہ اس امر کے متناقض نہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ کو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی حافظہ عطا کیا تھا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد حضرت بشیر بن نہیکؒ کا بیان ہے کہ:

''میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے جو حدیثیں سنتا تھا ان کو لکھ لیتا تھا۔ پھر جب میں نے ان سے رخصت ہونے کا ارادہ کیا تو اس کتاب کو لے کر ان کی خدمت میں حاضر ہوا' اس کو ان کے سامنے پڑھ کر سنایا اور پھر ان سے پوچھا کہ یہ سب وہی حدیثیں ہیں جو میں نے آپ سے سنی ہیں۔ انہوں نے کہا' ہاں۔ (سُنَنِ دارمی باب من رخص کتاب العلم)

ایک اور روایت میں حضرت بشیر بن نہیکؒ کا بیان اس طرح نقل ہوا ہے کہ:

''میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث کی کتابیں عاریتاً لے کر نقل کرتا تھا۔ نقل سے فارغ ہو کر ان کو سب سنا دیتا تھا اور سنانے کے بعد عرض کرتا تھا کہ میں نے جو سنایا ہے وہ سب آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے؟ وہ فرماتے تھے کہ ہاں۔

(طحاوی ج ۲ صفحہ ۳۸۵)

## ''صحیفۂ ہمام بن مُنَبِّہ''

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک شاگرد حضرت ہمام بن منبہ[1] تھے۔ انہوں نے اپنے استادِ گرامی سے جو حدیثیں سنیں انہیں لکھ کر ایک رسالہ میں جمع کیا جس کا نام ''الصحیفۃ الصحیحۃ '' رکھا۔ اب یہ ''صحیفۂ ہمام بن مُنَبِّہ'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس کا مکمل متن امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''مُسْنَد'' میں شامل کرلیا ہے۔

حافظ ابنِ حجرؒ نے ''تہذیب التہذیب'' میں لکھا ہے کہ شیخین (امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ) نے بھی متفرق طور پر اس سے روایات لی ہیں۔ اس صحیفے کا اصل مسودہ صدیوں تک گوشۂ خمول میں پڑا رہا۔ ۱۳۷۳ھ (بمطابق ۱۹۵۴ء) میں اس کے دو قلمی نسخے دمشق اور برلن کی لائبریریوں میں دریافت ہوئے۔ پھر اس کا تیسرا مخطوطہ دارالکتب المصریہ میں

---

۱۔ حضرت ہمام بن منبہ کا شمار تابعین میں ہوتا ہے۔ وہ یمن کے رہنے والے تھے۔ ۴۰ ہجری میں پیدا ہوئے اور ۱۳۱ھ میں فوت ہوئے۔ آغازِ شباب میں مدینہ منورہ پہنچے اور ایک مدت تک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں رہ کر ان سے اکتسابِ فیض کیا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دریافت ہوا۔ پہلے دو مخطوطے دریافت کرنے کا سہرا عالَمِ اسلام کے نامور محقق ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کے سر ہے۔ انہوں نے ان دونوں مخطوطوں میں کمال درجے کی مشابہت پائی اور پھر انہیں ایک تفصیلی تعارف کے ساتھ حیدر آباد (دکن) سے شائع کر دیا۔ ڈاکٹر صاحب موصوف کا بیان ہے کہ میں نے ان دونوں مخطوطوں کے متون کا مقابلہ "مُسندِ امام احمد" میں ملنے والے متن سے بھی کیا اور ان دونوں متون کے درمیان کوئی بھی حقیقی اور واقعی اختلاف یا فرق نہیں پایا۔ چند مقامات پر معمولی سا لفظی اختلاف ہے جس کی کوئی اہمیت نہیں۔

"صحیفہ ہمام بن منبہ" میں ایک سو اڑتیس (۱۳۸) احادیث ہیں۔ ان کو ہمامؒ نے حضرت ابو ہریرہ رَضِیَ اللہُ عَنہٗ سے ہمام سے معمر بن راشد نے اور معمر بن راشد سے عبدالرزاق نے روایت کیا ہے۔ اس سلسلۂ سند کو اَصَحُّ الطُّرُق میں شمار کیا گیا ہے۔

## مُسندِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

۲۸۵ھ ہجری میں ابو اسحاق ابراہیم بن اسحاق بن ابراہیم بن عبد اللہ نے متعدد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی مرویات مسانید کی شکل میں مرتب کیں۔ ان صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی شامل تھے۔ چنانچہ ان کی مرویات ابو اسحاق ابراہیمؒ کی مرتب کردہ "مُسندِ ابی ہریرہ" میں بھی موجود و محفوظ ہیں۔

## حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایات میں اَصَحُّ الطُّرُق

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایات جن واسطوں سے ہم تک پہنچی ہیں ان میں آٹھ نَو واسطوں کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ یعنی ان روایات کے سلسلۂ سَنَد کو مستند یا صحیح ترین سمجھا جاتا ہے اور علم الدرایۃ اور اسماء الرِّجال کی روشنی میں ان احادیث کو اعلیٰ اور عمدہ مقام اور مرتبہ کی حامل قرار دیا جاتا ہے۔ ان مستند واسطوں (اَصَحُّ الاَسَانِید یا اَصَحُّ الطُّرُق) کی تفصیل یہ ہے۔

مالک رحمۃ اللہ علیہ عن زہری رحمۃ اللہ علیہ عن سعید بن المسیّب رحمۃ اللہ علیہ عن ابو ہریرہ رَضِیَ اللہُ عَنہٗ

سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ عن زہری رحمۃ اللہ علیہ عن سعید بن المسیّب عن ابی ہریرہ رَضِیَ اللہُ عَنہٗ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معمر رحمۃ اللہ علیہ عن زہری رحمۃ اللہ علیہ عن سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

معمر عن ہمام بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ عن ایوب رحمۃ اللہ علیہ عن محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

اسمٰعیل بن ابی الحکم رحمۃ اللہ علیہ عن عبیدہ بن سفیان الحضرمی رحمۃ اللہ علیہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

(مُسنِد احمد ج۔۱ صفحہ ۱۴۹-۱۵۰)

سلیمان بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایات میں اَصَحُّ الْاَسَانِید حسب ذیل ہیں:

یحییٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ عن ابو سلمہ رحمۃ اللہ علیہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

ابو الزناد عن اعرج عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

زہری عن سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

ابن عون رحمۃ اللہ علیہ عن محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

ایوب رحمۃ اللہ علیہ عن محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

(سوانح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بحوالہ الکفایہ صفحہ ۳۹۸۔ تدریب الراوی صفحہ ۲۶ توضیح الافکار ج۔۱ صفحہ ۳۵)

مُحدِّث ابن المدینی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایات کی صحیح ترین سند یہ ہے:

حمادؒ بن زید عن ایوبؒ عن محمد بن سیرینؒ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مرویاتِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ میں سب سے معتبر سلسلۂ سَنَد وہ ہے جو محمد بن سیرینؒ کے واسطے سے نقل ہوا ہو۔ اس کے بعد وہ ہے جو سعید بن المسیبؒ کے واسطے سے ہم تک پہنچا ہو۔

امام المدینیؒ اور ابنِ معینؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ان آٹھ شاگردوں کو اعلیٰ ترین مقام و مرتبہ کا حامل قرار دیا ہے:۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


محمد بن سیرینؒ سعیدؒ بن المسیّبؒ ابو سلمہؒ بن عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ عبد الرحمٰنؒ بن ہرمز المعروف الاعرج ابو صالحؒ المقبریؒ ابو رافعؒ طاوسؒ۔

امیر المومنین فی الحدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے واسطے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایات نقل کی ہیں وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔ان کے علاوہ انہوں نے تقریباً ستاون ایسے تابعینِ عظام کے واسطے سے مرویاتِ ابی ہریرہ نقل کی ہیں جو ان کی شرائط پر پورے اترتے تھے۔انہوں نے "ماروی عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ" کے سلسلہ سند کو خاص اہمیت دی ہے۔

سطورِ بالا کا یہ مطلب نہیں کہ جن واسطوں کو اُصح الطرق سمجھا جاتا ہے ان کے علاوہ جن واسطوں سے روایات ہم تک پہنچی ہیں وہ قابلِ اعتبار نہیں ہیں۔ان میں سے بھی زیادہ تر روایات صحیح ثابت ہوئی ہیں البتہ بعض جرح و تعدیل کی کسوٹی پر پوری نہیں اتریں اس لیے ضعیف قرار دی گئیں یا ان کی نسبت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے غلط یا مشکوک ہے۔

## حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بحیثیت مفتی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صرف ایک عظیم راویِ حدیث ہی نہیں تھے بلکہ اپنے دَور کے اکابر علماء میں بھی شمار ہوتے تھے۔حافظ ذہبیؒ کا قول ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ علم کا ظرف تھے اور صاحبِ فتوی ائمہ کی جماعت میں بلند پایہ رکھتے تھے۔

(تذکرۃ الحفاظ ج۔۱صفحہ ۲۸)

ایک اور روایت میں زیاد بن مسیناؒ کا یہ بیان نقل کیا گیا ہے کہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ ' ابنِ عمر رضی اللہ عنہ ' ابو سعید خدریؓ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور بعض دوسرے صحابہ کرام مدینہ میں فتوی دیا کرتے تھے۔

(سیر اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۳۷)

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتوی دینے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں خاصے محتاط تھے اس لیے ان سے کچھ زیادہ فتاویٰ منقول نہیں ہیں۔ اور وہ صاحبِ افتاء صحابہؓ کے طبقۂ متوسط میں شمار ہوتے ہیں۔

ابنِ حزمؒ کا قول ہے کہ:

''حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضرت ابوسعید خُدریؓ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اُن صحابہ میں شمار کیے جاتے ہیں جو فتویٰ دینے میں متوسط تھے۔''

(اعلام الموقعین جلد ۱ صفحہ ۱۲)

مختصر یہ کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بہت سے اکابر صحابہؓ کی موجودگی میں فتویٰ دینا قوی شواہد سے ثابت ہے۔ ایک روایت کے مطابق وہ سالہا سال تک دینی مسائل میں فتویٰ دیتے رہے حالانکہ اس وقت اکابر صحابہ کی ایک معقول تعداد بقیدِ حیات تھی۔

علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''سیرۃِ عائشہ رضی اللہ عنہا'' میں لکھتے ہیں:

''مدینہ طیبہ اکابر صحابہ کا مرکز تھا۔ خلافتِ شیخین تک حضرت عمرؓ' حضرت علیؓ' حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ' حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ' حضرت معاذ بن جبلؓ' حضرت عبد الرحمٰن بن عوفؓ' حضرت اُبَیّ بن کعبؓ' حضرت ابوذرؓ' حضرت ابودرداءؓ' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا شانۂ اسلام کے اساطینِ علم و فتویٰ تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد میں ان میں سے اکثر نے وفات پائی۔ ان کے بعد نوجوان صحابہ ﷺ کا دوسرا دَور شروع ہوتا ہے جس کے سرِ عسکر حضرت عبد اللہ بن عمرؓ' حضرت ابوسعید خُدریؓ' حضرت جابر بن عبد اللہؓ' حضرت عبد اللہ بن زبیر اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم تھے۔''

(سیرۃِ عائشہ رضی اللہ عنہا زیرِ عنوان افتاء)

اسی کتاب میں ایک اور جگہ لکھتے ہیں:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


"اکابر صحابہ ﷺ کے بعد مدینہ طیبہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' زیادہ تر یہی چار بزرگوار فقہ و فتاویٰ کی مجلس کے مسند نشین تھے۔ غیر منصوص احکام کے فیصلہ میں ان چاروں بزرگوں کے پیشِ نظر مختلف اصول تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا مسلک یہ تھا کہ پیش شدہ مسئلہ کے متعلق اگر کتاب وسنت واثر سے کوئی جواب معلوم ہو جاتا تو سائل کو بتا دیتے۔ اگر کوئی آیت یا حدیث یا خلفائے سابقین کا اثر معلوم نہ ہوتا تھا تو خاموش رہ جاتے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ایسی حالت میں گزشتہ منصوص احکام یا فیصل شدہ مسائل پر ہر جدید مسئلہ کو قیاس کر کے اس کا جواب اپنی عقل کے مطابق جو سمجھ میں آتا بتا دیتے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے استنباط کا اصول یہ تھا کہ وہ سب سے پہلے قرآن مجید پر نظر کرتی تھیں اگر اس میں ناکامی ہوتی تو احادیث کی طرف رجوع کرتیں پھر قیاسِ عقلی کا درجہ تھا۔"

(سیرۃِ عائشہ رضی اللہ عنہا زیرِ عنوان فقہ وقیاس)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں علمی پندار کا شائبہ تک نہ تھا اور وہ اپنے کسی فتوے کو کبھی اپنی اَنا کا مسئلہ نہیں بناتے تھے۔ اگر ان کے کسی فتوے پر کسی طرف سے استدراک کیا جاتا اور جس بنیاد پر انہوں نے فتویٰ دیا ہوتا اس کے خلاف قوی دلیل یا شہادت پیش کر دی جاتی تو وہ اسے خوشدلی سے قبول کر لیتے اور اپنے فتوے سے رجوع کر لیتے تھے۔ ایک دفعہ انہوں نے وعظ بیان کیا کہ اگر ایامِ صوم میں کسی کو صبح نہانے کی ضرورت پیش آ جائے۔ (یعنی حالتِ جنابت میں اس کو صبح ہو جائے) تو اس دن وہ روزہ نہ رکھے۔ لوگوں نے جا کر اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس مسئلہ کے بارے میں پوچھا تو انہوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طرزِ عمل اس کے خلاف تھا۔ لوگوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو اُمّہات المومنین رضی اللہ عنہن کے مؤقف سے آگاہ کیا تو انہوں نے اپنے فتوے سے رجوع کرلیا۔ (صحیح مسلم و مؤطا امام مالکؒ کتاب الصوم)

ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مؤقف سے آگاہ کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ وہ مجھ سے بہتر جانتی ہیں۔ میں نے یہ حدیث خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنی بلکہ فضل بن عباس رضی اللہ عنہما سے سنی تھی[1]۔ گویا حضرت فضل رضی اللہ عنہ سے سنی ہوئی حدیث کی بناء پر انہوں نے فتویٰ دیا تھا جس سے رجوع کرلیا کیونکہ اُمّہات المومنین رضی اللہ عنہن کی شہادت بہرصورت حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے زیادہ معتبر تھی۔

بعض فقہاء نے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کی یہ توجیہ کی ہے کہ شروع میں یہی حکم تھا لیکن بعد میں منسوخ ہوگیا۔ حضرت فضل رضی اللہ عنہ کو اس نسخ کا علم نہ تھا اس لیے انہوں نے یہ حکم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے سامنے بیان کردیا۔ ان کو بھی اس حکم کے منسوخ ہونے کا علم نہ تھا۔ اس لیے اسی کے مطابق فتویٰ دیا۔ جب اُمّہات المومنینؓ کے ذریعے صحیح صورتِ حال سامنے آئی تو انہوں نے بلا تأمل اپنے فتوے سے رجوع کرلیا۔

(سوانح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از محمد عجاج الخطیب

بحوالہ اخبار اہل الرسوخ فی الفقہ والتحدیث صفحہ ۲۹ بمقدار منسوخ من الحدیث)

---

[1] حضرت ابو محمد فضل بن عباس رضی اللہ عنہ، رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی تھے۔ غزوۂ بدر سے پہلے مشرف بہ اسلام ہوئے اور فتح مکہ سے چند دن پہلے اپنے والد بزرگوار حضرت عباس رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب کے ساتھ ہجرت کی۔ سب سے پہلے غزوۂ حنین میں دادِ شجاعت دی۔ حجۃ الوداع میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب تھے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری پر سوار تھے اس لیے "ردفِ رسول اللہ" یعنی "ہمرکاب رسول اللہ" کے لقب سے مشہور ہوگئے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے رخصت ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دینے والوں میں حضرت فضل رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ امام بخاریؒ کے قول کے مطابق انہوں نے اجنادین کے معرکے میں شہادت پائی۔ اپنے پیچھے صرف ایک لڑکی "اُمّ کلثوم" چھوڑی۔ نہایت حسین و جمیل تھے۔ ان سے ۲۴ احادیث مروی ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی فقاہت

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت و کردار پر مُتقدِّمین اور مُتاخِّرین (اربابِ علم) نے بہت کچھ لکھا ہے۔ ان میں سے بعض نے ان کی فقاہت کے بارے میں طویل بحثیں کی ہیں۔ کچھ نے تو ان کو بلند پایہ فقیہ قرار دیا ہے اور بعض نے ان کے فقیہ ہونے سے انکار کیا ہے۔ ہمارے نزدیک مناسب یہ ہے کہ اس بحث میں الجھنے کے بجائے راہِ اعتدال اختیار کی جائے۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ دینی مسائل میں فتویٰ دیا کرتے تھے اور بعض مواقع پر انہوں نے قاضی کے فرائض بھی انجام دیے تو پھر ان کے فقیہ ہونے سے یکسر انکار کرنے کا کوئی جواز نہیں' البتہ یہ بات تسلیم کی جاسکتی ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما جیسے فقہاء صحابہ کے ہم پلّہ فقیہ نہیں تھے۔ یا یوں کہہ لیجیے کہ ان کو فقیہ ہونے کی حیثیت سے وہ شہرت حاصل نہیں ہوئی جو بعض دوسرے فقہاءِ صحابہ رضی اللہ عنہم کو حاصل ہوئی۔

حافظ ابنِ قیّم رحمہ اللہ نے فقہاءِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی جو فہرست مرتّب کی ہے اس میں انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام طبقہ ثانیہ میں پیش کیا ہے۔ (اعلام الموقعین جلد ۱ صفحہ ۳۵)

مولانا سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ "سیرۃِ عائشہ رضی اللہ عنہا" میں لکھتے ہیں:

"مکثّرِین روایت میں جن سات بزرگوں (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ 'اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ) کے نام داخل ہیں۔ ان میں پانچ اصحاب اصولیین کے نزدیک صرف روایت کُش سمجھے جاتے ہیں۔ ان کا شمار فقہائے صحابہ میں نہیں ہے۔ چنانچہ روایت کا جو ذخیرہ اس وقت ہمارے پاس موجود ہے اس میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضرت جابر رضی اللہ عنہ، حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کوئی فقہی اجتہاد اور قرآن وسُنّت سے کسی غیر منصوص مسئلہ کا استنباط ثابت نہیں۔"

(سیرۃِ عائشہ رضی اللہ عنہا زیرِعنوان حدیث)

اس میں کوئی شک نہیں کہ اصولِ فقہ کی بعض کتابوں میں جن صحابۂ کرام ﷺ کو فقہاء میں شمار نہیں کیا گیا' ان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اور حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں لیکن دوسری طرف اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ جمہور علماءِ اہلِ سُنّت کا ان بزرگوں کی جلالتِ علمی پر اتفاق ہے اور کُتُبِ سِیَر میں ان کی فقاہت کا برملا اعتراف کیا گیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا تو لقب ہی ''فقیہ الاُمّت'' ہے۔ حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ کو اپنے دَور کا بہت بڑا فقیہ سمجھا جاتا تھا' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فقہ و اجتہاد میں درجۂ کمال پر فائز تھے۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما تفسیر حدیث اور فقہ میں مہارتِ تامہ رکھتے تھے۔ اسی طرح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیسیوں فقہی احکام ومسائل مروی ہیں۔ یہ تمام اصحاب سالہا سال تک درس و افتاء کی مسندوں پر رونق افروز رہے۔ ان کے تراجم میں مختلف قسم کے مسائل میں قرآن وسُنّت سے استنباط کی مثالیں بھی موجود ہیں اور فقہی اجتہاد کی بھی۔ اس لیے ان اصحاب کو فقیہ تسلیم نہ کرنا انصاف سے بعید ہے جو اصولیین ان کو غیر فقیہ قرار دیتے ہیں ہم آنکھیں بند کر کے ان کی رائے قبول کرنے کے مکلّف نہیں ہیں۔ اگر یہ بزرگ کسی سائل کے استفتاء کے جواب میں سکوت اختیار کرتے تھے یا انہیں کسی دوسرے صحابی (یا صحابیہ) کے پاس بھیج دیتے تھے تو اس کی کئی وجوہ ہوسکتی ہیں۔ مثلاً وہ پیش شدہ مسئلہ کے تمام پہلوؤں کے بارے میں اتنا علم یا معلومات نہیں رکھتے تھے کہ سائل کو مطمئن کرسکیں۔ یہ ان کی عظمت کی دلیل تھی کہ اپنے آپ کو ''ہمہ دان'' ثابت کرنے کی کبھی کوشش نہیں کرتے تھے اور جس مسئلہ کے بارے میں پورا علم نہ ہو' اس میں فتویٰ صادر کرنے سے احتراز کرتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


تھے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس مسئلہ کے حل کے لیے اپنے ہمعصر کسی دوسرے صحابی یا صحابیہ کو موزوں سمجھتے ہوں اس لیے سائل کو ان کے پاس بھیج دیتے ہوں۔ یہاں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ بعض صحابہ کسی خاص علم میں خصوصی مہارت رکھتے تھے اور اس علم سے متعلقہ مسائل میں لوگ ان کو حجت (AUTHORITY) تسلیم کرتے تھے۔ مثلاً حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ علم الفرائض میں اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' علم اسرار الدین اور فقہ و قیاس میں' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تفسیرِ قرآن میں۔ اگر کسی صاحبِ افتاء صحابی نے خود کسی مسئلہ میں فتویٰ دینے کے بجائے سائل کو کسی دوسرے صحابی (یا صحابیہ) کے پاس بھیج دیا تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ خود فقیہ نہیں تھے...... ہمارے خیال میں تو صحابہ کے مبارک دور میں کسی صاحبِ رسول ﷺ کا مَسنَدِ قضا یا مَسنَدِ اِفتاء پر بیٹھنا ہی ان کی فقاہت کی سب سے بڑی دلیل تھی۔ آخر ہزاروں دوسرے صحابہ بھی تو موجود تھے وہ کیوں فتویٰ نہیں دیتے تھے؟ یہ درست ہے کہ بعض فقہی مسالک کے علماء نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی بعض احادیث پر عمل کرنے کے بجائے دوسرے صحابہؓ کی احادیث پر عمل کیا ہے لیکن اس سے بھی یہ لازم نہیں آتا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فقیہ نہیں تھے کیونکہ بعض دوسرے مُسلَّمہ فقہاءِ صحابہ کی بعض احادیث سے بھی اختلاف کیا گیا ہے۔ دراصل ایسے اختلافات کے مختلف اسباب ہیں جن پر بحث کرنا ہمارے موضوع سے خارج ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مقام ومرتبہ

پچھلے صفحات میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقام ومرتبہ کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ فی الحقیقت ان کی جلالتِ قدر کے بارے میں اتنا ہی کہہ دینا کافی ہے کہ وہ خاتَم الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی اور اصحابِ صُفّہ کی مقدّس جماعت کے ایک معزز رکن ہیں۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم وہ نفوسِ قدسی ہیں جن کے بارے میں فرمایا گیا ہے:

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۔

(التوبہ آیۃ: ۱۰۰)

ترجمہ: وہ مہاجر اور انصار جنہوں نے سب سے پہلے دعوتِ ایمان پر لبیک کہنے میں سبقت کی، نیز وہ جو بعد میں راستبازی کے ساتھ ان کے پیچھے آئے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے، اللہ نے ان کے لیے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہی وہ عظیم الشان کامیابی ہے۔

سورۃ الانفال میں ارشاد ہوا ہے:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ○ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ

(الانفال آیت ۷۴-۷۵)

ترجمہ: (جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں گھربار چھوڑے اور جدوجہد کی اور جنہوں نے پناہ دی اور مدد کی، وہی سچے مؤمن ہیں۔ ان کے لیے خطاؤں سے درگزر ہے اور بہترین رزق ہے اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے اور ہجرت کر کے آ گئے اور تمہارے ساتھ مل کر جدوجہد کرنے لگے وہ بھی تم میں شامل ہیں۔)

قرآنِ حکیم میں اور بھی بہت سے مقامات پر صحابۂ کرام کی تحسین و ستائش کی گئی ہے۔ اسی طرح رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بے شمار مواقع پر اپنے اصحاب کی تعریف و تحسین فرمائی ہے۔ نیز ارشاد فرمایا ہے کہ جو اُن سے محبت رکھتا ہے وہ گویا مجھ سے محبت رکھتا ہے اور جو ان سے بُغض رکھتا ہے وہ گویا مجھ سے بُغض رکھتا ہے۔ (جامع ترمذی)

جہاں تک شرفِ صحابیت کا تعلق ہے تو یہ سب صحابۂ کرام ؓ میں مشترک ہے، البتہ بعض خصائص کے اعتبار سے بعض کو بعض پر فضیلت حاصل ہے۔ اہلِ سُنّت کے نزدیک فضائل و مناقب کے اعتبار سے صحابۂ کرام ؓ و صحابیاتؓ کے مدارج کی ترتیب یہ ہے:

۱- خلفائے راشدین ؓ (حضرت ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ، حضرت عُمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ، حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ) تمام صحابہ سے افضل ہیں۔ ان میں باہمی فضیلت بلحاظ ترتیبِ خلافت ہے۔

۲- ازواجِ مُطہّرات رضی اللہ عنہن (ان میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ ؓ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو بعض جہتوں کے اعتبار سے دوسری اُمّہات المومنینؓ پر فضیلت حاصل ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۳۔ مہاجرین اوّلین......ان میں باہم ایک کو دوسرے پر فضیلت نہیں دی جا سکتی۔

۴۔ اہل عقبہ......یعنی وہ انصار جو ہجرت نبوی ﷺ سے پہلے مدینہ سے مکہ آئے اور عقبہ کی گھاٹی میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر بیعت کی۔

۵۔ اہل مشاہد کو درجہ بدرجہ فضیلت حاصل ہے یعنی جو غزوہ پہلے ہوا' اس میں شریک ہونے والے ان صحابہ سے افضل ہیں جو اس کے بعد کے غزوات میں شریک ہوئے۔

٦۔ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ فتح مکہ سے پہلے اسلام قبول کرنے والے جملہ صحابۂ کرام ؓ ان تمام صحابہ ؓ سے افضل ہیں جو فتح مکہ کے بعد ایمان لائے۔

اس پر نص صریح موجود ہے۔ سورۃ الحدید میں ارشاد ہوا ہے:

لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ—

(آیۃ:۱۰)

ترجمہ:۔تم میں سے جن لوگوں نے فتح مکہ سے پہلے (راہِ خدا میں مال) خرچ کیے اور جہاد کیا وہ کبھی ان لوگوں کے برابر نہیں ہو سکتے جنہوں نے فتح سے پہلے خرچ اور جہاد کیا ہے اگرچہ اللہ نے دونوں ہی سے اچھے وعدے فرمائے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فتح مکہ سے پہلے اسلام قبول کیا' اپنے وطن سے ہجرت کی' ایک غلام آزاد کرنے کی صورت میں اپنا مال خرچ کیا اور سب سے پہلے غزوۂ خیبر (مُحَرَّم ۷ ہجری) میں جہاد فی سبیل اللہ کا شرف حاصل کیا ...... ان تصریحات کی روشنی میں قارئین فضائل و مناقب کے اعتبار سے ان کے مقام و مرتبہ کا آسانی سے تعین کر سکتے ہیں۔

علماء نے قلت و کثرتِ روایت کی بناء پر صحابۂ کرام ؓ اور صحابیات ؓ کے پانچ طبقے قائم کیے ہیں جن کی تفصیل یہ ہے:

طبقۂ اوّل......اس میں وہ صحابہ شامل ہیں جن کی روایات ہزار یا ہزار سے زیادہ ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طبقۂ دوم ...... اس میں وہ صحابہ شامل ہیں جن کی روایتیں پانچ سَو یا پانچ سَو سے زیادہ مگر ایک ہزار سے کم ہیں۔

طبقۂ سوم ...... اس میں وہ صحابہؓ شامل ہیں جن کی روایتیں سَو سے زیادہ مگر پانچ سَو سے کم ہیں۔

طبقۂ چہارم ...... اس میں وہ صحابہ شامل ہیں جن کی مرویّات کی تعداد چالیس سے سَو تک ہے۔

طبقۂ پنجم ...... اس میں وہ صحابہ شامل ہیں جن کی روایتیں چالیس سے کم ہیں۔

(جب ہم راویانِ حدیث صحابہؓ کہتے ہیں تو اس میں صحابیاتؓ بھی شامل ہوتی ہیں)

طبقۂ اوّل میں سات مقدّس ہستیاں شامل ہیں۔ تفصیل ملاحظہ ہو:

| اسم گرامی | تعدادِ مرویات |
|---|---|
| ۱۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ | ۵۳۷۴ |
| ۲۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما | ۲۶۶۰ |
| ۳۔ اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا | ۲۲۱۰ |
| ۴۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما | ۱۶۳۰ |
| ۵۔ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما | ۱۵۴۰ |
| ۶۔ حضرت انس بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ | ۱۲۸۶ |
| ۷۔ حضرت ابو سعید خُدری رضی اللہ عنہ | ۱۱۷۰ |

گویا طبقۂ اوّل میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسم گرامی سرِ فہرست ہے اور یہی ان کی زندگی کا سب سے نمایاں پہلو ہے۔ بالفاظِ دیگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار محسنِ انسانیت رحمتِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان شیدائیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے آپ ﷺ کے زیادہ سے زیادہ ارشادات اُمّت تک پہنچائے اور دینِ حنیف کی حفاظت اور اس کی تبلیغ و اشاعت میں اپنی زندگیاں کھپا دیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بارگاہِ نبوی ﷺ میں جو مقام حاصل تھا اور جس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طرح آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سحابِ لطف وکرم ان پر جھُوم جھُوم کر برستا رہتا تھا' اس کا ذکر پچھلے صفحات میں آچکا ہے۔ اب ہم چند صُلحائے اُمّت کی آرا یہاں درج کرتے ہیں جن سے معلوم ہوگا کہ ان بزرگوں کے نزدیک روایتِ حدیث اور علم وفضل میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کیا مقام ومرتبہ تھا۔

۱۔ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (یکے از عشرہ مبشّرہ) کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا:

"اے ابو محمد! کیا یہ یمنی شخص (ابو ہریرہ) آپ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے بارے میں زیادہ علم رکھتا ہے۔ ہم تو اس سے ایسی روایات سنتے ہیں جو آپ اصحاب سے نہیں سنتے (کیا اس کی روایتیں واقعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث ہیں یا) کہیں ایسا تو نہیں کہ وہ اپنی باتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کرکے بیان کر رہا ہو۔"

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"خبردار اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی روایات سنی ہیں جو ہم نے نہیں سنیں۔" (جامع ترمذی ج ۲ صفحہ ۲۴۷)

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"ابو ہریرہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کچھ سنا وہ ہم نے بھی سنا مگر ہم بھول گئے اور اس نے یاد رکھا۔" (فتح الباری جلد ۸ صفحہ ۷۷)

۲۔ سلیم بن الاسودؒ کہتے ہیں کہ میں ایک دفعہ مدینہ منوّرہ آیا۔ وہاں میری ملاقات حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ (میزبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم) سے ہوئی جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایات بیان کر رہے تھے۔

میں نے ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے کہا' اے ابو ایوب! آپ ابو ہریرہ سے روایت کر رہے ہیں حالانکہ آپ خود بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک مقام رکھتے ہیں۔ (اس لیے آپ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


خود اپنی طرف سے کیوں روایت نہیں کرتے)

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''بے شک ابوہریرہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ کچھ سنا جو ہم نہ سن سکے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو احادیث نہیں سنیں' مجھے بہت پسند ہے کہ میں ان کو ابوہریرہ سے روایت کروں۔''

(دفاعِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از مولانا مفتی غلام الرحمٰن صفحہ ۱۰۷ بحوالہ الرد القویم علی المجرم الاثیم صفحہ ۲۹۴ از حمود بن عبداللہ)

۳- فقیہ الاُمّت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول ہے کہ:

''ابوہریرہ! آپ ہم سے زیادہ صحبتِ نبویؐ میں رہے' اس لیے ہم سب سے بڑھ کر حدیث کے عالِم ہیں۔''

(ترمذی جلد ۲ صفحہ ۲۴۷' مستدرکِ حاکم جلد ۳ صفحہ ۵۱۰)

۴- سید القُرّاء حضرت اُبَیّ بن کعب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ:

''ابوہریرہ بڑے جری تھے اور رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ باتیں بھی پوچھ لیا کرتے تھے جن کے دریافت کرنے کی ہم کو جراُت نہیں ہوتی تھی۔''

(ترمذی جلد ۲ صفحہ ۲۲۴' البدایہ وَالنّہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۷' الاِصابہ جلد ۷ صفحہ ۲۰۴' فتح الباری جلد ۱ صفحہ ۲۲۵)

۵- ایک دفعہ ایک شخص نے حبرُ الاُمّۃ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کوئی مسئلہ دریافت کیا۔ اس وقت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی ان کے پاس موجود تھے۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہو کر فرمایا' اس کو جواب دیجیے' بڑا مشکل مسئلہ آپ سے دریافت کیا گیا ہے۔

(سیرُ اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۳۷' تہذیب التہذیب جلد ۱۲ صفحہ ۲۶۶)

۶- حبرُ الاُمّت کاتِبُ الوحی حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


شخص نے کوئی بات پوچھی تو انہوں نے فرمایا' ابوہریرہ کا دامن ہاتھ سے مت چھوڑو۔(یعنی یہ بات یا مسئلہ ان سے دریافت کرو۔)

(تہذیب التہذیب جلد۱۲ صفحہ۲۶۶' سیر اعلام النبلاء جلد۲ صفحہ۴۳۷)

۷- محمد بن عمارہ بن حزم رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ مجھے ایک مجلس میں جانے کا اتفاق ہوا جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اکابر صحابہ موجود تھے اور ابوہریرہ ان کو حدیثیں سنا رہے تھے۔ جب کسی کو حدیث کے الفاظ بھول جاتے تو وہ ابوہریرہ سے دریافت کرتے۔ مجھے اس دن معلوم ہوا کہ ابوہریرہ تمام صحابہ میں عظیم حافظِ حدیث ہیں۔

(فتح الباری جلد۱ صفحہ۲۲۵)

۸- اعمش' ابوصالح السمّان سے روایت کرتے ہیں کہ ابوہریرہ تمام صحابہ میں سب سے بڑے حافظِ حدیث تھے۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ ابوہریرہ صحابہ میں سب سے افضل ہیں بلکہ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہ سب سے بڑھ کر حافظِ حدیث ہیں۔

(تذکرۃ الحفاظ جلد۲ صفحہ۳۴' ابن عساکر جلد۷ صفحہ۴۸۲)

۹- امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اپنے زمانے میں سب سے بڑے حافظ حدیث تھے۔ (تذکرۃ الحفاظ جلد۱ صفحہ۳۱)

۱۰- علامہ ذہبیؒ کا قول ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ علم کا ظرف تھے اور صاحب فتویٰ ائمہ کی جماعت میں بلند پایہ رکھتے تھے۔ (تذکرۃ الحفاظ جلد۱ صفحہ۲۸)

۱۱- امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے آٹھ سُو اصحابِ علم نے استفادہ کیا۔ وہ اپنے عہد میں سب سے بڑے حافظِ حدیث تھے۔

(تہذیب التہذیب جلد۱۲ صفحہ۲۶۵' البدایہ والنہایہ جلد۸ صفحہ۱۰۳)

۱۲- حافظ ابنِ عبدالبر اندلسیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سب سے بڑے حافظِ حدیث تھے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب جلد۴ صفحہ۳۱۵)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اپنے ہمعصر رُواۃ میں سب سے بڑے حافِظِ حدیث تھے۔ تمام صحابہؓ میں کسی نے حدیث کا اتنا ذخیرہ فراہم نہیں کیا۔ اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ان کی کثرتِ روایت پر محدّثین کا اتفاق ہے۔

(الاِصابہ جلد ۲ صفحہ ۲۰۴' تہذیب التہذیب جلد ۱۲ صفحہ ۲۶۶)

۱۴- امام ابنِ تیمیہؒ فرماتے ہیں کہ:

''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تمام اُمّت کے نامور حافِظِ حدیث تھے۔ انہوں نے حدیث کی ایسی روایت کی جیسی سنی۔ (دفاع ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بحوالہ الرد القویم علی المجرم الاثیم صفحہ ۲۶۰)

۱۵- حافظ ابنِ قیمؒ اپنے شیخ امام ابنِ تیمیہؒ کی رائے کی موافقت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''وہ (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ) علی الاطلاق حافظِ اُمّت تھے۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو احادیث روایت کی ہیں، وہ صحیح ہیں۔''

(دِفاعِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بحوالہ الرد القویم علی المجرم الاثیم صفحہ ۲۶۰)

۱۶- حافظ ابنِ کثیرؒ فرماتے ہیں:

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حفظ واتقان' امانت و دیانت' زہد و عبادت اور عملِ صالح کا زندہ پیکر تھے۔ انہوں نے بکثرت احادیث روایت کیں۔ ان کا شمار حفاظِ حدیث صحابہ کے زُمرہ میں ہوتا ہے۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۱۰)

۱۷- یحییٰ بن ابی بکر عامریؒ لکھتے ہیں:

''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اصحابِ صُفّہ کے سردار تھے۔ وہ فقر و فاقہ اور صبر میں اپنی مثال آپ تھے۔ ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بے حد عقیدت اور محبت تھی۔ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دامنِ اقدس کو کبھی نہ چھوڑا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی متواتر صحبت اور حفظ وضبط کے اوصاف کی بناء پر وہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم میں سب سے بڑے حافِظِ حدیث تھے۔ وہ ثِقہ راوی' عظیم حافظ' ذہین وفطین بلند پایہ مفتی اور صاحبِ قیام وصیام تھے۔''

(سوانح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از محمد عجاج الخطیب بحوالہ الریاض المطابۃ صفحہ ۷۰)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


۱۸- مشہور مؤرخ ابن العماد حنبلی (متوفیٰ ۱۰۸۹ھ) کا بیان ہے کہ:

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بڑے عابدِ شب زندہ دار اور کثرت سے ذکرِ الٰہی کرنے والے تھے۔ اس کے ساتھ اللہ نے ان کو اخلاقِ حسنہ سے بھی نوازا تھا۔ وہ مدینہ کے امیر رہ چکے تھے۔ صحابہ میں عظیم حافظِ حدیث اور کثیر الرّوایت تھے۔

(سوانح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ از محمد عجاج الخطیب بحوالہ شذرات الذہب جلد ا صفحہ ۶۳)

۱۹- تیسری صدی ہجری کے یگانۂ روزگار محدّث' فقیہ اور مجتہد امام ابوبکر محمد بن اسحٰق بن خزیمہؒ (۲۲۳-۳۱۱ ہجری) لکھتے ہیں کہ:

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کردہ احادیث وہی لوگ تسلیم نہیں کرتے جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے اندھا کر دیا ہو اور وہ ان احادیث کے مطالب و معانی سمجھنے سے قاصر ہوں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مرویّات کے منکرین کی چند قسمیں یہ ہیں:

۱- فرقہ جہمیہ و معطّلہ

۲- خوارِج

۳- قدریہ (منکرینِ تقدیر)

۴- جہلاء...... یہ وہ لوگ ہیں جو جاہل ہونے کے باوجود اپنے آپ کو فقیہ سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگ جب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی (بعض مرویّات) کو اپنے مسلک کے خلاف دیکھتے ہیں تو ان کو ردّ کر دیتے ہیں اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ پر طرح طرح کے اعتراضات کرنے لگتے ہیں اور جب ان کی (بعض) مرویّات کو اپنے مسلک کے مطابق پاتے ہیں تو ان کو تسلیم کر لیتے ہیں۔" (مستدرکِ حاکم جلد ۳ صفحہ ۵۱۳)

۲۰- مشہور مصری عالم علّامہ محمد عجاج الخطیب اپنی تصنیف "سوانح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ" کے آخر میں لکھتے ہیں:

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام صحابہؓ میں عظیم ترین حافظِ حدیث تھے۔ علم و فضل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور اخلاق میں بہت بلند پایہ تھے۔ آپ نے اپنے حفظ وضبط اور اتقان کی بدولت اہلِ اسلام کے لیے ان کے دین کو محفوظ کر دیا۔ اس لیے آپ کا شمار ان اکابر و اعلام صحابہؓ میں ہوتا ہے جنھوں نے دینِ حنیف کی حفاظت اور اس کی نشر و اشاعت میں زبردست حصہ لیا اور تاریخِ اسلام نے علماء عظام کے زُمرہ میں ان کے اسمِ گرامی کو تا اَبد محفوظ کر لیا۔ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَرْضَاهُ

(اردو ترجمہ مولانا غلام احمد حریری مرحوم)

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ پر افتراء

سیّدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس اعتبار سے مُحسِنِ اُمّت ہیں کہ انہوں نے مُحسنِ انسانیت خیرُ الخلائق رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے زیادہ ارشادات اُمّت تک پہنچائے لیکن افسوس کہ ہمارے درمیان کچھ ایسے گروہ بھی موجود ہیں جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے احسان کا اعتراف کرنے کے بجائے ان کو طرح طرح کے لغو اعتراضات کا نشانہ بناتے رہتے ہیں۔ ان معترضین میں یہ گروہ پیش پیش ہیں۔

۱۔ منکرینِ حدیث

یہ لوگ سرے سے حدیث کے قائل ہی نہیں۔ ان میں سے کچھ اپنے آپ کو اہلِ قرآن کہتے ہیں اور کچھ حقیقی مسلمان ہونے کا دعوٰی کرتے ہیں۔

۲۔ بعض قلیل التّعداد فرقے

ان کے بیشتر عقائد جمہور مسلمانوں کے عقائد سے مختلف ہیں۔ یہ صرف ان حدیثوں کو مانتے ہیں جو اُن کے اپنے عقائد کے موافق ہوں۔

۳۔ تجدّد زدہ لوگ

یہ لوگ بظاہر پڑھے لکھے ہیں۔ ان میں سے بعض عالم ہونے کا دعوٰی بھی کرتے ہیں لیکن فی الحقیقت وہ مغربی افکار ونظریات سے بُری طرح متاثّر ہیں اور ان کی تجدّد زدگی نے انہیں راہِ راست سے بھٹکا دیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۴- منافقین

یہ لوگ بظاہر تو حدیث کو مانتے ہیں لیکن مشغلہ ان کا یہ ہے کہ حدیثوں میں مین میکھ نکال کر عامۃ المسلمین کو ان سے متنفر کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ وہ سنت یا حدیث کی تشریعی یا آئینی حیثیت کو تسلیم نہیں کرتے بالفاظ دیگر وہ حجیت حدیث Authority of Sunnah کے منکر ہیں اور حدیث کو صرف ''تاریخ'' کا درجہ دیتے ہیں۔

ان گروہوں کا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ پر سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ وہ وضّاع تھے۔ یعنی اپنے پاس سے حدیثیں گھڑ گھڑ کر لوگوں کو سناتے رہتے تھے (معاذ اللہ) ورنہ یہ ناممکن تھا کہ ان کی مرویّات کی تعداد ہزاروں تک جا پہنچتی۔

ایسا بیہودہ اعتراض کرتے وقت یہ لوگ بھول جاتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی مقدس جماعت کے ایک رُکن تھے۔ اور کسی صاحبِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ کاذب یا وُضّاعِ احادیث تھے ان پر شرمناک افتراء ہے۔

## عظمتِ صحابہ رضی اللہ عنہم

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر افتراء باندھنے والوں کو اچھی طرح جان لینا چاہیے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سیرت و کردار کے اعتبار سے اتنے ارفع و اعلیٰ مقام پر فائز ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کو چھوڑ کر آج تک ان سے بہتر کسی انسان پر آفتاب طلوع نہیں ہوا۔ یہ آسمانِ ہدایت کے وہ روشن ستارے ہیں جن کے صدق و اخلاص' امانت و دیانت' خیر و ایثار اور زہد و اِتقا کی قسم کھائی جا سکتی ہے۔ دین حنیف کی ترویج و اشاعت اور پرچم حق کی سربلندی کے لیے انہوں نے زندگی کے ہر میدان میں وہ قربانیاں دیں کہ ان کا اجتماعی اور انفرادی کردار قیامت تک فرزندانِ توحید کے لیے مشعلِ راہ بن گیا۔ ان قُدسی صفات انسانوں نے رضائے الٰہی کی خاطر اپنے قبیلے اور وطنِ عزیز کو خیرباد کہا' گھربار لٹائے' فاقے سہے' ہر قسم کی اذیّتیں اور صُعوبتیں برداشت کیں یہاں تک کہ ضرورت پڑنے پر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر دیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں؛ آپ ﷺ کے دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد بھی صحابۂ کرام ؓ نے اللہ کے دین کی جس درمندی اور خلوص کے ساتھ خدمت، حفاظت اور اشاعت کی، اس کا اعتراف ہمارے ایمان کا تقاضا ہے۔ بلاشبہ یہ نُفوسِ قُدسی اُمّتِ اسلامیہ کے مُحسنین ہیں اور یہ اُمّت ان کے احسانات کے بارِ گراں سے تاقیامت سبکدوش نہیں ہو سکتی۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر صحابی اپنی ذات میں آیتِ الٰہی تھا۔ کتاب اللہ اور سُنّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہی عظیم رِجالِ کار کے واسطہ سے ہم تک پہنچی ہے۔ جو لوگ اہلِ قرآن ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور قرآنِ حکیم کے سوا کسی اور چیز کو تسلیم نہیں کرتے وہ ذرا سوچیں اور خوفِ خدا سے کام لیں تو خود بخود ہی اس نتیجے پر پہنچ جائیں گے کہ قرآنِ پاک کا ایک ایک لفظ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ پھر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ایک ایک لفظ اپنے صحابۂ کرام ؓ تک پہنچایا اور یہ صحابۂ کرام ؓ ہی تھے جن کے ذریعے قرآنِ حکیم کا ایک ایک لفظ اُمّت تک پہنچا۔ اگر لِسانِ رسالت پر جاری ہونے والے قرآنِ حکیم کے الفاظ کے بارے میں آپ صحابۂ کرام ؓ کی امانت و دیانت پر بھروسا کر سکتے ہیں تو پھر کیا سبب ہے کہ آپ ارشاداتِ نبوی ﷺ کے بارے میں صحابۂ کرام ؓ کی امانت و دیانت کو صدقِ دل سے تسلیم نہیں کرتے۔ صحابۂ کرام ؓ تو آسمانِ صداقت کے وہ روشن ستارے ہیں جنہیں دیکھ کر اُمّت کے سفینہ کے لیے منزلِ مقصود کا رخ متعین کیا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ان پاکباز اور برگزیدہ بندوں کا حُسنِ کردار اور حُسنِ گفتار بارگاہِ خداوندی میں اتنا مقبول ہوا کہ قرآنِ پاک میں جگہ جگہ ان کے اوصاف بیان کیے گئے، ان کی تعریف و تحسین کی گئی اور کھلے لفظوں میں ان کو جنّت کی بشارت دی گئی۔ جب رَبِّ ذُوالجَلال وَالاِکرام خود اصحابِ رسول ﷺ کی شان بیان کرتا ہو تو پھر ان نُفوسِ قُدسی کی عظمت اور ان کے راستباز ہونے کے ثبوت کے لیے کسی دلیل کی حاجت نہیں رہتی۔ فی الحقیقت صحابۂ کرام ؓ کی صداقت و عدالت پر کامل اعتقاد دین کا بنیادی تقاضا ہے۔ ان سے محبت کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنے اور ان کی مخالفت کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرنے کے مترادف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"اللہ سے ڈرو' اللہ سے ڈرو' میرے صحابہؓ کے معاملہ میں' میرے بعد ان کو ہدفِ تنقید نہ بنانا کیونکہ جس نے ان سے بغض رکھا' اس نے مجھ سے بغض رکھا اور جس نے ان کو اذیت پہنچائی اس نے اللہ کو اذیت پہنچائی اور جس نے اللہ کو اذیت پہنچائی قریب ہے کہ اللہ اس کو پکڑے۔" (جامع ترمذی عن عبداللہ بن مغفلؓ)

## عدالتِ صحابہ رضی اللہ عنہم

قریب قریب سبھی محدثین' فقہا اور علمائے اُمت کا عقیدہ ہے کہ **اَلصَّحَابَةُ كُلُّهُمْ عُدُوْلٌ** یعنی تمام صحابہ راست باز ہیں۔

یہ ایک نا قابلِ انکار حقیقت ہے کہ ہم تک دین صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم ہی کے ذریعے پہنچا۔ اگر ان کی عدالت یا صدق مقالی میں ذرہ برابر شبہ پیدا ہو جائے تو سارا دین ہی مشتبہ ہو جاتا ہے۔ اس لیے ہر صحیح العقیدہ مسلمان کا اس بات پر پختہ ایمان ہے کہ کسی صاحبِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرنے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کوئی بات منسوب کرنے میں کبھی راستی سے ہرگز تجاوز نہیں کیا۔ گویا تمام صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کسی استثناء کے بغیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرنے میں قطعی طور پر قابلِ اعتماد ہیں۔ اس اصول کی بناء پر اگر یہ ثابت ہو جائے کہ فلاں حدیث فی الواقع کسی صاحبِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کی ہے تو اس کو موضوع کہنا ایسی ناپاک جسارت ہے جسے افتراء پردازی کے سوا کوئی اور نام نہیں دیا جا سکتا۔

## احادیث کی جانچ پڑتال

اس میں شک نہیں کہ احادیث کے عظیم الشان ذخیرے میں' اللہ کے خوف سے عاری بعض لوگوں نے جھوٹی روایات یا نام نہاد احادیث اپنے پاس سے گھڑ کر شامل کر دیں اور انہیں کسی صاحب رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کر دیا۔ لیکن محدثینِ کرام' محققینِ عالی مقام اور علمائے حق نے ایسی روایات کی واضح طور پر نشاندہی کر دی۔ انہوں نے روایات کی جانچ پڑتال اور چھان بین کے لیے جانگسل کاوشوں کے بعد ایک ایسی سائنس تشکیل دی جس کا نام

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"اَسمَاءُالرِّجَال" کا علم یا فن ہے (یعنی رُواۃِ حدیث کے سوانح و سیرۃ کے بیان کا فن) اسی علم یا فن کی دوسری شاخ "جرُح وتعدِیل" ہے۔ ان کو ایک ہی فن سمجھیے یا دو الگ الگ فن بہر صورت یہ ایک دوسرے کے ساتھ لازم و ملزوم ہیں۔ اسماء الرِّجال کے ماہرین نے اپنی عمریں اسی بات میں کھپا دیں کہ ہر ایسے فرد کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کی جائیں جس نے کوئی حدیث روایت کی ہے۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے دُور دراز بِلاد و امصار کے سفر کی صعوبتیں برداشت کیں۔ راویوں سے ملے۔ پھر ان کے ہمسایوں، شاگردوں اور دوستوں سے مل کر ان کے بارے میں ہر نوَع کی معلومات حاصل کیں۔ جو رُواۃ ان کے زمانے میں موجود نہیں تھے اور اُن سے پہلے فوت ہو چکے تھے، ان کے جاننے والوں سے یا ان کے ذریعے سے دوسرے قابلِ اعتماد لوگوں سے ان کے حالات معلوم کیے۔ اس طرح "اسماء الرّجال" کا عظیم الشان فن معرضِ وجود میں آیا۔ اس کے بارے میں مشہور مستشرق ڈاکٹر شپرنگر نے "الاِصابہ فی احوال الصَّحابہ" (لِابنِ حجرؒ) کے انگریزی دیباچے میں لکھا ہے:......

"دنیا میں کوئی قوم ایسی گزری اور نہ آج موجود ہے جس نے مسلمانوں کی طرح "اَسْمَاءُالرِّجَال" جیسا عظیم الشان فن ایجاد کیا ہو۔"

جن اسلافِ کرام نے اس انتہائی اہم اور مشکل فن کی ایجاد و تشکیل کا بیڑا اٹھایا۔ وہ اپنے دَور کے نہایت ایماندار، محنتی اور نڈر لوگ تھے۔ اس سلسلے میں انہوں نے نہ لومۃ لائم کی پروا کی نہ وہ کسی کے دباؤ میں آئے نہ کسی کا اثر و رسوخ، جاہ و منصب، علم و ہنر یا مال و دولت انہیں بے راہ کر سکا نہ کوئی دنیوی مفاد انہیں اپنے مقصدِ عظیم سے برگشتہ کر سکا۔ انہوں نے انتہائی ذِمّہ داری کے ساتھ اپنی شبانہ روز کاوشوں اور عرق ریزی سے حدیث کے بارے میں تمام شبہات کا ازالہ کر دیا اور شک و شبہے کی کوئی صورت باقی نہ رہنے دی۔

چنانچہ ریورنڈ باسورتھ سمتھ جیسا متعصّب مستشرق بھی یہ کہنے پر مجبور ہے کہ......

یہاں پورے دن کی روشنی ہے جو ہر چیز پر پڑ رہی ہے اور ہر شخص تک پہنچ سکتی ہے۔

(Mohammad and Mohammadan Ism)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محدّثین اور علماء نے روایات کے اخذ وقبول کے لیے جو کڑی شرائط مقرر کیں اور انتہائی سخت قسم کے اصول مُدوّن کیے' ان کی ایک جھلک ملاحظہ ہو۔

مرویّات کے اخذ وقبول کا ایک اصول یہ تھا کہ صرف وہی روایت قبول کی جائے جس کا راوی خود شریکِ واقعہ اور اس کا راویِ اوّل ہو اور اگر وہ خود شریکِ واقعہ نہ تھا تو شریکِ واقعہ تک تمام راویوں کا سلسلہ محفوظ ہونا ضروری ہے۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ تمام راویوں کے نام ترتیب کے ساتھ بیان کیے جائیں اور روایت کا سلسلہ اصل واقعے تک کہیں منقطع نہ ہو اور پھر اس بات کا اہتمام بھی لازمی ہے کہ پوری چھان بین اور تحقیق وتفحص کے بعد یہ بھی متعیّن کر لیا جائے کہ سند یا سلسلۂ روایت میں جن راویوں کے نام آئے ہیں' وہ کون اور کیسے لوگ ہیں' روایت ودرایت میں ان کا کیا مقام ہے' حفظ واتقان میں ان کا کیا مرتبہ ہے' وہ کس سوجھ بوجھ اور فہم وفراست کے مالک ہیں' ان کی عدالت اور ثقاہت کیسی ہے' معتقدات کیا ہیں' چال چلن کیسا ہے' معاملات میں کیسے ہیں' باریک بین اور نکتہ رس ہیں یا کُند ذہن اور غبی؟ کب اور کہاں پیدا ہوئے اور کب فوت ہوئے۔ کس ماحول میں زندگی گزاری' عہدِ شباب کیسا تھا۔ کہولت اور پیری کی منزلیں کہاں اور کس انداز سے طے کیں' تعلیم اور تعلّم کا کیا حال تھا' شیوخ واساتذہ کون تھے' طالب علمی کا زمانہ کیسا تھا' میل جول کن اور کیسے لوگوں کے ساتھ رہا' فرمانرواؤں اور حاکموں کے ساتھ تعلّق رکھتے تھے یا نہیں؟ اگر رکھتے تھے تو خوشامد اور اِخفائے حق سے تو کام نہ لیتے تھے۔ زُہد وعبادت کا کیا حال تھا' اعزّہ واقارب سے تعلّقات کی نوعیت کیسی تھی' توہّم پرست تو نہیں تھے' گفتار وعمل میں غیر محتاط تو نہیں تھے' دماغ میں کوئی فتور تو نہیں تھا' اہلِ ہویٰ اور زنادقہ سے تو تعلّق نہیں رکھتے تھے' مزاج میں توازن اور اعتدال تھا یا نہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔

غرض ہر راوی کے بارے میں اس قسم کی جزئیات اور تفصیلات کی چھان بین کی جاتی تھی۔ پھر رُواۃ کے مدارج اور طبقات قائم کیے جاتے تھے کیونکہ ظاہر ہے کہ بعض راوی ذہانت وفطانت اور فہم وفراست کے اعتبار سے بہت اونچا مقام رکھتے تھے اور بعض میں یہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اوصاف کم درجے میں پائے جاتے تھے۔ بعض حافظہ اور عدالت کے لحاظ سے بہت بلند مقام پر فائز تھے اور بعض ان اوصاف وکمالات میں کم درجے کے حامل تھے۔ اس کے لیے طبقہ اولیٰ، طبقہ ثانیہ، طبقہ ثالثہ اور طبقہ رابعہ وغیرہ کی اصطلاحیں معرضِ وجود میں آئیں۔ اس اختلافِ مراتب کی بناء پر بڑے بڑے معرکہ آرا مسائل کا تصفیہ ہوتا ہے کیونکہ واقعہ جس اہمیت کا حامل ہو شہادت بھی اسی مرتبے کی ہونی چاہیے۔

کسی روایت اور حدیث کو قابلِ اعتماد ٹھہرانے سے قبل اسماء الرِّجال کی روشنی میں اس پر جرح وتعدیل کی جاتی پھر جرح وتعدیل کی کسوٹی پر وہ جس حیثیت کی ثابت ہوتی اسے وہی درجہ دیا جاتا۔

جہاں تک معتبر اور مستند ہونے کے اعتبار سے احادیث کی حیثیت یا نوعیت کا تعلّق ہے تو محدّثین نے احادیث کی بیسیوں اقسام قرار دی ہیں البتہ بنیادی طور پر ان کی چار بڑی اقسام یہ ہیں:

۱۔ صحیح (درست)

۲۔ حَسَن (خوب)

۳۔ ضعیف (کمزور)

۴۔ موضوع یا وضعی روایات جو جھوٹے راویوں نے گھڑ کر انہیں حدیث کا نام دے دیا۔

احکامِ شریعت کا استنباط پہلی دو اقسام (صحیح اور حَسَن) ہی سے کیا جاتا ہے۔ ضعیف احادیث کی اہمیّت قانونی اور نظریاتی معاملات میں بہت کم یا نہ ہونے کے برابر ہے۔

کسی حدیث کو "صحیح" یا "حَسَن" قرار دینے سے پہلے اسے نہایت کڑے امتحانات کے ذریعے پرکھا جاتا ہے۔ یہ امتحانات کیا ہیں؟ ان کی ایک جھلک ملاحظہ ہو:......

۱۔ رُواۃ کی چھان بین

۲۔ راویوں کی سَنَد مسلسل اور مُتّصِل ہونے کی تحقیق۔

۳۔ روایت کی سَنَد اور مَتَن کا اسی معاملے کی دوسری روایتوں یا طُرُق کے ساتھ موازنہ

۴۔ حدیث کی سَنَد اور مَتَن کا اسی موضوع پر دستیاب دوسرے مواد کی روشنی میں تجزیہ اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اس کا اطمینان کہ سَنَد اور مَتَن میں کوئی عِلّت (نقص) نہیں ہے۔

اب ہم ان امتحانات کا ایک اجمالی جائزہ لیتے ہیں:.......

## ا۔ رُواۃِ حدیث کی چھان بین

یہی چھان بین یا جانچ پڑتال ہے جس کے لیے علم اُسماءُ الرِّجَال معرضِ وجود میں آیا۔ اس کی تفصیل ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

اُسماءُ الرِّجَال کی روشنی میں ہر حدیث پر جرح وتعدیل کی جاتی تھی اور اس کے ہر راوی کی زندگی (سیرت وکردار) کے ہر ہر پہلو (تقوٰی، صداقت، دیانت، امانت، تعلیم، عقائد، فہم وفراست، ذہانت، ثقاہت، عادات، شب و روز کے معمولات، یادداشت، معاشرت وغیرہ) کا نہایت دِقّتِ نظری سے جائزہ لیا جاتا تھا۔ اس کی روایت اسی وقت قبول کی جاتی تھی جب وہ ان شرائط پر پورا اترتا ہو جو محدّثین نے کسی حدیث کی صحت کا معیار متعیّن کرنے کے لیے وضع کی ہیں۔ علماءِ اسلام نے اس موضوع پر سینکڑوں کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں سے کچھ کے نام یہ ہیں:

| نمبر شمار | نام کتاب | مصنف | ضخامت | راویوں کی تعداد |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | تاریخ الکبیر | امام بخاریؒ | ۹ جلد | ۱۳۷۸۱ |
| ۲۔ | الجَرح وَالتّعدیل | ابنِ ابی حاتمؒ | ۹ جلد | ۱۸۰۵۰ |
| ۳۔ | تہذیب التہذیب | حافظ ابنِ حجر عسقلانیؒ | ۱۲ جلد | ۱۲۴۵۵ |
| ۴۔ | میزان الاعتدال فی نقد الرجال | حافظ ذہبیؒ | ۴ جلد | ۱۱۰۵۳ |
| ۵۔ | لسان المیزان | حافظ ابنِ حجرؒ | ۷ جلد | ۵۹۹۱ |
| ۶۔ | الثقات | احمد بن عبداللہ عجلیؒ | ۱ جلد | ۲۱۱۶ |
| ۷۔ | المغنی فی الضعفاء | حافظ ذہبیؒ | ۲ جلد | ۷۸۵۴ |

ان کے علاوہ امام مسلمؒ کی ''کتاب المفردات والوحدان''، امام نسائیؒ کی ''الضعفاء والمتروکین''، ابواحمد علیؒ بن عدی علی قطان کی ''الکامل فی الجَرح وَالتّعدِیل''، عبدالمغنی مقدسیؒ کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"الکمال فی اسماء الرجال" یوسف بن زکی مزّی کی "تہذیب الکمال فی اَسماءِ الرِّجال" امام بیہقیؒ کی کتاب "کتاب الاسماء وَالصِّفات" حافظ ابنِ کثیرؒ کی "تکمیل فی معرفۃ الثقاۃ وَالضعفاء وَالمجاہل" ابنِ حبّانؒ کی "الثقات" امام نوویؒ کی "تہذیب الاسماء" ابنِ جوزیؒ کی "اسماء الضعفاء والواضعین" حافظ سیوطیؒ کی "زوائد الرِّجال علیٰ تہذیب الکمال" فنِ رِجال میں بڑی اہمیّت کی حامل کتابیں ہیں۔

## ۲۔اِتّصالِ سَنَد

کسی حدیث کو مستند قرار دینے کے لیے "سَنَدِ مُتّصِل" کا ہونا ضروری ہے۔یعنی قابلِ اعتماد رُواۃ کا سلسلۂ روایت کسی انقطاع کے بغیر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہو۔کوئی راوی سَنَد میں گُم ہو اور کڑیاں باہم مربوط نہ ہوں (یعنی سَنَد مسلسل نہ ہو) تو روایت غیر مستند قرار پاتی ہے۔اِتّصالِ سَنَد کی چھان بین کے لیے یہ تحقیق بھی کی جاتی تھی کہ فلاں فلاں راوی کا سالِ ولادت اور سالِ وفات کیا تھا اور کیا تاریخی طور پر یہ ممکن تھا کہ وہ راوی اس شخص سے ملا ہو جس سے حدیث کی سماعت کا وہ دعوٰی کر رہا ہے۔

جو روایتیں سَنَدِ مُتّصِل کی شرط پوری نہیں کرتیں ان کی بہت سی قسمیں ہیں مثلاً حدیثِ منقطع، حدیثِ معلّق، حدیثِ مرسل، حدیثِ مفصل، حدیثِ مدلس وغیرہ۔محدّثین نے ایسی تمام روایات کا درجہ متعیّن کر دیا ہے۔یہاں تفصیل کی گنجائش نہیں۔

## ۳۔دوسری روایات سے تقابل وموازنہ

بعض اوقات ایک ہی واقعے یا قول سے متعلق کوئی حدیث بہت سے راویوں سے مروی ہوتی ہے۔اس کو پرکھتے وقت محدّثین اس کے تمام طُرُق کا مجموعی تجزیہ کرتے ہیں۔اگر کوئی حدیثِ قابلِ اعتماد راویوں کی اکثریت ایک خاص طریقے سے روایت کر رہی ہو لیکن اس میں سے ایک راوی کا طریقۂ روایت مفہوم کے اعتبار سے دوسری احادیث سے مختلف ہو تو ایسی روایت کو "حدیثِ شاذ" کہا جاتا ہے۔ایسی حدیث کو راوی کے قابلِ اعتماد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونے کے باوجود ''صحیح'' حدیث کے طور پر قبول نہیں کیا جاتا' ہاں کسی داخلی یا خارجی شہادت کی بناء پر اس کی مزید تصدیق ہو جائے تو پھر اسے معتبر تسلیم کر لیا جاتا ہے۔

## ۴۔ حدیث کا مجموعی تجزیہ

کسی حدیث کی نوعیت اور درجہ متعیّن کرنے کے لیے محدّثین صرف رُواۃ کے حالات کی چھان بین اور اسناد کی جانچ پڑتال پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ اس موضوع پر دوسرے متعلّقہ دستیاب شدہ مواد کا بھی جائزہ لیتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ راویوں کی سَنَد اصلی بھی ہے یا نہیں' کیا روایت کے الفاظ ایسے ہیں کہ ان کو لسانِ رسالت سے منسوب کیا جا سکے' کیا روایت میں جو واقعہ بیان کیا گیا ہے یا جو قول حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کیا گیا ہے وہ ناممکنات سے تو نہیں' کیا وہ واقعات جن پر تاریخ نے مہرِ تصدیق ثبت کر دی ہے' حدیث پر منطبق ہوتے ہیں یا نہیں وغیرہ وغیرہ۔ اگر ان تمام سوالات کا تسلّی بخش جواب مل جائے تب کہیں جا کر کسی حدیث کو صحیح یا حَسَن قرار دیا جاتا ہے۔ بصورتِ دیگر اس نقص یا عِلّت کی نشان دہی کر دی جاتی ہے جو سَنَدِ حدیث یا مَتنِ حدیث میں پائی جاتی ہے۔

اوپر ہم نے ضمنی طور پر جو کچھ بیان کیا ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ آپ ان لوگوں کی ذہنیت کا اندازہ کر سکیں جو منکرینِ حدیث ہیں یا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرویّات کو مستند تسلیم نہیں کرتے اور انہیں نا قابلِ حُجّت ٹھہراتے ہیں۔ ان میں سے بیشتر ایسے ہیں جو علومِ حدیث' عُلومِ رِجال' اُصُولِ حدیث' اُصُولِ رِوایت اور قوانینِ دِرایت وغیرہ سے واقفیت تو کجا صَرف و نحو سے بھی پوری طرح واقف نہیں۔ اگر جرح و تعدیل کی روشنی میں کوئی ایسی روایت موضوع قرار پاتی ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منسوب کی گئی ہے تو اس میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا کیا قصور؟ یہ تو اس راوی کا قصور ہے جس نے یہ روایت گھڑ کر اسے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منسوب کر دیا اور اگر کوئی حدیث جرح و تعدیل کے بعد صحیح قرار پاتی ہے اور اس کا سلسلۂ سَنَد پوری شرائط کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر زبانِ طعن دراز کرنے کا کیا جواز ہے؟

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت کعب احبار رحمۃ اللہ علیہ

پیچھے ''وادیٔ سینا کا سفر'' کے زیرِ عنوان مشہور تابعی حضرت کعب احبارؒ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک ملاقات کا ذکر آچکا ہے اور حاشیہ میں حضرت کعب احبارؒ کے مختصر حالاتِ زندگی بھی بیان کر دیے گئے ہیں۔ منکرینِ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ ''وہ کعب احبارؒ کے شاگرد تھے' انہوں نے اکثر روایات کعب احبارؒ سے سنی تھیں لیکن وہ ان کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کرتے تھے۔'' کعب احبارؒ کے بارے میں وہ یہ کہتے ہیں کہ ''انہوں نے اسلام کا لبادہ اوڑھ رکھا تھا' فی الحقیقت وہ یہودی تھے اور انہوں نے اسرائیلی روایات کی تشہیر کے لیے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو استعمال کیا۔''

اس الزام کا بغور جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس کو تہمت اور بہتان طرازی کے سوا اور کوئی نام نہیں دیا جاسکتا۔ جہاں تک حضرت کعب احبارؒ کا تعلق ہے تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ قبولِ اسلام سے پہلے یہودیوں کے بہت بڑے عالِم تھے' لیکن حلقہ بگوشِ اسلام ہونے کے بعد انہوں نے مدینہ میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے کتاب وسنّت کی تعلیم حاصل کی اور بقول حافظ ذہبیؒ بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے ان سے اہلِ کتاب کے علوم سیکھے۔ کئی روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ بعض اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم بھی ان کے تبحرِ علمی کے معترف تھے اور ان کا احترام کرتے تھے۔ کبھی کسی نے ان کے اسلام پر شبہ نہیں کیا بلکہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان سے روایت کی ہے۔ حضرت ابوالدرداء انصاری رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ ''ابنِ حمیریہ (کعب الاحبارؒ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے پاس بڑا علم ہے۔"

(طبقات ابنِ سعد ج ۷' ق ۲' ص ۱۵۶)

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ ابوالدرداء حکماء میں ہیں اور کعب علماء میں۔ ان کے پاس سمندر جیسا علم تھا۔ (الإصابہ ج ۵' ص ۳۲۳)

امام بخاریؒ نے "تاریخ الکبیر والصغیر" میں حضرت کعب الاحبارؒ کے مفصل حالات لکھے ہیں اور کہیں بھی ان پر اعتراض نہیں کیا۔ ابنِ ابی حاتمؒ حافظ ذہبیؒ، امام نوویؒ اور بہت سے دوسرے علماء نے کعب الاحبارؒ کی جلالتِ علمی کا ذکر بہت اچھے الفاظ میں کیا ہے۔

ان ساری باتوں کے باوجود حضرت کعب احبارؒ کے ایمان سے انکار کرنا بڑی ناپاک جسارت ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم میں حضرت کعب احبارؒ سے روایت کرنے والے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں۔ بقول ابنِ صلاحؒ عبادلہ ثلاثہؓ نے کعب الاحبارؒ سے روایت کی ہے۔ حافظ ابنِ کثیرؒ فرماتے ہیں کہ کعب الاحبارؒ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور صحابہ کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ تابعین میں اصحیؒ، عبداللہؒ بن رباح انصاری' عطاءؒ بن ابی رباح' مالکؒ بن ابی عامر' عبداللہؒ بن حمزہ سلولی' عبدالرحمٰنؒ بن شعیب اور سعیدؒ بن مسیّب رضی اللہ عنہ وغیرہم نے ان سے روایت کی ہے۔

یہاں یہ وضاحت کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ حضرت کعب الاحبارؒ اگرچہ عہدِ رسالت میں موجود تھے لیکن ان کو شرفِ صحابیت حاصل نہیں ہوا اس لیے انہوں نے کوئی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے براہِ راست نہیں سنی۔ البتہ قبولِ اسلام کے بعد بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے احادیث ضرور سنیں اور پھر دوسرے صحابہ یا تابعین کے سامنے بیان کیں۔ ان کی روایتوں میں زیادہ تعداد اسرائیلی روایتوں کی ہے۔ ان کے راوی وہ خود ہیں۔ ان میں گزشتہ اقوام کے حالات اور بہت سی عجیب وغریب باتیں ہیں۔ جن صحابہ (بشمول حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) نے حضرت کعب احبارؒ سے یہ روایات سنیں' انہوں نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


ان کے نام سے دوسرے لوگوں کے سامنے بیان کیں۔ یہ غلط ہے کہ وہ ان روایات کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرتے تھے۔ کوئی حدیث روایت کرتے وقت صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے سامنے ہمیشہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہوتا تھا کہ "جو شخص مجھ پر جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانا جہنّم میں بنا لے۔" ان نفوسِ قدسی کے بارے میں یہ تصوّر بھی نہیں کیا جا سکتا کہ وہ حضرت کعب احبارؒ سے کوئی حدیث سنیں اور اس کو بیان کرتے وقت کہیں کہ ہم نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔ اب رہی یہ بات کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ' حضرت کعب احبارؒ کے شاگرد تھے تو یہ بات بداہتہً غلط ہے۔ ایک صاحبِ رسول ﷺ کو محض اس بناء پر ایک تابعی کا شاگرد ٹھہرانا کہ انہوں نے تابعی سے روایت کی ہے' کج فہمی اور نامعقول جسارت ہے۔ بات صرف اتنی ہے کہ حضرت کعب احبارؒ نے بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے احادیث کی سماعت کی اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے ان سے ایسی روایات لیں جن کا تعلّق بِالعموم تورات یا اقوامِ ماضی سے تھا۔ اس میں استادی شاگردی کا کوئی سوال نہیں تھا۔ حافظ ابنِ کثیرؒ فرماتے ہیں:

"کسی مقام و مرتبہ یا عمر کے لحاظ سے بڑی شخصیت اپنے ہم عمر یا چھوٹے شخص سے روایت کرے تو یہ جائز ہے۔"

(دفاعِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ صفحہ ۲۶۱)

بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا تھا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یا کسی دوسرے صاحبِ رسول ﷺ نے کوئی حدیث بیان کی اور حضرت کعب احبارؒ نے اس کی تائید میں تورات کا کوئی حوالہ پیش کر دیا۔ اگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی کسی روایت میں کعب احبارؒ کا کوئی اس نوع کا قول نقل کر دیا تو اس کو قبول کرنے میں کیا چیز مانع ہو سکتی ہے؟

جہاں تک حضرت کعب احبارؒ کی مرویّات کا تعلّق ہے تو بلاشبہ ان میں بہت سی بے سروپا اسرائیلی حکایتیں بھی شامل ہیں جن کو محدّثین نے جرح و تعدیل کی کسوٹی پر پرکھ کر ردّ کر دیا ہے۔ مولانا حافظ مجیب اللہ ندوی اپنی کتاب "اہلِ کتاب صحابہ و تابعین" میں لکھتے ہیں:

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


''کعب کی علمی جلالت میں کوئی شک نہیں۔ وہ یہودی مذہب کے بڑے نامور عالم تھے لیکن چونکہ خود یہودیوں کا سرمایۂ علم زیادہ تر قصص و حکایات تھیں اس لیے کعب کا سرمایۂ معلومات بھی تمام تر یہی تھا۔ اس سے ایک نقصان یہ ہوا کہ بہت سی بے سروپا اسرائیلی روایات ان کے ذریعہ اسلامی لٹریچر میں داخل ہو گئیں۔ اسی بناء پر بعض ائمۂ حدیث کعب کو روایات میں ساقط الاعتبار سمجھتے ہیں۔''

(ترجمہ: حضرت کعب احبارؒ)

لیکن دوسری طرف جب ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت کعب احبارؒ کی بعض روایات قرآن وحدیث کی مؤیّد ہیں تو ایسی روایات کو ردّ کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا مگر یہ بات بڑی عجیب ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے معترضین ان کی بعض مرویات کو محض اس بناء پر ''اسرائیلیات'' میں شمار کرتے ہیں کہ ان کی حضرت کعبؒ نے تائید کی تھی۔ مثلاً ''مُسندِ احمد'' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی یہ حدیث:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جَنّت میں ایک درخت اتنا بڑا ہے کہ سوار اس کے سایہ میں سَو برس تک چلتا رہے گا۔ اگر چاہو تو اس کی تائید میں قرآن کی یہ آیت پڑھ لو وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ (اور دراز سایہ)''

جونہی یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کی' کعب بولے ''آپ نے سچ فرمایا' اُس ذات کی قسم جس نے تورات حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام ـــ اور قرآن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا:''

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس روایت کو اسرائیلیات میں شمار کرنا اور اس سے انکار کرنا' ستم ظریفی کی انتہا ہے۔ اس حدیث کو تو حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ اور کئی دوسرے صحابہ نے بھی روایت کیا ہے۔ (صحیح مسلم)

اگر اس کا انکار اس وجہ سے کیا جاتا ہے کہ جس درخت کا اس حدیث میں ذکر کیا گیا ہے' اس کا جُنّت میں پایا جانا ممکن نہیں (یعنی یہ بات خلافِ عقل ہے) تو پھر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے بارے میں کیا کہا جائے گا کہ جنّت میں وہ چیزیں ہیں جو نہ کبھی آنکھوں نے دیکھیں اور نہ کانوں نے سنیں اور نہ انسان کے دل میں کبھی ان کا خیال گزرا۔

(صحیح مسلم جلد ۴ صفحہ ۲۱۷۵)

حقیقت یہ ہے کہ جنّت کے عجائب اور اس کی حیرت انگیز نعمتوں کا صرف احادیثِ نبویؐ ہی میں ذکر نہیں ہے بلکہ قرآنِ حکیم میں بھی جابجا ان کا ذکر آتا ہے۔ یہ عجائب اور تحیّر خیز نعمتیں انسانی حدِ ادراک سے باہر ہیں لیکن ہر مسلمان کا اُن پر ایمان ہے۔

اب اگر کسی حدیث میں کسی ایسی چیز کا ذکر ہو جو انسانی عقل وفکر کے احاطہ سے باہر ہو تو اس حدیث کو اسرائیلیات کی قبیل میں شمار کرنا اور اس سے یکسر انکار کر دینا کسی مردِ مومن کا شیوہ نہیں ہوسکتا۔ ہاں جو روایات قرآنِ کریم اور مستند احادیث کے متعارض ہوں ان کو بلا تامّل رَدّ کیا جاسکتا ہے۔ محدّثین اور اربابِ جرح وتعدیل نے ایسا ہی کیا ہے اور کوئی دوسرا بھی ان کو تسلیم کرنے کا مکلّف نہیں۔

جیسا کہ ہم اوپر عرض کر چکے ہیں کہ اس بات کو تو قطعاً تسلیم نہیں کیا جاسکتا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کوئی روایت حضرت کعب احبارؓ سے لی ہو اور اس کو رسول اللہؐ سے منسوب کر دیا ہو۔ ہاں اس بات کا امکان ہے کہ ان کے بعض تلامذہ نے غلط فہمی کی بناء پر ان کی حضرت کعبؓ سے لی ہوئی...... بعض روایات کو بعض ایسی احادیث میں گڈمڈ کر دیا ہو جو انہوں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھیں۔ اس امکان کا اشارہ اس تقریر سے ملتا ہے جو مشہور صحابی حضرت بشیر بن سعد[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسلمانوں کے ایک مجمع کے سامنے کی تھی۔ انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا:

"لوگو! اللہ سے ڈرو اور حدیثوں کو خوب یاد رکھو۔ واللہ ہم ابو ہریرہ کی مجلسوں

---

[1] حضرت بشیر بن سعد انصاری کا شمار بڑے عظیم الرتبت صحابہ میں ہوتا ہے۔ ان کا تعلق خزرج کے خاندان حارث بن خزرج سے تھا۔ ہجرتِ نبوی سے پہلے مشرف بہ اسلام ہوئے اور پھر ۱۳ بعدِ بعثت میں مکّہ جاکر بیعتِ عقبہ کبیرہ میں شریک ہونے کی عظیم سعادت حاصل کی۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں شریک ہوتے رہے ہیں۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی حدیثیں روایت کرتے اور کعب سے بھی۔ اب میں دیکھ رہا ہوں کہ جو لوگ ان مجلسوں میں ہمارے ساتھ شریک ہوتے تھے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول روایات کو کعب کی طرف اور کعب سے مروی قصص و اخبار کو رسول اللہ ﷺ کی جانب منسوب کرتے ہیں۔"

(سیر اعلام النبلاء جلد ۲ صفحہ ۴۳۶)

بعد میں اربابِ جرح و تعدیل نے دونوں قسم کی روایات میں فرق و امتیاز واضح کر دیا۔ بہرصورت اگر کسی حدیثِ نبوی ﷺ اور روایتِ کعب میں کہیں گڈمڈ ہو گئی تو اس کی تمام تر ذمہ داری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رُواۃ اور تلامذہ کے سر ہے۔ ان کا اپنا اس میں مطلق کوئی قصور نہیں اس لیے ان پر زبانِ طعن دراز کرنے کا کوئی جواز نہیں۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

ہجرتِ نبوی ﷺ کے بعد غزوات کا سلسلہ شروع ہوا تو حضرت بشیر رضی اللہ عنہ نے بدر سے لے کر تبوک تک تمام غزوات میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمرکابی کا شرف حاصل کیا۔ بعض سرایا میں بھی شریک تھے۔ ۱۱ ہجری میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد وہ انصار میں پہلے شخص تھے جنہوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت کی۔ پھر فتنہ ارتداد کے استیصال میں بھرپور حصہ لیا۔ ایرانیوں سے معرکہ آرائیوں کا آغاز ہوا تو حضرت بشیر رضی اللہ عنہ بھی اسلامی لشکر میں شامل ہو کر عراقِ عرب کے میدانِ جہاد میں پہنچ گئے اور کئی معرکوں میں دادِ شجاعت دی۔ اس سلسلے کا آخری معرکہ عین التمر (۱۲ھ) کا تھا۔ انہوں نے اسی میں شہادت پائی۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# کچھ اور اعتراضات اور اُن کا اِبطال

معتزلہ' منکرینِ حدیث' تجدّد زدہ نام نہاد محقّقین اور مستشرقین نے سیّدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جن متعدّد اعتراضات کا نشانہ بنایا ہے' اُن میں دو سب سے بڑے اعتراضات یہ ہیں:.......

۱- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت کعب الاحبارؒ (تابعی) کے شاگرد تھے اور وہ ان سے حدیثیں سن کر انہیں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کر دیتے تھے۔

۲- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ وَضّاع تھے اور اپنے پاس سے حدیثیں گھڑ گھڑ کر بیان کرتے تھے۔

ان دونوں بیہودہ اعتراضات کا اِبطال ہم تفصیل کے ساتھ پچھلے صفحات میں کر چکے ہیں۔ معترضین کے دوسرے اعتراضات زیادہ تر ان کی ذات سے تعلّق رکھتے ہیں۔ اس معاملے میں یہ لوگ اخلاق اور شرافت کی تمام حدود کو پھلانگ گئے ہیں۔ انہوں نے نہایت بے شرمی کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے نام' نسب' خاندان' ذریعۂ معاش معمولات اور مشاغلِ زندگی ہر چیز میں کیڑے ڈالنے کی کوشش کی ہے اور ایک صاحبِ رسول ﷺ پر کیچڑ اچھالتے ہوئے اپنے ضمیر میں ذرا سی چبھن بھی محسوس نہیں کی۔ اس قسم کے بیہودہ ذاتی نوعیّت کے اعتراضات اس قابل نہیں کہ ان کا جواب دیا جائے البتہ بعض ایسے اعتراضات کا جواب دینا ضروری معلوم ہوتا ہے جو بعض ناواقف یا سادہ مزاج لوگوں کو شکوک وشبہات میں مبتلا کرنے کا موجب بن سکتے ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہم یہاں ہر اعتراض کا خلاصہ بیان کریں گے اور پھر مناظرانہ انداز اختیار کرنے کے بجائے اختصار کے ساتھ اس کا جواب عرض کریں گے۔

اعتراض ۱:- امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کاذب تھے اس لیے وہ ان کو حدیثیں روایت کرنے سے منع کرتے تھے۔

جواب:— یہ بات بالکل بے بنیاد ہے کہ حضرت عمرؓ فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو کاذِب سمجھتے تھے۔ اس کے برعکس وہ ان کو ایک قابل اعتماد آدمی سمجھتے تھے اور ان کی عزّت کرتے تھے۔ اگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے مردم شناس خلیفہ کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر اعتماد نہ ہوتا تو وہ ان کو بحرین کا حاکم کیوں بناتے؟

صحیح مسلم میں ہے کہ ایک دفعہ حضرت حسّانؓ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد میں اشعار پڑھ رہے تھے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ ادھر سے گزرے۔ انہوں نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو مسجد میں اشعار پڑھنے سے منع کیا۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے امیر المؤمنین کو جواب دیا' میں مسجد میں اشعار پڑھا کرتا تھا اور آپ سے بہتر شخص (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) وہاں موجود ہوتے۔ پھر انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ (جو وہاں موجود تھے) سے مخاطب ہو کر کہا' اے ابو ہریرہ! میں تجھے اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم نے اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے بارے میں یہ فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ (اے حسان) میری طرف سے مشرکین کو جواب دو' اے اللہ اس کی تائید روح القدس سے فرما۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''ہاں میں نے سنا ہے۔'' (صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۳۰۰)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی گواہی سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ خاموش ہو گئے۔ کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کسی ایسے آدمی کی گواہی قبول کر سکتے تھے جس کو وہ دروغ باف سمجھتے ہوں؟

صحیح بخاری میں ہے کہ ایک دفعہ ایک گودنے والی عورت کو حضرت عمرؓ رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں (حاضرینِ مجلس) سے پوچھا' کیا تم میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گودنے کے بارے میں روایت سنی ہے؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں کھڑا ہوا اور کہا' امیر المومنین! میں نے سنی ہے۔

حضرت عُمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا' تم نے کیا سنا؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا'

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اے عورتو! تم گودی مت لگاؤ اور نہ گودنے کے لیے کسی سے کہو۔

حضرت عُمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی گواہی (متعدد دوسرے) صحابہ کے سامنے قبول کر لی۔ (صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۸۸۰)

ایک دفعہ امیر المومنین حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ عنہ حج کے لیے مدینہ مُنوّرہ سے مکّہ معظّمہ کے لیے روانہ ہوئے تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بھی ساتھ لے لیا (یعنی اپنے قافلۂ حج میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بھی شریک کر لیا) اثنائے راہ میں تیز ہوا چل پڑی (یا آندھی آ گئی) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے رفقاء سے دریافت کیا کہ کیا کسی کو اس تیز ہوا کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ارشاد یاد ہے؟ مگر کسی نے کوئی جواب نہ دیا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو (جو قافلے میں بہت پیچھے آ رہے تھے) حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کے سوال کا پتہ چلا تو وہ اپنی سواری کو تیزی سے ہانکتے ہوئے حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کے قریب پہنچے اور عرض کیا' مجھے آپ کے سوال کا علم ہوا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ ہوا اللہ کی رحمت کی دلیل ہے۔ (مُسندِ احمد جلد ۴ اصفحہ ۵۲ حدیث ۷۶۱۹)

اگر حضرت عُمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر اعتماد نہ ہوتا تو ان کے سامنے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو حدیث بیان کرنے کی جرأت کیسے ہو سکتی تھی؟

حقیقت یہ ہے کہ معترضین نے جس بات کا بتنگڑ بنا دیا ہے وہ یہ ہے کہ حضرت عُمر رضی اللہ عنہ روایتِ حدیث کے معاملے میں بے حد محتاط تھے اور چاہتے تھے کہ حدیثیں کم سے کم روایت کی جائیں۔ ان کو اندیشہ تھا کہ اگر کوئی شخص کثرت سے حدیثیں روایت کرے گا تو ان میں آمیزش یا غلطیوں کا احتمال ہے۔ وہ صرف حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کو نہیں دوسرے صحابہ ﷺ کو بھی یہی مشورہ دیا کرتے تھے کہ حدیثیں کم روایت کریں۔

معترضین نے اپنے اعتراض کی بنیاد "البدایہ والنہایہ" میں سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کی اس روایت پر رکھی ہے کہ "میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ کہتے سنا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کرنا چھوڑ دو ورنہ میں تمہیں ارضِ دوس (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا وطن) میں پہنچا کر چھوڑوں گا۔" (البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۸)

اوّل تو بعض علماء کے نزدیک یہ روایت ضعیف ہے کیونکہ اس کے سلسلۂ اسناد میں دو راوی محمد بن زرعہ اور اسمٰعیل بن عبداللہ قابلِ اعتبار نہیں اور اگر اسے قبول بھی کر لیا جائے تو معترضین حافظ ابنِ کثیرؒ کی وہ رائے دانستہ نظر انداز کر دیتے ہیں جو انہوں نے یہ روایت کرنے کے بعد ظاہر کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں:

"یہ ممانعت اور جلاوطنی کی دھمکی اس پر محمول کی جاسکتی ہے کہ حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کو کچھ روایات کے بارے میں اندیشہ تھا کہ ان کو لوگ (ان کا صحیح مفہوم نہ سمجھ کر) بے محل نہ استعمال کر بیٹھیں۔ نیز لوگ رخصتوں اور سہولتوں والی روایات پر تکیہ کر کے فضائل اور رفع درجات سے محروم نہ ہوں۔ بعض روایات میں ہے کہ بعد میں حضرت عُمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو حدیث بیان کرنے کی اجازت دے دی۔

(البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۸)

خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عُمر رضی اللہ عنہ کو میرے حدیث روایت کرنے کے بارے میں معلوم ہوا تو انہوں نے مجھے بلا کر فرمایا' جب ہم نبی ﷺ کے ساتھ فلاں شخص کے گھر گئے تھے تو کیا تم وہاں موجود تھے؟ میں نے عرض کیا' جی ہاں اور مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ آپ یہ بات مجھ سے کیوں دریافت کر رہے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے' اچھا بتاؤ میں نے یہ بات تم سے کیوں پوچھی ہے؟ میں نے کہا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روز فرمایا تھا کہ جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا اس نے اپنا گھر دوزخ میں بنا لیا۔ حضرت عُمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا' اچھا اگر آپ کو یہ بات معلوم ہے تو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جا یئے حدیثیں روایت کیجیے۔ دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا' اب جتنی احادیث چاہیں روایت کریں۔

(البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۷' سیر اعلام النبلاء' جلد ۲ صفحہ ۴۳۳' ابن عساکر جلد ۷ صفحہ ۴۸۷)

علماءِ حدیث نے اور بھی بہت سی مثالیں دی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کے نزدیک حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ایک قابلِ اعتماد راویٔ حدیث تھے اور حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کو حدیث روایت کرنے کی اجازت دے دی تھی۔

اعتراض ۲: اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی احادیث کی تردید کرتی تھیں۔

جواب: یہ غلط ہے کہ اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی تمام احادیث کی تردید کی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جب اُمّ المؤمنین کے سامنے کوئی حدیث روایت کرتے یا ان سے مروی کوئی حدیث اُمّ المؤمنین تک (کسی ذریعے سے) پہنچتی تو وہ بعض اوقات اس کی تصدیق کرتیں اور بعض دفعہ اس پر استدراک کرتیں اور اس کی تصحیح / اصلاح کر دیتیں۔ ان کا یہ طرزِ عمل صرف حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص نہیں تھا بلکہ انہوں نے دوسرے متعدّد صحابہ (بشمول اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم) کی بعض احادیث پر بھی استدراک کیا ہے۔ اس لیے اس معاملے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو اعتراض کا ہدف بنانا انصاف سے بعید ہے۔ دراصل بعض مسائل میں صحابہؓ/صحابیاتؓ میں جو اختلافِ روایت ہے وہ بڑی حد تک اختلافِ فہم پر مبنی ہے۔ اس میں معاذ اللہ کسی بدنیّتی' خواہشِ نفس یا دروغ بافی کا مطلق کوئی دخل نہیں ہے۔ کوئی سچا مسلمان صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں ایسا تصوّر بھی دل میں نہیں لا سکتا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو اللہ تعالیٰ نے جو فہم و فراست عطا کی تھی اس میں وہ منفرد حیثیت رکھتی ہیں۔ مزید برآں بارگاہِ نبوت میں ان کو جو درجۂ تقرّب حاصل تھا اور مختلف مسائل کے بارے میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ و ارشادات سے ذاتی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واقفیت کے جو ذرائع ان کو حاصل تھے' دوسروں کے لیے ناممکن تھے۔ بقول مولانا سید سلیمان ندوی ''متعدد مسائل ایسے ہیں جن میں صحابہ نے اپنے اجتہاد یا کسی روایت کی بنا پر کوئی مسئلہ بیان کیا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ذاتی واقفیت کی بناء پر اس کو رد کر دیا۔''

(سیرۃ عائشہ رضی اللہ عنہا)

یہ درست ہے کہ اُمّ المؤمنین رضی اللہ عنہا نے بعض روایات کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا لیکن بالعموم وہ ان کی اصلاح یا تصحیح کر دیتی تھیں اور بعض اوقات وہ کسی روایت کا مفہوم اس مفہوم سے مختلف بیان کرتیں جو راوی حدیث یا دوسروں نے سمجھا ہوتا۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ایک دفعہ روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ مُردہ پر اس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے جب یہ روایت بیان کی گئی تو انہوں نے فرمایا' اللہ ابوعبدالرحمٰن (حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی کنیت) کو معاف فرمائے' وہ جھوٹ نہیں بولے لیکن یا تو بھول گئے یا غلطی کی ...... واقعہ یہ ہے کہ ایک واقعہ اتفاقاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک یہودیہ کے جنازے پر ہوا اس کے رشتہ دار اس پر واویلا کر رہے تھے' آپ ﷺ نے فرمایا' یہ لوگ رو رہے ہیں اور اس پر عذاب ہو رہا ہے۔ (صحیح مسلم کتاب الجنائز)

ایک سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ قربانی کا گوشت تین دن کے اندر کھا لیا کرو...... حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ اور بعض دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس حکم کو دائمی سمجھا اور اسی کے مطابق فتویٰ صادر کیا...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سنا تو فرمایا:

''ہم لوگ قربانی کے گوشت کو نمک لگا کر رکھ چھوڑتے تھے' مدینہ میں اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' تین دن کے بعد نہ کھایا کرو۔ یہ حکم قطعی نہ تھا بلکہ آپ ﷺ یہ چاہتے تھے کہ لوگ اس میں سے کچھ دوسروں کو کھلا دیا کریں۔''

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گویا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم استحبابی تھا' دائمی نہ تھا اور یہ آپ ﷺ نے اس لیے دیا تھا کہ ان دنوں قربانی کرنے والے لوگ کم تھے (یعنی کم لوگوں کو قربانی کرنے کی استطاعت تھی) اور آپ ﷺ چاہتے تھے کہ قربانی کرنے والے ان لوگوں کو بھی قربانی کا گوشت کھلائیں جو قربانی نہیں کر سکے...... (چنانچہ آج تک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اسی فتوے پر عمل ہوتا ہے)

(صحیح بخاری کتاب الاضاحی)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (اور کئی دوسرے صحابہؓ) سے مروی ہے کہ صبح اور عصر کی نمازوں کے بعد کسی قسم کی کوئی نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سنا تو فرمایا' اللہ عمر پر رحم کرے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کہ آفتاب کے غروب اور طلوع کے وقت کو تاک کر نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔

(صحیح بخاری و جامع ترمذی باب اوقات الصلوٰۃ و مسند احمد جلد ۶ صفحہ ۱۲۴)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مرتبہ مسئلہ بیان کیا کہ اگر صبح ہو جائے اور نمازِ وتر قضا ہو گئی ہو تو پھر وتر نہ پڑھے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سنا تو فرمایا' ابوالدرداء نے صحیح نہیں کہا' صبح ہو جاتی تب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وِتر پڑھ لیتے تھے۔ (مسندِ احمد جلد ۶ صفحہ ۲۴۳)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جمعہ کا غسل ہر بالغ پر واجب ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے غسل جمعہ کو واجب قرار نہیں دیا اور فرمایا:

"لوگ اپنے گھروں سے اور مدینہ کے باہر کی آبادیوں سے آتے تھے اور گرد و غبار اور پسینہ سے شرابور ہوتے تھے۔ ایک دفعہ ان میں سے ایک صاحب آپ کے پاس آئے...... آپ ﷺ نے ان سے فرمایا' بہتر ہوتا اگر تم اس دن (یعنی جمعہ کے دن) غسل کر لیا کرتے۔" (صحیح بخاری)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


گویا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک غسلِ جمعہ واجب تو نہیں ہے لیکن اس میں بڑی پاکیزگی اور خیر ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن (نماز کے لیے آنے سے پہلے) غسل کرنے کو پسند فرماتے تھے۔

حضرت ابوسعید خُدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے نئے کپڑے منگوا کر پہنے اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ مسلمان جس لباس میں مرتا ہے اسی میں اٹھایا جاتا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ واقعہ سنا تو فرمایا' اللہ تعالیٰ ابوسعید پر رحمت نازل کرے' لباس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد انسان کے اعمال ہیں ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تو صاف ارشاد ہے کہ قیامت کے دن لوگ برہنہ تن' برہنہ سر اور برہنہ پا اٹھیں گے۔

www.KitaboSunnat.com

(ابوداؤد کتاب الجنائز' ابنِ حبانؒ، حاکمؒ، سیوطیؒ بحوالہ زرکشیؒ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ...... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بکری کے دست کا گوشت بہت پسند تھا۔ (صحیحین)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ روایت سنی تو فرمایا دست کا گوشت فی نفسہٖ پسند نہ تھا بلکہ بات یہ تھی کہ گوشت بہت کم میسّر آتا تھا چونکہ دست کا گوشت بہت جلد گل جاتا تھا اس لیے آپ اس کو پسند کرتے تھے۔ (شمائل ترمذی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک روایت میں یہ قِصّہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک عورت نے ایک بِلّی باندھ رکھی تھی اور اس کو کھانے پینے کے لیے کچھ نہیں دیتی تھی۔ بھوک پیاس کی تاب نہ لا کر وہ بِلّی مر گئی۔ اس بناء پر اس عورت پر عذاب ہوا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ایک دفعہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُمّ المؤمنین رضی اللہ عنہا نے ان سے فرمایا' تم ہی ہو جو ایک بِلّی کے بدلے میں ایک عورت کو عذاب دیے جانے کی روایت بیان کرتے ہو۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


انہوں نے عرض کیا' میں نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا' اللہ کے نزدیک ایک مؤمن کی ذات اس سے بہت بلند ہے کہ ایک بِلّی کے بدلے میں اس پر عذاب ہو...... وہ عورت اس گناہ کے علاوہ کافرہ بھی تھی۔ اے ابوہریرہ! جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی بات روایت کرو تو دیکھ لو کہ کیا کہتے ہو۔ (1) (ابوداؤد طیالسی مُسنِد عائشہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مرتبہ روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بدشگونی تین چیزوں سے ہوتی ہے' عورت میں' گھوڑے میں اور گھر میں۔

لوگوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے اس روایت کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا' یہ صحیح نہیں' ابوہریرہ نے آدھی بات سنی اور آدھی نہیں سنی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلا فقرہ کہہ چکے تھے کہ ابوہریرہ پہنچے (دراصل) آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ یہود کہتے ہیں کہ بدشگونی تین چیزوں میں ہے' عورت میں' گھوڑے میں اور گھر میں۔ ؎2

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ جس نے نمازِ وتر نہیں پڑھی اس کی کوئی نماز نہیں...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سنا تو فرمایا:

''ہم سب نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا اور اسے اب تک ہم بھولے نہیں کہ جو پانچوں وقت کی نمازیں وضو کے ساتھ صحیح وقت پر پورے

---

؎1 حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو روایت حدیث سے منع نہیں کیا بلکہ ان کو ہدایت کی کہ روایت کرتے وقت اس کے اسباب وعلل پر بھی غور کرلیا کرو یا یہ کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی اصل (مغزِ سخن) تک پہنچنے کی کوشش کیا کرو...... دراصل یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عمومی خواہش تھی اور وہ ہر راویِ حدیث صحابی سے اس کی توقع کرتی تھیں۔

؎2 مولانا سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ "سیرۃ عائشہ" میں لکھتے ہیں:

''بعض روایتیں ایسی بھی ہیں جن میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایتوں میں تطبیق ہو جاتی ہے اور وہ یہ ہے کہ آپ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ ان تینوں میں بدشگونی ہوتی ہے بلکہ یہ فرمایا ہے کہ اگر بدشگونی کوئی چیز ہوتی تو ان تین چیزوں میں ہوتی۔ یہ بطور واقعہ کے نہیں بلکہ بطور تعلیق کے ہے۔''

(سیرۃ عائشہ رضی اللہ عنہا صفحہ ۱۹۱ طبع سوم اعظم گڈھ ۱۳۷۲ ہجری ۱۹۵۳ء)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


رکوع و سجود کے ساتھ ادا کرتا رہا اور اس میں کوئی کمی نہیں کی اس نے اللہ سے عہد لے لیا کہ وہ اس پر عذاب نہ کرے گا اور جس نے کمی کی اس نے عہد نہیں لیا' اللہ چاہے تو اسے بخش دے اور چاہے تو عذاب دے۔''

(طبرانی فی الاوسط)

اوپر کی مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی بعض روایات پر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے استدراک یا ان کی تشریح و توضیح کی کیا نوعیت اور کیفیت تھی ...... اس کی بناء پر یہ کہنا کہ اُمّ المؤمنین رضی اللہ عنہا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی (تمام) روایات رَدّ کر دیا کرتی تھیں' حقیقت سے چشم پوشی کے مترادف ہے۔

اعتراض ۳: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تکذیب کی ہے۔

جواب: اس اعتراض کی بنیاد ایک ضعیف اور مشکوک روایت پر رکھی گئی ہے۔ روایت یہ ہے:

''سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے حضرت عثمان نے ابو ہریرہ کی طرف یہ پیغام دے کر بھیجا کہ امیر المؤمنین عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ یہ تم نے روایتِ حدیث کا کیا سلسلہ شروع کر رکھا ہے؟ تم حدِ اعتدال سے آگے بڑھ گئے ہو' اس طرزِ عمل کو ترک کر دو ورنہ میں تمہیں قبیلہ دَوس کی پہاڑیوں تک پہنچا کر چھوڑوں گا۔

سائب کہتے ہیں کہ اسی طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھے کعب احبار رحمہ اللہ کی طرف بھیجا کہ اس سے کہو مجھے امیر المؤمنین نے تمہاری طرف یہ پیغام دے کر بھیجا ہے کہ تم نے روایتِ حدیث کا یہ کیا سلسلہ جاری کر رکھا ہے کہ ساری دنیا کو حدیثوں سے بھر دیا ہے۔ اس سے باز آ جاؤ ورنہ میں تمہیں بندروں والے پہاڑوں تک پہنچا کر چھوڑوں گا۔''

(المحدث الفاصل صفحہ ۱۳۳)

''البدایہ والنّہایہ'' میں حضرت سائب رضی اللہ عنہ کی ایسی ہی روایت میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی جگہ حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کا نام لیا گیا ہے۔ اسی لیے اس کی صحت مشکوک ہے۔ سَنَد کے اعتبار سے بھی (جیسا کہ پیچھے بیان ہو چکا ہے) یہ روایت ضعیف ہے۔ ابنِ قتیبہ نے اپنی کتاب "تاویل مختلف الحدیث" میں یہ روایت نقل کرنے کے بعد اس کی تردید کی ہے۔ درایت کی رو سے بھی یہ روایت نا قابلِ اعتبار معلوم ہوتی ہے کیونکہ سیّدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے باہمی تعلّقات ہمیشہ بہت خوشگوار رہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے موقع پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جس طرح ان کے دِفاع میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اس کا ذکر پیچھے آ چکا ہے۔

علامہ محمد عجاج الخطیب اپنی کتاب "حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ" میں لکھتے ہیں:

"اگر اس روایت کی صحت کو فرض بھی کر لیا جائے تو اس میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مطعون نہیں کیا گیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو صرف کثرتِ حدیث سے منع کیا ہے خصوصاً جبکہ کثرت کی ضرورت بھی نہ ہو۔"

اعتراض ۴: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو جھوٹا قرار دیا۔

جواب: معترضین نے اعتراض کی تائید میں ابو جعفر اسکافی کی یہ روایت پیش کی ہے۔

"جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی کثرتِ حدیث کا پتہ چلا تو انہوں نے کہا کہ سب لوگوں یا سب زندوں میں بڑا جھوٹا ابو ہریرہ دَوسی ہے۔"

(شرح نہج البلاغہ جلد ا صفحہ ۴۶۸)

یہ روایت ضعیف اور مردود ہے کیونکہ محدّثین نے اس کے راوی ابو جعفر اسکافی کو بدعتی اور بدعت کی دعوت دینے والا قرار دیا ہے' نیز یہ کہ وہ ثقہ نہیں ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ایک دو اور اقوال بھی نقل کیے جاتے ہیں لیکن یہ سب نظام معتزلی کے ذہن کی اختراع ہیں اور اربابِ جرح و تعدیل نے ان کو رَدّ کر دیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اعتراض ۵: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے الزام لگایا کہ حضرت ابو ہریرہ حدیث میں اپنی طرف سے بعض الفاظ کا اضافہ کر دیتے ہیں۔

جواب: اس الزام کا پس منظر حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مروی یہ حدیث ہے کہ

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے مویشیوں کی رکھوالی یا شکار کی خاطر کُتّا پالنے کے علاوہ کوئی اور کُتّا پالا ہو تو اس کے نیک عمل کے ثواب میں روزانہ دو قیراط کی کمی ہوتی رہے گی۔"

جب حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کو بتایا گیا کہ ابو ہریرہ تو اس حدیث میں اس کُتّے کا بھی اضافہ کرتے ہیں (یعنی اس کُتّے کو بھی مستثنیٰ قرار دیتے ہیں) جو کھیتی کی حفاظت کے لیے رکھا ہو، تو حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا' اللہ ابو ہریرہ پر رحم کرے وہ صاحبِ زرع (کھیتی کے مالک' زمیندار یا کسان) تھے۔ (صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۲۱)

معترضین نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کے قول سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی ذاتی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے حدیث میں کھیتی کی حفاظت کرنے والے کُتّے کا اضافہ کر دیا۔ علمائے سلف نے لکھا ہے کہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کے قول سے یہ نتیجہ اخذ کرنا بالکل غلط اور دُور از کار بات ہے۔ بات صرف اتنی ہے کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کو حدیث کے یہ الفاظ یاد نہ رہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ چونکہ صاحبِ زرع تھے اس لیے ان کو یہ (تیسری قسم کے کُتّے کے استثناء کے بارے میں) الفاظ یاد رہے۔ امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"علماء کہتے ہیں کہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے ابو ہریرہؓ کی روایت پر شک نہیں کیا بلکہ ان کا مقصد یہ تھا کہ ابو ہریرہؓ صاحبِ زرع تھے اس لیے ان کو یہ بات اچھی طرح یاد رہی۔ (نووی علی المسلم جلد ۲ صفحہ ۲۰)

ابنِ عساکرؒ نے بھی اسی رائے کا اظہار کیا ہے۔ (ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از محمد عجاج الخطیب)

پھر یہ روایت صرف حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی نہیں بلکہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مُغفّل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور سفیان بن ابی زہیر رضی اللہ عنہ نے بھی اسے روایت کیا ہے۔ مُسندِ احمد کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ایک اور حدیث میں تیسری قسم کے کُتّے کا ذکر بھی آیا ہے۔ (مُسندِ احمد جلد ۷ صفحہ ۲۹)

حقیقت یہ ہے کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے مَدّاح تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں ان کی رائے ہم "حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مقام ومرتبہ" کے زیرِ عنوان نقل کر چکے ہیں۔

اعتراض ۶: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایتوں سے اختلاف کرتے تھے۔

جواب: یہ بالکل غلط اور من گھڑت بات ہے کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایتوں سے مجموعی طور پر اختلاف تھا۔ اس کے برعکس بارہا ایسا ہوا کہ انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایتوں کی تصدیق کی۔

حضرت طاؤسؒ (تابعی) نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا میں نے گناہِ صغیرہ میں کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے بیان نہ کی ہو۔ (ابوداؤد جلد ۱ صفحہ ۲۹۲)

بعض روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے آپس میں دوستانہ تعلّقات تھے۔ کئی بار حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں فتویٰ دیا اور انہوں نے اس پر کوئی اعتراض نہ کیا۔

باقی رہا بعض روایات میں ان کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اختلاف تو ایسی بہت سی مثالیں موجود ہیں جن میں صحابہ نے ایک دوسرے کی رائے یا روایت سے اختلاف کیا ہے۔ اس اختلاف کا مطلب یہ نہیں تھا کہ وہ ایک دوسرے کی تکذیب کرتے تھے۔ اس کے کئی اسباب تھے جن پر محدّثین نے تفصیل سے روشنی ڈالی ہے اور پھر جس روایت کو راجح قرار دیا ہے اس کے دلائل بھی دیے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی جن چند ایک روایات سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(بقول معترضین) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے اختلاف کیا ان میں یہ روایت بڑے زور شور سے پیش کی جاتی ہے کہ...... "جو شخص جنازہ اٹھائے اس کو چاہیے کہ اس کے بعد دوبارہ وضو کرے۔"

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے اس روایت کو قبول نہ کیا اور فرمایا خشک لکڑیوں (یعنی میّت کی چارپائی) کو اٹھانے سے وضو کرنا لازم نہیں آتا[1] جامع ترمذی میں یہ حدیث ان الفاظ میں مروی ہے:

"جو شخص میّت کو غسل دے وہ غسل کرے اور جو اسے اٹھائے وہ وضو کرے۔"

(ترمذی جلد۱ صفحہ۱۵۰)

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں:

"اس بات میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے جس قدر روایات بھی منقول ہیں سب ضعیف ہیں اس لیے ان کے بعض راوی ضعیف اور بعض مجہول ہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ یہ مرفوع حدیث نہیں بلکہ موقوف روایت اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے اگر اس روایت کی صحت کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو یہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ذاتی رائے ہے۔ لہٰذا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جھوٹی بات منسوب کرنے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔ یہ بھی صحیح نہیں کہ صحابۂ کرام نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تکذیب کی تھی۔

(ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از محمد عجاج الخطیب بحوالہ الاجابۃ الا یراد صفحہ ۱۳۵-۱۳۶)

یہاں یہ وضاحت کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ امام ترمذیؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کو "حدیثِ حَسَن" قرار دیا ہے اور ابنُ القیّمؒ نے "تہذیب السُّنَن" میں اس حدیث کو گیارہ طریقوں سے نقل کرنے کے بعد اسے حدیثِ محفوظ قرار دیا ہے۔ جہاں تک

---

[1] حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منسوب اس روایت یا فتویٰ پر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا استدراک بھی ان الفاظ میں منقول ہے...... "کیا مسلمان مُردہ بھی ناپاک ہوتا ہے؟ اور اگر کوئی لکڑی اٹھائے تو اس کو کیا ہوتا ہے۔ (عین الاصابہ سیوطی بحوالہ ابو منصور بغدادی)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


میّت کو غسل دینے کے بعد غسّال کے غسل کرنے کا تعلق ہے تو اس بارے میں کئی دوسرے صحابہ سے بھی مروی احادیث کُتُبِ حدیث میں موجود ہیں۔ ان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہما، حضرت ابو سعید خُدری رضی اللہ عنہ، حضرت مغیرہؓ بن شعبہ اور اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا شامل ہیں۔ سُنَنِ ابی داؤد میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

"نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزوں کے لیے غسل کرنے کی ہدایت فرمائی' جنابت' حجامت اور مُردے کو غسل دینے کے بعد اور جمعہ کے دن۔

(ابوداؤد جلد ۲ صفحہ ۹۴)

ان حقائق کے پیشِ نظر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر زبانِ طعن دراز کرنے کا کیا جواز ہے؟

اعتراض ۷: حوارئ رسولؐ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو کاذب کہا۔

جواب: معترضین نے اپنے اعتراض کی بنیاد "البدایہ والنّہایہ" کی ایک روایت کے ان الفاظ پر رکھی ہے:

"حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایات سنیں تو فرمایا' صَدَقَ کَذَبَ"

معترضین نے اپنے اعتراض میں وزن پیدا کرنے کے لیے پوری روایت نقل نہیں کی جو اس طرح ہے:

"عُروہ بن زبیرؓ سے روایت ہے کہ میرے والد زبیرؓ نے کہا' بیٹے! مجھے اس یمنی شخص (ابو ہریرہؓ) کے پاس لے چلو جو کثرت سے حدیثیں روایت کرتا ہے۔ چنانچہ میں ان کو ابو ہریرہ کے پاس لے گیا۔ ابو ہریرہ حسبِ معمول حدیث بیان کرنے لگے۔ زبیرؓ انہیں سن کر صَدَقَ وَکَذَبَ کہتے رہے۔ میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے والد سے پوچھا' ابا جان سچ بھی اور جھوٹ بھی اس سے آپ کی کیا مراد ہے؟ انہوں نے جواب دیا' اے بیٹے (سچ کا مطلب یہ ہے) اس میں کوئی شک نہیں کہ اس (ابوہریرہ) نے یہ حدیثیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہیں۔ مجھے اس میں کوئی شبہ نہیں اور (جھوٹ کا مطلب یہ ہے کہ) سننے کے بعد بعض حدیثوں کو بروقت اور بعض کو بے موقع روایت کیا۔"

(البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۰۹)

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ اس روایت کی سند میں محمد بن سلمہ راوی ہے۔[1] یہ شخص متروک اور ضعیف ہے (اس لیے اس روایت کو تسلیم نہیں کیا جا سکتا)

(الاصابہ جلد ۷ صفحہ ۲۰۵)

"صاحب الاصابہ" کی اس تحقیق کے پیش نظر اس اعتراض کی بنیاد ہی ڈھے جاتی ہے۔ اگر اس روایت کو کسی درجے میں درست بھی فرض کر لیا جائے تو یہ حقیقت بھی تسلیم کرنی پڑے گی کہ اس میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے تصدیق کی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جو حدیثیں بیان کیں وہ انہوں نے فی الواقع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھیں (تکذیب تو اس وقت ہوتی جب انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے سماعِ حدیث سے انکار کیا ہوتا) ان کے کَذَبَ کہنے کا مطلب یہ تھا کہ انہوں نے حدیث بے محل بیان کی اور (یوں کر کے) انہوں نے غلطی کی۔ (یہ نہیں کہ انہوں نے دروغ گوئی کی)

اس کی دوسری توجیہ یہ ہو سکتی ہے کہ بعض روایات کا جو مفہوم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا' حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو اس سے اتفاق نہیں تھا اور اس کا تعلق اجتہادی مسائل سے تھا۔ ایسے اختلاف کو تکذیب نہیں کہا جا سکتا۔

اعتراض ۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی کثرتِ روایت کا سبب یہ ہے کہ ان کے نزدیک جب کوئی

---

[1] "صاحب الاصابہ" کہتے ہیں کہ محمد بن سلمہ نام کے چار راوی ہیں۔ محمد بن سلمہ بن قرباء بغدادی' محمد بن سلمہ بن کہیل' محمد بن سلمہ بن فرقد' محمد بن سلمہ البنانی۔ یہ چاروں متروک اور ضعیف ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کسی اور محمد بن سلمہ نے یہ روایت کی ہے تو وہ مجہول ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روایت حرام کو حلال اوحلال کو حرام نہیں کرتی تو ایسی روایات بنانے میں کوئی حرج نہیں۔

جواب: یہ اعتراض محض یاوہ گوئی اور اس کی حیثیت تہمت طرازی سے زیادہ نہیں۔

معترضین اس کی تائید میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ دو روایتیں منسوب کرتے ہیں۔

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جب تم کسی حرام کو حلال یا حلال کو حرام نہیں کرتے تو معنی سمجھ جانے کے بعد روایت بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ (طبرانی)

۲۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جس نے کوئی حدیث اللہ کی رضا کے لیے بیان کی تو وہ میری کہی ہوئی ہے' اگرچہ میں نے وہ نہ کہی ہو۔

(ابن عساکر)

ان دونوں روایتوں کی حقیقت یہ ہے کہ پہلی روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے نام سے مروی نہیں ہے' محض قیاس کرلیا گیا ہے کہ اس کے راوی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔

پوری روایت یہ ہے:

''یعقوب بن عبداللہ بن سلیمان بن اکیمۃ اللیثی اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتا ہے کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

ہم نے کہا' یارسول اللہ! ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہوں' ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتے ہیں پھر اس طرح سنانے کی طاقت نہیں رکھتے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی حرام کو حلال اور حلال کو حرام نہیں کرتے تو معنی سمجھ جانے کے بعد روایت بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں۔''

استاد عبدالرحمٰن معلمی الیمانی اپنی کتاب ''انوار الکاشفہ'' میں لکھتے ہیں کہ اس روایت کے سلسلۂ اسناد میں یعقوب اور اس کا باپ دادا مجہول ہیں' لہٰذا یہ روایت ثابت نہیں۔ تاہم اگر اس روایت کو درست بھی فرض کرلیا جائے تو زیادہ سے زیادہ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کی حالت کو مدِنظر رکھتے ہوئے روایت بالمعنی کی مشروط اجازت دی' یہ نہیں کہ اپنی طرف سے کوئی حدیث بنا کر پیش کریں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جہاں تک دوسری روایت کا تعلق ہے تو ابنِ عساکرؒ نے اس روایت کی سَنَد بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ روایت بختری بن عبید نے اپنے باپ سے اور اس نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنی اور بختری بن عبید جھوٹا آدمی ہے اور اس کا باپ بھی مجہول ہے۔

(انوار الکاشفہ صفحہ ۱۵۷)

گویا یہ روایت بھی مردود ہے۔ یہ کتنی شرمناک جسارت ہے کہ ایسی روایات کی بِنا پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مطعون کیا جائے۔

سطورِ بالا میں ہم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مخالفین کے بڑے بڑے اعتراضات کا اِبطال اختصار کے ساتھ کر دیا ہے۔ علمائے حق نے اپنی کتابوں میں تفصیل کے ساتھ ان کا اِبطال کیا ہے۔ ان میں سے چند کتابوں کے نام یہ ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | فتح الباری | حافظ ابنِ حجر عسقلانیؒ |
| ۲۔ | البدایہ والنہایہ | حافظ ابنِ کثیرؒ |
| ۳۔ | دفاع عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ | عبدالمنعم صالح العلی |
| ۴۔ | انوار الکاشفہ | استاد عبدالرحمٰن معلّمی الیمانی |
| ۵۔ | ابو ہریرہ فی المیزان | استاد محمد السماحی |
| ۶۔ | المنہج الحدیث | استاد محمد السماحی |
| ۷۔ | ظلماتِ ابی ریّہ | استاد محمد عبدالرزاق حمزہ |
| ۸۔ | حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ | علامہ محمد عجاج الخطیب |
| ۹۔ | دفاعِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ | مولانا مفتی غلام الرحمٰن |

علاوہ ازیں کُتُبِ حدیث کی شروح میں بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرویّات پر اعتراضات کا بہت کچھ جواب مل جاتا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# صحیحین سے منتخب

## حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک سو مرویات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

(۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شوہر دیدہ عورت (یعنی بیوہ یا مطلّقہ) کا اس وقت تک نکاح نہ کیا جائے جب تک اس سے دریافت نہ کر لیا جائے۔

اور باکرہ (کنواری) لڑکی کا نکاح بھی اس کی اجازت کے بغیر نہ کیا جائے۔

صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا' یارسول اللہ! اس کی اجازت کا طریقہ کیا ہوگا؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (دریافت کرنے پر) اس کا خاموش ہو جانا (اس کی اجازت سمجھا جائے گا)۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس ولیمہ کا کھانا برا کھانا ہے جس میں صرف امیروں کو بلایا جائے اور فُقَرا (غریبوں' حاجت مندوں) کو چھوڑ دیا جائے۔ اور جس نے دعوت کو (بلا عذرِ شرعی) قبول نہ کیا تو اس نے اللہ اور اس کے رسول کے حکم کے خلاف کیا۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی صاحب ایمان بندہ درخت کا پودا لگائے یا کاشت کرے پھر اس میں سے پرندے کھائیں یا آدمی یا کوئی جانور کھائے تو وہ اس کے حق میں صدقہ ہوگا۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک شخص لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا اور اپنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کارندوں سے کہا کرتا تھا کہ اگر کوئی شخص تنگ دست ہو تو اس سے درگزر کیا کرو شاید (اس کی وجہ سے) اللہ تعالیٰ ہم سے درگزر فرمائے۔

جب وہ فوت ہوا تو اللہ تعالیٰ نے بھی اس سے درگزر فرمایا۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو آدمی لوگوں سے (قرض ادھار) مال لے اور اس کی نیّت اور ارادہ ادا کرنے کا ہو تو اللہ تعالیٰ اس سے ادا کرا دے گا۔ (یعنی ادائیگی میں اس کی مدد فرمائے گا) اور جو کوئی کسی سے قرض ادھار لے اور اس کا ارادہ ہی اس کو مار لینے کا ہو (یعنی واپس کرنے کی نیّت نہ ہو) تو اللہ تعالیٰ اس کو تلف کرا دے گا (یعنی دنیا میں بھی وہ نقصان اٹھائے گا اور آخرت میں بھی) (صحیح بخاری)

(۶)

ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر اپنے قرض کا سختی سے تقاضا کرنے لگا۔ آپ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس کو پکڑنا چاہا۔ آپ ﷺ نے فرمایا جانے دو اسے چھوڑ دو کیونکہ جس کو حق لینا ہو اس کو کہنے سننے کا حق ہے۔ پھر فرمایا' اس کو اس کے اونٹ کے بدلے میں ویسا ہی اونٹ دے دو۔ (آپ ﷺ نے اس سے ایک اونٹ لیا تھا) صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ویسا اونٹ تو اس وقت ملتا نہیں ہاں اس سے بہتر اونٹ موجود ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' وہی دے دو کیونکہ اچھا آدمی وہ ہے جو قرض کی ادائیگی میں بھی احسان کرتا ہے۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سات مہلک اور تباہ کر دینے والے گناہوں سے بچو۔

صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا' یا رسول اللہ! وہ کون سے سات گناہ ہیں؟

آپ ﷺ نے فرمایا:......

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


اللہ کے ساتھ (اس کی عبادت یا صفات یا افعال میں) کسی کو شریک کرنا اور جادو کرنا

اور کسی آدمی کو ناحق قتل کرنا۔

اور سود کھانا

اور یتیم کا مال کھانا

اور جہاد میں لشکرِ اسلام کا ساتھ چھوڑ کر بھاگ جانا۔

اور پاک دامن بھولی بھالی خواتین پر بدکاری کی تہمت لگانا۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غلّہ کے ایک ڈھیر کے پاس سے گزرے (جو ایک دکاندار کا تھا) آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اس غلّے کے ڈھیر کے اندر داخل کر دیا تو آپ کی انگلیوں نے نمی محسوس کی۔ آپ ﷺ نے اس غلّہ فروش دکاندار سے فرمایا:

تمہارے (ڈھیر کے اندر) یہ تری اور نمی کیسی ہے؟

اس نے عرض کیا:

"یارسُولَ اللہ! غلّے پر بارش کی بوندیں پڑ گئی تھیں۔"

آپ ﷺ نے فرمایا:

"اس بھیگے ہوئے غلّے کو تم نے ڈھیر کے اوپر کیوں نہیں رہنے دیا تاکہ خریدنے والے لوگ اس کو دیکھ سکتے۔ (سن لو) جو آدمی دھوکے بازی کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔"

(صحیح مسلم)

(۹)

ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ مجھ پر خدمت اور حُسنِ سلوک کا سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' تمہاری ماں کا۔ میں پھر کہتا ہوں تمہاری ماں کا' میں پھر کہتا ہوں تمہاری ماں کا۔ اس کے بعد تمہارے باپ کا حق ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے بعد جو تمہارے قریبی رشتہ دار ہوں۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۱۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' غبار آلود ہو ناک اس کی' غبار آلود ہو ناک اس کی' غبار آلود ہو ناک اس کی (یعنی وہ آدمی ذلیل ہو' خوار ہو رسوا ہو) عرض کیا گیا' یا رسول اللہ کون؟ آپ نے فرمایا' وہ بد نصیب' جو ماں باپ یا دونوں میں سے کسی ایک ہی کو بڑھاپے کی حالت میں پائے پھر (ان کی خدمت اور ان کا دل خوش کر کے) جنت حاصل نہ کر لے۔ (صحیح مسلم)

(۱۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک دن) ارشاد فرمایا کہ:

اللہ کی قسم وہ شخص مومن نہیں۔ اللہ کی قسم اس شخص میں ایمان نہیں۔ عرض کیا گیا' یا رسول اللہ! کون شخص؟ آپ نے ارشاد فرمایا' وہ آدمی جس کے پڑوسی اس کی شرارتوں اور مفسدہ پردازیوں سے مامون اور بے خوف نہ ہوں۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۱۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرزند آدم سے فرمائے گا کہ "اے ابنِ آدم میں بیمار پڑا تھا تو نے میری خبر نہیں لی۔" بندہ عرض کرے گا' اے میرے رب میں کیسے تیری بیمار پرسی کر سکتا تھا۔ تُو تو رَبُّ الْعَالَمِیْن ہے (یعنی بیماری کا تجھ سے کیا واسطہ)

اللہ تعالیٰ فرمائے گا' کیا تجھے علم نہیں ہوا تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار پڑا تھا' تو نے اس کی عیادت نہیں کی۔ کیا تو نہیں جانتا تھا کہ اگر تو اس کی عیادت کے لیے جاتا تو مجھے اس کے پاس ہی پاتا...... اے ابن آدم میں نے تجھ سے کھانا مانگا تھا تو نے مجھے نہیں کھلایا؟ بندہ عرض کرے گا' اے میرے رَبّ میں تجھے کیسے کھلا سکتا تھا (تجھے کھانے کی کیا حاجت) تُو تو رَبُّ الْعَالَمِیْن ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا' کیا تجھے علم نہیں تھا کہ میرے فلاں بندے نے تجھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


سے کھانا مانگا تھا تو نے اس کو کھانا نہیں دیا۔ کیا تجھے علم نہیں ہے کہ اگر تو اس کو کھانا کھلاتا تو اس کو میرے پاس پالیتا...... اے ابنِ آدم میں نے تجھ سے پینے کے لیے پانی مانگا تھا تو نے مجھے نہیں پلایا۔ بندہ عرض کرے گا' اے میرے رَبّ! میں تجھے پانی کیسے پلاتا تُو تو رَبُّ العَالَمِین ہے (تجھے پانی کی کیا حاجت) اللہ تعالیٰ فرمائے گا' میرے فلاں بندے نے تجھ سے پینے کے لیے پانی مانگا تھا تو نے اس کو نہیں پلایا' سن! اگر تو اس کو پانی پلا دیتا تو اس کو میرے پاس پالیتا۔ (صحیح مسلم)

(۱۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کا خادم اس کے لیے کھانا تیار کرے پھر وہ اس کے پاس لے آئے اور اس نے اس کے پکانے اور بنانے میں گرمی اور دھوئیں کی تکلیف اٹھائی ہے تو آقا کو چاہیے کہ کھانا تیار کرنے والے اس خادم کو بھی اپنے ساتھ بٹھائے اور وہ بھی کھائے۔ پس اگر (کبھی) وہ کھانا تھوڑا ہو (جو دونوں کے لیے کافی نہ ہو سکے) تو آقا کو چاہیے کہ اس کھانے میں سے ایک دو لقمے ہی اس خادم کو دے دے۔ (صحیح مسلم)

(۱۴)

میں (ابو ہریرہ) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ:

قیامت کے دن سب سے پہلے ایک ایسے شخص کے بارے میں (بارگاہِ الٰہی سے) فیصلہ صادر کیا جائے گا جس نے (بظاہر راہِ حق میں) شہادت پائی ہو گی۔ (جب وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیا جائے گا تو) اللہ تعالیٰ اسے اپنی سب نعمتیں یاد دلائے گا وہ ان نعمتوں کے ملنے کا اعتراف کرے گا۔ تب اللہ تعالیٰ اس سے پوچھے گا کہ تو نے میری نعمتیں پاکر کیا کام کیے؟ وہ عرض کرے گا' میں تیری رضا کی خاطر (دین کے دشمنوں کے خلاف) لڑا یہاں تک کہ اپنی جان دے دی۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا' تو نے جھوٹ بولا' (فی الحقیقت) تُو نے اس لیے جنگ کی کہ لوگ تجھے بہادر کہیں' سو لوگوں میں تو ایسا ہی مشہور ہو گیا (یعنی دنیا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں تجھے اس کا صلہ مل گیا)۔

پھر حکم ہوگا (فرشتوں کو) کہ اس کو منہ کے بُل گھسیٹتے ہوئے لے جاؤ......اور (دوزخ) کی آگ میں ڈال دو۔ پس اسے آگ میں ڈال دیا جائے گا۔

پھر ایک دوسرا شخص اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر کیا جائے گا جو دین کا عالم و مُعلّم اور قرآن کا قاری ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی نعمتیں یاد دلائے گا اور وہ ان کو تسلیم کرے گا۔

تب اللہ تعالیٰ اس سے پوچھے گا' یہ نعمتیں پاکر تو نے کیا عمل کیے؟

وہ عرض کرے گا' الٰہی میں نے تیری خاطر (تیرے دین کا) علم سیکھا اور دوسروں کو اس کی تعلیم دی اور تیری خاطر قرآن پڑھا۔

اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا' تو نے جھوٹ بولا' تو نے اس لیے علم حاصل کیا (اور دوسروں کو سکھایا) کہ لوگ تجھے عالم کہیں اور قرآن تو نے اس لیے پڑھا کہ لوگ تجھے قاری کہیں۔ سو لوگوں نے تجھے ایسا ہی کہا (یعنی دنیا ہی میں تو نے اس کا صِلہ پالیا)۔

پھر حکم ہوگا کہ اس کو منہ کے بُل گھسیٹتے ہوئے لے جاؤ اور حوالۂ نار کردو۔ چنانچہ اسے (جہنّم کی) آگ میں ڈال دیا جائے گا۔

اور تیسرا آدمی وہ ہوگا جس کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں وُسعتِ رِزق سے نوازا تھا اور ہر قسم کا مال عطا کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ اسے بھی اپنی سب نعمتیں یاد دلائے گا اور وہ انہیں تسلیم کرے گا۔

تب اللہ تعالیٰ اس سے پوچھے گا' یہ نعمتیں پانے کے بعد تو نے کیا کیا؟ وہ عرض کرے گا' جن جن راستوں میں خرچ کرنا تیری خوشنودی کا باعث تھا اُن سب راستوں میں تیری خاطر میں نے خرچ کیا۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا' تو نے غلط بیانی کی' تو نے یہ مال اس لیے خرچ کیا کہ لوگ تجھے سخی کہیں سو یہ لقب دنیا میں تجھے مل گیا۔ پھر اللہ تعالیٰ حکم دے گا کہ اسے منہ کے بُل گھسیٹتے ہوئے لے جاؤ اور آگ میں ڈال دو۔ چنانچہ اسے لے جاکر آگ میں ڈال دیا جائے گا۔

(صحیح مسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


((۱۵))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے (لہٰذا) نہ خود اس پر ظلم کرے اور نہ دوسروں کا مظلوم بننے کے لیے اس کو بے یار و مددگار چھوڑے نہ اس کی تحقیر کرے...... اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سینۂ مبارک کی طرف تین مرتبہ اشارہ کرکے فرمایا ''تقویٰ یہاں ہوتا ہے'' کسی آدمی کے لیے یہی برائی کافی ہے کہ وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے اور اس کی تحقیر کرے۔ ایک مسلمان کے لیے حرام ہے دوسرے مسلمان کا خون، مال اور آبرو۔ (صحیح مسلم)

(۱۶)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:...... ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں...... سلام کا جواب دینا۔ بیمار کی عیادت کرنا۔ جنازے کے ساتھ جانا۔ دعوت قبول کرنا۔ چھینک آنے پر یرحمک اللہ کہہ کر اس کے لیے دعائے رحمت کرنا۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۱۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک بدچلن عورت کی اسی عمل پر مغفرت ہوگئی کہ وہ ایک کُتّے کے پاس سے گزری جو ایک کنوئیں کے پاس اس حال میں تھا کہ اس کی زبان باہر نکلی ہوئی تھی اور وہ ہانپ رہا تھا اور قریب تھا کہ پیاس سے مر جائے۔

اس عورت نے پاؤں سے اپنے چمڑے کا موزہ اتارا، پھر اپنی اوڑھنی میں اس کو باندھا اور اس پیاسے کُتّے کے لیے (کنوئیں سے) پانی نکال کر اس کو پلایا۔ تو اسی بات پر اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا، کیا جانوروں کے (کھلانے پلانے) میں بھی اجر ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا، بے شک ہر زندہ جانور کے کھلانے پلانے میں اجر ہے۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(صحیحین میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی اس مضمون کی ایک اور حدیث بھی ہے لیکن اس میں بدچلن عورت کے بجائے ایک آدمی (رجل) کا ذکر ہے)

(۱۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک ظالم عورت کو ایک بِلّی کو (بے رحمی سے) مار ڈالنے کے جرم میں عذاب دیا گیا۔ اس نے اس بِلّی کو بند کر لیا پھر نہ تو خود اس کو کچھ کھانے کے لیے دیا اور نہ اسے چھوڑا کہ وہ زمین کے کیڑوں مکوڑوں سے اپنا پیٹ بھر لیتی (اس طرح اس کو بھوکا پیاسا تڑپا تڑپا کر مار ڈالا۔ پس اسی جرم میں وہ عذاب میں ڈالی گئی۔)

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہے کہ یہ عورت کافرہ تھی۔

(۱۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم لوگ ہرگز جنّت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک تم ایمان نہ لاؤ اور تم ہرگز ایمان نہیں لا سکتے جب تک تم آپس میں محبّت نہ کرو اور لوگو! کیا میں تم کو آگاہ نہ کردوں ایک ایسی بات سے کہ اگر تم وہ کرو تو آپس میں محبّت پیدا ہو گئی۔ سنو وہ یہ ہے کہ آپس میں بہت سلام کیا کرو۔

(صحیح مسلم)

(۲۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چھوٹا بڑے کو سلام کیا کرے اور راستہ سے گزرنے اور چلنے والا بیٹھے ہوؤں کو سلام کیا کرے اور تھوڑے آدمی زیادہ آدمیوں کی جماعت کو سلام کیا کریں۔

(صحیح بخاری)

(۲۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنی جگہ سے (کسی ضرورت کی بِنا پر) اٹھا اور پھر واپس آگیا تو اس کی جگہ کا وہی شخص زیادہ حقدار ہے۔

(صحیح مسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی جوتا پہنے تو پہلے داہنے پاؤں میں پہنے اور جب اتارنے لگے تو پہلے بائیں پاؤں سے اتارے گویا داہنا پاؤں جوتا پہننے میں مقدّم اور اتارنے میں مؤخّر ہو۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۲۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم دوسروں کے بارے میں بدگمانی سے بچو کیونکہ بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے، تم کسی کی کمزوریوں کی ٹوہ میں نہ رہا کرو اور جاسوسوں کی طرح خفیہ طور پر کسی کے عیب معلوم کرنے کی کوشش بھی نہ کیا کرو اور نہ ایک دوسرے پر بڑھنے کی بے جا ہوس کرو، نہ آپس میں حسد کرو، نہ بغض و کینہ رکھو اور نہ ایک دوسرے سے منہ پھیرو بلکہ اے اللہ کے بندو! اللہ کے حکم کے مطابق بھائی بھائی بن کر رہو۔
(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۲۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان کی ستّر سے کچھ اوپر شاخیں ہیں۔ ان میں سب سے اعلیٰ اور افضل لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا قائل ہونا یعنی توحید کی شہادت دینا ہے اور ان میں سے ادنیٰ درجے کی شاخ اذیّت اور تکلیف دینے والی چیزوں کا راستے سے ہٹانا ہے اور حیا ایمان کی ایک اہم شاخ ہے۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۲۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، نہیں زنا کرتا کوئی زنا کار جس وقت وہ زنا کرتا ہے اور وہ اس وقت مؤمن ہو اور نہیں چوری کرتا کوئی چور جبکہ وہ چوری کرتا ہے اور وہ اس وقت مؤمن ہو اور نہیں شراب پیتا کوئی شرابی جبکہ وہ شراب پیتا ہے اور وہ اس وقت مؤمن ہو اور نہیں لُوٹتا لُوٹ کا کوئی مال کہ لوگ اس کی طرف آنکھیں اٹھا اٹھا کر اس کی لُوٹ مار کو دیکھتے ہوں جبکہ وہ لُوٹتا ہے اور وہ اس وقت مؤمن ہو اور نہیں خیانت کرتا خیانت کرنے والا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جبکہ وہ خیانت کرتا ہے اور وہ اس وقت مؤمن ہو۔ پس (ان خلافِ ایمان باتوں سے) اپنے کو بچاؤ بچاؤ۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۲۶)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن میری شفاعت سے وہی بہرہ مند ہوں گے جنہوں نے خلوصِ قلب سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا ہو۔ (صحیح بخاری)

(۲۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنّت
(صحیح مسلم)

(۲۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:...... بندہ کہتا ہے میرا مال' میرا مال' حالانکہ اس کے مال میں سے جو واقعی اس کا ہے وہ بس تین چیزیں ہیں' ایک وہ جو اس نے کھا کے ختم کر دیا' دوسرے وہ جو پہن کر پرانا کر ڈالا اور تیسرے وہ جو اس نے اللہ کی راہ میں دے دیا اور اپنی آخرت کے لیے ذخیرہ کر لیا اور ان کے سوا جو کچھ ہے وہ بندہ دوسروں کے لیے چھوڑ جانے والا ہے اور خود یہاں سے ایک دن رخصت ہو جانے والا ہے۔
(صحیح مسلم)

(۲۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کہ بہت سے پراگندہ بالوں والے گرد وغبار میں اٹے ہوئے جن کو دروازوں پر دھکے دیے جائیں (اللہ کے نزدیک ان کا یہ مرتبہ ہوتا ہے کہ) اگر اللہ پر قَسم کھا جائیں تو ان کی قَسَم کو اللہ ضرور پورا کرے گا۔ (صحیح مسلم)

(۳۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:۔ جب تم میں سے کوئی ایسے شخص کو دیکھے جو مال و دولت اور شکل وصورت میں اس سے بڑھ کر ہو (اور اس کی وجہ سے اس کے دل میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طمع اور حسد پیدا ہو) تو اس کو چاہیے کہ وہ کسی ایسے بندہ کو دیکھے جو ان چیزوں میں اس سے کمتر ہو (تا کہ بجائے طمع اور حسد کے شکر اور صبر پیدا ہو) (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۳۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں کو ارشاد ہے کہ تم دوسروں پر خرچ کرتے رہو میں تم پر خرچ کرتا رہوں گا۔ (یعنی اللہ تعالیٰ اپنے خزانۂ غیب سے ان کو عطا فرماتا رہے گا۔) (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۳۲)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میرے پاس اُحد پہاڑ کے برابر بھی سونا ہو تو میری خوشی یہی ہوگی کہ مجھ پر تین راتیں بھی ایسی نہ گزریں کہ میرے پاس اس میں سے کچھ بھی باقی ہو سوائے اس کے کہ قرض کی ادائیگی کے لیے اس میں سے کچھ روک لوں۔

(صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۳۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:...... اللہ کا جو بندہ بے شوہر والی اور بے سہارا کسی عورت اور کسی مسکین حاجت مند آدمی کے کاموں میں دوڑ دھوپ کرتا ہو وہ اجر و ثواب میں اس مجاہد بندے کی طرح ہے جو اللہ کی راہ میں دوڑ دھوپ کرتا ہو...... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے آپ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ اس قائم اللّیل بندہ کی طرح ہے جو ہمیشہ روزہ رکھتا ہو۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۳۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ فرمایا کہ ایک شخص اپنے ایک بھائی سے، جو دوسری ایک بستی میں رہتا تھا ملاقات کے لیے چلا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے راستے میں ایک فرشتے کو منتظر بنا کر بٹھا دیا۔ (جب وہ شخص اس کے پاس سے گزرا) تو فرشتے نے اس سے پوچھا، تمہارا کہاں کا ارادہ ہے؟ اس نے کہا، میں اس بستی کے رہنے والے اپنے ایک بھائی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے ملنے جارہا ہوں۔

فرشتے نے پوچھا' کیا اس پر تمہارا کوئی احسان ہے اور کوئی حقِ نعمت ہے جس کو تم پورا اور پختہ کرنے جارہے ہو۔

اس بندے نے کہا' نہیں میرے جانے کا سبب اس کے سوا کچھ نہیں کہ اللہ کے لیے مجھے اس بھائی سے محبت ہے۔

فرشتے نے کہا' میں تمہیں بتاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہارے پاس یہ بتانے کے لیے بھیجا ہے کہ اللہ تم سے محبت کرتا ہے جیسا کہ تم اللہ کے لیے اس بندے سے محبت کرتے ہو۔

(صحیح مسلم)

(۳۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہ کہاں ہیں میرے وہ بندے جو میری خوشنودی حاصل کرنے کے لیے آپس میں الفت اور محبت رکھتے تھے؟ آج جب کہ میرے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہیں ہے میں اپنے بندوں کو اپنے سایہ میں جگہ دوں گا۔

(صحیح مسلم)

(۳۶)

ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا (یا رسول اللہ!) مجھے کوئی وصیت فرمایئے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا' غُصّہ مت کیا کرو۔ اس شخص نے پھر اپنی وہی بات کئی بار دہرائی۔ آپ نے اس کے جواب میں ہر بار یہی فرمایا کہ غُصّہ مت کیا کرو۔

(صحیح بخاری)

(۳۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:...... پہلوان اور طاقت ور وہ نہیں ہے جو مدِ مقابل کو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان اور شہ زور حقیقت میں وہ ہے جو غُصّہ کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔

(صحیح بخاری وصحیح مسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اچھی اور میٹھی بات بھی ایک صدقہ ہے۔ (یعنی نیکی کا کام ہے جس پر بندہ اجر وثواب کا مستحق ہوتا ہے) (صحیح بخاری)

(۳۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' تم قیامت کے دن سب سے برے حال میں اس آدمی کو پاؤ گے جو دو رُخا ہو گا کہ کچھ لوگوں کے پاس جاتا ہے تو اس کا رُخ اور ہوتا ہے اور دوسروں کے پاس جاتا ہے تو اور (یعنی جس کے پاس جاتا ہے اس کی مرضی کے مطابق بات کرتا ہے)۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۴۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن فرمایا:۔ کیا تم جانتے ہو کہ غیبت کس کو کہتے ہیں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا' اللہ اور اس کے رسول ا ہی کو زیادہ علم ہے' آپ ﷺ نے فرمایا' تمہارا اپنے کسی بھائی کا اس طرح ذکر کرنا جس سے اس کو ناگواری ہو (بس یہی غیبت ہے) ایک صاحب نے عرض کیا' اگر میں اپنے بھائی کی کوئی ایسی برائی بیان کروں جو واقعی اس میں موجود ہو (تو کیا یہ بھی غیبت ہے؟)

آپ ﷺ نے فرمایا' غیبت جب ہی ہوگی جبکہ وہ برائی اس میں موجود ہو اور اگر وہ برائی اس میں موجود ہی نہیں تو یہ بہتان ہوا (اور یہ غیبت سے بھی بڑا گناہ ہے)

(صحیح مسلم)

(۴۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی کے لیے یہی جھوٹ کافی ہے کہ جو کچھ سنے اسے (بلا تحقیق) بیان کرتا پھرے۔ (صحیح مسلم)

(۴۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ...... منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرے تو جھوٹ بولے، وعدہ کرے تو اس کو پورا نہ کرے، اور جب کوئی امانت اس کے سپرد کی جائے تو اس میں خیانت کرے۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۴۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دولت مندی زیادہ مال و دولت کا نام نہیں بلکہ دولت مندی تو دل کی دولت مندی (بے نیازی) ہے۔ (صحیح بخاری)

(۴۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں اور تمہارے عملوں کو دیکھتا ہے۔ (صحیح مسلم)

(۴۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں شرک اور شرکت سے......سب سے زیادہ بے نیاز ہوں۔ پس جو شخص کوئی عمل (عبادت وغیرہ) کرے جس میں میرے ساتھ کسی اور کو بھی شریک کرے تو میں اس کو اور اس کے شرک دونوں کو چھوڑ دیتا ہوں اور ایک روایت میں ہے کہ میں اس سے بیزار اور بے تعلق ہوں کیونکہ وہ عمل (میرے لیے نہیں بلکہ) صرف اس دوسرے کے لیے ہے جس کے لیے اس نے کیا۔ (صحیح مسلم)

(۴۶)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب نماز (جماعت) کھڑی ہو جائے تو تم لوگ دوڑ کر نہ آیا کرو بلکہ (عام رفتار سے) چل کر آیا کرو اور وقار و سکینت کو لازم پکڑو۔ جو حصہ نماز (جماعت) کا پالو وہ امام کے ساتھ پڑھ لو اور جو چھوٹ جائے وہ بعد میں پورا کر لو۔ (صحیح بخاری)

(۴۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تین شخص ایسے ہیں کہ میں خصوصیت سے قیامت کے دن ان کو سزا دوں گا۔ ایک وہ جو میرے نام کا واسطہ دے کر کسی سے معاہدہ کرے اور پھر بدعہدی کرے۔ دوسرا وہ جو کسی آزاد کو غلام بنا کر فروخت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرے اور اس کی قیمت لے تیسرا وہ جو کسی مزدور کو مزدوری پر لگائے پھر کام تو اس سے پورا لے مگر مزدوری نہ دے۔ (صحیح بخاری)

(۴۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص آیا اور عرض کیا' یا رسول اللہ! اگر ایک شخص آ کر میرا مال چھیننا چاہے تو میں کیا کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا' اس کو اپنا مال نہ لینے دے۔ اس نے کہا' اگر وہ مجھ سے لڑائی کرے؟ آپ ﷺ نے فرمایا' تو بھی مقابلہ کر سکتا ہے۔ اس نے کہا' اگر وہ مجھے لڑائی میں قتل کر دے؟ آپ ﷺ نے فرمایا' تو شہید ہو گا۔ اس نے کہا اگر لڑتے لڑتے میں اس کو قتل کر دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا' وہ جہنم میں جائے گا۔ (صحیح مسلم)

(۴۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہے' اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ ایک دن اور رات کا سفر بھی اپنے خاوند یا کسی مَحرم رشتہ دار کے بغیر کرے۔ (صحیح بخاری)

(۵۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص کبھی موت کی آرزو نہ کرے کیونکہ اگر وہ شخص نیک ہے تو (زندہ رہنے کی صورت میں) امید ہے کہ اور زیادہ نیکیوں کی توفیق مل جائے اور اگر برا ہے تو ممکن ہے کہ توبہ کا موقع میسر آ جائے۔ (صحیح بخاری)

(۵۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی کو اللہ تعالیٰ نے مال عطا فرمایا پھر اس نے اس کی زکوٰۃ نہیں ادا کی تو وہ مال قیامت کے دن اس آدمی کے سامنے ایسے زہریلے ناگ کی شکل میں آئے گا جس کے انتہائی زہریلے پن سے اس کے سر کے بال جھڑ گئے ہوں اور اس کی آنکھوں کے اوپر دو سفید نقطے ہوں۔ پھر وہ سانپ (اس زکوٰۃ ادا نہ کرنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



والے) کے گلے کا طوق بنا دیا جائے گا۔ پھر وہ اس کی دونوں باچھیں پکڑے گا اور کہے گا کہ میں تیرا مال ہوں میں تیرا خزانہ ہوں۔ یہ فرمانے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی یہ آیت تلاوت فرمائی:

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

(ال عمران: ع ۱۸) (صحیح بخاری)

(۵۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حقیقی مسکین وہ آدمی نہیں۔ جو (مانگنے کے لیے) لوگوں کے پاس آتا جاتا ہے اور ایک دو لقمے یا کھجوریں لے کر واپس لوٹ جاتا ہے بلکہ حقیقی مسکین وہ بندہ ہے جس کے پاس اپنی ضرورتیں پوری کرنے کا سامان بھی نہیں ہے (چونکہ وہ اپنا حال لوگوں سے چھپاتا ہے اس لیے) کسی کو اس کی حاجت مندی کا احساس بھی نہیں ہوتا تاکہ صدقہ سے اس کی مدد کی جائے اور نہ وہ چل پھر کر لوگوں سے سوال کرتا ہے۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۵۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی (حاجت سے مجبور ہو کر نہیں بلکہ) زیادہ مال حاصل کرنے کے لیے لوگوں سے مانگتا ہے تو وہ درحقیقت اپنے لیے جہنم کا انگارہ مانگتا ہے۔ اب خواہ اس میں کمی کرے یا زیادتی کرے۔ (صحیح مسلم)

(۵۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدقہ سے مال میں کمی نہیں آتی اور قصور معاف کرنے سے آدمی نیچا نہیں ہوتا بلکہ اللہ اس کو سر بلند کر دیتا ہے اور اس کی عزت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور جو بندہ اللہ کے لیے فروتنی اور خاکساری اختیار کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کو رفعت اور سر بلندی بخشے گا۔ (صحیح مسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


(۵۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:......ایک شخص کسی راستے پر چلا جارہا تھا جس پر کسی درخت کی ایک شاخ تھی (جس سے راگیروں کو تکلیف ہوتی تھی) اس شخص نے اپنے دل میں کہا میں اس شاخ کو یہاں سے ہٹا کر راستہ صاف کروں گا تاکہ لوگوں کو تکلیف نہ ہو (پھر اس نے ایسا ہی کیا) تو وہ اپنے اس عمل کی وجہ سے جنّت میں بھیج دیا گیا۔

(صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۵۶)

ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا' یا رسول اللہ! کس صدقہ کا ثواب زیادہ ہے؟ آپ نے فرمایا' زیادہ ثواب کی صورت یہ ہے کہ تم ایسی حالت میں صدقہ کرو جبکہ تمہاری تندرستی قائم ہو اور تمہارے دل میں دولت کی چاہت اور اس کو اپنے پاس رکھنے کی حرص ہو' اس حالت میں (راہِ خدا میں مال خرچ کرنے سے) تمہیں محتاجی کا خطرہ ہو اور دولت مندی کی دل میں آرزو ہو' (ایسے وقت میں اللہ کی رضا کے لیے اپنا مال خرچ کرنے یا صدقہ کرنے کا بڑا ثواب ہے) اور ایسا نہ ہونا چاہیے کہ جب موت کا وقت آجائے اور جان کھینچ کر حلق میں آجائے تو تم مال کے بارے میں وصیت کرنے لگو کہ اتنا فلاں کو اور اتنا فلاں کو حالانکہ اب تو مال فلاں فلاں کا (یعنی وارثوں کا) ہو ہی جائے گا۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۵۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب رمضان آتا ہے تو جنّت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیاطین جکڑ دیے جاتے ہیں۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۵۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی کے ہر اچھے عمل کا ثواب دس گنا سے سات سو گنا تک بڑھایا جاتا ہے مگر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ روزہ اس عام قانون سے مستثنیٰ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے وہ بندہ کی طرف سے میرے لیے ایک تحفہ ہے اور میں ہی اس کا (جس طرح چاہوں گا) اجر دوں گا۔ میرا بندہ میری رضا کے واسطے اپنی خواہشِ نفس اور اپنا کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے (پس میں ہی اس کا صلہ دوں گا) روزہ دار کے لیے دو مسرتیں ہیں' ایک افطار کے وقت اور دوسری اپنے رَبّ کی بارگاہ میں حضوری کی اور قسم ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بُو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی بہتر ہے اور روزہ (دنیا میں شیطان کے حملوں سے بچاؤ اور آخرت میں آتشِ دوزخ سے حفاظت کے لیے) ڈھال ہے اور جب تم میں سے کسی کا روزہ ہو تو چاہیے کہ وہ بے ہودہ اور فحش باتیں نہ بکے اور شوروغل نہ مچائے اور اگر کوئی دوسرا اس سے جھگڑا کرے تو کہہ دے کہ میں روزہ دار ہوں۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۵۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے روزہ کی حالت میں بھول کر کچھ کھا پی لیا تو اس سے اس کا روزہ نہیں ٹوٹا (اس لیے) وہ قاعدہ کے مطابق اپنا روزہ پورا کرے کیونکہ اس کو اللہ نے کھلایا پلایا ہے۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۶۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا:...... یوم الاضحیٰ اور یوم الفطر میں روزہ رکھنے سے۔

(صحیح مسلم)

(۶۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:...... جس آدمی نے حج کیا اور اس میں نہ تو کسی شہوانی اور فحش بات کا ارتکاب کیا اور نہ اللہ کی کوئی نافرمانی کی تو وہ گناہوں سے ایسا پاک و صاف ہو کر واپس ہوگا جیسا اس دن تھا جس دن اس کی ماں نے اس کو جنا تھا۔

(صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۶۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:...... میری اس مسجد (یعنی مدینہ مُنَوَّرَہ کی مسجد نبویؐ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں ایک نماز دوسری تمام مساجد کی ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجدِ حرام کے۔
(صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۶۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے اپنے مہمان کی عزّت کرنی چاہیے۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۶۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:...... اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آدم کا بیٹا (یعنی انسان) زمانہ کو برا کہہ کر مجھ کو تکلیف دیتا ہے حالانکہ زمانہ میں ہی ہوں' میرے ہی ہاتھ میں سب کچھ ہے۔ میں ہی رات اور دن کو بدلتا رہتا ہوں۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۶۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری اُمّت کا ہر شخص جنّت میں داخل ہوگا مگر وہ شخص نہیں جس نے میرا انکار کیا۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا' جس شخص نے میری پیروی کی وہ جنّت میں داخل ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے میرا انکار کیا۔ (صحیح بخاری)

(۶۶)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے عمل (کے ثواب) کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے مگر تین باتوں کا ثواب برابر جاری رہتا ہے۔ صدقۂ جاریہ' علم جس سے نفع حاصل کیا جائے (جیسے کسی کو علم پڑھایا یا کوئی دینی کتاب لکھی) اور اولادِ صالح جو مرنے کے بعد اس کے لیے دعا کرے۔ (صحیح مسلم)

(۶۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص سو کر اٹھے تو اپنے ہاتھ کو پانی کے برتن میں نہ ڈالے جب تک کہ اس کو تین مرتبہ دھو نہ لے کیونکہ اس کو نہیں معلوم کہ رات کو اس کا ہاتھ کہاں رہا۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۶۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:...... لوگو آپس میں حسد نہ کیا کرو اور آپس میں بغض نہ رکھو اور نہ ایک دوسرے سے قطعِ تعلق کرو اور اے اللہ کے بندو بھائی بھائی ہو جاؤ۔
(صحیح مسلم)

(۶۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:...... دو آدمیوں کے درمیان صلح کرا دو' یہ بھی ایک نیکی ہے' تم کسی کو اپنی سواری پر بٹھا لو' یا اس کا بوجھ اپنی سواری پر رکھ لو' یہ بھی نیکی ہے۔ اچھی بات کہنا بھی نیکی ہے۔
تمہارا ہر قدم جو نماز کے لیے اٹھتا ہے' نیکی ہے' راستے سے کانٹے پتھر ہٹا دینا بھی نیکی ہے۔
(صحیح مسلم)

(۷۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ......
جس نے کسی بات پر قسم کھالی اور پھر دوسری چیز کو پہلی سے بہتر خیال کیا تو وہ بہتر کو اختیار کرے اور اپنی قسم کا کُفّارہ ادا کرے۔
(صحیح مسلم)

(۷۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کھانے کو بُرا نہ کہا اور نہ بُرا سمجھا۔ اگر خواہش ہوتی تو کھا لیتے اگر خواہش و رغبت نہ ہوتی تو چھوڑ دیتے۔
(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۷۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دو آدمیوں کا کھانا تین آدمیوں کے لیے کافی ہے اور تین آدمیوں کا کھانا چار آدمیوں کے لیے کافی ہے۔
(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۷۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی شخص ایک پاؤں میں جوتا پہن کر نہ چلے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


دونوں پاؤں کو ننگا رکھے یا دونوں پاؤں میں جوتے پہنے۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۷۴)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے مجھ کو خواب میں دیکھا اس نے (حقیقت میں) مجھ ہی کو دیکھا اس لیے کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۷۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کمسن نواسے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا بوسہ لیا۔ اس وقت آپ کے پاس اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا' میرے دس بیٹے ہیں میں نے ان میں سے کبھی کسی کا بوسہ نہیں لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف دیکھ کر فرمایا' جو شخص (اولاد یا مخلوقِ خدا پر) مہربانی اور شفقت نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔ (یعنی اللہ اس پر رحم نہیں کرتا)۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۷۶)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کوئی ایمان والا شوہر اپنی مومنہ بیوی سے نفرت نہیں کرتا اگر اس کی کوئی عادت ناپسندیدہ ہوگی تو دوسری کوئی عادت پسندیدہ بھی ہوگی۔ (صحیح مسلم)

(۷۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سا آدمی بزرگ و مکرم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اللہ کے نزدیک بزرگ و برتر وہ شخص ہے جو اللہ سے ڈرتا ہے (یعنی متقی و پرہیزگار) صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا' ہمارے سوال کا یہ مطلب نہیں (بلکہ ہم حسب و نسب کے اعتبار سے انسان کی شرافت کو دریافت کرتے ہیں) آپ نے فرمایا' بزرگ و شریف تر انسانوں میں (حضرت) یوسف (علیہ السّلام) ہیں جو اللہ کے نبی' اللہ کے نبی یعقوب (علیہ السّلام) کے بیٹے' اللہ کے نبی اسحاق (علیہ السّلام) کے پوتے اور اللہ کے نبی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(ابراہیم) خلیل اللہ کے پڑپوتے ہیں۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا' ہمارے سوال کا یہ منشاء بھی نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' تم عرب کے خاندانوں اور قبائل کی بابت مجھ سے دریافت کرتے ہو؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا' جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا' جو شخص ایام جاہلیت میں تم میں سب سے بہتر تھا' وہی اسلام میں بہتر ہے جبکہ یہ فقیہ (یعنی عقلمند اور سمجھ دار) ہو۔
(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۷۸)

ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا' یا رسول اللہ! میرے قرابت دار ایسے ہیں کہ میں ان کے ساتھ (اچھا) سلوک کرتا ہوں لیکن وہ میرے ساتھ (اچھا) سلوک نہیں کرتے' میں ان کے ساتھ احسان کرتا ہوں اور وہ مجھ سے برائی کرتے ہیں۔ میں حلم و بُردباری سے کام لیتا ہوں اور ان سے درگزر کرتا ہوں اور وہ جہالت سے پیش آتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا' اگر تو ایسا ہی ہے جیسا کہ تو نے بیان کیا تو گویا تو ان کو گرم راکھ پھنکواتا ہے اور تیرے ساتھ ہمیشہ اللہ کی مدد ہے' اللہ ان کی ایذاؤں اور شر کو تجھ سے دفع کرنے والا ہے جب تک کہ تو اسی صفت پر رہے۔ (صحیح مسلم)

(۷۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا۔
(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۸۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک دن صحابہ رضی اللہ عنہم سے مخاطب ہو کر) فرمایا' تم جانتے ہو مفلس کون ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ ہم میں تو مفلس وہ شخص ہے جس کے پاس نہ تو درہم (مال) ہو اور نہ سامان اسباب۔ آپ نے فرمایا' میری اُمت میں قیامت کے دن مفلس وہ شخص ہوگا جو دنیا سے نماز' روزہ اور زکوٰۃ وغیرہ ہر قسم کی عبادتیں لے کر آئے گا اور ساتھ ہی کسی کو گالی دینے' کسی پر تہمت لگانے' کسی کا مال کھا جانے' کسی کو ناحق قتل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے اور کسی کو ناحق مارنے پیٹنے کے گناہ بھی لائے گا۔ پھر ایک مظلوم کو اس کی نیکیوں میں سے دیا جائے گا اور دوسرے مظلوم کو اس کی نیکیوں میں سے دیا جائے گا۔ جب اس کی یہ نیکیاں ختم ہو جائیں گی اور لوگوں کے حق باقی رہ جائیں گے تو ان حقداروں کی برائیاں اور گناہ اس پر ڈال دیے جائیں گے۔ پھر اس کو دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔ (صحیح مسلم)

(۸۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مومن قوی بہتر ہے مومن ضعیف سے' اور ہر مؤمن میں خواہ وہ قوی ہو یا ضعیف نیکی ہے۔ جو چیز تجھ کو نفع پہنچائے اس پر حرص کر اور اللہ کی مدد اور توفیق طلب کر اور طلب استعانت سے عاجز نہ ہوا اور جب تجھ کو کوئی مصیبت پہنچے (یعنی کسی کام میں نقصان ہو جائے) تو یوں نہ کہہ کر اگر میں اس طرح کرتا تو ایسا ہوتا بلکہ اس طرح کہہ کہ اللہ نے یہی مقدر کیا تھا اور اللہ جو کچھ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے اس لیے کہ ''اگر'' کا لفظ شیطان کے کام کو کھولتا ہے اور دل میں وسوسہ پیدا کرتا ہے۔ (صحیح مسلم)

(۸۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اعمال (نیک) میں جلدی کرو۔ ان فتنوں کے آنے سے پہلے جو تاریک رات کے ٹکڑوں کی مانند ہوں گے (کہ اس وقت) آدمی صبح کو ایمان کی حالت میں اٹھے گا اور شام کو کافر ہو جائے گا اور شام کو مؤمن ہو گا اور صبح کو کافر ہو جائے گا کہ اپنے دین و مذہب کو دنیا کی تھوڑی سی متاع پر بیچ ڈالے گا۔ (صحیح مسلم)

(۸۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا' یا رسول اللہ! کافروں کے حق میں بددعا کیجیے۔ آپ نے فرمایا' مجھ کو لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا ہے بلکہ مجھ کو رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ (صحیح مسلم)

(۸۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مجھ پر جو شخص ایک مرتبہ درود بھیجے گا' اللہ تعالیٰ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس پر دس مرتبہ رحمت نازل فرمائے گا۔ (صحیح مسلم)

(۸۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ..... جب تم میں کوئی شخص لوگوں کو نماز پڑھائے تو اس کو چاہیے کہ نماز کو ہلکا کرے (یعنی چھوٹی سورتیں پڑھے تاکہ نماز جلد ختم ہو) اس لیے کہ لوگوں میں بیمار بھی ہیں اور کمزور بھی اور بوڑھے بھی......

اور جب کوئی شخص تنہا نماز ادا کرے تو جس قدر طویل ممکن ہو ادا کرے۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۸۶)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنازہ کے لیے جانے میں جلدی کرو اس لیے کہ اگر وہ نیک آدمی کا جنازہ ہے تو اس کو نیکی (اس کی اچھی منزل) کی طرف جلد پہنچانا چاہیے اور اگر وہ برے آدمی کا جنازہ ہے تو جلد اس کو اپنی گردنوں سے اتار کر رکھ دو۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۸۷)

(حضرت) ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو گئے تو ان کی بیوی اُمّ عبداللہ نے چلّا چلّا کر رونا شروع کر دیا۔ پھر جب ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کو ہوش آ گیا تو انہوں نے (بیوی سے) کہا' کیا تجھ کو معلوم نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں اس شخص سے بری الذمہ ہوں جو مصیبت میں سر کے بال منڈائے' چلّا چلّا کر روئے اور کپڑے پھاڑے۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۸۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں جب کسی مومن بندے کی پیاری روح (یعنی اس بندے کے کسی پیارے عزیز۔ ماں' باپ' بہن بھائی بیٹے بیٹی وغیرہ کی روح) قبض کرتا ہوں اور وہ اس پر صبر کرتا اور ثواب کا طالب ہوتا ہے تو اس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کے لیے میرے پاس جنّت سے بہتر کوئی جزاء نہیں ہوتی۔ (صحیح بخاری)

(۸۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اس حال میں مرا کہ نہ تو اس نے کبھی جہاد کیا اور نہ اپنے جی میں اس کی تجویزیں سوچیں اور نہ اس کی تمنّا کی تو وہ نفاق کی ایک صفت پر مرا۔ (صحیح مسلم)

(۹۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری اُمّت کے دل کے برے خیالات اور وسوسوں کو معاف فرما دیا ہے' ان پر کوئی مواخذہ نہ ہوگا' جب تک ان پر عمل نہ ہو اور زبان سے نہ کہا جائے۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۹۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ لوگوں میں ہمیشہ فضول سوالات اور چون و چرا کا سلسلہ جاری رہے گا یہاں تک کہ یہ احمقانہ سوال بھی کیا جائے گا کہ اللہ نے سب مخلوق کو پیدا کیا ہے تو پھر اللہ کو کس نے پیدا کیا ہے؟ پس جس کو اس سے سابقہ پڑے وہ یہ کہہ کر بات ختم کردے کہ اللہ پر اور اس کے رسولوں پر میرا ایمان ہے۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

(۹۲)

ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا' میں بڑا دُکھی فقیر ہوں (مجھے بھوک بہت ستا رہی ہے) آپ نے اپنی بعض ازواجِ مُطہّرات رض کے پاس کہلا بھیجا (کہ اگر کھانے کی کوئی چیز ہو تو ایک ایسے حاجت مند کے لیے بھیج دو) وہاں سے جواب ملا کہ اُس ذات کی قسم جس نے آپ کو دینِ حق کے ساتھ مبعوث کیا' ہمارے ہاں اس وقت کھانے پینے کی کوئی چیز پانی کے سوا نہیں ہے۔ پھر آپ ﷺ نے اپنے کسی دوسرے گھر میں کہلا بھیجا وہاں سے بھی یہی جواب ملا پھر (اپنے دوسرے گھروں میں کہلا کے بھیجا اور) ان سب کی طرف سے بھی یہی جواب ملا۔ (اب) آپ نے صحابہ (حاضرین)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے مخاطب ہو کر فرمایا' تم میں سے کون اس شخص کو اپنا مہمان بنا سکتا ہے' اس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو گی۔

انصار میں سے ابوطلحہ زید بن سہل نام کے ایک صحابی کھڑے ہوئے اور عرض کیا' یارسول اللہ! اس کو میں اپنا مہمان بناتا ہوں۔ چنانچہ وہ اس شخص کو اپنے گھر لے گئے اور اپنی اہلیہ سے کہا (اس مہمان کے لیے) کیا تمہارے ہاں کچھ ہے؟ اہلیہ نے جواب دیا' بس اپنے بچوں کا کھانا ہے اس کے سوا کچھ نہیں......

ابوطلحہ نے کہا' تو پھر ایسا کرو کہ بچوں کو کسی طرح بہلا کر سُلا دو اور جب ہمارا مہمان گھر آجائے تو اس پر یہ ظاہر کرنا کہ (اس کے ساتھ) ہم بھی کھائیں گے۔ پھر جب وہ کھانے کے لیے ہاتھ بڑھائے تو تم چراغ کی بتی ٹھیک کرنے کے بہانے چراغ کے پاس جانا اور اس کو بجھا دینا (تاکہ گھر میں اندھیرا ہو جائے اور مہمان کو یہ معلوم نہ ہو سکے کہ ہم کھانا کھا رہے ہیں یا نہیں) چنانچہ بیوی نے ایسا ہی کیا۔ پس بیٹھے تو سب لیکن کھانا صرف مہمان ہی نے کھایا اور دونوں میاں بیوی نے بھوکے رہ کر رات گزاری۔ صبح کو ابوطلحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے ان کی بیوی کا نام لے کر ان کو خوشخبری سنائی کہ اللہ تعالیٰ کو اپنے فلاں بندے اور فلاں بندی کا یہ عمل بہت ہی پسند آیا اور اللہ تعالیٰ بہت ہی خوش ہوا۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۹۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے اللہ! محمد ﷺ کے متعلقین کی روزی بس بقدرِ کفاف ہو۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۹۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن ارشاد فرمایا' بتلاؤ اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر نہر جاری ہو جس میں وہ روزانہ پانچ مرتبہ نہاتا ہو تو کیا اس کے جسم پر کچھ مَیل کچیل باقی رہے گا؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ کچھ بھی باقی نہیں رہے گا۔ آپ نے ارشاد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فرمایا' بالکل یہی مثال پانچ نمازوں کی ہے' اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ سے خطاؤں کو دھوتا اور مٹاتا ہے۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۹۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' سب سے زیادہ سچی بات جو کسی شاعر نے کہی ہے وہ لبید بن ربیعہ (شاعر) کی یہ بات ہے "اَلَا کُلُّ شَیْئٍ مَاخَلَا اللّٰہَ بَاطِلٌ" (آگاہی ہو کہ اللہ کے سوا ہر چیز فانی ہے۔) (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۹۶)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اسے چاہیے کہ الحمدللہ کہے اور اس کا جو بھائی (یا آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کا جو ساتھی) اس کے پاس ہو وہ یَرْحَمُكَ اللّٰه کہے تو چاہیے کہ چھینکنے والا (اس کے جواب میں یہ دعائیہ کلمہ) کہے۔

یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ

(اللہ تمہیں ہدایت سے نوازے اور تمہارے حالات درست فرمادے) (صحیح بخاری)

(۹۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ پانچ چیزیں انسان کی فطرتِ سلیمہ کے تقاضے اور دینِ فطرت کے خاص احکام ہیں ...... ختنہ' زیر ناف بالوں کی صفائی' مونچھیں تراشنا' ناخن لینا اور بغل کے بال لینا۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۹۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میرا معاملہ بندے کے ساتھ اس کے یقین کے مطابق ہے اور میں اس کے بالکل ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے۔ اگر وہ مجھے اپنے دل میں اس طرح یاد کرے کہ کسی اور کو خبر بھی نہ ہو تو میں بھی اس کو اسی طرح یاد کروں گا اور اگر وہ دوسرے لوگوں کے سامنے مجھے یاد کرے تو میں اس سے بہتر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


بندوں کی جماعت میں اس کا ذکر کروں گا۔ (یعنی ملائکہ کی جماعت میں) (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

(۹۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تم میں سے کوئی دعا کرے تو اس طرح نہ کہے کہ اے اللہ! اگر تو چاہے تو مجھے بخش دے اور تو چاہے تو مجھ پر رحمت فرما اور تو چاہے تو مجھے روزی دے بلکہ اپنی طرف سے عزم اور قطعیت کے ساتھ اللہ کے حضور میں اپنی مانگ رکھے۔ بیشک وہ کرے گا وہی جو چاہے گا' کوئی ایسا نہیں جو زور ڈال کر اس سے کرا سکے۔ (صحیح بخاری)

(۱۰۰)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سات آدمی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنے سایہ میں جگہ دے گا جبکہ اس کے سوا اور کہیں سایہ موجود نہ ہوگا' وہ سات آدمی یہ ہیں:

۱- بادشاہِ عادل (یعنی انصاف کرنے والا بادشاہ یا خلیفہ)

۲- وہ نوجوان جو اللہ کی عبادت کرتے ہوئے پلا بڑھا۔

۳- وہ آدمی جس کا دِل مسجد میں لگا ہوا ہو۔

۴- وہ آدمی جو اللہ ہی کے لیے محبت کریں اور اللہ ہی کے لیے ایک دوسرے سے جدا ہوں۔

۵- وہ آدمی جس کو کوئی خوبصورت اور خاندانی عورت اپنی طرف بلائے مگر وہ یہ کہہ دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں (یعنی یہ کہہ کر اس کے پاس جانے سے انکار کر دے۔)

۶- وہ آدمی جو اپنے صدقہ کو اس قدر پوشیدہ رکھے کہ بائیں ہاتھ کو بھی پتہ نہ چلے کہ دائیں نے کیا خرچ کیا۔

۷- وہ شخص جو تنہائی میں اللہ کو یاد کر کے رونے لگے۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چند اور مرویات

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک سو مرویات' جو صحیحین ( صحیح بخاری و صحیح مسلم) سے لی گئی ہیں' پچھلے صفحات میں نقل کی جا چکی ہیں (اردو ترجمہ) یہاں ہم ان کی چند اور مرویات درج کرتے ہیں جو ان کتب حدیث لی گئی ہیں:

سُنَنِ ابی داوُدؒ جامع ترمذی' سُنَنِ نسائی' سُنَنِ ابن ماجہ' موطا امام مالکؒ' مُسنَدِ احمد بن حنبلؒ' سُنَنِ دارمیؒ' سُنَن دار قطنیؒ' شُعَبُ الایمان للبیہقیؒ

ان میں سے بیشتر احادیث ایسی ہیں جن کو آئمہ حدیث میں سے اکثر (یا کئی) نے اپنی اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے۔ ان کو مرویاتِ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ایسے نمونے سمجھیے جو صحیحین کے علاوہ مختلف درجوں کی دوسری کتب حدیث میں موجود ہیں۔ ہر حدیث سے پہلے ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ'' کے الفاظ کا اضافہ کر لیجیے۔

## سُنَنِ ابی داوُدؒ

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امام اس لیے بنایا گیا ہے کہ مقتدی لوگ اس کی اقتداء اور اِتّباع کریں لہٰذا جب امام اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموشی سے کان لگا کر سنو۔

☆ رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی رحمت اس بندے پر جو رات کو اٹھا اور اس نے نماز تہجد پڑھی اور اپنی بیوی کو بھی جگایا اور اس نے بھی نماز پڑھی اور اگر وہ نہیں جاگی تو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے منہ پر پانی کا ہلکا سا چھینٹا دے کر اس کو جگا دیا اور اسی طرح اللہ کی رحمت اس عورت پر جو رات کو نمازِ تہجد کے لیے اٹھی اور اس نے نماز ادا کی اور اپنے شوہر کو بھی جگایا۔ پھر اس نے بھی اٹھ کر نماز پڑھی اور اگر وہ نہ اٹھا تو اس کے منہ پر پانی کا ہلکا سا چھینٹا دے کر اس کو بیدار کر دیا۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم کسی میت کی نمازِ جنازہ پڑھو تو پورے خلوص سے اس کے لیے دعا کرو۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مسلمان کسی مسلمان کو عریانی کی حالت میں کپڑے پہنائے' اللہ تعالیٰ اس کو جنّت کے سبز جوڑے عطا فرمائے گا اور جو مسلمان کسی مسلمان کو بھوک کی حالت میں کھانا کھلائے اللہ تعالیٰ اس کو جنّت کے پھل اور میوے کھلائے گا اور جو مسلمان کسی مسلمان کو پیاس کی حالت میں پانی پلائے اللہ تعالیٰ اس کو (جنّت کی) شرابِ طہور پلائے گا جس پر مُہر لگی ہو گی۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مؤمن دوسرے مؤمن کا آئینہ ہے اور ایک مؤمن دوسرے مؤمن بھائی کا بھائی ہے۔ اس کے ضرر کو اس سے دفع کرتا ہے اور اس کے پیچھے سے اس کی پاسبانی اور نگرانی کرتا ہے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص سایہ کی جگہ میں بیٹھا ہو پھر اس پر سے سایہ ہٹ جائے اور اس کے جسم کا کچھ حصہ دھوپ میں اور کچھ سائے میں ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ اس جگہ سے اٹھ جائے۔

## جامع ترمذی

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جس نے فجر کی سنتیں نہ پڑھی ہوں' اس کو چاہیے کہ وہ سورج نکلنے کے بعد ان کو پڑھے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے بعض ایمان والے بندوں یا ایمان والی بندیوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مصائب اور حوادث آتے رہتے ہیں۔ کبھی اس کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جان پر، کبھی اس کے مال پر، کبھی اس کی اولاد پر اور ان کے نتیجہ میں اس کے گناہ جھڑتے رہتے ہیں یہاں تک کہ مرنے کے بعد وہ اللہ کے حضور اس حال میں پہنچتا ہے کہ اس کا ایک گناہ بھی باقی نہیں ہوتا۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنوں میں سے کسی دن بھی بندے کا عبادت کرنا اللہ تعالیٰ کو اتنا محبوب نہیں جتنا کہ عشرۂ ذی الحجہ میں محبوب ہے۔ اس عشرہ میں ہر دن کا روزہ سال بھر کے روزوں کے برابر ہے اور اس کی ہر رات کے نوافل شبِ قدر کے نوافل کے برابر ہیں۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں کسی کو کسی مخلوق کے سامنے سجدے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو پیٹ کے بل اوندھا لیٹا ہوا دیکھا تو آپ نے فرمایا کہ لیٹنے کا یہ طریقہ اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمنین میں کامل الایمان وہ ہیں جن کے اخلاق بہتر ہیں اور تم میں اچھے اور خیر کے زیادہ حامل وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے حق میں زیادہ اچھے ہیں۔

## سُنَنِ نسائیؒ

☆ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا کہ میرے پاس ایک دینار ہے (اس کو کیسے خرچ کروں)

آپ ﷺ نے فرمایا' اس کو اپنی ضرورتوں پر خرچ کرو۔

اس نے کہا' اس کے لیے میرے پاس اور ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا' تو اس کو اپنی اولاد کی ضرورتوں پر خرچ کرو۔

اس نے کہا' اس کے لیے میرے پاس اور ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا' تو اس کو اپنی بیوی کی ضروریات پر خرچ کرو۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس نے کہا' اس کے لیے میرے پاس اور ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا' تو اس کو اپنے غلام اور خادم پر خرچ کرو۔

اس نے کہا' اس کے لیے میرے پاس اور ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا' تم زیادہ واقف ہو (کہ تمہارے قرابت داروں میں کون زیادہ حاجت منداور مستحق ہے۔)

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حرص و بخل اور ایمان کبھی ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ کے ضرر سے مسلمان محفوظ رہے اور مومن وہ ہے جس کی طرف سے لوگوں کو اپنی جانوں اور مالوں کے بارے میں کوئی ڈر اور خطرہ نہ ہو۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بوڑھوں کمزوروں اور عورتوں کے لیے حج اور عمرہ کرنا ثواب میں جہاد کے برابر ہے۔

☆ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تین شخص اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں' جہاد کرنے والا' حج کرنے والا اور عمرہ کرنے والا۔

## سُنَنِ ابنِ ماجہؒ

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں تم لوگوں کے لیے مثل ایک باپ کے ہوں اپنی اولاد کے لیے (یعنی جس طرح اولاد کی تعلیم و تربیت ہر باپ کی ذمہ داری ہے۔ اسی طرح تمہاری تعلیم و تربیت میرا کام ہے) اس لیے میں تمہیں بتاتا ہوں کہ جب تم رفعِ حاجت کے لیے جاؤ تو نہ قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھو اور نہ اس کی طرف پشت کر کے اور آپ نے تین پتھروں (ڈھیلوں) کے استعمال کا حکم دیا اور منع فرمایا استنجے میں لید اور ہڈی استعمال کرنے سے اور منع فرمایا داہنے ہاتھ سے استنجا کرنے سے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جسم کے ہر بال کے نیچے جنابت کا اثر ہوتا ہے۔اس لیے غسلِ جنابت میں بالوں کو اچھی طرح دھونا چاہیے اور جِلد کا جو حصہ ظاہر ہے اس کی بھی اچھی طرح دھلائی کرنی چاہیے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس بندے نے کسی مریض کی عیادت کی تو اللہ کا منادی آسمان سے پکارتا ہے کہ تو مبارک اور عیادت کے لیے تیرا چلنا مبارک اور تو نے یہ عمل کر کے جنّت میں اپنا گھر بنالیا۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمانوں کے گھروں میں بہترین وہ گھر ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہو اور مسلمانوں کے گھروں میں بدترین گھر وہ ہے جس میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ برا سلوک کیا جائے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی رات کو اس حال میں سو جائے کہ اس کے ہاتھ میں کھانے کی چکنائی کا اثر اور اس کی بُو ہو اور اس کی وجہ سے اس کو کوئی گزند پہنچ جائے تو وہ بس اپنے ہی کو ملامت کرے۔

## موطّا امام مالکؒ

☆ (ایک دفعہ) جہری نماز (جس نماز میں قرأت اونچی آواز سے کی جاتی ہے) پڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نمازیوں (مقتدیوں) کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا' کیا تم میں سے کسی نے میرے ساتھ ابھی ابھی نماز میں قرأت کی ہے؟ (یعنی بلند آواز سے قرآن پڑھا ہے)

ایک شخص نے عرض کیا' ہاں یارسول اللہ۔

آپ ﷺ نے فرمایا' میں (دل میں) کہتا تھا کہ کیا بات ہے کہ میں قرآن سے جھگڑ رہا ہوں (یعنی قرآن پڑھنے میں مجھ کو دقّت پیش آرہی ہے) ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد جہری نمازوں میں لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وقت آواز سے قِراءت نہیں کرتے تھے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص فخر (تکبّر) سے چادر گھسیٹتا ہوا چلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف (رحمت کی نظر) سے نہیں دیکھتا۔

☆ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ...... یا رسول اللہ! ہم دریا میں سوار ہوتے ہیں (یعنی کشتی میں) اور اپنے ساتھ تھوڑا سا پانی (پینے کے لیے) لے جاتے ہیں۔ اگر ہم دریا کے پانی سے وضو کرلیں..........؟

پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے' پاک کرنے والا ہے پانی اس کا اور حلال ہے مُردہ اس کا (یعنی مردہ مچھلی)۔

## مُسندِ احمد بن حنبلؒ

☆ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی قساوتِ قلبی (سخت دلی) کی شکایت کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ یتیموں کے سر پر (شفقت کا) ہاتھ پھیرا کر اور مسکینوں کو کھانا کھلایا کر۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' مؤمن تو الفت اور محبت کا مرکز ہے اور اس آدمی میں کوئی بھلائی نہیں جو دوسروں سے الفت نہیں کرتا اور دوسرے اس سے الفت نہیں کرتے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حیا ایمان کی ایک شاخ ہے اور بے حیائی و بے شرمی بدکاری میں سے ہے اور بدکاری کا مقام دوزخ ہے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"دو آدمی کپڑا بیچ اور خرید رہے ہوں گے۔ کپڑا سامنے رکھا ہوگا کہ اتنے میں قیامت آجائے گی وہ دونوں کپڑے کا معاملہ نہیں کرسکیں گے۔ یہاں تک کہ اس کو تہہ کرکے بھی نہیں رکھ سکیں گے...... ایک شخص اپنی اونٹنی کا دودھ دوہ کر گھر لے گیا ہے۔ اتنے میں قیامت آجائے گی اور اسے وہ دودھ استعمال کرنے کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


مہلت نہ ملے گی۔

ایک آدمی مویشیوں کے لیے حوض تیار کر رہا ہوگا کہ اسی حالت میں قیامت آ جائے گی اور اس کو اپنے حوض سے مویشیوں کو پانی پلانے کا موقع نہ ملے گا۔

آدمی نے لقمہ اٹھایا ہوگا کہ قیامت برپا ہو جائے گی تو وہ لقمہ اس کے منہ تک نہیں جا سکے گا۔"

☆ میں نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ رحم اور رحمت کسی شخص کے دل سے نہیں نکالی جاتی مگر بدبخت کے دل سے نکال لی جاتی ہے۔

☆ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم دیا ہے کہ جب تم مسجد میں ہو اور اذان دی جائے تو نماز کے لیے تم میں سے کوئی اس وقت تک مسجد سے باہر نہ نکلے جب تک نماز نہ پڑھ لے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے آدم کے بیٹے میری عبادت کے لیے اپنے دل کو اچھی طرح مطمئن اور فارغ کر لے میں تیرے دل میں غنا بھر دوں گا اور فقر و احتیاج کے سوراخوں کو بند کر دوں گا۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے احسان کرنے والے بندہ کا شکریہ ادا نہیں کیا اس نے اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کیا۔

## سُنَنِ دارمیؒ

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو آدمی شرعی رخصت (بیماری وغیرہ جیسے عذر) کے بغیر رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑ دے وہ اگر اس کی جگہ عمر بھر بھی روزے رکھے تو جو چیز فوت ہوگئی وہ پوری ادا نہیں ہو سکتی۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اس طرح نہ کرے جس طرح اونٹ بیٹھتا ہے اور چاہیے کہ وہ سجدہ میں جاتے ہوئے گھٹنوں سے پہلے اپنے ہاتھوں کو رکھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



☆ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب عید کے دن کسی راستہ سے تشریف لے جاتے تو اس راستہ سے واپس نہ آتے بلکہ دوسرے راستے سے آتے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص پر روزہ کی حالت میں قَے غلبہ کرے (یعنی خود قَے آجائے) اس پر قضا واجب نہیں اور جو شخص قصداً قَے کرے اس پر قضا واجب ہے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ شہید قتل کی صرف اتنی تکلیف محسوس کرتا ہے جتنی کہ تم چیونٹی کے کاٹے کی تکلیف محسوس کرتے ہو۔

## سُنَنِ دارقطنیؒ

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے جمعہ کی ایک رکعت پائی اس کو چاہیے کہ وہ دوسری رکعت اس میں ملائے اور جس شخص کی دونوں رکعتیں فوت ہو جائیں اس کو چاہیے کہ وہ چار رکعت پڑھے (یا آپ نے فرمایا کہ ظہر پڑھے)

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے بندے کے لیے اس سے بڑھ کر فضیلت کی اور کوئی بات نہیں ہوسکتی کہ وہ دین حاصل کرے۔ دین کی سمجھ رکھنے والا ایک عالِم ہزاروں عابدوں سے زیادہ شیطان پر بھاری ہے۔ ہر چیز کی ایک بنیاد ہوتی ہے اور دینِ اسلام کی بنیاد "دین کی سمجھ" ہے۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے وضو کیا اور اللہ کا نام لیا پس اس نے اپنا تمام بدن پاک کیا اور جس نے وضو میں اللہ کا نام نہیں لیا اس نے صرف وضو کے اعضا کو پاک کیا۔

(یہ حدیث حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے)

## شُعَبُ الایمان لِلبیہقیؒ

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن حضرت بِلال رضی اللہ عنہ کی قیام گاہ پر پہنچے اور دیکھا کہ ان کے پاس چھواروں کا ایک ڈھیر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' بلال یہ کیا ہے؟

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


انہوں نے کہا کہ اس کو میں نے آئندہ کے لیے ذخیرہ بنایا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' بلال! کیا تمہیں اس کا ڈر نہیں کہ کل قیامت کے دن آتشِ دوزخ میں تم اس کی تپش اور سوزش دیکھو...... اے بلال! جو ہاتھ آئے اس کو اپنے اوپر اور دوسروں پر خرچ کرتے رہو اور عرشِ عظیم کے مالک سے قِلّت کا خوف نہ کرو۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص دنیا کی دولت حلال طریقے سے اس مقصد کے لیے حاصل کرتا ہے کہ اس کو دوسروں سے سوال نہ کرنا پڑے اور اپنے اہل وعیال کے لیے روزی اور آسائش کا سامان فراہم کر سکے اور اپنے پڑوسیوں کے ساتھ بھی احسان اور سلوک کر سکے تو قیامت کے دن وہ اللہ کے سامنے اس طرح پیش ہوگا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن اور چمکتا ہوگا اور جو شخص دنیا کی دولت حلال ہی ذریعہ سے اس غرض کے لیے حاصل کرنا چاہے کہ وہ بہت دولت مند ہو جائے اور اس دولت مندی کی وجہ سے وہ دوسروں کے مقابلے میں اپنی شان اونچی رکھ سکے اور لوگوں کی نظروں میں بڑا بننے کے لیے داد ودہش کر سکے تو قیامت کے دن وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے اس حال میں حاضر ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اس پر سخت غضب ناک ہوگا۔

www.KitaboSunnat.com

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین چیزیں ایسی ہیں جو نجات دلانے والی ہیں اور تین ہی چیزیں ہیں جو ہلاک کر دینے والی ہیں۔

نجات دلانے والی چیزیں یہ ہیں...... ایک اللہ کا خوف پوشیدگی میں بھی اور ظاہر میں بھی۔ دوسری حق بات کہنا خوشی میں بھی اور غصے میں بھی' اور تنگدستی اور خوشحالی ہر حالت میں اعتدال کی راہ پر چلنا۔ اور ہلاک کرنے والی تین چیزیں یہ ہیں' وہ خواہش نفس جس کی پیروی کی جائے اور وہ بخل جس کی اطاعت کی جائے اور انسان کی خود پسندی کی خصلت اور یہ ان سب میں زیادہ سخت ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# کتابیات

اس کتاب کی تالیف و تدوین میں جن کتابوں سے براہِ راست یا بالواسطہ اخذ و استفادہ کیا گیا ہے' ان کے نام یہ ہیں:


| | |
|---|---|
| ۱- صحیح بخاری | امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ |
| ۲- صحیح مسلم | امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ |
| ۳- سُنَنِ ابی داؤد | امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ |
| ۴- سُنَنِ الترمذی | امام ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ |
| ۵- سُنَنِ نسائی | امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ |
| ۶- مُسنَدِ احمد | امام احمدؒ بن حنبل |
| ۷- مستدرکِ حاکم | امام حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ |
| ۸- فتح الباری | حافظ ابنِ حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ |
| ۹- مشکوٰۃ شریف | شیخ ولی الدین ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ الخطیبؒ عمری |
| ۱۰- البدایہ والنہایہ | حافظ ابنِ کثیر رحمۃ اللہ علیہ |
| ۱۱- تاریخ الامم والملوک | ابنِ جریر طبریؒ |
| ۱۲- الطبقات الکبریٰ | محمد ابنِ سعدؒ کاتب الواقدی |
| ۱۳- السیرۃ النبویہ | ابنِ ہشامؒ |
| ۱۴- زادُ المعاد | حافظ ابنِ قیمؒ |


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | |
|---|---|
| ۱۵- اَلْاِصابہ فی تمییز الصحابہ رضی اللہ عنہم | حافظ ابنِ حجر عسقلانیؒ |
| ۱۶- تہذیب التہذیب | حافظ ابنِ حجر عسقلانیؒ |
| ۱۷- اَلاِستیعاب فی معرفۃ الاصحاب | حافظ ابنِ عبد البرؒ اندلسی |
| ۱۸- اُسدُ الغابہ فی معرفۃ الصحابہ رضی اللہ عنہم | علّامہ ابنِ اثیر رحمۃ اللہ علیہ |
| ۱۹- تذکرۃ الحفّاظ | حافظ شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ |
| ۲۰- سیر اعلام النبلاء | // |
| ۲۱- حلیۃ الاولیاء | حافظ ابو نعیم الاصبہانی رحمۃ اللہ علیہ |
| ۲۲- تاریخِ اسلام | شاہ معین الدّین احمد ندویؒ |
| ۲۳- دائرہ معارفِ اسلامیہ (اردو) جلد اول | دانش گاہِ پنجاب لاہور |
| ۲۴- مہاجرینؓ (جلد اول ودوم) | شاہ معین الدّین احمد ندویؒ |
| ۲۵- تابعینؒ | مولانا شاہ معین الدّین احمد ندویؒ |
| ۲۶- سوانح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ | از محمد عجاج الخطیب اردو ترجمہ مولانا غلام احمد حریری مرحوم |
| ۲۷- دفاعِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ | مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب |
| ۲۸- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ | حافظ قاری محمد قاسم قاسمی |
| ۲۹- درسگاہِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دو طالب علم | مولانا اعجاز الحق قدوسی مرحوم |
| ۳۰- دفاع عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ | عبد المنعم صالح العلی |
| ۳۱- تاریخ علمِ حدیث | علامہ اشفاق الرحمٰن کاندھلوی |
| ۳۲- اکمال فی اسماءِ الرّجال | شیخ ولی الدین ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الخطیبؒ |
| ۳۳- بذل القوۃ | علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھیؒ |
| ۳۴- رُحَمَاءُ بَیْنَھُمْ (جلد سوم) | مولانا محمد نافع |
| ۳۵- معارف الحدیث (جلد ۱ تا ۷) | مولانا محمد منظور نعمانیؒ |
| ۳۶- سیرت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا | مولانا سید سلیمان ندویؒ |

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## ادارہ کی مقبول مطبوعات

# کشف المحجوب

حضرت علی بن عثمان الہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

کی شہرہ آفاق تصنیف' تصوف کی مستند' معتبر اور بنیادی کتاب

عالم اسلام کی نہایت ہی جلیل القدر علمی وروحانی شخصیت کے چشمۂ صافی

صدیوں سے انسان سازی کا فریضہ انجام دینے والی' مقبول بارگاہ ربانی تصنیف

مترجم : حضرت مفتی سید غلام معین الدین نعیمیؒ

| تذکرۃ الاولیاء | قصص الانبیاء |
| --- | --- |
| اولیائے کرام کی بابرکت زندگیوں کا وجد آفریں اور پرنور تذکرہ | انبیائے کرام کے سبق آموز قصائص وروایات کا ایمان افروز مجموعہ |

برصغیر کے نامور شعراء کی نعتوں کا لاجواب انتخاب

# محبت حضور ﷺ کی

مرتبین شفیق مرزا' محمد عفیف طٰہٰ

حفیظ تائب صاحب لکھتے ہیں کہ یہ انتخاب ڈیڑھ صدی کے ہر طبقۂ خیال کے شاعروں کی نمائندہ نعتوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے اور کئی نسلوں کی عقیدتوں کا مظہر ہے اور یہ علمی وادبی اہمیت بھی رکھتا ہے۔

طٰہٰ پبلی کیشنز

22-A حبیب بینک بلڈنگ چوک اردو بازار لاہور

فون 7231391 موبائل 0333-4470509



مکتبہ


۹۹۔۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور


17036

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com






# سیرت
# حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

رحمتِ عالم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آسمان ہدایت کے وہ روشن ستارے ہیں جنہیں دیکھ کر سفینۂ اُمت کے لیے منزلِ مقصود کا رخ متعین ہوتا ہے۔ سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ انہی نفوسِ قدسی کی جماعت کے ایک معزز رکن ہیں۔ تاریخ اسلام میں ان کی شخصیت اس اعتبار سے منفرد ہے کہ انہوں نے آنحضور ﷺ کے سب سے زیادہ ارشادات اُمت تک پہنچائے۔ یہ کتاب اسی عظیم شخصیت کی سیرت ہے جسے ملک کے نامور سیرت نگار جناب طالب الہاشمی نے بڑی تحقیق و تفحص کے ساتھ قلمبند کیا ہے۔ انہوں نے سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی پاکیزہ زندگی کے تمام پہلوؤں کو اجاگر کرنے کے ساتھ ان پر منکرین حدیث کے اعتراضات کا ابطال بھی کیا ہے اور اس طرح سوانح نگاری کا حق ادا کر دیا ہے۔ کتاب کے آخر میں حضرت ابو ہریرہ کی ڈیڑھ سو منتخب مرویات بھی شامل کر دی گئی ہیں۔


ISBN 969-8810-01-3

9 789698 810013 >

طٰہٰ پبلی کیشنز

اُردو بازار لاہور فون: 7231391


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ